TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188305
UNIVERSAL
LIBRARY

Osmania University Library

Call No. ٩٥٢.٢٢٢
١-٤

Accession No. 8801

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

سلسلۂ نصاب تعلیم جامعۂ عثمانیہ

# اقبال نامۂ جہانگیری

تصنیف

میرزا محمد عرف معتمد خاں بخشی

ترجمۂ

مولوی ابوالولا محمد زکریا صاحب مائل

سنہ ۱۳۴۶ھ م سنہ ۱۳۳۷ف م سنہ ۱۹۲۸ع

دار الطبع جامعۂ عثمانیہ سرکار عالی حیدرآباد دکن

# فہرست مضامین اقبالنامۂ جہانگیری


| صفحہ | سال | مضمون |
|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ |
| ۱ | | دیباچہ |
| ۱ | | راناکے استیصال کے لیے شاہزادۂ پرویز کی روانگی |
| ۵ | اول | جلوس جہانگیری خسرو کا اکبراباد سے پنجاب بھاگنا |
| ۶ | " | میر جمال الدین کے ذریعہ سے فہمایش کی کوشش |
| ۹ | " | بادشاہی فوج سے تصادم |
| " | " | خسرو کی ناکامی اور فرار |
| ۱۰ | " | شکست کے بعد کی تدبیریں |
| ۱۱ | " | باغیوں کی سزا |
| ۱۲ | " | حاکم ہرات کی قندھار پر چڑھائی |
| ۱۴ | " | خان اعظم کی حق ناشناسی و عرش آشیانی کی نسبت ہرزہ سرائی کا انکشاف |
| " | " | پرویز کی شادی کا جشن |
| ۱۵ | دوم | نہضت ہمایوں جانب کابل |
| ۱۹ | " | مراجعت مبارک از کابل جانب لاہور |
| ۲۲ | " | معاودت لوائے سلطانی از لاہور بہ دار الخلافت |
| " | سوم | جلوس مسعود |
| ۲۵ | چہارم | جلوس اقدس |
| ۲۷ | پنجم | جلوس مقدس |
| ۳۴ | ششم | جلوس ہمایوں |
| " | " | رقیمۂ محبت شاہ والاجاہ |
| ۳۷ | " | خواستگاری دختر اعتماد الدولہ |

| صفحہ | سال | مضمون |
|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ |
| ۴۱ | ہفتم | جلوس شاہنشاہی |
| ۴۰ | ہشتم | جلوس ہمایوں |
| ۴۹ | | دار البرکۃ اجمیر کی طرف موکب شاہنشاہی کی روانگی |
| ۵۱ | نہم | جلوس معلّی |
| ۵۴ | دہم | جلوس اشرف |
| ۶۰ | یازدہم | جلوس جہانگیری |
| ۶۲ | 〃 | شاہزادہ عالم شاہ خرم کا تسخیر دکن کی رخصت پانا اور موکب شاہنشاہی کا جانب مالوہ روانہ ہونا۔ |
| ۶۹ | دوازدہم | جلوس مبارک |
| ۷۳ | 〃 | توجہ موکب جہانگیری سمت گجرات |
| ۷۶ | سیزدہم | جلوس ہمایوں |
| ۸۰ | 〃 | مراجعت موکب ہمایوں بدار الخلافت اکبر آباد |
| ۸۶ | چہاردہم | جلوس شاہنشاہی |
| ۸۹ | 〃 | توجہ رایات مبارک سمت کشمیر جنت نظیر |
| ۹۵ | پانزدہم | جلوس اقدس |
| ۱۱۶ | 〃 | معاودت موکب اقبال بہ سمت لاہور۔ |
| ۱۲۱ | 〃 | دوبارہ شہزادہ شاہجہاں کا حکام دکن کی تنبیہ کے لئے رخصت پانا اور حضرت شاہنشاہی کا دار الخلافت آگرہ میں تشریف لانا۔ |
| ۱۲۳ | شانزدہم | جلوس اشرف |
| ۱۲۶ | 〃 | شرح بیماری حضرت شاہنشاہی اور اس کا طول کھینچنا |
| ۱۲۸ | 〃 | سفر کشمیر بار دوم |
| ۱۳۱ | ہفدہم | جلوس |
| ۱۳۴ | 〃 | نہضت رایاتِ سلطانی سمت لاہور |
| ۱۳۶ | 〃 | ورود موکب جلال جانب دار الخلافت آگرہ |

| مضمون | سال | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳ | ۲ | ۱ |
| جلوس مبارک | ہژدہم | ۱۳۸ |
| شاہزادہ پرویز کا لشکر شاہی کیساتھ مانڈو روانہ ہونا | " | ۱۴۰ |
| توجہ رایات شاہنشاہی طرف کشمیر | " | ۱۴۷ |
| جلوس میمنت مانوس | نوزدہم | ۱۴۹ |
| نہضت رایات گرامی طرف دارالسلطنۃ لاہور | " | ۱۵۹ |
| موکب مسعود کا کشمیر کی طرف متوجہ ہونا | بستم | ۱۶۰ |
| کشمیر سے لاہور کی جانب بندگان شاہنشاہی کی مراجعت | " | ۱۷۱ |
| نہضت ہمایوں سمت کابل | " | ۱۷۳ |
| مراجعت گرامی از کابل طرف ہند | " | ۱۹۰ |
| رایات بادشاہی کا عزم کشمیر | " | ۲۰۳ |
| جلوس معلی | بست و دوم | " |
| حضرت شاہنشاہی کا کشمیر سے لاہور واپس آنا اور اثنائے راہ میں جہان فانی سے سفر آخرت فرمانا۔ | " | ۲۰۴ |
| ذکر اولاد جنت مکانی | " | ۲۱۳ |
| ذکر وزرائے شاہنشاہ جہاں پناہ | " | ۲۱۴ |
| ذکر فضلائے ہمعصر جہاں پناہ | " | ۲۱۵ |
| ذکر حکمائے خدمت مبارک | " | " |
| ذکر شعرائے معاصرین | " | " |
| عہد جہانگیری کے قوال اور سازندے | " | ۲۱۶ |
| نغمہ سرایان ہند | " | " |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اقبال نامہ جہانگیری

سلطنت و فرمانروائی اور خلافت کے لائق وہ بلند اقبال ہے جس کی مرادیں خدا کی رحمت و مدد سے پوری ہوتی ہیں جو اپنی دولت سے عدل و انصاف کو قوت پہونچائے اور اللہ کی عطیہ عقل و برکت کی روشنی سے دنیا کو پرنور کرے۔ جس کی تلوار سے گمرہی اور بیدینی کا زنگ دور ہو، جو اپنے ابر کرم کے چھینٹوں سے بے آب و رنگ دنیا کی افسردگی کو طراوت و تازگی سے بدل دے۔ جس کی بدولت دین و دولت کے چشمہ سے ناکام اور عاجز لوگ تر زبان اور سیراب رہیں، اور اس کے فیض عدل سے سارا ملک رشک جنت ہو جائے۔ اس کی سیاست اور بیدارمغزی سے فتنہ و فساد کی جڑ کٹ جائے اور کارخانہ عالم مہذب اور انتظام کائنات باقاعدہ رہے۔

چونکہ یہ قابلیت اور خوبیاں حضرت شاہنشاہ **نورالدین محمد جہانگیر** کو حاصل تھیں اس لئے حضور محتشم الیہ نے بتاریخ گیارہ جمادی الثانی سنہ ۱۰۱۴ھ ایک ہزار چودہ ہجری پنجشنبہ کے دن نجومیوں کے مشورہ سے نیک ساعت اور مبارک وقت دیکھکر قلعہ دارالخلافت اکبرآباد میں تخت سلطنت کو رونق بخشی، نام نامی کا خطبہ پڑھا گیا، دولت و اقبال کے سکہ پر اسم مبارک نقش ہوا، خطیب کی زبان سے القاب شاہی ادا ہوتے ہی ڈھیروں زر و گوہر نچھاور کر دیا گیا، حاجت مندوں نے مدعائے دل پایا، آرزو والوں کی آرزوئیں پوری ہوئیں۔ اشرفیوں اور روپیوں کے چہرے نئے اور تازہ نقوش سے چمکنے لگے، فرمانوں پر خطاب ابوالمظفر **نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی** ثبت ہوا۔

ارکانِ دولت اور امرائے سلطنت جن کو حضوری کی خصوصیت تھی یا افسران سپاہ جو صوبہ جات میں جانفشانی وخیرخواہی سے بادشاہی خدمات انجام دے چکے تھے اپنی اپنی لیاقت کے موافق رتبہ اور منصب پاکر ممتاز و سرخ رو ہوئے، لوگوں کی پیشانیاں اس گرانقدر عنایت کے شکریہ میں چمک اٹھیں، زبانوں سے صدائے تہنیت بلند ہوئی، ارشاد ہوا کہ پدر بزرگوار خاقان گیتی ستاں کو الفاظ "عرش آشیانی" سے یاد کریں۔ چنانچہ اس کتاب میں بھی جہاں کہیں لفظ "عرش آشیانی" لکھا ہوگا اس سے جہاں پناہ ہی مراد ہوں گے۔

جن لوگوں نے جلوس مبارک کے دن بڑے بڑے عہدوں اور منصبوں سے عزت پائی اون کی تفصیل یہہ ہے:۔ شریف پسر خواجہ عبدالصمد شیریں قلم، جس کو حضرت عرش آشیانی نے برہانپور سے نصیحت وہدایت کیلئے حضرت شاہنشاہی کی خدمت میں بھیجا تھا اور اس نے بجائے اس کے بہکانے اور دھوکا دینے کی کوشش کی، جس زمانہ میں جہاں پناہ (جہانگیر) نے پدر عالیقدر کی خدمت میں آنا چاہا وہ اپنے ناشائستہ افعال کے وہم سے دہریہ کی نگاہ بہوں میں پناہ گیر ہوا، اسوقت زمانہ کی مخالفت اور اپنی تباہ حالی کے مارے نیم جان ہو رہا تھا، یہہ مژدہ جانبخش سنتے ہی گرتا پڑتا آستانہ مبارک پر حاضر ہوا، اور "امیرالامرا" کے خطاب اور وکالت کے جلیل القدر منصب سے سربلندی پائی۔ مہر اشرف اوزک کو جواہر قیمتی سے آراستہ کرکے خود دست مبارک سے پہنائی.... میرزا جان بیگ کو جو زمانہ شاہزادگی میں دیوان تھا "وزیرالممالک" کا خطاب عنایت ہوا اور میرزا غیاث بیگ کے ساتھ خدمت دیوانی میں شریک ہوکر کام کرنے کا حکم دیا گیا۔

میرزا غیاث بیگ نے جو پہلے ہفت صدی تھا اعتمادالدولہ کے خطاب اور ہزار و پانصدی منصب سے سرفرازی پائی، شیخ فرید بخاری کو پنجہزاری ذات و سوار کا منصب عنایت کرکے میربخشی کے عہدہ پر مقرر فرمایا۔

شیخ فرید سادات موسوی سے ہیں اور بچپن سے حضرت عرش آشیانی (انارالله برہانہ) کی خدمت میں رہ کر ترقی و امتیاز کا فخر حاصل کرتے رہتے ہیں، اسوقت اگرچہ بخشی کے عہدہ پر تھے لیکن کام وزارت کا کرتے تھے۔ کئی سال تک کوفرتن حسب کی نگرانی خدمت دیوانی کے لئے لازمی ہے دیوان کی نالائقی کی وجہ سے اپنے زیر اثر رکھا اور اس کی جاگیر کے محال سے ملازموں کی تنخواہیں ادا کرتے رہے۔

شیخ کا ظاہر و باطن نہایت آراستہ تھا۔ بزرگی و دولت کو ان سے عزت ملی، وہ، اپنی عظمت و تونگری کو عزت نہ سمجھتے تھے۔ مرد بہادر و فیاض تھے اور طبعًا نیک مزاج، ان کا در فیض خلق خدا کیلئے کھلا رہتا تھا جو ان کے پاس پہونچ جاتا ناکام نہ پھرتا۔ ان سے آغاز سلطنت ہی میں ایسی خدمات ظاہر ہوئیں جو بنائے حکومت کی مضبوطی کا باعث ہوگئیں جیسا کہ عنقریب حسب موقع گزارش ہوگا۔

راجہ مان سنگھ کو بیشمار مہربانیوں سے خصوصیت بخشی گئی، چارقب، شمشیر مرصع اور اسپ خاصہ کے ساتھ خلعت فاخرہ مرحمت کیا گیا اور "بنگالہ" کی صوبہ داری پر روانگی کا پروانہ ملا۔

خان اعظم میرزا عزیز کوکلتاش کو نوازش و عنایات شاہانہ سے سرفراز فرما کر حضور میں رہنے کی عزت عطا ہوئی۔ زمانہ بیگ پسر غیور بیگ کابلی "مہابت خاں" کے خطاب سے معزز ہوا۔ شیخ قطب الدین فتحپوری دختر زادہ شیخ سلیم فتحپوری کو کلتاش اعلیحضرت کو "قطب الدینخاں" خطاب ملا۔ اور شیخ حسین پسر شیخ مینا "مقرب خاں" کے نام سے مخاطب ہوا۔

میرزا جعفر مخاطب بہ آصف خاں صوبہ بہار سے آکر آستاں بوس ہوا یہ شخص میرزا بدیع الزماں بن آقا ملا کا بیٹا مشہور ہے، ابتدائے شباب میں عراق سے ہندوستان آیا اور اپنے چچا میرزا غیاث الدین علی آصف خاں کے ذریعہ سے رسائی پیدا کی، حضرت عرش آشیانی سے "بیستی داخلی" منصب عنایت فرمایا اس پر راضی نہ ہوا، اور درگاہ اقدس کی آمد و رفت اور ملازمت ترک کر دی، یہ شعر ہر چند اس کا کہا ہوا نہیں ہے لیکن اس مقام کے مناسب ہے اسلئے درج کیا جاتا ہے۔

من و داخلی آگہی نیستی  کہ با در میانہ دم این نیستی

مختصر یہ کہ اس کا استعفا دینا خاطر اقدس کو گراں گزرا، اسی تباہ حالی میں اس کو بنگالہ جانے کا حکم ہوا، جب یہ دار الخلافت اکبر آباد پہونچا تو مولانا قاسم کاہی سے بھی ملا، مولانا نے پوچھا "تو اے جوان کون ہے کہاں سے آتا ہے اور کہاں جائیگا" میرزا نے مجملاً اپنا حال بیان کیا اور کہا "حکم اشرف کی بنا پر بنگالہ جا رہا ہوں"۔ اتفاقاً ان دنوں بنگالہ کی آب و ہوا بے حد مسموم تھی جس کو گنہگار کرنا ہوتا اس کو بنگالہ بھیجدیتے تھے (میرے ساتھ بھی یہی کیا گیا) چنانچہ ظن غالب یہی ہے کہ اب زندہ نہ لوٹوں۔ ملا قاسم نے کہا "تو اچھا جوان ہے مجھے تیرے بنگالہ جانے سے افسوس ہوتا ہے" اس نے کہا میرا کوئی اختیار نہیں، خدا پر توکل کرکے جاتا ہوں جو قسمت میں ہے ہو رہیگا۔ ملا نے کہا ہرگز خدا پر بھروسا نہ کر یہ وہی خدا ہے

جس نے دشت کربلا میں پیغمبر کے جگر گوشوں کو شہید کر دیا"۔

اس طرح کی چند مزاح آمیز باتیں کرکے جعفر بیگ بنگالہ پہونچا تو خانجہاں حاکم بنگالہ بیمار تھا، چند روز کے بعد اس کا انتقال ہو گیا، اس کے بجائے مظفر خاں مقرر ہوا، معصوم کابلی کی شورش اور قاقشالوں کی بغاوت بھی اُسی زمانہ میں رونما ہوئی۔ اس میں مظفر خاں بھی شہید ہو گیا، اس بغاوت میں میرزا جعفر بیگ خواجہ شمس الدین محمد خافی اور اکثر بندگان درگاہ مخالفوں کے موافق ہو گئے، پھر یہ لوگ یہاں سے نادم و شرمندہ ہو کر فتحپور میں آستانہ دولت پر حاضری کی بدولت دوبارہ خیر خواہی و اخلاص کی دولت سے بہرہ مند ہوئے۔

میرزا جعفر کو چونکہ ذلت و ناکامی کا داغ دیکر درگاہ سے دور کر دیا گیا تھا، باوجود اس کے وہ توفیق و نیک بختی کی مدد سے حاضر بارگاہ ہوا اس لئے یہ بات خاطر حق شناس کو پسند آئی۔ اور تھوڑے ہی دنوں میں خطاب "آصف خاں" اور منصب میر بخشی عطا کرکے رفتہ رفتہ وزارت کے عہدۂ جلیلہ پر سرفرازی بخشی۔

بے مبالغہ آصف خاں نے خدمت دیوانی نہایت عمدگی سے انجام دی، درحقیقت آصف خاں پاک نفس جوان تھا اور اس کا ظاہر و باطن ایک تھا، فہم بالغ اور فطرت بلند اس کو قدرت سے ودیعت تھی، یہ قول اسی کا ہے کہ "میں جو کچھ فوراً نہیں سمجھ سکتا اس کو مہمل و بے معنی جانتا ہوں" شعر اچھے کہتا تھا نثر بھی خوب لکھتا تھا، علم تاریخ سے واقف تھا، اس نے ایک مثنوی خسرو شیریں کی بحر میں کہی تھی جس میں اچھے اچھے اشعار ہیں، اس کے چند شعر لکھے جاتے ہیں [1]

ز نوشیں جام شب در چشم ساقی — اثر از مے چو مے در شیشہ باقی
سلاح جنگ در دستش چناں چست — کہ گوئی ہمچو شیر از پنجہ اش رست

---

[1] یہ چند شعر اور اس کے واردات طبع کا نتیجہ ہیں۔

شہر گنجائش غمہائے دل ما چو نداشت — آفریدند برائے دل ما صحرا را

رسید و مضطربم کرد و آنقدر ننشست — کہ آشنائے دل خود کنم تسلی را

جعفر رہ کوی یار دانست — مشکل کہ دگر زپا نشیند

زشوقِ انچہ آنجا دید فرہاد — مرا این جا قلم از دست افتاد
دو کس را در بیابانِ خطرناک — زبے آبی فتادہ اندر جگر چاک
چو دستِ سعی کوتہ شد ز چارہ — نفسہا اوفتادہ اندر شمارہ
مسیح بحر و صحرا بیابان — امانت دار گنج آبِ حیوان
لبالب کوزہ صافی ز ہر درد — بہ نزدیکِ لبِ ہر یک چو آورد
سوئے آن یارِ دیگر کرد اشارت — چنین تا زندگی شان شد بغارت
ببالین گاہِ شان خضر ایستادہ — بحد ہمسری انصاف دادہ
بمرگ از زندگی صد بار خوشتر — خجل از کردۂ خود با سکندر
نہاد آئینۂ دل در برابر — ازو نسخہ گرفت از عکس دلبر

## رانا کے استیصال کیلئے شاہزادہ پرویز کی روانگی

چونکہ حضرت عرش آشیانی کے عہد سلطنت میں پوری توجہ کے باوجود رانا کی مہم سر نہ ہو سکی تھی آغاز زمانہ حکومت میں شہزادہ ولیعہد بہادر کو بھاری لشکر کے ساتھ اجازت رخصت عنایت ہوئی وہ اس طرف متوجہ نہ ہوئے اور بے رضا مندی اقدس الہ آباد روانہ ہو گئے اور اس طرح رانا کی سرکوبی ملتوی رہی۔ جب تخت خلافت پر اعلیٰ حضرت رونق افروز ہوئے تو یہ امر دشوار تمام مقاصد پر مقدم رکھا گیا۔ اور شاہزادہ پرویز کو ایک عظیم الشان توپخانہ اور گرانقدر لشکر کے ساتھ اس مہم پر روانگی کا حکم ملا آصف خاں کو اس موقع کے لئے اتالیقی کی عزت عطا ہوئی لیکن دیوان تقدیر میں اس عقدہ کا حل صاحبقران شاہجہاں بادشاہ غازی کے نام پر لکھا ہوا تھا، اس مرتبہ بھی کچھ نہ چلی۔ سلطان پرویز دار السلطنت لاہور میں ناکام و نامراد والد بزرگوار کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انشاء اللہ یہ بیان اپنی جگہ تفصیل سے لکھا جائے گا۔ اس اثنا میں محمد قلیچ خاں صوبۂ گجرات کی حکومت پر دلاور خاں افغان لاہور کی حکومت پر اور وزیر خاں بدلوانی بنگالہ کی ولایت پر مقرر ہوئے اور اس صوبہ کی تشخیص جمع کی خدمت بھی وزیر خاں ہی کے سپرد ہوئی۔

# سال اوّل جلوس جہانگیری خسرو کا اکبر آباد سے پنجاب بھاگنا اور اعلیٰ حضرت کا اس کے تعاقب میں جانا

ماہ ذی قعدہ کی گیارھویں تاریخ کو نوروز کے وقت جلوس مبارک کا پہلا سال برکت و سعادت کو اپنے دامن میں لئے رونما ہوا، مردہ دلوں کی افسردگی دور ہوئی بازارِ نشاط گرم ہوا۔ ؎

درخت غنچہ برآورد و بلبلاں مستند — جہاں جواں شد و یاراں بعیش بنشستند
بساط سبزہ لگدکوب شد بپائے نشاط — زبسکہ عارف و عامی برقص برجستند

حضرت عرش آشیانی کے دستور کے مطابق دولتخانہ کو گراں بہا پردوں اور انواع و اقسام کی آرائشوں سے زینت دیکر جشنِ شاہانہ ترتیب دیا گیا۔ آفتاب کے برج حمل میں آنے تک روزانہ سرداروں اور امیروں میں باری باری سے ہر ایک کے گھر بزم نشاط آراستہ ہوتی تھی اور نثار و پیشکش کی رسمیں ادا کیجاتی تھیں۔

اس سال کے واقعات میں شہزادہ خسرو کا پدر والا قدر کی سعادت خدمت سے محروم ہو کر فرار ہونا خصوصیت سے اہم ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب خسرو کا دماغ موہوم بادشاہی کے خبط اور خوشامدیوں کی مکارانہ خوشامدوں اور سازشوں سے پریشان ہوا تو وہ باپ کی خدمت سے منہ چھپانے اور بے چین رہنے لگا۔ اعلیٰ حضرت شفقت و مہربانی ظاہر کر کے جتنی اوس کی دلجوئی فرماتے تھے اتنی ہی اس کی تشویش بڑھتی جاتی تھی، آخر اسی وحشت و اضطراب کے عالم میں بتاریخ بیس ذی الحج شب یکشنبہ ایک ساعت نجومی گزرنے کے بعد اپنے چند محرم راز و معتمد آدمیوں کے ساتھ قلعۂ اکبر آباد سے نکلا۔ اس کے روانہ ہونے کے تھوڑی دیر بعد امیر الامرا کو اطلاع ہوئی اور وہ دوڑے ہوئے حضرت کی خدمت میں آئے اور یہ وحشتناک خبر عرض کی، پہلے اعلیحضرت کی رائے ہوئی کہ شہزادہ جواں بخت سلطان خرم کو اس گمراہ کے تعاقب میں بھیجیں، مگر امیر الامرا نے التماس کی کہ "مصلحت یہ ہے کہ بندہ کو اس خدمت کی اجازت دیجائے" حکم ہوا کہ بہتر ہے مگر ہنوز اس حکم کی تعمیل نہ ہوئی تھی کہ خدا کی طرف سے حضرت اقدس و اعلیٰ کے دل میں آئی کہ شہزادہ خرم کو

اپنا نائب مقرر کرکے اعتماد الدولہ کو ان کے پاس چھوڑیں اور خود بنفس نفیس تعاقب فرمائیں۔

اس عزم صائب کے ساتھ شیخ فرید میر بخشی کو مع اکثر منصبداروں اور امرائے دولت کے جو سعادت حضور سے مشرف تھے فوری روانگی کا حکم دیکر بطور لشکر مقدمہ رخصت فرمایا اور بے لحاظ ساعت نحس و مسعود آخر شب کو خود بھی روانہ ہو گئے۔ راستہ میں شہر کی آبادی میں میرزا حسن پسر مرزا شاہرخ کو جو بغاوت میں خسرو کا رفیق تھا اور یہاں حیران و سرگشتہ پھر رہا تھا گرفتار کر لیا اور اس سے مبارک شگون لیکر اس کو باقاعدہ قید میں رکھنے کا حکم دیا۔

اس کے بعد اہتمام خاں کوتوال کو قراولی و خبر گیری کا حکم ہوا، اسی اثنا میں حسن بیگ بدخشی جو حکم اشرف کی بنا پر کابل سے آ رہا تھا نواح متھرا میں خسرو سے دوچار ہوا، خسرو نے اُسے کچھ ایسے سبز باغ دکھائے کہ وہ بھی گمراہ ہو گیا اور خود کو کلیتہً خسرو کے اختیار میں دیکر "خان بابا" کہنے اور اس کی رفاقت کا دم بھرنے لگا، اس کا سبب یہ تھا کہ حسن بیگ حضرت شاہنشاہ کی طرف سے مطمئن نہ تھا اور اپنی اس ناگہانی طلبی کو خطرہ اور بے التفاتی کا پیش خیمہ سمجھتا تھا۔ حالانکہ اصل میں بدخشیوں کی سرشت خود شورش و فساد سے مرکب ہے۔

غرض حسن بیگ خسرو کے ساتھ ہو گیا اور اس کے ساتھ تین سو بدخشی جوان اور اس کے شریک بغاوت ہوئے راستے میں مسافروں اور سوداگروں میں سے جس کو پاتا اس کو لوٹ لیتا اور سرایوں میں آگ لگا دیتا۔ خاص کر اصطبل شاہی اور سوداگری کے گھوڑے جہاں نظر آتے ان پر قابض ہو کر اپنے ساتھیوں کو تقسیم کر دیتا۔ اور اس طرح اپنے پیادہ پا ہولوں کو سوار بنا کر آگے بڑھتا۔

دلاور خاں جو لاہور جا رہا تھا، اُس نے پانی پت میں خسرو کی خبر سنکر اپنے بیٹوں کو جلدی سے دریائے جمن سے پار اتارا کہ جس طرح ہو سکے بعجلت تمام خسرو سے پہلے قلعہ لاہور میں پہنچکر قلعہ، برج فصیل وغیرہ کا استحکام کرے۔ اسی حالت میں عبدالرحیم دیوان لاہور سے ملاقات ہوئی جو حسب فرمان اقدس عازم درگاہ تھا۔ دلاور خاں نے خسرو کے فرار ہونے اور بغاوت کرنے کا حال بیان کیا مگر اسے توفیق نہ ہوئی کہ اپنے فرزندوں کو دریا سے عبور کرا کے دلاور خاں کا ساتھ دے، ناچار دلاور خاں تنہا تیز روی کے ساتھ لاہور روانہ ہوا۔

عبدالرحیم کے دل میں بدی آ چکی تھی وہ دلاور خاں سے پہلے کوشش کرکے

خسرو سے جا ملا، خسرو نے بڑی خوشی سے اس کا خیر مقدم کیا اور "ملک الوزرا" خطاب دیکر اپنا دیوان مقرر کیا۔ اب یہ لوگ جتنی جلدی ہو سکا لاہور روانہ ہوئے۔

شیخ فرید ان کے تعاقب میں مصروف تھے مگر امیر الامرا اور مہابت خاں شیخ کے ساتھ خصومت کی وجہ سے اس کے خلاف شکایتیں کرتے تھے کہ شیخ فرید دیدہ و دانستہ خسرو کو آگے رہنے دیتا ہے اور اس کے گرفتار کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا ورنہ جب چاہے اس کو پکڑ کے کام تمام کر سکتا ہے، اعلیٰ حضرت بران شکایتوں کا اتنا اثر ہوا کہ مہابت خاں کو شیخ کے پاس بھیجکر اس بارہ میں سخت تہدیدی حکم بھیجا۔ مگر شیخ ان چالوں کو سمجھتے تھے ذرا اپنی جگہ سے نہ ہلے اور اخلاص و خیر خواہی کے جوش میں اپنی مصلحت کے مطابق عمل کرتے اور مناسب جواب دیتے رہے۔

ادھر دلاور خاں لاہور پہنچ کر میرزا حسین دیوان اور نور الدین قلی کوتوال کے اتفاق سے قلعہ پر توپیں چڑھا کر برج و فصیل کے استحکام سے مطمئن ہو گیا، خسرو لاہور پہنچا اور یہ دروازہ اپنے لئے مسدود دیکھا تو محاصرہ کی تیاری، فراہمی لشکر کے سامان اور دوسرے اسباب لغاوت مہیا کرنے میں مصروف ہوا، اندرون و بیرون قلعہ آتش قتال بھڑکنے لگی، خسرو نے محاصرہ کے چند دنوں میں تقریباً دس بارہ ہزار سوار فراہم کر لئے۔ مگر جب اطلاع ملی کہ شیخ فرید عساکر منصور کے ساتھ دریائے سلطانپور کے اطراف میں پہنچ گیا ہے اور حضرت شاہنشاہی بھی مقدمۃ لشکر کی مدد پر متعاقب چلے آرہے ہیں اتنی جلدی قلعہ کی تسخیر محال معلوم ہوتی ہے تو ناچار محاصرہ سے دستکش ہو کر عساکر شاہی کے مقابلہ پر آمادہ ہوا۔

### میر جمال الدین کے ذریعہ سے فہمایش کی کوشش

میر جمال الدین حسین انجو جو خسرو کو سمجھانے کیلئے درگاہ سے آیا تھا شہر کے بیرونی حصہ میں ملا ہر چند اس نے بہترین نصیحتیں کیں اور راہِ ہدایت پر لانا چاہا تکبر و غرور کی وجہ سے خسرو پر اثر نہ ہوا اور اس کا کوئی نتیجہ نہ نکلا، خسرو نے میر مذکور کو اسی شب سے واپسی کی اجازت دی اور صبح کو جو حقیقت میں اس کے حق میں شامِ ادبار تھی خود بھی اس کے پیچھے روانہ ہوا اتفاقاً اس رات کو بہت بارش ہوئی تھی فتنہ جو بدمعاشوں کی ایک جماعت جو اس کے پاس فراہم ہو گئی تھی چونکہ اپنے ساتھ کوئی خیمہ نہ رکھتی تھی اطراف و نواح کے دیہات میں آکر ظلم و زبردستی سے رعایا کی عورتوں اور بیٹیوں کو گھر سے نکالنے اور خود کو ہمیشہ کے لئے ملعون

ومردود بنانے لگی۔ اور صبح کو اسی حال میں سوار ہو کر اپنے پشت و پناہ کے پاس پہنچ گئی۔
آخسر دن کو شیخ فرید دریائے بیاہ کے کنارے خسرو کے آنے کی خبر سنکر کشتی و پل کا خیال کئے
بغیر خدا پر بھروسہ کئے عبور دریا پر آمادہ ہوئے اور باقبال شاہنشاہی تمام فوج کے ساتھ پار ہوگئے
اُس پار میر جمال الدین حسین انجو پہلے سے آچکا تھا اس نے خسرو کی فوج بہت بتا کر خائف کرنا
چاہا، میر کی یہ بات جس سے ہمراہیوں کے تردد کا اندیشہ تھا شیخ کو ناپسند ہوی اور جواب سخت

**بادشاہی فوج سے تصادم**

دیکر میر کو رخصت کردیا، اور خود اپنی ایک جمعیت کے ساتھ جلیتہ پہنکر مستعد
کارزار ہوا یہاں یہ تیاری ہو ہی رہی تھی کہ فوج مخالف نمودار ہوی
اور فریقین میں بڑے زور و شور سے جنگ ہونے لگی، ساداتِ بارہہ
نے جو لشکر شاہی کے ہراول تھے خوب داد جرأت و مردانگی دی، بہت سے مخالفوں کو تلوار
کے گھاٹ اتارا اور خود زخم کاری اُٹھائے، منجملہ اُن کے سید جلال الدین وغیرہ ساٹھ نفر سادات
جانستاں زخموں سے دین و دنیا میں سرخرو ہوئے۔ اس وقت سید کمال بخاری نے
جو ہراول اور سردار فوج کے درمیان تھے اپنے بھائیوں کے ساتھ فوج ہراول کی کمک کو
پہنچ کر حق نمک ادا کیا فوج میمنہ کے بہادروں نے بھی گھوڑے بڑھا کر اقبال بادشاہی کی
مدد سے بہت سے مخالفوں کو صاف کردیا، اکثر باغی مقابلہ کی تاب نہ لاکر روبفرار ہوئے
اور تقریباً چار سو سوار قبائل بدخشاں کے تیغ انتقام کی نذر ہو کر گھوڑوں کے سموں سے

**خسرو کی ناکامی اور فرار**

پامال ہوئے۔ خسرو حسن بیگ کے ساتھ فرار ہو کر ناکام و بدنام ہوا، شیخ
فرید کے حسن انتظام سے میدان قتال میں فاتحانہ مسرتوں کے نعرے
بلند ہوئے، خسرو کا صندوقچۂ جواہر جو ہر وقت اس کے ساتھ رہتا تھا
اس کے سکھپال سواری کے ساتھ بہادران لشکر کے تصرف میں آیا، شیخ فرید نے اس کو حضرت
شاہنشاہی کی خدمت میں بھیجدیا، قریب شام خلافت پناہ کو مژدۂ فتح سنایا گیا۔ خلافت پناہ
یہ سُن کر بعجلت تمام میدان جنگ کی طرف روانہ ہوئے اور چونکہ یہ معلوم نہ تھا کہ خسرو کس طرف
اور کہاں ہے اس لئے راجہ باسو کو جو کوہستان شمالی کے معتبر زمینداروں میں سے تھا روانہ
کیا کہ جہاں اس سرگشتہ و گمراہ کی اطلاع پائے فوراً گرفتار کرلے۔

ادھر شیخ میدان جنگ سے ایک میدان راہ قبل ٹھہر گئے تھے، رات کی دو تین ساعتیں
گزرنے پر موکب مبارک لشکر منصور میں پہنچا، شیخ نے خیمہ سے نکل کر اسپ سواری کے سموں سے

آنکھیں ملیں، جہاں پناہ بھی گھوڑے سے اتر کر شیخ سے بغلگیر ہوئے اور ایسی عنایت و توجہ سے پیش آئے کہ شیخ کے خیال میں بھی نہ تھی، رات شیخ کے خیمہ میں گزار کر دوسرے دن دار السلطنت لاہور کی طرف التفات فرمایا۔ چونکہ حرماں نصیب خسرو رزم گاہ سے نکل کر بحال تباہ سرگشتہ و آوارہ

**شکست کے بعد کی تدبیریں**

پھر رہا تھا اس لئے اپنے ساتھیوں سے مشورہ کرنے لگا کہ اب کیا کرنا چاہیے چند افغانوں نے جو بغاوت و سرکشی میں اس کے رفیق تھے رائے دی کہ دو آبہ اور ان پرگنات کو جو اس سمت واقع ہیں تاخت و تاراج کرکے اکبر آباد چلنا چاہیئے اگر یہہ چال کچھ چل جائے تو فبہا ورنہ ولایت شرقیہ کی حدود میں نکل جانا چاہیے ممکن ہے کہ راجہ مان سنگھ سے بھی کچھ امداد ملے ایسی دور و دراز کی سیر و سیاحت میں بندگان حضرت میں اتنی تاب کہاں ہے کہ یہہ تمام رنج و محنت برداشت کرکے تمھاری طرف سے غافل نہ ہوں، حسن بیگ نے کہا یہہ مشورہ غلط ہے تمھیں کابل جانا چاہیئے کیونکہ وہاں گھوڑوں اور آدمیوں کی کمی نہیں ہے اور بالفعل میرا خزانہ قلعہ رہتاس میں موجود ہے حدود رہتاس میں پہنچتے ہی دس بارہ ہزار کارآزما سوار فراہم کرنا میرا کام ہوگا۔ اگر بادشاہ تعاقب کریں تو ہم جنگ پر آمادہ ہیں اور اگر یہہ حدود تمھیں کو بخشدیں تو کچھ دن زمانہ کی روش پر بسر کرکے فرصت و قدرت کے طالب رہیں گے تاکہ جو کچھ مقدر میں ہو ظاہر ہو جائے فردوس مکان بابر شاہ اور جنت آشیاں ہمایوں شاہ نے اسی کابل کی مدد سے ہندوستان فتح کیا جس کے پاس کابل ہو جتنے نوکر چاہے مہیا کرسکتا ہے اور باوجود اس کے ان کے پاس خزانہ نہ تھا میرے پاس رہتاس میں چار لاکھ روپیہ محفوظ ہے وہ نذر کرتا ہوں۔ خسرو چونکہ عنان اختیار اس برگشتہ بخت کے قبضۂ اقتدار میں دے چکا تھا اس کے مشورہ کو صحیح اور قابل عمل سمجھا۔ یہ دیکھکر افغان علیحدگی اختیار کرکے جانب ہندوستان روانہ ہوئے اور خسرو نے حسن بیگ کے ساتھ دریائے چناب سے گزر کر رہتاس پہونچنا چاہا مگر چونکہ اطراف ممالک میں فرمان پہنچ گئے تھے جاگیرداروں اور کروڑیوں کے گماشتے وغیرہ اپنے حدود سے خبردار رہیں اور جہاں کہیں اس کا پتہ چلے گرفتاری کی کوشش کریں اس لئے لامحالہ احتیاط و تاکید کا بہت لحاظ رکھا جاتا تھا۔

**خسرو گرفتار ہوتا ہے**

چنانچہ جب یہہ بغاوت پیشہ شاہپور کے راستہ پر پہنچے اور وہاں سے عبور کرنا چاہا تو ہرچند کوشش کی کشتی نہ ملی۔ مجبوراً سودھرہ کے راستہ سے چلے۔ رات ہو چکی تھی، اس کے آدمی بڑی تلاش و تردد کے بعد بغیر ملاح کے ایک

کشتی لائے، اور ایک کشتی لکڑی اور گھاس سے بھری ہوئی ملی۔ لکڑی والی کشتی کے ملاحوں کو بدشواری تمام نرمی و درشتی سے راضی کر کے اس پر سوار ہوئے اور پانی سے گزرنا چاہا۔ ملاح ان کے اضطراب سے معاملہ کی حقیقت سمجھ گئے اور کشتی پانی میں ایسی جگہ لے گئے جہاں ریگ بہت تھی اور خود پانی میں کود کر تیرتے ہوئے نکل گئے اور یہ خبر اہل سودھرہ کو پہنچا دی۔ اتفاقاً پرگنہ سودھرہ کا چودھری اس شور و غوغا سے آگاہ ہو کر دریا کے کنارہ آ گیا اور ملاحوں کو گزرنے اور لیجانے سے منع کرنے لگا اس کے غل سے اس طرف کے لوگ اکٹھے ہو گئے اور انھوں نے میر ابو القاسم تمکین کو جو پرگنہ گجرات میں تھا اطلاع دیدی اور وہ خواجہ خضری اور دوسرے منصبداروں کے ساتھ ازراہ ملائمت و چاپلوسی ان کو اپنے مکان میں گجرات لے گیا۔ چونکہ خسرو اور حسن بیگ کے ساتھ پانچ چھ آدمی سے زیادہ نہ تھے لاعلاج ہو کر حکم قضا پر راضی ہوئے، دوشنبہ کے دن اسی عالم میں صبح ہوئی اور دنیا باغیوں کی نظر میں تیرہ و تاریک ہو گئی میر ابو القاسم تمکین، ہلال خاں خواجہ سرا اور ان حدود کے دوسرے منصبدار فراہم ہو کر خسرو کو حسن بیگ کے ساتھ کشتی سے لائے اور گجرات میں اسلحہ لیکر نظر بند کر دیا۔

دوشنبہ کے دن سلخ ماہ محرم ۱۰۱۵ھ کو اس کی گرفتاری کی خبر میرزا کامران کے باغ میں حضرت خلافت پناہی کے گوش مبارک میں پہنچی حکم ہوا کہ امیر الامرا فوراً روانہ ہو کر خسرو، حسن بیگ اور عبد الرحیم مردود کو درگاہ والا میں حاضر کریں۔ بروز پنجشنبہ تاریخ ۳ صفر خسرو کے ہاتھ پانوں میں زنجیریں ڈالکر تورۂ چنگیز خانی میں بائیں جانب سے پیشگاہ جلال میں لائے، حسن بیگ دائیں طرف عبد الرحیم بائیں جانب اور دونوں کے درمیان خسرو کھڑا ہوا لرز رہا تھا اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے حسن بیگ نفع موہوم کے گمان میں

**باغیوں کی سزا**

بیہودہ گوئی کرنے لگا مگر جب اس کی عرض حضور میں پہنچی حکم فرمایا کہ خسرو کو مقید اور پابہ زنجیر رکھیں اور حسن بیگ کو پوست گاو اور عبد الرحیم کو پوست خر میں سی کر دراز گوش پر اوندھا بٹھائیں اور تمام شہر میں تشہیر کریں۔ چونکہ پوست گاو پوست خر سے جلد خشک ہو گیا اس لئے حسن بیگ چار پہر سے زیادہ زندہ نہ رہا۔ اور عبد الرحیم جس کو پوست خر میں سیا گیا تھا نہایت بے ترمی کے ساتھ منھ پر کتے کی کھال ڈالے ہر کوچہ و بازار میں لکڑی وغیرہ کی قسم کی جو تر چیزیں ہاتھ آئیں کھاتا تشہیر ہوتا رہا، اس رات اور دن کو زندہ رہا دوسرے روز حکم ہوا کہ اس کو کھال سے نکالیں، ایک دن ایک رات

میں کھال میں بہت سے کیڑے پڑ گئے تھے، بہر حال اس تباہ حالی میں اسکی جان نکلی۔
پرگنہ بہسروں جو شیخ نے فتح کیا تھا اس میں شیخ کی خواہش کے مطابق ایک پرگنہ آباد کر کے اس کا نام فتح آباد رکھا گیا اور شیخ کو عنایت کر دیا گیا، شیخ نے مرتضیٰ خاں کے خطاب سے سربلندی پائی۔ سیاست و عبرت کے لئے حکم ہوا کہ باغ کامران سے قلعہ کے دروازہ تک دورویہ سولیاں نصب کر کے بدبخت مفسد و نکو جو خسرو کے رفیق بغاوت تھے طرح طرح کی تکلیفیں پہنچا کر ہلاک کر دیا جائے۔

سابقہ اوراق میں ذکر کیا گیا ہے کہ شاہزادہ پرویز بہادروں کی ایک فوج کے ساتھ ملک رانا کی تسخیر پر متعین ہوا تھا، جب خسرو کا فتنہ پیدا ہوا تو ارشاد ہوا کہ خدام دولت کی ایک جماعت اس مہم پر روانہ کر کے خود شاہزادہ پرویز آصف خاں کے ساتھ دار الخلافت اکبر آباد کی جانب رخ کرے۔ اس وقت کہ برکات اقبال کی بدولت بغیر کسی نقصان کے فتنۂ خسرو کی آگ بجھ چکی تھی حکم ہوا کہ اس عزم کو فسخ کر کے درگاہ والا کا قصد کرے۔

روز چہارشنبہ نویں صفر کو برکت و سعادت کے ساتھ شہر میں داخل ہوئے اور خسرو کو ہاتھی پر بٹھا کر سولیوں کے درمیان سے لے گئے تاکہ اپنے ہمراہیوں کو اس عذاب میں دیکھ کر اپنی بد اعمالی سے عبرت حاصل کرے اس اثنا میں سمع مبارک میں خبر پہنچی کہ حسین خاں شاملو

**حاکم ہرات کی قندھار پر چڑھائی**

حاکم ہرات نے حضرت عرش آشیانی کے وفات پانے اور خسرو کی شورش کی خبر سنکر حاکم فرات و ملک سیستان کے ہمراہ خراسانی لشکر کے ساتھ قندھار پر چڑھائی کر دی ہے اور قلعہ کا محاصرہ کر لیا ہے اور شاہ بیگ خاں باقبال شاہی برج و فصیل کے استحکام اور مصالح قلعہ داری کے انتظام میں مشغول ہو کر مردانہ ثابت قدمی و ہمت وری کے ساتھ قلعہ پر ایسی جگہ بیٹھتا ہے جہاں غنیم بیرون مجلس سے اس کو دیکھ سکیں، مدت محاصرہ میں اس نے کبھی کمر نہیں باندھی، سر برہنہ شراب پیتا ہے اور غرور کے مارے بانکی ٹوپی لگاتا ہے گویا غنیم کو سرے سے موجود ہی تصور نہیں کرتا، ہمیشہ عیش و طرب میں مشغول رہتا ہے اور تمام دن افواج کی ترتیب کا حکم دے کر مقابلہ و مقاتلہ کے لئے بھیجتا رہتا ہے غلبہ و تسلط کی علامات ظاہر ہیں حضرت شاہنشاہی کے یہ خبر سننے کے بعد امراء و منصبداروں کی ایک جماعت جس میں قرا خاں ترکمان اور بخت بیگ کابلی مخاطب بہ سردار خاں بھی تھے مرزا غازی ولد میرزا جانی ترخان

کی سرداری میں شاہ بیگ خاں کی کمک کے لئے تعینات کی گئی۔ اتفاقاً شاہ عباس نے میران سرحد کا قندھار پر جانے اور قلعہ کے محاصرہ کا حال سنا اور ایک خط ان کے نام حسین بیگ کے ساتھ بھیجا کہ قلعہ سے ہاتھ اٹھا کر ہر شخص اپنی جگہ واپس جائے اور حکم ہوا کہ حسین بیگ لشکر قلعہ سے اٹھا کر خود بندگان جہانگیری کی خدمت میں جائے اور ایک عرضہ اس جرأت و گستاخی کے عذر میں لکھ کر عفو طلب ہو۔ افواج جہانگیری کے قندھار پہنچنے سے پہلے لشکر قزلباش بادشاہ کے حکم سے محاصرہ ترک کر کے واپس ہو گیا اور حسین بیگ مذکور درگاہ والا میں آکر زمین بوس ہوا سردار خاں حکم والا کے مطابق قندھار کا حاکم مقرر ہوا۔ شاہ بیگ خاں درگاہ والا کی سمت رواں ہوا کچھ مدت کے بعد سردار خاں کو معزول کر کے قندھار کی حکومت میرزا غازی کو عطا ہوئی (اور وہ جہاں پناہ کی عنایت سے ملک ٹھٹھہ پر بھی حاکم رہا اور قندھار پر بھی، نہایت عالی ہمتی و عزت کے ساتھ بسر کرتا رہا) اس تاریخ شاہزادہ پرویز رانا کی مہم سے آکر اہل کومک کے ساتھ باریاب ہوا، میرزا علی اکبر شاہی کو کشمیر کی حکومت سے سرفرازی ملی، مقرب خاں بھی جو شاہزادہ دانیال کے فرزندوں اور ملازموں کے لانے کے لئے گیا ہوا تھا، شاہزادہ کے بچوں کو دکن سے لا کر حاضر خدمت ہوا، شاہزادہ مرحوم کے تین لڑکے چار لڑکیاں تھیں بڑا لڑکا طہمورث منجھلا بایسنغر چھوٹا ہوشنگ۔ اس زمانہ میں پیرا پسر دولت خاں لودھی جو عبدالرحیم خانخاناں کا خوش اطوار نوکر تھا اور آخر میں شاہزادہ دانیال نے اپنے یہاں نوکر رکھ لیا تھا اور اس کے بیٹے پیرا پر بہت عنایت کرتے تھے اور گفتگو میں فرزند کہکر مخاطب فرماتے تھے شاہزادہ مرحوم کے فوت ہونے کے بعد حسب الحکم درگاہ میں حاضر ہو کر منصب سہ ہزاری و خطاب صلابت خانی سے مشرف ہوا (اسی سال مرتضیٰ خاں گجرات کا صاحب صوبہ مقرر ہوا) اور راجہ مان سنگھ کے تغیر کی وجہ سے قطب الدین خاں کوکلتاش بنگالہ کے صاحب صوبہ ہوئے خلعت با کمر مرصع و اسپ قبچاق (ترکی) با زین مرصع مرحمت ہوا اور منصب بھی پنجہزاری ذات و سوار مقرر ہوا، مزید برآں دو لاکھ روپیہ بصیغہ خرچ ان کو اور تین لاکھ روپیہ ان کے معاونین کو خزانہ عامرہ سے ادا کیا گیا۔ اسی تاریخ جہاں پناہ نے اپنے بھائی شاہزادہ سلطان مراد کی لڑکی شاہزادہ پرویز سے منسوب کر کے ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ کا نقد و جنس بہ تقریب رسم منگنی ارسال فرمایا اور سامان شادی کے لئے ایک

لاکھ روپیہ نقد وجنس شاہزادہ کو عطا ہوا۔

**خان اعظم کی حق ناشناسی و عرش آشیانی کی نسبت ہرزہ سرائی کا انکشاف**

اس سال کے عجیب واقعات میں خان اعظم میرزا عزیز کوکہ کی مراسلت کا انکشاف ہے جو راجہ علی خاں حاکم ولایت خاندیس کے نام حضرت عرش آشیانی کی غیبت و بدگوئی کے لئے کی گئی جہاں پناہ جتنی مہربانی خان اعظم کے ساتھ فرماتے تھے بہت ممکن ہے کہ حقیقی بیٹوں کے ساتھ بھی اتنی نہ کرتے ہوں لیکن چونکہ اس حق ناشناس کی طینت خباثت و نفاق سے خمیر ہوئی تھی اس لئے بدی و بداندیشی میں مجبور تھا خصائل کا یہ حال تھا اور کمالات کا یہ کہ ایک بے مثل و بے نظیر مصاحب تھا، مدعا نویسی، مسلسل گوئی اور تاریخ دانی میں یکتائے زمانہ تھا نستعلیق بہت اچھی لکھتا بہرحال جو خط اس نے راجہ علیخاں کے نام لکھا تھا اس میں بدطینتی و بیہودہ گوئی سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا تھا، جو کچھ زبان قلم پر آیا اس نے بے لحاظ و مروت روے کاغذ بلکہ روے دل سیاہ کر ڈالا۔ چنانچہ حضرت قبلہ کو بدنامی سے متہم کر کے ایسے عیوب سے منسوب کیا جن کی نسبت ان کے کتوں کے ساتھ بھی بدذاتی و سگ نفسی معلوم ہوتی ہے۔ اتفاقاً یہ خط قلعہ اسیر فتح ہونے کے بعد راجہ علی خاں کے اموال میں برآمد ہوا اور خواجہ ابوالحسن کے ہاتھ پڑا۔ خواجہ نے سالہا اپنے پاس رکھا آخر ضبط نہ کر سکا۔ اس کے حوصلے بڑھ گئے اور اس نے وہ خط حضرت شاہنشاہ کے ملاحظہ میں پیش کر دیا، جہاں پناہ نے سر مجلس خان اعظم کو طلب فرما کر وہ خط اس کے ہاتھ میں دیا کہ پڑھے اس بے حیا نے بے جھجک پڑھ کر سنایا۔ دربار میں جتنے لوگ حاضر تھے سب لعن طعن کرنے لگے، ہر چند انواع و اقسام سزا و ذلت کا مستحق تھا مگر وہی نسبت عنایت حضرت عرش آشیانی اس کی فریاد کو پہنچی اس کی جاگیر ضبط کرلی اور چند دن نظروں سے گرا کر نظر بند رکھا۔ اس نشاط انگیز موقع پر شاہزادہ

**پرویز کی شادی کا جشن**

پرویز کی شادی کا جشن منایا گیا اور اس کی مسرت نے خاص و عام کے دلوں کا زنگ دور کر دیا۔ جشن شادی سے فارغ ہونے کے بعد خاطر اقدس شکار پر مائل اور گرجہاک و ننداتہ کی طرف جو صوبہ پنجاب کی مقررہ شکارگاہ ہے توجہ فرمائی۔ تین ماہ چھ روز شکار میں مصروف رہکر

لاہور کی طرف واپس ہوئے ۱۰۵ پانچ سو اکیاسی بزکوہی، قچکار کوہی، نیل گاؤ، گورخر اور ہرن جاندار شکار ہوئے۔ بز کوہی جو سب میں بڑی تھی تولی گئی تو ایک من چوبیس سیر نکلی اور قچکار کوہی دو من تین سیر جس کا وزن ستر من خراسانی کے برابر ہے اور نیل گاؤ چودہ من جو خراسان کے حساب سے ایک سو بارہ من ہوئے گورخر نو من ۱۶ سیر یعنی چھہتر من خراسانی وزن میں نکلے۔ اس درمیان میں صوبہ بہار کے واقعہ نویسوں کی عرضیوں سے معلوم ہوا کہ جہانگیر قلی خاں کی راجہ سنگرام سے جو اس ملک کے چیدہ عمدہ زمینداروں میں سے ہے لڑائی ہوگئی اور جہانگیر قلی خاں نے خدمات نمایاں انجام دیں اور فتح پائی۔ اور سنگرام بندوق کے زخم سے ہلاک ہوا۔

## آغاز سال دوم جلوس مبارک و نہضت ہمایوں جانب کابل

بروز چہارشنبہ ۲۲ ذی قعدہ ۱۰۱۵ھ شرف آفتاب کے وقت جلوس اقدس کا سال دوم خوبی و خرمی کے ساتھ آغاز ہوا جشن نوروز آراستہ ہوا۔ اس جشن عظیم میں شاہزادۂ عالم و عالمیان سلطان خرم کو ہشت ہزاری منصب عنایت کرکے علم و نقارہ و تومان و طوغ مرحمت فرمایا گیا اور ساتویں ذی الحج کو مبارک ساعت میں کابل کی طرف کوچ ہوا۔ قلیچ خاں نے لاہور کی حکومت پائی۔ کوہ بے دولت میں شکار قمرغہ کا انتظام کیا گیا اس پہاڑ پر سبزہ بالکل نہیں اگتا تھا اسی سبب سے کوہ بیدولت کہتے ہیں اس سال کے اہم واقعات یہ ہیں کہ جب امیر الامرا کو ایک سخت بیماری ہوگئی اور رکاب ظفر انتساب میں نہ آسکا تو اسی تاریخ کو آصف خاں منصب وکالت پر فائز ہوا اخلعت خاصہ و دوات و قلمدان مرصع عنایت کیا گیا اور اس نے ایک لعل جو چالیس ہزار روپیہ میں خریدا تھا بطریق پیشکش نذر گزرانا اور خواجہ ابوالحسن کے لئے التماس کی کہ سررشتہ دفتر و کاغذ کا انتظام اس کے سپرد کیا جائے۔

روز پنجشنبہ ۱۰ صفر ۱۰۱۵ھ کو کابل کا باغ شہر آرا قیامگاہ قرار پایا۔ پل مستان سے جو شہر کے کنارے واقع ہے باغ مذکور تک دائیں بائیں دو رویہ روپیہ بچھایا اور ہزارہا فقیر و اور محتاجوں کی تمنائیں بر آئیں۔ باغ شہر آرا کے پہلو میں ایک اور باغ کی بنا ڈالی گئی اور اس کا نام باغ جہاں آرا رکھا گیا۔ اور ارشاد ہوا کہ جو نہر گزرگاہ سے آتی ہے

اس باغ میں جاری کر دیا جائے۔ عین اس زمانہ میں جبکہ موکب خلافت پناہی کابل میں پر تو افگن تھا صوبہ بنگالہ کے مخبروں نے اطلاع دی کہ علی قلی بیگ استجلو جس کا خطاب شیر افگن خاں تھا قطب الدین خاں کے قتل کا مرتکب ہوا آخر خود بھی بندگان شاہی کے ہاتھ سے جو قطب الدینخاں کے ہمراہ تھے مارا گیا۔

اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ علی قلی مذکور شاہ اسمٰعیل پسر شاہ طہماسپ صفوی کا سفرچی تھا شاہ اسماعیل کی وفات کے بعد قندھار کے راستہ سے ہندوستان آیا اور ملتان میں خانخاناں کے ہاں رسائی پیدا کی جو اس وقت ٹھٹھہ جا رہے تھے، خانخاناں نے غائبانہ اس کو بندگان شاہی کے زمرہ میں داخل کر دیا، اس یورش میں علی قلی سے خدمات شائستہ و کارہائے پسندیدہ کا ظہور ہوا اور جب خانخانان نے فتحمندانہ مراجعت کی تو ان کی سفارش پر منصب لائق پر سرفراز ہوا۔ اسی زمانہ میں میرزا غیاث بیگ کی لڑکی اس سے منسوب کر دی گئی۔ اور جب حضرت عرش آشیانی اکبرآباد سے عازم دکن ہوئے اور شاہزادہ ولیعہد کو رانا کے استیصال کی اجازت ملی تو علی قلی بیگ ان کی کمک کے لئے نامزد ہوا، پھر حضرت نے نوازش فرما کر اس کو شیر افگنخاں کے خطاب سے عزت بخشی۔

دور جہانگیری میں جلوس کے بعد اس کو صوبۂ بنگالہ میں جاگیر دے کر بنگالہ بھیجدیا گیا مگر جب معلوم ہوا کہ اس کی طبیعت کا خمیر فتنہ جوئی و شورش طلبی سے مرکب ہے تو قطب الدینخاں کو رخصت کے وقت ایما ہوا کہ اگر خیر خواہی و راست کرداری پر قائم رہے تو اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے ورنہ ہمارے پاس بھیجدیا جائے، اگر آنے میں تساہل کرے تو سزا دیجائے۔ اتفاقاً قطب الدینخاں اس کے طرز معاشرت سے بدگمان ہو گیا اور ہرچند اس کو اپنے پاس بلایا اس نے غیر معقول عذرات سے پہلوتہی کی اور دل میں خیالات فاسد کو جگہ دی مجبوراً قطب الدینخاں نے حقیقت حال لکھ کر بھیجدی درگاہ والا سے فرمان صادر ہوا کہ اس کو روانہ کریں اور اگر اس کے اطوار سے بد اندیشی کا اندازہ کریں تو جس طرح حضور میں رخصت کے وقت حکم ہوا تھا اس ناہنجار کو اس کے افعال کی سزا دیں۔

قطب الدین خاں فرمان دیکھتے ہی بے تامل و توقف تنہا بردوان کی سمت

روانہ ہوا تاکہ جاتے ہی گرفتار کرے۔ وہ قطب الدین خاں کی آمد کی اطلاع سنکر دو جلوداروں کے ساتھ تنہا بطور استقبال حاضر ہوا، ملاقات کے وقت آدمیوں کے ہجوم نے گھیر لیا علی قلی چونکہ قطب الدینخاں کے طریق آمد سے بدظن ہو گیا تھا از راہ فریب پوچھنے لگا کہ یہ کیا طریق وطرز سلوک ہے، خان نے لوگوں کو منع کرکے تنہا باتیں کرنا شروع کیں مگر شیر افگن (علی قلی) نے خان کے حالات سے ارادۂ غدر معلوم کر لیا تھا اس لئے قبل اس کے کہ کوئی دوسری نوبت آئے پھرتی سے تلوار کھینچکر قطب الدینخاں کے پیٹ میں بھونکدی جس سے اس کی آنتیں باہر نکل پڑیں۔

ابھی قطب الدین خاں بیحال نہ ہوا تھا اس نے دونوں ہاتھوں سے پیٹ پکڑ کر باواز بلند کہا کہ حرام خور کو جانے نہ دینا، پیر خاں کشمیری جو شجاع وجوانمرد تھا اور مخلص خادموں میں سے تھا گھوڑا دوڑا کر بڑھا اور شیر افگن کے سر پر تلوار کا وار کیا، شیر افگن نے بچکر پیر خاں کے تلوار لگا کر اس کا کام تمام کر دیا۔

اب قطب الدین خاں کے ملازم اطراف وجوانب سے ٹوٹ پڑے اور آناً فاناً شیر افگن کو خاک وخون میں لٹا دیا، چونکہ قطب الدینخاں کوکلتاشی کی نسبت رکھتا تھا اور عالی مرتبہ امرا میں شمار ہوتا تھا۔ اس کام نا خاطر حق شناس پر گراں ہوا۔ بہرحال اس کی جگہ پر جہانگیر قلیخاں صاحب صوبہ بہار کا تقرر عمل میں آیا۔ اور بہار کی صاحب صوبگی اسلام خاں کو تفویض ہوئی۔

اسی زمانہ میں ایک عجیب واقعہ یہ ہوا کہ علی مسجد کے حوالی میں ایک گھر کے قریب حضرت اقدس و اعلیٰ کو ایک مکڑی نظر آئی جو بڑائی میں کیکڑے کے برابر تھی اور ایک سانپ کا گلا گھونٹ رہی تھی جو درازی میں دو ہاتھ شرعی ہوگا۔ تھوڑی دیر توقف فرما کر تماشا دیکھتے رہے جب سانپ مر گیا تب آگے قدم بڑھایا۔

ایسا ہی ایک نادر واقعہ یہ ہے ملاحظہ میں پرچہ گزرا کہ ضحاک او رباميان میں جو کابل کی سرحد ہے ایک پہاڑ واقع ہے اس پہاڑ میں ایک زیارت گاہ بنائی ہے اور خواجہ تابوت نام ایک بزرگ کا مدفن ہے جن کی وفات کو سات آٹھ سو سال ہو چکے ہیں مگر ابھی تک نعش ویسی ہی رکھی ہے اعضا میں ذرا فتور نہیں آیا۔ لوگ آتے ہیں اور زیارت کرتے ہیں، ان کی گردن پر ایک زخم ہے جب روئی اس

زخم سے نکال لیتے ہیں خون ٹپکنے لگتا ہے اور جب تک وہی روئی نہیں رکھتے بند نہیں ہوتا۔ چونکہ یہ بات بڑی تعجب خیز تھی اور دو مرتبہ اس کی اطلاع مل چکی تھی راقم اقبال نامہ کے نام فرمان صادر ہوا کہ خود وہاں جا کر بنظر غور معائنہ کرے اور تحقیق و جستجو کی نہایت تاکید فرما دی اور زخم دیکھنے کے لئے ایک جراح بھی ساتھ کر دیا کمترین چھ منزل طے کر کے اس مقام مقصود پر پہنچا اور رات موضع بامیان میں بسر کی جس میں سادات سبزوار کی ایک جماعت توطن گزیں ہے، دوسرے دن خواجہ تابوت کی زیارت کو گیا اس پہاڑ کے دامن میں ایک ایوان تقریباً ڈھائی ہاتھ زمین سے اونچا نظر آیا۔ میں نے ایک شخص کو اس پر چڑھا دیا تا کہ وہ دوسروں کا ہاتھ پکڑ کے اوپر کھینچے اور خود بھی چڑھ گیا (اندر سے دالان تین ہاتھ طول اور نصف ہاتھ عرض کا محسوس ہوا) اس کے اندر چھت اور صحن کی پیمائش چار مربع ہاتھ تھی دیواریں وغیرہ پختہ نہایت سفید، وسط مکان میں ایک قبر کھدی ہوئی تھی اور اس پر ایک ایک تخت دروازہ رکھا ہوا ہے۔ جب اس دروازہ کا پردہ ہٹایا گیا تو ایک تابوت نظر آیا، تابوت سے تختہ جدا کیا گیا تو میت کو دیکھا کہ بطریقہ اسلام رو بقبلہ لیٹی ہوئی ہے، بایاں ہاتھ ستر عورت کے لئے دراز ہے نصف ہاتھ کے برابر شرمگاہ پر روئی بھی رکھی ہوئی ہے، اعضاء جو زمین پر ٹکے ہوئے ہیں ریختہ و بوسیدہ ہو گئے ہیں جو زمین سے علٰحدہ ہیں درست ہیں، خاک نے ان پر کوئی تصرف نہیں کیا ہے، سر کے بال، پلکیں، بھویں سب گر گئیں، ناک اچھی حالت میں ہے آنکھیں پھیکی ہوئی، ہونٹوں کے درمیان سے دو دانت اوپر کے دو دانت نیچے کے نمایاں ہیں، جو گوشت زمین سے ملا ہوا ہے، تھوڑا مٹی نے کھا لیا ہے، اور یہ جو زخم کی شہرت اڑی تھی سو زخم اور پنبۂ زخم کی کوئی اصلیت نہیں، انگلیاں اور ہاتھ پاؤں کے ناخن درست ہیں ہڈیوں پر خشک کھال چڑھی ہوئی ہے، اور کمر کے درمیان ایک پرکاری خط اس شکل کا کھچا ہوا ہے کہ بیچ کی انگلی اس کے درمیان ٹھیک بیٹھتی ہے، معلوم نہ ہوا کہ اس کا سبب کیا ہے، ایام وفات و شہادت کا بھی علم نہ ہوا، کسی گاؤں سے ایک بڈھا بلایا گیا جو عقل و شعور سے خالی نہ تھا اس سے صرف اتنا پتہ لگا کہ میں نے اپنے باپ دادا سے سنا ہے کہ چنگیز خاں اور جلال الدین منکبرنی کی جنگ میں یہ مرد شہید ہوا والعلم عند اللہ۔

اس دوران میں، ارسلان نام ایک ازبک کھمرو کا حاکم زمین بوسی کی سعادت سے

مشرف ہوا اور علاقۂ سیوستان اس کی جاگیر میں مرحمت ہوا اتنے میں خبر پہنچی کہ مالوہ میں میرزا شاہرخ کا انتقال ہو گیا حق تعالے غریق مغفرت کرے۔
میرزا شاہرخ کے چھ بیٹے تھے پہلے حسن و حسین جو توام پیدا ہوئے، بعد ازاں میرزا سلطان جس نے حضرت شاہنشاہی کی خدمت پائی، اس کے بعد میرزا بدیع الزمان میرزا شجاع اور میرزا مغل ہر ایک اپنی مناسبت و قابلیت کے اعتبار سے مختلف مناصب پر مفتخر و سربلند ہوئے۔

## مراجعت مبارک از کابل جانب لاہور

روز جمعہ ساتویں جمادی الاول کو کابل سے کوچ کر کے متوجہ ہندوستان ہوئے اور طے پایا کہ شاہ بیگ خان کے کابل پہنچنے تک شہر و نواح کی خبر گیری قاش بیگ خاں کریں۔
اسی سلسلہ میں، ہوا داران خسرو کی بد اندیشی اور شامت اعمال میں ان کی گرفتاری و سزا کے سانحات ہیں جن کی تفصیل یہ ہے کہ ابتداً چند روز کیلئے خسرو کو امیر الامرا آصف خاں کے حوالہ فرما دیا تھا اور یہ حکم ہوا تھا کہ ایک روز امیر الامرا کے آدمی، ایک روز آصف خاں کے، پاسبانی کریں، آصف خاں کی باری کے دن نور الدین محمد اس کا چچازاد بھائی اس کے نوکروں کے ساتھ پاسبانی کرتا تھا اور جہاں خسرو رہتا تھا وہاں تنہائی میں اس کے پاس بیٹھتا اور باتیں کیا کرتا، رفتہ رفتہ اس میں یہ طے ہو گیا کہ جب قابو ملے اسباب شورش ترتیب دیکر قید کاٹ دیجائے۔
جب رایات سلطانی کابل روانہ ہوئے امیر الامرا نے بیماری کے سبب سے لاہور میں قیام کیا، آصف خاں کو اعتماد الدولہ وزیر الممالک کی تبدیلی کی وجہ سے منصب وزارت و وکالت پر عزت دی گئی اور خسرو اعتبار خاں خواجہ سرا کے حوالہ کر دیا گیا۔
اسوقت کسی بات پر جہاں پناہ حکیم فتح اللہ ولد حکیم ابو الفتح سے ناراض ہوئے نور الدین محمد اور حکیم فتح اللہ کے درمیان بڑی دوستی تھی، دونوں کے دل میں آئی کہ خسرو کو قید سے آزاد کر کے تخت سلطنت پر بٹھا دیں محمد شریف پسر اعتماد الدولہ بھی ان کا ہمنوا ہو گیا۔
اب ان لوگوں نے اعتبار خاں کے غلام کو جو اس کا سلیقہ شعار آدمی تھا اور خلوت میں خسرو کے پاس آمد و رفت رکھتا تھا اپنا ہمراز بنایا اور آپس میں طے کیا کہ جس

شخص کو اپنا پیرو ہمخیال بنائیں غلام مذکور اسے خلوت میں لیجا کر خسرو سے ملادے اور جسپر وہ اسکے لیے ایک نشان بھیجکر اپنے فدائیوں میں شامل کرلے۔

پانچ چھ ماہ تک یہ ہنگامہ گرم رہا اور باوجود اس کے کہ تقریباً چارسو شخص خسرو کے فدائیوں میں شامل ہوچکے تھے، دولتخواہونکو اس کی خبر نہ ہوی۔ مفسد بداندیشوں نے یہ تصفیہ کیا کہ اثنائے راہ میں جہاں پناہ پر نرغہ کریں اور خسرو کو قید سے نکالکر علم فساد بلند کریں اتفاقاً ان میں سے ایک کسی بات پر اپنے رفیقوں سے ناراض ہوا اور اس نے بہ ہدایت توفیق خواجہ ویسی دیوان شاہزادہ خرم کو اس راز سے آگاہ کردیا، اس نے بے تحاشا شاہزادہ عالم کی خدمت میں پہنچ کر یہ ماجرا بیان کیا، شاہزادہ عالم فوراً سوار ہوکر پدر عالی وقار کی خدمت میں پہنچے اور جو کچھ سنا تھا بیان کیا۔

اتنے میں آصف خاں بھی خبر پاکر صلابت خاں کے گھر پہنچا اور یہ سرگزشت بیان کی شاہزادہ سے یہ حالات سنکر جہاں پناہ محل سے برآمد ہوئے اور صلابت خاں کو طلب فرمایا۔ اور شاہزادہ سے سنے ہوئے واقعات بیان کئے۔ صلابت خاں نے عرض کی کہ تھوڑی دیر پہلے آصف خاں میرے پاس آکر یہی واقعات کہہ چکا ہے۔

الغرض حضرت ظل اللہ نے تخت فرمانروائی پر اجلاس فرماکر ان خون گرفتوں کے حاضر کرنے کا حکم دیا۔ ان میں سے ایک میرزا محمد اوزبک تھا دوسرا بداغ ترکمان جو اسی زمانہ میں عراق سے آکر شاہزادہ پرویز کا ملازم ہوا تھا، صلابت خاں نے التماس کی کہ جب تک ان میں سے کسی کو نوید جاں بخشی سے اطمینان نہ ہوجائے ممکن نہیں کہ قرار واقعی حقیقت عرض اشرف میں پہنچ سکے حکم ہوا کہ میرزا محمد کو قول دیکر باز پرس کریں اس نے اطمینان قلب کے بعد حقیقت حال مشرح و مفصل عرض کی، واقعات کے ثبوت کے بعد نورالدین محمد ولد آصف خاں مرحوم، محمد شریف پسر اعتماد الدولہ، غلام اعتبار خاں اور بداغ ترکمان کو سولی پر کھینچا گیا۔

پھر صلابت خاں نے دست بستہ گزارش کی کہ اگر حضرت کما حقہ تفحص و باز پرس پر ملتفت ہوں گے تو بڑی دشواری ہوگی بہتر ہے کہ اعتبار خاں کے غلام کا نوشتہ نظر میں نہ لائیں، بندہ حسب ارشاد سلطانی اس کو آگ تباہ دیتا ہے تاکہ خدام کا پردہ ناموس دریدہ نہ ہو۔ جہاں پناہ نے اس کی التماس قبول کرکے حکم دیا کہ صلابت خاں

کی تجویز کے مطابق عمل ہوا اور اس طرح بہت سے لوگوں کی جان بچی۔
اگر آصف خاں اس روز صلابت خاں کے پاس نہ پہونچتا تو یہ بات نہ ہوتی اور ظن غالب یہ ہے کہ اس کا سر بھی نذر دار ہوتا۔
حکیم فتح اللہ کی نسبت حکم ہوا کہ تشہیر کر کے گدھے پر الٹا بٹھائیں اور منزل بہ منزل اس رسوائی کے ساتھ سیر کرائیں۔
ایک نادر واقعہ یہ ہوا کہ قاسم خان لنگ نے جو دیانت خاں خطاب رکھتا تھا اور حکیم فتح اللہ کے ساتھ نفرت ظاہر کرتا تھا ایک دن اس کو بدخواہی سے منسوب کر کے عرض کی کہ جس زمانہ میں خسرو آوارۂ دشت ادبار ہوا فتح اللہ نے مجھ سے کہا کہ صلاح دولت اس میں ہے کہ ولایت پنجاب اس کو دیکر یہ بحث کوتاہ کر دیجائے۔
فتح اللہ نے اس سے انکار کیا آخر طرفین قسموں پر اتر آئے اور مباہلہ کیا، دس پندرہ روز پورے نہ ہوئے تھے کہ فتح اللہ بدبخت پاداش عمل میں گرفتار ہوا جھوٹی قسم اپنا کام کر گئی۔
جب جلال آباد محل نزول قرار پایا۔ تو وہاں کے حاکم غیرت خاں نے حسب الحکم روز ع کے جنگل میں شکار قمرغہ کی بناڈالی، ایک دن میں تین سو جانور قوچ کوہی وغیرہ شکار ہوئے۔
یہیں شاہ بیگ خاں قندھار سے آکر زمیں بوس ہوا، یہ حضرت عرش آشیانی کا تربیت یافتہ ہے اور اس عہد میں اس سے خدمات شائستہ رونما ہوئی ہیں۔ قوت بازو سے تلواریں چلا کر مناصب عالی و مراتب بلند پر فائز ہوا ہے۔ مدتوں قندھار پر حکمران رہا اور جبتک رہا نہایت شان و شوکت سے بسر کی۔ آج کل خان دوراں کا خطاب، کابل کی صاحب صوبگی، اور افغانستان کا انتظام اس کے لئے طغرائے امتیاز ہے۔
کمر خنجر مرصع، فیل مست اور اسپ خاصہ مرحمت کر کے مقام حسن ابدال سے رخصت کا حکم ہوا۔
پیر خاں پسر دولت خاں لودی جو سہ ہزاری منصب و صلابت خانی خطاب کی عزت رکھتا تھا خان جہاں کے خطاب عالی سے سرفراز ہوا۔
۱۲ ادبیں (بارھویں) شعبان کو دار السلطنت لاہور میں نزول اجلال فرمایا۔ یہاں میر خلیل اللہ ولد غیاث الدین محمد میر میراں از اولاد شاہ نعمت اللہ ولی جن کا سلسلہ غایت شہرت سے تعریف و توصیف کا محتاج نہیں اور عراق و خراسان میں بزرگی و مرتبہ میں کوئی ان کا

ہمسر نہیں عراق سے آکر حاضر آستانہ ہوئے، منصب یکہزاری ذات دو سو سوار مع جاگیر بطور تنخواہ مقرر ہوا اور فی الوقت بارہ ہزار روپیہ مدد خرچ عنایت ہوا۔

اس زمانہ میں آصف خاں نے دعوت کی التدعا کی، مع اہل محل کے اس کے مکان پر تشریف ارزانی فرما کر عزت افزائی فرمائی، آصف خاں نے دو لاکھ روپے کے جواہر نادر و نفیس لباس و فغفوری خطائی چینی برتن بطور پیشکش نذر کیے۔ ان میں سے جو اشیاء پسند ہوئیں قبول فرمائیں باقی واپس کر دیں۔

مرتضیٰ خاں نے گجرات سے لعل بدخشانی کی انگوٹھی جس کا نگین خانہ اور حلقہ ایک پارچہ لعل سے تراشا ہوا تھا اور وزن میں ایک مثقال پندرہ سرخ حد درجہ خوش رنگ و خوش آب نذر بھیجی جو مقبول ہوئی۔ درحقیقت اب تک ایسا تحفہ دیکھنے میں نہ آیا ایک دوسرا لعل قطبی شش پہلو تراشیدہ وزن میں دو مثقال پندرہ سرخ نہایت عمدہ و لطیف اس کے ساتھ اور تھا ان میں سے ہر ایک کی قیمت پچیس ہزار روپیہ تجویز ہوئی۔

اسی عرصہ میں شریف مکہ کا فرستادہ ایک محبت آمیز خط اور پردہ خانہ کعبہ لے کر پہنچا۔ آٹھ ہزار روپیہ فرستادہ شریف کو عطا فرمایا اور تحویلداران محلات عالی کو ایما ہوا کہ ایک لاکھ روپے کی ہر جنس جو اس ملک کے مناسب ہو شریف کے لئے روانہ کریں۔

## معاودت لوای سلطانی از لاہور بہ دار الخلافت

روز یکشنبہ نہم ماہ شوال کو سفر آگرہ کا قصد فرمایا قلیچ خاں دار السلطنت لاہور کی حکومت پر اور میر قوام الدین بدایونی خوانی مقرر ہوئے۔ پنجشنبہ اٹھارھویں ذیقعدہ کو دار الملک دہلی پہنچے اور سلیم گڈھ کی منزل میں جو سلیم خاں افغان نے اپنے زمانہ حکومت میں دریائے جمن کے کنارے آباد کی تھی چار روز قیام کیا۔

چونکہ دار الخلافت میں پہنچنے کا وقت قریب تھا دہلی سے کشتی میں بیٹھ کر روانہ ہوئے راجہ مان سنگھ قلعہ رہتاس سے آکر باریاب ہوا اور ایک سو ہاتھی بطور نذر پیش کئے۔

## آغاز سال سوم جلوس مسعود

روز پنجشنبہ دوم ذی الحج ۱۰۱۶ھ کو آفتاب عالم تاب برج حمل میں آیا جلوس جہانگیری کا

تیسرا سال شروع ہوا، موضع رنگتہ میں جو دارالخلافت اکبرآباد سے پانچ کوس پر واقع ہے جشن نوروزی آراستہ ہوا۔

اس جشن میں خانخاناں کو منصب پنجہزاری ذات و پنجہزاری سوار اور خواجہ جہاں خوافی کو خدمت بخشی گری مرحمت ہوئی۔ دوشنبہ کے دن ماہ مذکور کی پانچویں کو ساعت نیک میں قلعہ اکبرآباد میں داخل ہوئے۔ راجہ نرسنگھ دیو نے یونڈ تو یغون۔ نذر کیا (تمام جاندار حیوان و انسان میں تو لیغون خوب ہوتا ہے لیکن حیوانات میں خوشنما ہے اور ان کی قدر بڑھاتا ہے اور انسان ناطق میں بخلاف اس کے بدنما اور مکروہ سمجھا جاتا ہے) تو یغون کے باز، جرہ، چکرا کوے، کنجشک، تیتر، بندر، طاوس ہرن اور چکارے بھی دیکھے گئے۔

اس سال جلال الدین مسعود پسر میر گیسو کا انتقال ہوا اس کی والدہ اس سے بہت محبت رکھتی تھی مادرانہ تعلق و قلبی دلبستگی کی وجہ سے بیٹے کی موت نہ دیکھ سکی بیٹے کو عالم سکرات میں دیکھکر افیون اس کے ہاتھ میں دی اور اسی ہاتھ سے اپنے منھ میں رکھ لی، ادھر بیٹے کا دم نکلا ادھر یہ ایک دو ساعت کے بعد رخصت ہوئی۔

اسی واقعہ سے متصل لعل خاں کلاونت کی موت ہوئی حضرت عرش آشیانی اس پر بہت عنایت فرماتے تھے اس کی ایک لونڈی تھی جو لعل خاں سے دلی محبت رکھتی تھی اور اس کے ہاتھ سے افیون کھایا کرتی تھی۔ لعل خاں کے انتقال کے بعد خود بھی افیون کھاکر عازم عدم ہوئی ہندوستان میں قدیم سے یہ رسم چلی آتی ہے کہ ہندو عورتیں شوہر کے مرنے کے بعد زندہ آگ میں بیٹھ کر محبت پر جان فدا کر دیتی ہیں۔ اکثر ایسا بھی ہوا ہے کہ دس دس بیس بیس عورتیں اور لونڈیاں باستقلال تمام اپنی جانیں آگ کے سپرد کر دیتی ہیں لیکن ماں کی طرف سے بیٹے کے لئے جان دینا سننے میں نہیں آیا۔

اس عیش انجام زمانہ میں صالحہ بانو دختر قاسم خاں پسر مقیم خاں کو اپنے نکاح میں لاکر بادشاہ محل خطاب مرحمت فرمایا۔

جہانگیر قلی خاں حاکم بنگالہ کے انتقال کی خبر پہنچی تو اسلام خاں کو اس کے بجائے بنگالہ کا صاحب صوبہ اور شاہزادہ جہاندار کا اتالیق کرکے صوبۂ بہار و پٹنہ کی حکومت افضل خاں پسر شیخ ابوالفضل کو تفویض فرمائی۔

جہانگیر قلی خاں میرزا محمد حکیم کے غلام زادوں سے تھا، پہلے لوگ لالہ بیگ کے نام سے مخاطب کرتے تھے۔ میرزا کی وفات کے بعد حضرت عرش آشیانی کی خدمت میں حاضر ہوا،

جہاں پناہ نے اپنے فرزند بلند اقبال حضرت شاہنشاہ (جہانگیر) کو عطا کر دیا۔ صاحب نظر، قومی ہیکل اور مسلمانی و حق پرستی میں کافی رسوخ رکھتا تھا، عمدہ و پسندیدہ کام اس سے انجام پاتے تھے۔

اسی زمانہ میں مہابت خاں کو منصب سہ ہزاری ذات و دو ہزار و پانصد سوار و خلعت، اسپ و فیل و کمر مرصع عطا فرما کر رانائے مردود کے استیصال کے لئے رخصت دی اور بارہ ہزار سوار موجودہ سرداران کار آزمودہ کومک کے لئے مقرر فرمائے، پانچ سو نفر احدی، دو ہزار توپچی پیادہ، ستر توپ، اور گجنال وغیرہ اور ساٹھ زنجیر فیل و بیس لاکھ روپیہ کا خزانہ ساتھ کیا گیا۔

میر خلیل اللہ پسر میر میراں یزدی جنکا مجمل حال اوراق سابق میں لکھا جا چکا ہے بمرض اسہال جان بحق تسلیم ہوئے اور چوتھی ربیع الآخر کو راقم اقبال نامہ معتمد خاں کے خطاب سے ممتاز ہوا، اسی تاریخ کو خانخاناں سپہ سالار مطابق حکم اشرف دکن سے آکر آستان بوس ہوا اور دو تسبیحیں مروارید کی اور چند قطعہ لعل و زمرد پیشکش لایا جنکی قیمت تین لاکھ روپیہ جانچی گئی سوائے جواہر کے اور بھی بہت سی نفیس چیزیں ملاخطہ میں پیش کیں۔

راجہ مان سنگہ کو اجازت ملی کہ اپنے وطن جا کر یورش دکن کا سامان کر کے اوس جانب روانہ ہو۔ چونکہ خانخاناں ولایت دکن کے صاف کرنے کا عہد کر چکا تھا جس میں حضرت عرش آشیانی کی وفات سے فتور عظیم پیدا ہو گیا تھا اس لئے راجہ کو نوشتہ دیا کہ دو سال کی مدت میں اس خدمت کو انجام دے اس شرط کے ساتھ کہ اس صوبہ میں متعینہ لشکر کے علاوہ بارہ ہزار سوار اور دس لاکھ خزانہ کے ساتھ امداد میں دئے جائیں گے۔ دیوانان عظام کو حکم ہوا کہ جلد سامان کر کے روانہ کر دیں۔

انھیں ایام میں حضرت عرش آشیانی کی زیارت کے لئے دولت خانہ سے بہشت آباد تک جو تین کوس کے قریب فاصلہ پر ہو گا، پا پیادہ تشریف لے گئے امرائے عظام، ارکان دولت اور تمام ملازم عتبۂ خلافت موکب اقبال کے ہمرکاب تھے۔ زیارت سے فارغ ہو کر مقبرہ کی عمارت کو بغور ملاخطہ فرمایا اور بڑی بڑی رقمیں بطور خیرات اہل حاجت کو عنایت ہوئیں۔ جہاں پناہ کے مقبرہ کی عمارت میں پندرہ لاکھ روپیہ جس کے پچاس ہزار تومان رائج عراق اور پچھتر لاکھ خانی رائج توران آجکل کے نرخ کے مطابق ہوتے ہیں

خرچ ہوا۔

حکیم علی نقی کے حوض کا واقعہ عجائبات میں سے ہے جو انھوں نے اپنے گھر میں تعمیر کیا تھا، اس میں نئی بات یہ تھی کہ کنج حوض میں ایک گھر پانی کے نیچے بنایا تھا نہایت روشن اور صاف، اس گھر میں کچھ سامان کی بچھی اور چند کتابیں رکھی ہوئی تھیں، ہوا کا ایسا انتظام تھا کہ پانی کا ایک قطرہ اس گھر میں نہ آسکتا تھا جو شخص اس کی سیر کرنا چاہتا تھا اس کنج میں غوطہ لگاتا۔ دو تین زینے ملتے ان کو طے کرکے گھر کے اندر داخل ہو جاتا، وہاں تر لنگی اتار دیجاتی بجائے اس کے خشک لنگی تیار ملتی اس کو باندھ کر گھر کی سیر کیجاتی۔

اس مکان میں دس بارہ آدمیوں کی جگہ تھی باہم بیٹھ کر تفریح کرتے تھے اعلیٰحضرت حوض مذکور کی سیر کیلئے حکیم کے یہاں گئے اور پانی میں گھس کر اس گھر کی سیر کی اور حکیم کو دو ہزاری منصب سے سرفرازی بخشی۔

اس تاریخ کو فتح ولایت دکن کیلئے خانخاناں کو اجازت ملی، خلعت با کمر وشمشیر مرصع اور اسپ وفیل عنایت ہوا۔

چونکہ برادران مرتضیٰ خاں کے سلوک وطرز معیشت سے گجرات کے لوگ بد ظن اور نالاں تھے اس لئے اس کو درگاہ والا میں طلب کرکے ولایت گجرات خان اعظم میرزا عزیز کوکہ کی نگرانی میں دی گئی اور حکم ہوا کہ خود با بدولت کی خدمت میں رہے اور اس کا بڑا بیٹا جہانگیر قلی خاں باپ کی نیابت میں اس ملک پر نگرانی وحکومت کرے۔

## آغاز سنہ چہارم جلوس اقدس

شب پنجشنبہ ۱۴ ذی الحجہ ۱۰۱۷ھ کو نیر اعظم برج حمل میں تحویل ہوا اور اس کے ساتھ ہی جلوس مبارک کے چوتھے سال کی ابتدا ہوئی۔

اس سال میرزا برخوردار خلف عبد الرحمٰن دولدی خان عالم کے خطاب سے ممتاز ہوا۔ حضرت صاحب قران کے زمانہ سے ابتک کہ حضرت شاہنشاہی کی نوبت ہے ہمیشہ اس کے اجداد اس خاندان رفیع الشان میں حقوق خدمت ثابت کرتے رہے ہیں۔ اور نسلاً بعد نسل ریاست وامارت ان کے حصہ میں منتقل ہوتی آئی ہے۔ اس کا جد کلاں میر شاہ ملک امرائے صاحبقرانی میں سب سے بڑا امیر تھا، اور جب تک زندہ رہا دولتخواہی وحق شناسی کے سوا کوئی قابل شکایت بات نہ کی۔ چونکہ مورخوں نے اس کا ذکر تفصیل سے کیا ہے اس لئے اب طول دینا غیر ضروری ہے۔

جب رانا کی مہم جیسی چاہئے مہابت خاں سے سرنہ ہوئی اس کو حضور میں طلب فرماکر اس کے بجائے عبداللہ خاں کو اس لشکر کا سردار مقرر کیا۔

اس سال شاہزادہ پرویز کو حکومت صوبۂ دکن کی اجازت عطا ہوئی اور بیس لاکھ روپیہ خزانہ لشکر دکن کی مدخرچ کیلئے ہمراہ کیا، آصف خاں کو شرف اتالیقی بخشا گیا، امیرالامرا اور دوسرے افسران سپاہ شاہزادہ کی کومک کیلئے مقرر ہوئے۔

ایک موقع پر ایک قلندر نے شیر پیش کیا، نہایت تنا ور، قوی و عظیم الجثہ بچپن سے اس کو پالکر بعل خاں نام رکھا تھا اور اتنا مطیع کرلیا کہ آدمی کو آزار نہ پہنچاتا تھا ایک دن حضور میں طلب کیا گیا کہ بیل کے ساتھ مقابلہ کرے۔ بہت سی مخلوق تماشہ دیکھنے کے لئے جمع ہوگئی، بہت سے جوگی بھی ایک جانب کھڑے محو تماشا تھے، شیر جوگیوں کی طرف لپکا اور ایک جوگی کو جو برہنہ تھا پکڑ کے ملاعبت کے طریقہ پر نہ غصّہ سے جیسے اپنی مادہ کے ساتھ جفتی کرتا ہے اس کے ساتھ حرکت کرنے لگا اور انزال کے بعد چھوڑ دیا۔ جوگی کو اس کے ناخن و دندان وغیرہ سے کچھ ضرر نہ پہنچا۔ اس بنا پر حکم ہوا کہ شیر کو قید زنجیر سے نکال کر چھوڑ دیں کہ محل کی فضا میں دریا کی طرف اپنی حالت میں پھرتا رہے اور تین چار شیر بان سونٹے ہاتھ میں لئے اس کے ساتھ رہیں۔ ایک مرتبہ اور ایسی ہی حرکت اس شیر سے ظاہر ہوئی۔

اب چونکہ خاطر اشرف شیروں کی نگاہداشت اور ان کے تماشہ پر متوجہ تھی بہت سے شیر بچے بطریق پیشکش نذر کئے گئے جو صحن میں دریا کی جانب بے زنجیر و طوق پھرا کرتے تھے، اور ہر شیر پر دو شیربان مقرر تھے جو کھانا دینے جاتے تھے رفتہ رفتہ کئی تومند او ریہ جسیم شیر جمع ہوگئے، ایک کا کامروانہ، ایک کا فیل جنگ اور ایک کا شیر دل نام رکھا گیا اور ایک مرتبہ ان کی آپس میں جنگ کرائی گئی چونکہ شیر کی لڑائی شیر کیساتھ موزوں نہیں اس لئے مستی وزور جوانی میں کئی شیر لڑکر ضائع ہوگئے۔

ایک مادہ شیر کسی نر شیر کے ساتھ جفت ہوکر حاملہ ہوئی۔ جب اس کے بچہ ہوا تو اوس وقت تک دودھ پلاتی رہی جب تک کہ اس کی عمر کو پہونچ کر لقمہ کھانے کے قابل ہوگیا۔

یہ واقعہ نہایت عجیب ہے جو عہد جہانگیری میں ظاہر ہوا، کسی عہد کسی زمانہ میں ایسا نہیں ہوا کہ شیر بے بند و زنجیر آدمیوں میں پھرتے رہیں، چودہ پندرہ شیر میں نے بھی جھروکہ کے صحن میں دریا کی طرف پھرتے دیکھے، جن کے ساتھ حفاظت کے لئے شیربان رہتے تھے۔

اس سال صبیہ مظفر حسین میرزا پسر سلطان حسین میرزا ابن بہرام میرزا ابن شاہ اسمٰعیل صفوی کے ساتھ شاہزادہ عالم سلطان خرم کا پیام دیا گیا اور علاوہ جنس کے پانچ ہزار روپیہ نقد برسم ساچق ارسال فرمایا گیا

سیادت پناہ مرتضیٰ خاں کو پنجہزاری ذات و پنجہزار سوار کے موافق جاگیر بطور تنخواہ عطا ہوئی۔ اسلام خاں صاحب صوبۂ بنگالہ کو منصب پنجہزاری ذات و سوار سے عزت دی گئی۔ جب عرض مکرر سے معلوم ہوا کہ دکن کی مہم شاہزادہ کے ہمراہی لشکر سے طے نہیں ہوتی اور دکن والے روپیہ کے زور سے لشکر فراہم کرکے عنبر بداختر کے ہمت دلانے سے استقلال و تکبر کا دم بھر رہے ہیں تو خانخاناں کو دس بارہ ہزار سوار جنمیں سے سیف خاں بارہہ، حاجی بیگ اوزبک، سلام اللہ عرب برادرزادہ مبارک عرب بھی تھے جو جویزہ و سغول کا حاکم تھا شاہزادہ کی کمک امداد کے لئے متعین ہوئے۔ سلام اللہ شاہ عباس کے نزدیک نہایت عزیز تھا اور شجاعت و دلیری میں یکتا اتفاقاً شاہ سے متوہم ہوکر اس آستانہ پر مائل ہوا مگر شراب کی شامت سے یہاں بھی کچھ نہ کرسکا اور اپنی زندگی تباہ کردی۔

خان جہانکو خلعت خاصہ زردوزی، کمر شمشیر مرصع، اور اسپ خاصہ مع زین مرصع و فیل خاصہ و سکہ و علم عنایت فرمایا اور راقم اقبالنامہ کو حکم ہوا کہ فوراً عبداللہ خاں کے پاس جاکر ان بارہ ہزار سواروں میں سے جو رانا کے استیصال کے لئے اس کے ساتھ ہیں چار ہزار سوار اپنے ساتھ لے اور اوجین و مندو کے اطراف میں خانجہاں کے پاس پہنچا کر واپس آئے، اور یہ بھی حکم ہوا کہ جن آدمیوں کو اپنے ساتھ لیجائے ان کو بطور امداد تقسیم کرنے کے لئے ایک لاکھ روپیہ اپنے ساتھ لیجائے، اس تاریخ کو پرگنہ باری کی طرف بارادۂ شکار توجہ فرمائی۔

## سال پنجم جلوس مقدس

روز یکشنبہ ۲۴ ذیحجہ ۱۰۱۸ھ کو جس وقت آفتاب برج حمل میں آیا جلوس مبارک کا پانچواں سال فرخی و سعادت ہمرکاب لئے میدان ظہور میں جلوہ گر ہوا جشن نوروز شکارگاہ پرگنہ باری میں منایا گیا۔

شکارگاہ میں چونکہ ہوا گرم ہوگئی تھی اس لئے عنان معاودت جانب مستقر الخلافت معطوف فرمائی گئی۔ اس اثنا میں صاحب صوبہ و واقعہ نویس کابل کی عرائض سے اطلاع ملی کہ ولی محمد خاں والی توران شاہ عباس فرمانروائے ایران کے پاس امداد طلب کرنے گیا تھا۔

اس واقعہ کے تفصیلی اجزا یہ ہیں کہ جب ولی محمد خاں کو تخت دولت میسر ہوا تو آغاز سلطنت سے چار سال تک تو معدلت پسندی، داد و دہش و حسن سلوک وغیرہ اطوار پسندیدہ سے حکومت کرتا رہا آخر میں نحوست ازلی جو اسکی قسمت میں ودیعت تھی ظاہر ہوئی۔ اور اس نے خوش اطواری چھوڑ کر ستمگاری و دل آزاری پر کمر باندھی، چند اوزبک سردار و نگو جو اس کی سلطنت کے منتخب و ممتاز ارکان تھے

مثل دوستم ارغون، حاجی بی قوسچی علی سیدی منقبت، دیوان بیگی شاہ کوچک بی دیوان بیگی کو جنھیں خود تربیت کر کے مرتبۂ امارت تک پہنچایا تھا اس شبہ میں کہ امام قلیخان و نذر محمد سلطان اس کے بھتیجوں کے ساتھ مراسلت رکھتے ہیں قتل کر ڈالا اور خاص و عام کے دل اپنے اطوار و کردار ناپسندیدہ سے نفرت سے بھر دیئے۔ اس اثنا میں امام قلی خان و نذر محمد سلطان چند اوزبک امرا کی تحریک سے لشکر کشی کر کے اس کے بہت سے ملک پر متصرف ہو گیا، ولی محمد خاں نے ہر چند ہاتھ پاؤں مارے کچھ نہ چلی اقبال نے منہ پھیر لیا، دولت رو گرداں ہوئی جو کچھ اپنی بہبودی و اصلاح کے لئے سوچتا تھا اس کا نتیجہ برعکس نکلتا تھا۔ جب یہ جان لیا کہ قسمت برگشتہ ہے اور فلک مخالفت پر آمادہ مجبوراً ملک و دولت سے دل اٹھا کر والیِ ایران شاہ عباس کے پاس پناہ لینے کی غرض سے حاضر ہوا کہ شاید اس کی امداد و دستگیری سے کچھ کام چل جائے۔

شاہ عباس نے اس کا استقبال کیا اور حد درجہ مہربانی و دلجوئی سے جو ایسے اوقات میں بہت اچھی معلوم ہوتی ہے پیش آیا اور کوئی موقع شکایت درمیان نہ آنے دیا۔ سنا گیا ہے کہ ایک دن شاہ نے اپنے باغ میں بڑے پیمانہ پر مجلس آرائی کر کے خانکو مدعو کیا، مجلس کے درمیان ایک نہر جاری تھی۔ اس کے اطراف میں چراغاں کا انتظام تھا، فرش اور چوبی تختے نہر پر بچھے ہوئے تھے کہ لوگ آمد و رفت جاری رکھ سکیں، اتفاقاً ولی محمد خان کا ہاتھ پکڑ کے شاہ سیر فرمانے لگے اور چاہا کہ نہر سے گزر جائیں اثنائے عبور میں ولی محمد خاں جو نشہ میں مست تھا نہر میں گر پڑا، شاہ بھی خان کے غرق ہونے کے خیال سے کود پڑے اور خان کا ہاتھ پکڑ کے پانی سے نکال لائے۔ مختصر یہ کہ ولی محمد خان کچھ دن روز اصفہان میں رہ کر شاہ سے اجازت خواہ ہوا اور چونکہ اوزبک پے در پے خطوط کے ذریعہ سے اس کو طلب کر رہے تھے اور وہ قزلباشوں کو اپنے مقصد کے خلاف سمجھتا تھا بغیر کمک و مدد حاصل کئے تنہا لوٹ آیا۔ بعد ازاں اپنی سرحد میں پہنچکر سپاہ کی تیاری و جنگ کی فراہمی میں کوئی حصہ نہ لیا۔ جاتے ہی تخت پر بیٹھا اور امام قلی خان کے ساتھ مقابلہ کر کے نواحِ سمرقند میں شکست کھائی اور اسیر ہو کر قتل ہوا۔ اس کی مدت سلطنت ۶ سال ہے۔

مجلس بہشت آئین میں ملا میر علی احمد مُہرکن کا واقعۂ وفات غرائب اتفاقات سے ہے

ملا میر علی احمد صنعت مہرکنی میں یکتائے روزگار تھا اور مہرکن جو کچھ بوسے پرکندہ کرتے ہیں وہ کاغذ پر لکھ سکتا تھا، اس کا باپ ملا حسین بھی مہرکن تھا اور نقشی تخلص کرتا تھا، مرد درویش وضع نازک نفس تھا حضرت شاہنشاہی کے مکتب میں باریابی حاصل تھی، اور ان کے ساتھ سبق کی تکرار کرتا تھا۔ اسی نسبت سے جہاں پناہ ملا کو خلیفہ فرمایا کرتے تھے۔

مختصراً اس سانحہ کی حقیقت یہ ہے کہ پنجشنبہ کی شب کو قوالوں کی ایک جماعت غزل سرائی میں مصروف تھی اور ایک مکار رسماً امیر خسرو کے اس شعر پر وجد کر رہا تھا۔

ہر قوم راست راہے، دینی وقبلہ گاہے    من قبلہ راست کردم برسمت کجکلاہے

حضرت شاہنشاہ نے ملا علی احمد کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا "ملا اس شعر کی کیا حقیقت ہے"۔ اس نے آگے بڑھ کر عرض کی کہ میں نے اپنے والد سے ایسا سنا ہے کہ ایک دن سلطان المشائخ نظام الدین اولیا سر پر ایک ٹوپی کج رکھے، دریائے جمن کے کنارے کوٹھے پر بیٹھے ہوئے ہنود کی عبادت وغسل کا تماشا دیکھ رہے تھے، اسوقت امیر خسرو حاضر ہوئے حضرت شیخ نے امیر کیجانب منھ کرکے فرمایا "ان لوگوں کی عبادت کا طریقہ دیکھتے ہو"، اور یہ مصرعہ پڑھا۔ ؎ ہر قوم راست راہے، دینے، وقبلہ گاہے۔ امیر نے بے تامل شیخ کی جانب مڑکر یہ مصرع کہا ؎

؎ من قبلہ راست کردم برسمت کجکلاہے

ملا علی احمد نے مصرع ثانی ختم نہ کیا تھا کہ بیخود ہو کر گر پڑا اور سرد ہو گیا۔

اس سے زیادہ عجیب واقعہ پٹنہ میں خسرو جعلی کا ظہور ہے جس کی صورت یہ ہے کہ افضل خاں حاکم صوبۂ بہار گورکھپور کے قصد سے روانہ ہوا جو ازسرنو اس کی جاگیر میں دیا گیا تھا اور پٹنہ سے ساٹھ کوس کی مسافت پر واقع ہے، اور پٹنہ میں شیخ حسام بنارسی، و غیاث بیگ کو جو اس صوبہ کے دیوان تھے منصبداروں کی ایک جماعت کے ساتھ انتظام کیلئے چھوڑ آیا تھا، اتفاقاً قطب نام ایک نامعلوم شخص درویشوں کی وضع ولباس میں اوجینیہ پہنچا جو نواح پٹنہ میں واقع ہے اور ان واقعہ طلب مفسدوں کے ساتھ اظہار دوستی و یکجہتی کرکے ظاہر کرنے لگا کہ میں خسرو ہوں اور قید خانہ سے بھاگ کر ان حدود میں آ گیا ہوں۔ اگر میری مدد کرو تو میری کامیابی و مقصدوری کے بعد اس دولت کے شریک ہو جاؤ گے۔ اس طرح ان سادہ لوح مفسدوں کو ابلہ فریب باتیں کرکے اپنے ساتھ

متفق کر لیا، اور ان کو یقین دلا دیا کہ میں خسرو ہوں۔ غرض کہ بہت سے سوار و پیادہ اس کے ساتھ ہو گئے اور وہ بہ عجلت تمام سکوپے کر قلعہ پٹنہ کی طرف متوجہ ہوا۔
شیخ بنارسی گھبراہٹ اور خوف کے مارے استحکام قلعہ میں حصہ نہ لے سکا مفسد قلعہ کے دروازہ سے اندر گھس آئے، شیخ غیاث بیگ کے ساتھ دریا والی کھڑکی سے نکلکر کشتی کے ذریعہ سے بھاگ نکلا۔ اور افضل خاں کے پاس روانہ ہوا۔ مفسد و باغی لوگ افضل خاں کے اسباب و اموال اور خزانۂ شاہی پر قابض ہو کر گلچھرّے اڑانے لگے، بہت سے مفلس و آوارہ لوگ اس کے گرد جمع ہو گئے۔
یہ وحشتناک خبر گورکھپور میں افضل خاں کو پہنچی، اور شیخ بنارسی و غیاث بیگ بخشی نے بھی زبانی تمام واقعات بیان کئے کہ یہ خسرو نہیں ہے۔ افضل خاں یہ سنتے ہی باقبال شاہی اس بدکار گروہ کی بیخکنی کے لئے اٹھ کھڑا ہوا۔ مفسدوں کو جب افضل خاں کے آنے کی اطلاع ملی تو قلعہ اپنے ایک معتمد کے سپرد کر کے سوار و پیادہ فوج لیکر دریائے پن پن کے کنارے میدان قتال آراستہ کیا۔
چونکہ اقبال روز افزوں ہر وقت اور ہر جگہ جاں نثار فدائیوں کے ساتھ رہتا ہے تھوڑی ہی دیر کے مقابلہ میں مخالفوں کی جمعیت درہم برہم کر دی یہ لوگ دوبارہ قلعہ میں داخل ہونا چاہتے تھے لیکن پریشانی میں دروازۂ قلعہ و برج و فصیل کا خیال نہ رکھ سکے۔ افضل خاں تعاقب کرتا ہوا قلعہ میں گھس آیا۔ وہ بدشعار افضل خاں کے گھر میں گھس کر دروازہ مضبوط بند کر کے تین پہر تک بیٹھا رہا اور وہیں سے قریب تیس آدمی زخم تیر سے ضائع کر دیئے اس کے بعد جب عاجز ہو گیا اور اس کے ہمراہی خوف جان کے مارے فرار ہو گئے تو اس گھر سے نکلا اور افضل خان کے مقابلہ پر آیا۔ افضل خاں نے دیکھتے ہی آتش فساد بجھانے کے لئے اس کا کام تمام کر دیا۔ یہ خبریں متعاقب مسامع عزت و جلال میں پہنچیں فرمان ہوا کہ شیخ حسام بنارسی اغیاث بیگ اور دوسرے عہدہ داروں کو جنھوں نے شہر و قلعہ کی حفاظت میں کوتاہی کی ہے سر اور ڈاڑھی مونڈھ کر زنانہ لباس (معجر) پہنائیں اور گدھے پر الٹا بٹھا کر روانہ درگاہ کریں۔ اور شہر و قصبات میں جو سر راہ واقع ہیں تشہیر کریں تا کہ تمام کوتاہ اندیش نامردوں کی عبرت و بیداری کا سبب ہو۔
اعتضاد الخلافت الکبریٰ یعنے مرتضیٰ خاں کو پنجاب جو ممالک محروسہ کے بڑے صوبوں میں

سے ہے بعطائے عہدہ صاحب صوبگی عنایت ہوا تاج خاں کو جو صوبہ ملتان میں تھا حکومت کابل عطا ہوئی۔

اس سے قبل مہابت خاں کو خانخاناں کے بلانے کے لئے دکن بھیجا گیا تھا۔ اسوقت خانخاناں اسکو اطراف دار الخلافت میں چھوڑ کر خود پہلے آگیا اور سعادت آستاں بوسی حاصل کی۔ چونکہ پہلے مدّت معیّنہ کے اندر فتح دکن کا خط عہد سپرد کر دیا تھا برہانپور ہو پہنچکر ایسے وقت جبکہ نقل و حرکت کے لائق نہ تھا، سواری و آمد و رفت سپاہ گری و کار دانی کے منافی تھی، سلطان پرویز کو لشکر گراں کے ساتھ بالا گھاٹ پر لایا۔ اور سرداروں کی نا اتفاقی، امرا کے نفاق و اختلاف رائے سے سر رشتۂ تدبیر ہاتھ سے نکل گیا اور یہانتک نوبت پہنچی کہ لوگ غلے کی تنگی کی وجہ سے آشفتہ حال و پریشان ہوگئے، گھوڑے اور اونٹ بہت سے ضائع ہو گئے، ادھر قضائے آسمانی سے بارش بیموقع جو حقیقتاً قہر الٰہی تھی نازل ہوئی، نیم جان جانور (چار دا ہے) جو لاغری و زبونی سے بے حال ہو رہے تھے، مر کے رہ گئے مجبوراً بدبخت مخالفوں کے ساتھ خلاف شان صلح کر کے تباہ حال برہانپور آیا

دولتخواہوں نے یہ بات خانخاناں کی منافقت و بد اندیشی پر حمل کر کے درگاہ والا میں اطلاع بھیجدی اور خود علیحدہ ہو گئے۔ خصوصاً خان جہاں نے لکھا کہ جو کچھ ہوا، خانخاناں کے نفاق سے ہوا، یا اس خدمت کو مستقلاً اس کے سپرد فرما دیں یا آپ اس نواختہ و پرداختہ کو تسخیر دکن کی خدمت پر مقرر فرمائیں۔ اور تیس ہزار خوش اسپہ سوار اس فدوی کی مدد کیلئے متعین کریں تاکہ اقبال روز افزوں کی برکت سے تمام ملک بادشاہی کو جو غنیم کے تصرف میں ہے آزاد کر کے قلعوں پر قابض ہو اور سرحدوں کا ضبط و انتظام کرے بلکہ ولایت بیجاپور کو بھی جو عادلخاں کے تصرف میں ہے قبضہ میں لے کر ممالک محروسہ میں شامل کر دے اور اگر اس مدت میں یہ خدمت انجام نہ پائے تو سعادت کورنش سے محروم ہو کر بندگان خدا اندری کو منہ نہ دکھائیگا۔

جب نوبت یہاں تک پہونچی اور خانخاناں کو وہاں رہنا صلاح دولت نہ معلوم ہوا، اس لشکر کی سرداری خانجہاں کو تفویض ہوئی اور خانخاناں کو درگاہ مبارک میں طلب کر لیا گیا۔

اس تاریخ کو جشن شادی شاہزادۂ بلند اقبال سلطان خرم دختر مظفر حسین مرزا صفوی کے ساتھ آراستہ ہوا اور حضرت شاہنشاہ نہایت مسرت اور بے پایاں خوشدلی کے ساتھ شاہزادہ عالی مقدار کے مکان میں تشریف لائے اور اس جشن کے شایان شان ایک مجلس مرتب فرمائی اکثر امراکو خلعت عنایت ہوا۔ چونکہ دکن کی مہم امراکی نا اتفاقی اور خانخاناں کے نفاق سے معرض توقف میں آگئی تھی اور عساکر سلطانی بحال تباہ برہانپور واپس آگئے تھے، اس لئے خان اعظم کو تازہ دم لشکر کے ساتھ اس جانب رخصت فرمایا خان عالم، فریدون خاں برلاس، یوسف خاں ولد حسین خاں تکریہ، علی خاں نیازی، باز بہادر قلماق اور دوسرے منصبدار تقریباً دس ہزار سوار موجود اس کی کمک کے لئے مقرر ہوئے، علاوہ ان کے دو ہزار سوار احدی اور اضافہ کرکے کل امدادی فوج بارہ ہزار اس کی ہمراہی کیلئے متعین ہوئی تیس لاکھ روپیہ خزانہ مع چند حلقہ فیل ساتھ کیا گیا، خلعت فاخرہ کمر شمشیر مرصع اسپ و فیل خاصہ اور پانچ لاکھ روپیہ بصیغہ امداد خان اعظم کو عنایت ہوا۔

خان اعظم کو دکن روانہ کرنے کے بعد طبع مبارک شکار پر مائل ہوئی اتفاقاً ایک دن انوپ رائے اثنائے شکار میں ایک درخت کے نزدیک پہونچا جس پر چند چیلیں بیٹھی ہوئی تھیں اور تیر و کمان لے کر ان کے مارنے کا قصد کیا۔ قضارا اس درخت کے پاس ایک نیم خوردہ بیل نظر آیا، ابھی وہ اس کی طرف دیکھ ہی رہا تھا کہ ایک تناور او غضب ناک شیر اس طرف سے اٹھ کر روانہ ہوا، باوجودیکہ دو گھڑی دن سے زیادہ وقفہ غروب آفتاب میں نہ تھا، جہاں پناہ کا ذوق شیر شکاری یاد کرکے چند آدمیوں کے ساتھ متوجہ ہوا اور شیر کو فیل بند کرکے خبر کے لئے حضور شاہ میں آدمی بھیجا۔ جب یہ خبر شاہ فیل بند کے حضور میں پہونچی عنان عزم اس طرف پھیر دی، اسوقت شاہزادہ والا قدر، رامداس، اعتماد رائے اور حیات خاں مع دو تین اور آدمیوں کے ساتھ ہوئے شیر ایک درخت کے سایہ میں بیٹھا نظر آیا ارادہ ہوا کہ گھوڑے کی پیٹھ سے بندوق چلائیں لیکن چونکہ گھوڑا شوخی کرتا تھا اور ایک جگہ نہیں ٹھہرتا تھا مجبوراً پیادہ ہو کر بندوق چھتیائی اور شیر پر سر کردی مگر معلوم نہ ہوا کہ شیر تک گولی پہونچی یا نہیں، دوبارہ تیر مارا، شیر اپنی جگہ سے بپھر کر حملہ آور ہوا اور میر شکاری کو جو شاہین ہاتھ میں لئے کھڑا تھا زخم پہنچا کر پھر اپنی جگہ بیٹھ گیا۔ حضرت نے پھر بندوق بھر کر سہ پایہ (تپائی) پر رکھی، انوپ رائے تپائی کو مضبوط پکڑ کے بیٹھ گیا، کمر میں تلوار اور ہاتھ میں عصائے چوبی لئے رہا

شاہزادہ عالم سلطان خرم حضرت کے بائیں جانب جو دل کی طرف ہے تھوڑے فاصلہ پر کھڑے تھے اور رامداس و دیگر خدام جہاں پناہ کے پیچھے۔

شیر غضب آلود اٹھا جہاں پناہ نے فوراً بندوق چلائی، گولی اور تیر اس کے دانت اور منھ کے پاس سے نکل گیا آتش افروز بندوق کی آواز سے شیر اور بھڑک اٹھا جو لوگ نزدیک کھڑے تھے حملہ کی تاب نہ لاکر پراگندہ ہو گئے۔ جہاں پناہ لوگوں کے پشت و پہلو لگنے سے ایک دو قدم پیچھے گر پڑے فرماتے تھے کہ ان میں سے دو تین آدمی میرے سینہ پر پانوں رکھ کر گذر گئے۔

پھر اعتماد رائے اور کمال قراول کی مدد سے خود کو سیدھا کیا، اسوقت شیر نے بائیں جانب والے لوگوں کا قصد کیا۔ اب انوپ رائے تپائی کو چھوڑ کر شیر پر متوجہ ہوا، شیر بھی اسی کیطرف لپکا، انوپ رائے نے اپنے ہاتھ والا ڈنڈا دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑ کے دو مرتبہ شیر کے رسید کیا، شیر نے اس کو پکڑ کے زمین پر ڈالدیا اور دونوں ہاتھ منھ میں لے کر چبانا شروع کردیا۔ لیکن انوپ رائے نے وہ ڈنڈا اور چند انگوٹھیاں جو اس کے ہاتھ میں تھیں نہ چھوڑیں کہ ایسا نہ ہو کہ اس کے ہاتھ بالکل بیکار ہو جائیں۔ اب انوپ رائے شیر کی پیٹھ پر اس کے دونوں ہاتھوں کے درمیان ایک ہاتھ اس کے پانوں پر حائل کئے ہوئے تھا، اسوقت شہزادہ شیر دل شیر شکار نے غلاف سے تلوار نکالی اور چاہا کہ شیر کی کمر پر وار کریں کہ انوپ رائے کا ہاتھ نظر آیا اور احتیاط کے خیال سے تلوار ہاتھ سے پھینکدی پھر رامداس نے شیر کو کچھ زخمی کیا اور حیات خاں نے بھی کئی ڈنڈے اس کے سر پر مارے۔ انوپ رائے پہلو پر لیٹ کر زانو کے زور سے سیدھا کھڑا ہو گیا انوپ رائے کا سینہ بھی ناخن کے صدمہ سے زخمی ہو گیا تھا۔ جب وہ شیر کے نیچے سے نکل آیا اور شیر روانہ ہوا تو اس نے شیر کے پیچھے سے تلوار علم کرکے اس کے سر پر ماری اور جب منھ پھیرا تو دوسری تلوار اس کے چہرہ پر لگائی چنانچہ شیر کی دونوں آنکھیں کٹ گئیں اور ابروؤں کی کھال جو تلوار سے کٹ گئی تھی اس کی آنکھوں پر لٹکنے لگی۔ اسوقت صالح نام ایک مشعلچی گھبرایا ہوا آیا چونکہ رات اندھیری ہو گئی تھی تاریکی کی وجہ سے شیر سے ٹکرایا شیر نے ایک طمانچہ مار کر اسے زمین پر گرادیا گرتے ہی دم نکل گیا اتنے میں چاروں طرف سے لوگ ٹوٹ پڑے اور شیر کا کام تمام کردیا۔

انوپ رائے کو خطاب انیرائے سنگھ دلن اور اضافہ منصب سے سرفرازی بخشی گئی

اسی حالت میں خانہ زاد شیروں میں سے ایک شیر مست و قوی ہیکل نظر آیا حکم ہوا کہ چار نیل گاؤ اس پر باندھ دیں جسکا وزن ہندوستانی ۲۴ من ہوگا شیر انکو لے کر روانہ ہوا پھر ارشاد ہوا کہ ایک نیل گاؤ اور ان چار کے اوپر کس دیں اسوقت نہ اٹھ سکا بعد اس کے ارشاد ہوا کہ جب سیدھا کھڑا ہو تو اس کے اوپر یہ بھی ڈالدیں تب وہ پانچوں نیل گاؤ کو لے کر چل نکلا یقین ہے کہ ان کا وزن پچاس من سے زیادہ ہوگا۔

اسی زمانہ میں شاہزادہ خسرو کے محل میں دختر مظفر حسین مرزا کے بطن سے لڑکی پیدا ہوئی حضرت شاہنشاہی نے اس کا نام پرہیز بانو بیگم رکھا۔

## سال ششم جلوس ہمایوں

چھٹی ماہ محرم سنہ ۱۰۲۰ھ کو جلوس کا چھٹا سال آغاز ہوا محفل جشن نوروز منعقد ہوئی اس جشن مبارک میں یادگار علی سلطان ایلچی شاہ ایران حضرت عرش آشیانی کی پرسش و تعزیت اور جلوس مقدس کی شایعت کے لئے آیا تھا سعادت ملازمت سے بہرہ مند ہوا اور جو تحائف شاہ عباس نے بھیجے تھے گھوڑے قبچاق، ترکی، نفیس لباس اور کئی قسم کے تحفے ملاحظۂ اشرف میں پیش کئے، خلعت مناسب اور تیس ہزار روپیہ نقد جس کے ہزار تومان عراقی ہوتے ہیں ایلچی مذکور کو عطا ہوا، مضمون مکتوب شاہ عباس یہاں درج کیا جاتا ہے۔

## رقیمہ محبت شاہ والا جاہ

جب تک فیض ربانی کی بارش سے گلشن دنیا میں تازگی رہے ہمیشہ اعلیٰ حضرت خورشید منزلت بادشاہ جوان بخت شہریار نامدار جہانگیر کشورکشا مسند نشین بارگاہ عظمت و اقبال صاحب ملک دولت و جلال نزہت افزائے باغ کامرانی چمن آرائے گلشن صاحبقرانی، شارح رموز آسمانی زیور چہرۂ عقل و دانائی مجموعۂ کمالات انسانی آفتاب فلک قدرت سایۂ عاطفت پروردگار بادشاہ جم جاہ انجم سپاہ آسمان وقار صاحبقران خورشید کلاہ، عالم پناہ کا گلشن سلطنت اور باغ مراد رحمت الٰہی کے سرچشمہ سے سرسبز رہے اور خدا ذات اقدس کو نظر بد سے محفوظ رکھے، شوق و محبت کی حقیقت اور دوستی و قلبی تعلق کی کیفیت اندازۂ تحریر سے باہر ہے۔

؎ قلم را آں زباں نبود کہ رازِ عشق برگوید

اگرچہ ظاہری اعتبار سے دوری مانع ملاقات ہے، لیکن ہمت بلند کے نزدیک نسبت قرب باطنی قرب ظاہری سے مرجح ہے۔ الحمدللہ کہ نیازمند اور آں مخلص کے درمیان جو وحدت ذاتی قایم ہے اسکو دیکھتے ہوئے یہ حقیقت ثابت ہے کہ بعد مکانی اور دوری ظاہری قرب قلبی و وصال روحانی کے مانع نہیں ہے اور یکجہتی کا معاملہ ہے۔ اس لحاظ سے ضمیر منیر کے آئینہ پر گرد ملال نہیں تھی اور اس آئینہ پر اس مظہر کمال (یعنے آپ) کا عکس پرتو فگن ہوا، ہمیشہ مشام جان محبت و دوستی کی پاکیزہ و عطر بیز خوشبوؤں سے معطر رہ کر خاطر دوستی پسند کا زنگ دور کرتا رہتا ہے۔

؎ ہم نشینم بہ خیال تو و آسودہ دلم
کیں وصالیست کہ در پے غم ہجرانش نیست

خدا کا شکر ہے کہ دوستان حقیقی کا نہال آرزو ثمرۂ مراد سے بارور ہوا، اور جو شاہد مقصود سالہا پردۂ خفا میں مستور رہا اور بارگاہ الٰہی سے عجز و نیاز کے ساتھ اس کی دعائیں مانگی جاتی تھیں نہایت خوشنمائی کے ساتھ غیب سے رونما ہوا اور سلطنت کے مبارک تخت پر اس محفل آرائے بادشاہی و زینت افزائے تخت شاہنشاہی سے (یعنی آپ سے) ہم آغوش ہو۔ اہل عالم کے سر پر عدل و رحمت اور جہانداری کی برکتیں سایہ فگن ہوئیں۔ امید کہ خدائے مراد بخش آں مبارک طالع کے جلوس میمنت مانوس کو سب کے لئے مبارک کر کے ہمیشہ اسباب سلطنت و حکمرانی اور سامان شوکت و کامرانی میں ترقی و اضافہ فرماتا رہیگا۔

طریق دوستی و اتحاد جو ہمارے آباو اجداد کے درمیان قائم ہو چکا ہے اور اس مخلص محبت گزین اور آں معدلت آئین کے درمیان اس کی تجدید ہوئی ہے مقتضی تھا کہ جب آں جانشین مسند گورگانی و وارث افسر صاحبقرانی (آپ کا) کا مژدۂ جلوس اس ملک میں پہنچے تو ایک معتمد خاص کو بعجلت رسوم تہنیت ادا کرنے کے لئے روانہ کیا جائے لیکن آذربائیجان و تسخیر شروان کی مہم پیش تھی۔ اور جب تک خاطر محبت آگین ان مہموں سے مطمئن نہ ہو مستقر سلطنت میں مراجعت ممکن نہ تھی اس لئے اس امر اہم کے انصرام میں تقصیر ہوئی۔

ہر چند رسوم و آداب ظاہری اہل عقل کے نزدیک چنداں معتبر نہیں ہیں لیکن بلحاظ ظاہر ان کا ترک کرنا کوتاہ بینوں کی نظر میں جنکا مطمح نظر امور ظاہری کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ عین مراتب دوستی کا ترک کرنا ہے لامحالہ ان مبارک دنوں میں جبکہ ابد و لت کے خادموں کی برکت توجہ سے ولایت از دست رفتہ کی مہمات حسب مدعائے احباب سر ہو گئیں اور اس طرف سے بالکل اطمینان ہو کر دار السلطنت اصفہان میں جو مستقر سلطنت ہے نزول ہوا، امارت شعار مخلص کامل معتقد خاص کمال الدین بن علی سلطان کو جو آبا و اجداد سے اس درگاہ کے بندگان یکجہت و خیر خواہان صاف دل کے زمرہ میں داخل ہے درگاہ معلی کی جانب روانہ کیا کہ سعادت کورنش و تسلیم حاصل کرنے اور دست بوسی و بساط عزت چومنے کے بعد لوازم پرسش و تہنیت ادا کر کے رخصت مراجعت حاصل کرے اور ذات ملائک صفات کی سلامتی و مزاج مبارک کی صحت کا مژدہ سنا کر اس خیر خواہ مخلص کا دل خوش کرے توقع ہے کہ ہماری محبت و دوستی کا جو درخت، آبا و اجداد سے ہمارے ذاتی تعلقات کی آبپاشی سے ابتک ہرا ہوتا رہا ہے آں سلطنت پناہ (آپ) اسکو ہمیشہ مراسلت و باہمی پیغام رسانی کے پانی سے سینچنے اور سرسبز و شاداب رکھنے میں مدد دیتے رہیں گے تاکہ تعلقات یگانگی مضبوط اور خطرات بیگانگی مفقود رہیں۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ آں برگزیدہ خاندان جاہ و جلال کو غیبی و آسمانی امدادوں سے مضبوط و سربلند رکھے،

نامناسب واقعات جو اس زمانہ میں ظاہر ہوئے یہ ہیں کہ اس نامبارک زمانہ میں جب خاندوراں سرداران فوج کے ساتھ تمن ننگنہار اور حدود بنگش میں ٹھہرا ہوا تھا اور معز الملک بخشی چند اپنے اور چند سرکاری ملازموں کے ساتھ کابل میں تھا۔ احداد بدسگال نے فرصت غنیمت جانکر اپنے بہت سے سوار و پیادہ سپاہیوں کے ساتھ خود کو حدود کابل میں پہنچایا معز الملک نے اپنی قدرت و قوت کے مطابق شہر کو کوچہ بند کر کے مخالفوں کی شورش دفع کرنے کی کوشش کی مگر جب افغان چند توپ لے کر اطراف سے کوچہ و بازار میں گھس آئے تو معز الملک تاب مقاومت نہ لاکر حصار بند ہو گیا کابلیوں نے ہمت باندھ کر اپنے مکانوں اور کوٹھوں سے ان تیرہ بخت مفسدوں کے بہت سے لوگ تیر و تفنگ سے ہلاک کر ڈالے جس سے افغانی جان کے خوف سے بھاگ کھڑے ہوئے حضرت شاہنشاہی کے اقبال بے زوال کی برکت سے قریب ایک سو نفر تہ تیغ ہوئے اور دو سو نفر گھوڑے

چھوڑ کر اس مہلکہ سے فرار ہوئے۔
نادعلی میدانی لوہ گڑھ میں تھا جب یہ وحشت اثر اطلاع اس کو پہونچی تو ممکن عجلت کے ساتھ مسافت طے کرکے آخرون کو شہر آیا اور وہاں سے اِن بدشعاروں کا تعاقب کیا۔ مگر چونکہ فاصلہ بہت ہو گیا تھا اس لئے کچھ نہ کرسکا اور واپس آیا۔
اسی واقعہ سے متصل قلیچ خاں لاہور سے آکر زمین بوس ہوا اس کو حکومت کابل و استیصال اعداد، وضبط افغانستان پر تعین کرکے صوبۂ پنجاب مرتضیٰ خاں کی جاگیر میں عنایت کیا گیا۔ خانخاناں اور اس کی اولاد کی جاگیر علاقۂ قنوج و کالپی میں مقرر ہوئی اور طے پایا کہ خود محال جاگیر میں پہنچکر متمردان ملکوسہ اور اُن تمام حدود کے مفسدوں کو تنبیہہ معقول کرکے ان کی بنیاد اکھاڑ دے۔

## خواستگاری دختر اعتماد الدولہ

جو واقعات اس زمانہ میں پردۂ تقدیر سے ظاہر ہوئے انمیں دختر اعتماد الدولہ کی خواستگاری زیادہ اہم ہے اگر شرح و بسط سے رقم کیجائے تو صرف اسی واقعہ پر دفتر تیار ہوجائیں۔ مجبوراً اس تقدیری کرشمہ کے مجمل واقعات بیان کئے جاتے ہیں۔
میرزا غیاث بیگ خواجہ محمد شریف طہرانی کا بیٹا ہے، خواجہ ابتداً محمد خان تکلو حاکم خراسان کا وزیر تھا، اس کے انتقال کے بعد شاہ جمجاہ طہماسب صفوی کی خدمت میں آما ہوا، شاہ نے اپنی وزارت خواجہ کے سپرد کردی۔
خواجہ کے دو بیٹے تھے، پہلا آقا طاہر دوسرا غیاث بیگ۔ خواجہ محمد شریف نے اپنے بیٹے مرزا غیاث بیگ کی شادی میرزا علاء الدولہ پسر آقا ملا کی لڑکی سے کی۔
باپ کی وفات کے بعد غیاث بیگ دو لڑکے اور ایک لڑکی کے ساتھ ہندوستان روانہ ہوا۔ قندھار میں خدا نے ایک اور لڑکی عطا کی ۔ جستجو میں حضرت عرش آشیانی کے آستانۂ اقدس پر جبین اخلاص کھس کر پیشانی نورانی بنائی اور تھوڑے دنوں میں قابلیت و حسن خدمت کی سفارش سے دیوانی محلات کے منصب پر مامور ہو گیا۔
غیاث بیگ حسن انشا و معاملہ فہمی کے علاوہ نہایت نیک ذات و کارگزار تھا قدما کے طرز اشعار کا تتبع کرتا تھا، سخن سنجان روزگار سے تھا، خط شکستہ بہت عمدہ لکھتا تھا

اوقات ملازمت سے فارغ ہونے کے بعد اس کا تمام وقت شعر و سخن میں صرف ہوتا تھا اہل حاجت کے ساتھ اس کا سلوک اتنا بڑھا ہوا تھا کہ کوئی صاحب غرض اس کے گھر سے آزردہ نہ گیا۔ لیکن رشوت لینے میں بہت سخت، دلیر اور بے باک تھا۔

جس زمانہ میں حضرت عرش آشیانی لاہور میں تشریف فرما تھے علی قلی بیگ استجلو جو شاہِ اسمٰعیل ثانی کے تربیت کردہ لوگوں میں سے تھا عراق سے آکر بندگان درگاہ کے زمرہ میں داخل ہوا، حسب نوشتۂ تقدیر میرزا غیاث کی لڑکی جو قندھار میں پیدا ہوئی تھی اس سے منسوب کردی گئی۔

علی قلی آخر میں برکات خدمت جہانگیری کی بدولت "شیر افگن خاں" کے خطاب اور منصب مناسب سے مفتخر و سرخرو ہوا، اور جلوس اشرف کے بعد بنگالہ میں بعطائے جاگیر اس طرف رخصت کردیا گیا۔ اس بدانجام کا مآل اور قطب الدین خاں کے قتل کا واقعہ اوراق گذشتہ میں اپنے موقع پر لکھا جاچکا ہے۔

جب شیر افگن اپنے عمل کی مکافات میں گرفتار ہوکر عازم عدم ہوا، حکم اشرف کی بنا پر متصدیان صوبۂ بنگالہ نے میرزا غیاث بیگ کی لڑکی کو (جو جلوس کے بعد اعتماد الدولہ کا خطاب حاصل کرچکا تھا) درگاہ والا میں بھیجدیا۔ اور جہاں پناہ نے اس کو واقعہ قطب الدین کے ملال کیوجہ سے رقیہ سلطان بیگم اپنی والدہ نسبتی کی خدمت میں دیدیا ان کے پاس یہ لڑکی ایک مدت تک ناکامی و کس مپرسی کے ساتھ بسر کرتی رہی۔

جب اختر مراد کے طلوع اور کوکب بخت کی ضیا پاشی کا وقت آیا، اقبال نے استقبال کیا طالع خواب گراں سے بیدار ہوا، سعادت نے منھ دکھایا، دولت جلوہ آرا ہوئی زمانہ صرف مشاطگی ہوا، ہوس مچلنے لگی، امیدیں بڑھنے لگیں، آرزوئیں ہر طرف سے گھیرنے لگیں، در بستہ کی کلید مل گئی، دل ہائے خستہ نے دوا پائی، الحاصل کرشمہ ہائے آسمانی سے ایک دن جشن نوروز میں جہاں پناہ کی منظور نظر ہوی اور پرستاران حرم سرا کے گروہ میں شامل ہوکر آناً فاناً عزت و مراتب ارتقا میں عروج حاصل کرتی ہوئی علوی منصب کی آخری منزل پر پہنچ گئی۔ پہلے نور محل نام رکھا گیا اور چند روز کے بعد نور جہاں بیگم خطاب عنایت ہوا، اس کے تمام اعزہ و اقارب مختلف مراحم و نوازش سے سربلند ہوئے اپنایت کی نسبت اور اپنوں کی کامرانی کی بدولت اعتماد الدولہ کے غلاموں اور خواجہ سراؤں میں سے ہر ایک نے خانی کا خطا

اور ترخانی کا منصب حاصل کیا۔ بیر کنیز دائی دلارام نام جس نے بیگم کو دودھ پلایا تھا حاجی کوکہ کی جگہ صدر اناث معتبر ہوئی۔ اور جو مدد معاش عورتوں کو مرحمت ہوتی تھی اس کے لئے صدر الصدور دلارام کی مہر معتبر سمجھتا تھا

؎ بہ حسن یک تن اگر یک قبیلہ ناز کند — کنند خویش و تبار تو ناز و می زیبد

سوائے خطبہ کے جتنی باتیں لوازم سلطنت و فرمانروائی سمجھی جاتی ہیں سب بیگم سے متعلق ہو گئیں۔ تھوڑی دیر جھروکہ میں بیٹھتی تھی تو سب لوگ کورنش کو حاضر ہو کر احکام پر کان لگائے رہتے تھے۔ کچھ دنوں کے بعد سکہ بھی بیگم کے نام کا چلایا گیا سکہ پر یہ شعر کندہ تھا

؎ بہ حکم شاہ جہانگیر یافت صد زیور — بنام نور جہاں بادشاہ بیگم زر

فرمانوں پر یہ الفاظ بطور طغرا ثبت ہوتے تھے "حکم علیہ عالیہ مہد علیا نور جہاں بادشاہ بیگم" رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت آئی کہ بادشاہی کا صرف نام رہ گیا۔ اکثر فرماتے تھے میں نے سلطنت نور جہان بیگم کو بخشدی مجھے ایک سیر شراب نیم سیر گوشت کے سوا کچھ نہیں چاہیئے۔

بیگم کی نیک ذاتی اور خوبیاں کیا بیان کروں، جہاں کسی قابل اعانت شخص کو کوئی مشکل پیش آتی اور اس کی خدمت میں التجا لاتا اس کی مشکل حل ہوتی اور مدعا بر آتا جو شخص اس کی درگاہ میں پناہ لاتا ظلم و ستم سے محفوظ رہتا جب کوئی یتیم و بیکس لڑکی نظر آتی بہ نیت ثواب اسکی شادی کر کے اس کی حالت کے مناسب جہیز عنایت ہوتا۔ (کوئی عجب نہیں جو نور جہان بیگم نے اپنے عہد دولت میں پانچسو لڑکیوں کی شادی ثواب کی نیت سے خود کی ہو)

ان ایام میں عبداللہ خاں گجرات کا صاحب صوبہ مقرر ہوا، چار لاکھ روپیہ سامان اور امدادی لشکر کی تیاری کے لئے عنایت کیا، اور بجائے اس کے راجہ باسو رانا کی مہم پر پروانہ کیا گیا۔

اس روز ایک شاہی غلام جو فن خاتم بندی و نجاری میں اپنی مثل نہیں رکھتا اپنی صنعت کا ایک نادر نمونہ ملاحظہ میں لایا۔ جیسا اہل دانش و بینش کی چشم جہان بیں نے کسی زمانہ میں نہ دیکھا ہوگا نہ کسی کان نے ویسا یا اس کے قریب سنا ہوگا۔ وہ یہ تھا کہ ایک فندق کے پوست میں ہاتھی دانت کی چار مجلسیں ترتیب دی تھیں پہلی مجلس کشتی گیروں کی ہے، کہ دو شخص باہم کشتی لڑ رہے ہیں، ایک کے ہاتھ میں نیزہ ہے دوسرا ہاتھ میں رسی اور پتھر زمین پر رکھے بیٹھا ہے اور اس کے سامنے ایک ڈنڈا اور ایک کمان

اور ایک برتن رکھا ہوا ہے۔

دوسری مجلس، ایک تخت بنا کر اس کے اوپر شامیانہ نصب کیا اور اس پر ایک صاحبدولت کو بٹھایا، جو اپنا ایک پانوں دوسرے پانوں پر رکھے ہوئے ہے، تکیہ پیچھے لگا ہوا ہے، پانچ نفر خدمتگار اس کے گرد و پیش کھڑے ہیں اور ایک شاخ کسی درخت کی اس تخت پر سایہ فگن ہے۔

تیسری مجلس نٹوں کا تماشا ہے۔ ایک لکڑی بیچ میں کھڑی ہے، تین رسیاں اس میں بندھی ہوئی ہیں ایک نٹ اس کے اوپر اپنے سیدھے پانوں کو سر کے پیچھے سے بائیں ہاتھ میں لئے ہے اور ایک بکری کو لکڑی پر تھامے ہوئے ہے ایک شخص گردن میں ڈھول ڈالے بجا رہا ہے اور دوسرا نٹ کو دیکھ رہا ہے، پانچ شخص اور تماشا دیکھ رہے ہیں جن میں سے ایک کے ہاتھ میں لکڑی ہے۔

چوتھی مجلس ایک درخت ہے اس درخت کے نیچے حضرت کی صورت بنا کر بٹھائی ہے اور ایک شخص ان کے پانوں پر سر رکھے ہوئے ہے، اور ایک پیر مرد جہاں پناہ سے باتیں کر رہا ہے۔

اتنے میں فرمان ہوا کہ عبداللہ خاں بہادر فیروز جنگ گجرات سے آ کر ناسک و ترنبک کے راستہ سے ولایت دکن میں پہنچے، اور راداس کچھواہہ کو جو حضرت عرش آشیانی کے معتمد خدمتگاروں سے تھا خطاب راجگی و عنایت نقارہ و اسپ و فیل و خلعت سے سرفراز کر کے خان مذکور کی کمک کے لئے رخصت فرمایا کہ وقت پر دلیری و مردانگی کے ساتھ مدد پہنچائے اور خبردار رہے۔ اور قلعہ رنتھنبور بھی جو ہندوستان کے بڑے قلعوں میں سے ہے مشار الیہ کو مرحمت ہوا۔

پانچ چار لاکھ روپیہ عبداللہ خاں کے امدادی لشکر کے خرچ کے لئے روپ خواص و شیخ انبیا کے ساتھ خان موصوف کے پاس بھیجا گیا، اور خواجہ ابوالحسن بھی اس مہم پر متعین ہوئے۔

اسی زمانہ میں موضع سمو کر جو حوالی اکبر آباد کی شکارگاہ ہے شکار قمرغہ کیلئے تشریف لے گئے۔ ایک وسیع میدان میں سراپردے لگا کر اس میں ہرنوں کا ہانکا کیا۔ سات روز تک اہل محل کے ساتھ شکار سے دل خوش کرتے رہے نو سو سترہ ہرن نر و مادہ شکار ہوئے

چھ سو اکتالیس ہرن زندہ گرفتار ہوئے، ان سب میں سے چار سو اس فتحپور بھیجے گئے کہ چراگاہ کے میدان میں ان کے آب و علف کی خبر رکھی جائے۔ قریب ایک سو ہرنوں کی ناک میں چاندی کی کڑیاں ڈالکر اسی جنگل میں چھوڑ دئے گئے۔ باقی جو تیر و تفنگ سے شکار کئے تھے امراء اور تمام بندگان درگاہ کو تقسیم فرما دئے۔

بعض امرائے سرحد کی نسبت چند باتوں کی اطلاع ملی جو ان کے لئے نامناسب تھیں تو فرمان صادر ہوا کہ اس کے بعد سے جو امور ضمن فرمان میں تفصیلاً بیان کئے گئے ہیں اور سلاطین کے ساتھ مخصوص ہیں ان سے سروکار نہ رکھا جائے اول یہ کہ جھروکہ میں نہ بیٹھیں اور بندگان شاہی کو چوکی و تسلیم کی تکلیف نہ دیں ہاتھیوں کی جنگ نہ کرائیں سزاؤں میں آدمیوں کو اندھا نہ کریں نہ ناک کان کاٹیں، اپنے ملازموں کو خطاب نہ دیں، بندگان بادشاہ کو سلام و مجرا نہ کریں نکلتے وقت نقارہ نہ بجوائیں۔ جب ہاتھی گھوڑا ملازمان شاہی اور اپنے نوکروں کو دیں تو اس کا شاہانہ اہتمام نہ کریں۔ بندگان شاہی کو پیادہ اپنی سواری کے ساتھ نہ لیجائیں اور جو کچھ ان کو لکھیں کاغذ پر مہر نہ کریں۔

## سال ہفتم جلوس شاہنشاہی

روز شنبہ ۱۶ محرم الحرام ۱۰۲۱ھ کو جشن جلوس سال ہفتم آراستہ ہوا اس جشن میں خسرو اوزبک کو جو اوزبکوں میں خسرو قرقچی کے نام سے مشہور تھا اور اس دولت کے عمدہ فدا کاروں سے تھا عتبۂ اقدس پر باریابی ملی۔

اسلام خاں کی عرضداشت پیش ہوئی جس میں عثمان بوہانی کے قتل اور اس سرزمین کے افغانیوں سے پاک ہونے کی کیفیت لکھی تھی۔ عثمان بوہانی بنگالہ کی سرحد میں ایک بڑا زبردست سرکش دشمن تھا۔ اب کچھ بیان تازگی سخن کے لئے بنگالہ کی خصوصیات کا کرکے اصل مدعا کی طرف رجوع ہوگا۔

بنگالہ اقلیم دوم کا ایک وسیع ملک ہے، اس کا طول بندرگاہ چاٹگام سے گڈھی تک چار سو پچاس کوس اور عرض کوہستان شمالی سے علاقہ مدارن تک دو سو بیس کوس اور جمع (آمدنی) اس کی تخمیناً ساٹھ کرور دام ہے، جس کے ایک کرور پچاس لاکھ روپے

ہوتے ہیں۔

زمانۂ سابق میں وہاں کے حکّام ہمیشہ بیس ہزار سوار، ایک لاکھ پیادہ، ایک ہزار فیل اور چار پانچ ہزار کشتیاں (بحری بیڑی کی) اور توپخانہ رکھا کئے۔

شیر خاں اور اس کے بیٹے سلیم خاں کے زمانہ سے یہ ملک افغانوں کے تصرف میں آگیا۔ سلیم خاں کے بعد سلیمان خان کرانی متصرف ہوا، اس کے بعد اس کا بیٹا داؤد قابض رہا۔ اور جب تخت سلطنت و جہانبانی حضرت عرش آشیانی کے جلوس جہاں افروز سے آراستہ ہوا، عساکر اقبال اس ملک کی تسخیر کیلئے متعین ہوئے امرائے عظام مدتوں تردد و تلاش کرکے افغانوں کا استیصال کرتے رہے (اور حضرت عرش آشیانی کے عہد سے ولایت بنگالہ اولیائے ابد قرین کے تحت میں ہے) لیکن ان بدبخت افغانوں کی ایک جماعت بچ گئی تھی جنکا سرکردہ و افسر عثمان تھا۔ جہاں پناہ کے زمانہ میں کئی بار عساکر شاہی کے مقابلہ میں آیا خصوصاً راجہ مان سنگھ کی حکومت کے زمانہ میں نمایاں مقابلے کئے اور اس کے استیصال کی نوبت نہ آئی آخر جس زمانہ میں اسلام خاں بنگالہ کا صاحب صوبہ ہوا ایک فوج زیر کمان شجاعت خاں ترتیب دیکر عثمان خاں کی مہم پر مقرر ہوئی اس صوبہ کے اکثر نامور امراء مثل کشور خاں پسر قطب الدین خاں کوکہ، افتخار خاں، سید آدم بارہہ، شیخ اچھہ معتمد خاں (در نسخہ دیگر معتقد) پسران معظم خاں، اہتمام خاں اور دوسرے ملازمان شاہی اسکی کمک کے لئے نامزد کیے جب یہ لوگ اس کی حدود میں پہنچے تو پہلے ایک زبان داں سخن فہم ایلچی بھیجکر عقلمندانہ نصیحتیں کیں مگر چونکہ نخوت و غرور کا دھواں اس کے دماغ میں گھس گیا تھا اور خیالات خام و افکار کا بے شمار شکار ہوکر اپنے آپ کو بے فائدہ رنجیدہ رکھتا تھا جواب پر توجہ نہ کی اور ایک نالہ کے کنارے جسمیں کیچڑ اور دلدل تھی لڑائی کے ارادہ سے میدان جنگ آراستہ کیا۔

خیر خواہان دولت یہ جراءت و تہور دیکھکر زرہ پہنکر آمادہ قتال ہوئے۔ جب عثمان کو خبر ہوی کہ بہادران رزم دوست بغایت ہمت و دلیری مستعد کارزار ہیں اس نے بھی صفیں ترتیب دیکر سامنا کیا اور ہر فوج اپنی متقابل فوج کے ساتھ نہایت سختی سے لڑنے میں مصروف ہوگئی۔ عثمان فیل مست جنگی جنگجو وہ اپنا قوت بازو سمجھتا تھا آگے بڑھا کر فوج ہراول پر حملہ آور ہوا، اور اسی حملہ میں سید آدم بارہہ اور شیخ اچھہ مدافعت کرتے ہوئے بندگان شاہ پر قربان ہوگئے۔ اور افتخار خاں سردار فوج میسرہ بھی داد شجاعت و مردانگی دیکر شہید ہوا اسکے قدیم نوکروں کی ایک جماعت بھی جان بحق تسلیم ہوی۔ اسی طرح کشور خاں

سردار فوج میمنہ بھی مردانہ لڑتے ہوئے رتبۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ اتنے میں مخالفوں کی بہت سی فوج نذر تیغ ہو کر زمین پر ڈھیر ہو چکی تھی۔

جب عثمان نے دیکھا کہ بہت سے افسران فوج شاہی راہ اخلاص میں نثار ہو چکے ہیں تو اپنے کشتوں کا شمار کئے بغیر بختہ نام مست ہاتھی کو سامنے رکھکر خود فوج ہراول پر جھپٹا، چونکہ بہت فربہ اور کلاں شکم تھا اس روز، حوضہ دار ہاتھی پر سوار تھا، شجاعت خاں کے بیٹے بھائی اور اقربا غنیم کے مقابلہ میں جوش جراءت و بہادری کے ساتھ بعضے شہید ہو گئے اور بعض سخت زخم کھا کر بیکار ہو گئے۔ شجاعت خاں کے پاس جب وہ ہاتھی پہنچا تو اس نے ہاتھی پر برچھے کا وار کیا اس کے بعد قبضۂ شمشیر پر ہاتھ جا کر پے در پے زخم لگائے، پھر جمدھر کھینچکر دو ہاتھ لگائے تو ہاتھی نہایت مستی و دلیری کے ساتھ غصہ میں بڑھا اور شجاعت خاں کو گھوڑے کے ساتھ زیر کر لیا۔ وہ شیر دل فیل افگن برق لامع کی طرح گھوڑے سے اتر کر، جہانگیر بادشاہ کا نام زبان پر لا کر، سیدھا کھڑا ہو گیا، اسوقت اس کا جلودار تلوار کھینچکر ہاتھی پر دو دستی وار کرنے لگا جس کی ضرب سے ہاتھی بیٹھ گیا، شجاعت خاں نے جلودار کی مدد سے فیلبان کو ہاتھی سے کھینچ لیا اور ہاتھی کی سونڈ پر جمدھر کا ایک اور زخم لگایا، ہاتھی اس زخم سے فریاد کرتا ہوا چند قدموں پر تیورا کر گرا، شجاعت خاں کا گھوڑا بے ضرر و آزار محفوظ رہا۔

اس حال میں مخالفوں نے دوسرا ہاتھی شجاعت خاں کے علمدار پر دوڑا کر علمدار کو مع گھوڑے کے زیر کر لیا۔ شجاعت خاں کی نعرہ زنی نے علمدار کو یہ کہکر ہوشیار کیا۔ مردانہ باش میں زندہ ہوں، ادھر دوسرے گروہ نے جو علم کے آگے تھا تیر و شمشیر ہاتھ میں لے کر بہت سے آدمی قتل کر ڈالے اور علمدار کو سوار کر دیا۔

اب شجاعت خاں علم کے نیچے کھڑا ہو کر اپنے پیر و مرشد کے باطنی توجہات کا طالب ہوا یہ وقت بہت نازک تھا، اکثر سرداران سپاہ اپنی جانیں نثار کر چکے تھے، جو باقی تھے سخت زخموں کی بدولت بیکار ہو کر امداد غیبی کے منتظر تھے کہ بادشاہ جوان بخت کا اقبال ظاہر ہوا، اور ایک بندوق اس بدسرشت کی پیشانی پر لگی، کسی کو نہ معلوم ہوا کہ یہ زخم کس کے ہاتھ کا تھا عثمان نے جان لیا کہ اس زخم سے جان بچنے والی نہیں۔ باوصف اس کے جب تک تھوڑی جان بھی باقی رہی لشکر کو جنگ کی ترغیب و تحریص دیتا رہا۔ جب اپنے اور لشکر کے اندر ضعف و عاجزی کے آثار نمایاں دیکھے باگ موڑ کر خود کو نیم جان پڑاؤ تک پہنچایا۔

عساکر منصورہ بھی لشکر گاہ تک تعاقب کر کے اپنے خیموں میں آئے۔

دو پہر رات گزرے عثمان کا انتقال ہو گیا۔ عثمان کا بھائی ولی اور اس کا لڑکا ممریز پر خاک ڈالے آدھی رات میں اس کی نعش لے کر اپنی جگہ پہنچے۔ لشکر بادشاہی کے قراولوں نے اس سانحہ سے آگاہ ہو کر شجاعت خاں کو اطلاع دی، خیر خواہوں نے تعاقب کا مشورہ دیا لیکن تردد و تکان اور بیماروں کی خبرگیری، و شہداء کی تجہیز و تکفین کے انتظام کیوجہ سے اس روز تعاقب میں توقف ہوا۔ حسن اتفاق سے معتمد خاں (معتقد) جو آخر میں بہ فرمان شاہی لشکر خاں ہو گیا تھا اور عبد السلام پسر معظم خاں اور دوسرے ملازم تین سو سوار اور چار سو توپچی کے ساتھ تازہ دم آپہنچے۔ شجاعت خاں نے ان لوگوں کو ساتھ کر کے اس گروہ کے تعاقب میں بھیجا۔

جب ولی برادر عثمان کو شجاعت خاں کا عزم معلوم ہوا تو واپسی میں اپنی نجات دیکھ کر دو تنخواہوں کے پاس پیام بھیجا کہ عثمان جو اس تمام شورش و فساد کا باعث تھا بار وجود سے ہلکا ہوا اور حق تعالیٰ نے اس کے شر کو ہماری طرف سے پورا کر دیا۔ ہم سب فرماں بردار بندے ہیں۔ اگر شجاعت خاں قول دیں تو درگاہ کی غلامی اور بندگی کو سرمایہ سعادت جاودانی جان کر آستانہ مقدس پر حاضر ہوں اور عثمان کے ہاتھی نذر میں پیش کریں۔

شجاعت خاں، معتمد خاں اور دوسرے وابستگان دولت نے اس کو تسلی دیکر قول دیا۔ دوسرے روز ولی اور ممریز اپنے دوسرے بھائیوں اور عزیزوں کے ساتھ آکر شجاعت خاں سے ملے اور انچاس ہاتھی برسم پیشکش ساتھ لائے۔ شجاعت خاں ان لوگوں کو ہمراہ لے کر جہانگیر نگر میں اسلام خاں کے پاس پہنچا۔

جب اکبر آباد میں اس فتح کی بشارت بندگان اعلیٰ کو ہوئی اسلام خاں کو شش ہزاری ذات منصب دیکر امتیاز عطا فرمایا۔ اور اس کے ساتھ ان تمام لوگوں کو جن سے استیصال عثمان میں کارہائے نمایاں ظاہر ہوئے تھے اضافہ منصب سے سرفرازی بخشی اور شجاعت خاں کو "رستم زماں" خطاب مرحمت ہوا۔

عبد اللہ خاں کے گجرات سے دکن جانے اور ناکام واپس ہونے کے واقعات یہ ہیں کہ خلافت پناہ کی رائے ہوئی کہ راجہ مان سنگھ، خانجہاں اور امیر الامراء میرزا رستم برہانپور کے لشکر کے ساتھ برار کے راستہ سے دکن آئیں۔ عبد اللہ خان، احسان عالم

علی مردان خاں بہادر، سیف خاں اور راجہ رامداس گجرات کے لشکر کے ساتھ ناسک ترنبک کی راہ سے متوجہ دکن ہوں اور یہ فوجیں ایک دوسرے کی خبر رکھکر تاریخ معینہ پر دونوں جانب سے غنیم کو گھیر لیں۔ اس تدبیر سے ظن غالب یہی ہے کہ دشمن کا استیصال ہو جائیگا۔ عبداللہ خاں گھاٹیوں سے گزر کر غنیم کے ملک میں آیا تو دس ہزار سوار مستعد جوش اسلحہ دآراستہ اس کے ساتھ تھے غرور و نخوت کے مارے دوسری فوج کی پروانہ کر کے اپنی قدرت وقوت پر اعتماد کر بیٹھا اور بڑے زور شور سے مصروف قتال ہوا چونکہ عنبر کو اس کا بڑا خطرہ تھا اس لئے اس نے اپنا تمام لشکر اور کار آزمودہ لوگ بہت سی آتشبازی اور بان دیکر مقابلہ میں بھیجے۔ دنکو لشکر کے دور پر پھر کر لوٹ مار کرتے تھے اور رات کو صبح تک بان لگاتے تھے جتنا عبداللہ خاں کا لشکر دولت آباد سے نزدیک ہوتا گیا اتنی ہی غنیم کی جمعیت بڑھتی گئی۔ اس پر طرہ یہ کہ عنبر پے درپے کومک بھیجے جاتا تھا جب فوج دوم کا کوئی اثر ظاہر نہ ہوا اور دشمن ہر روز قوی تر ہوتا گیا خیر سگالوں نے بہتری اس میں دیکھی کہ "یہاں سے احمد آباد چلنا چاہیئے اور ایک دوسرے رنگ سے کارروائی کرنا چاہیئے" اس ارادہ دولت آباد سے نکلے، راستہ میں غنیم لگا ہوا منتظر تھا مجبوراً مقابلہ کرنا پڑا علی مردان خاں بہادر نے جان دینے کی ٹھان کر اپنے مقابل کی فوج سے معرکہ آرائی کی اور دلیرانہ و مردانہ کاری زخم کھا کر زمین پر گرا مرہٹہ سپاہی (برگی) اس کو اٹھا کر عنبر بدبخت کے پاس لیگئے عنبر نے اس کو قلعہ دولت آباد میں قید کر دیا اور علاج کے لئے جراح مقرر کیا مگر وہ جانبر نہ ہوا اور چند روز کے بعد انہیں زخموں سے اس کی جان نکل گئی۔ یہ بات اس کی مشہور ہے کہ کسی شخص نے کسی تقریب میں کہا "فتح آسمانی ہے" اس نے جواب دیا "بیشک فتح آسمانی ہے مگر میدان ہمارا ہے،،

اس معرکہ میں ذوالفقار بیگ بھی بان کے زخم سے ضائع ہوا، جب لشکر ولایت بگلانہ میں آیا مخالف اپنی سرحد سے واپس ہوگئے اور عبداللہ خاں گجرات گیا۔ جب راجہ مان سنگھ، خانجہاں، امیرالامرا اور مرزا رستم نے جو برار کے راستہ سے آتے تھے یہ تو حش خبر سنی وہ بھی لوٹ کر عادل آباد میں شاہزادہ پرویز کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

حقیقت یہ ہے کہ اگر یہ دونوں فوجیں سمجھ بوجھ کر قدم بڑھاتیں تو حسب مدعا نتیجہ برآمد ہونے میں کوئی شک نہ تھا۔ نفاق و ناحق شناسی نے آقا کا کام بھی خراب کیا

اور خود بھی مطعون ہوئے۔

جب یہ خبر اکبرآباد میں بندگان حضور کو پہنچی تو سخت ناراض ہوئے اور اس مہم کا انتظام خانخاناں کے بھیجنے پر منحصر سمجھ کر اس کو خواجہ ابوالحسن کے ساتھ رخصت فرمایا۔

اس اثنا میں آصف خاں کے انتقال کی خبر آئی جو خاطر حق شناس کو سخت گراں گزری راقم کتاب نے اس کی تاریخ وفات "حیف ز آصف خاں" سے فی البدیہہ نکال کر عرض اشرف میں پہنچائی پسند فرمائی (آصف خاں کا حرم خانہ بہت بڑا تھا اور مباشرت کا سخت حریص تھا آخر اسی میں اس کی جان گئی)

اسی زمانہ میں میرزا غازی کی خبر وفات پہنچی وہ میرزا جانی[۱۵] ترخاں حاکم ٹھٹھہ کا لڑکا تھا دنیا میں اس کی تقدیر خوب چمکی یہاں تک کہ قندھار مع مضافات اور ٹھٹھہ اطراف و مضافات کے ساتھ اس کی جاگیر میں دیدیا گیا۔ جب تک زندہ رہا خداوندی کے ساتھ اچھے سلوک کرتا رہا۔ نیک نامی میں مشہور تھا، جوان نیک نہاد، قابل و مستعد تھا اہل سخن اور طبیعت دار لوگوں سے صحبت رکھتا تھا خود بھی موزوں طبع تھا شعر کہتا تھا اور وقاری تخلص رکھتا تھا، لیکن شراب پر فریفتہ تھا آخر اسی میں جان سے گیا۔ اس کے مرنے کے بعد ابوالغنی ازبک بہادر خانی خطاب و قندھار کی حکومت سے معزز ہوا۔

اس واقعہ کے متصل شاہزادہ والاشکوہ سلطان خرم کی شادی کا جشن منعقد ہوا (جس کی منگنی اعتقاد خاں پسر اعتماد الدولہ کی لڑکی سے ہوئی تھی) اور شاہزادہ جوا بخت نے شاہانہ مجلس مرتب کرکے پدر عالی گہر کے حضور میں نذر گزرانی جہاں پناہ کے بیگمات و عفت مآب پردہ نشینوں کے لئے رسم کے مطابق مناسب قسم کے زیور تیار کرائے، امرائے عظام کو خلعت فاخرہ عطا کیا اور میرزا رستم صفوی کو ملک ٹھٹھہ کی حکومت سے عزت بخشی اور پنجہزاری ذات و سوار کے منصب کے موافق اس صوبہ میں جاگیر بھی عنایت کی۔ اور حکم ہوا کہ میر عبدالرزاق ٹھٹھہ کی آبادی کی جمعبندی کرکے محاصل میرزا کی جاگیر اور

[۱۵] مرزا جانی کے حالات تفصیلی حضرت عرش آشیانی کے حالات میں لکھے جا چکے ہیں میرزا غازی کو حضرت شاہنشاہی نے تربیت کیا تھا اور ٹھٹھہ بدستور عنایت کرکے قندھار کی حکومت مستقلاً مرحمت فرمادی تھی۔ اور ملک قندھار اور اس کا محاصل تمغا انعام میں بخشا۔

اس کے ملحقات کو ادا کرے۔
اسی زمانہ میں خاطر قدسی مائل شکار تھی کہ باغ دہرہ میں سلیمہ سلطان بیگم کے انتقال کی خبر آئی جس سے دل صفا منزل سخت متاثر ہوا۔
سلیمہ سلطان کی والدہ گلرخ بیگم فردوس مکانی کی صاحبزادی تھیں اوران کے باپ میرزا نورالدین محمد نقشبندی خواجہ زادوں سے تھے۔
سلیمہ سلطان ان تمام خوبیوں کے ساتھ متصف تھیں جو عصمت و پاکیزہ دلی کے ہوتے ہوئے سونے پر سہاگہ کا کام کرتی ہیں طبیعت بلند رکھتی تھیں۔ کبھی ایک مصرع اور کبھی ایک شعر نظم فرماتی تھیں مخفی تخلص تھا یہ شعر ان کا ہے۔

کاکلت را من زمستی رشتۂ جان گفتہ ام
مست بودم زین سبب حرفی پریشان گفتہ ام

حضرت جنت آشیانی نے بیرام خاں کو منسوب کر دیا تھا، ان کے انتقال کے بعد حضرت عرش آشیانی اپنے عقد میں لے آئے۔ بلا مبالغہ سلیمہ سلطان بہت اچھی بیگم تھی خدا مغفرت کرے۔

## سال ہشتم جلوس ہمایوں

شب پنجشنبہ ۲۸ محرم ۱۰۲۲ھ کو خسرو آفتاب نے تخت حمل پر اجلاس کیا اور جلوس مبارک کا آٹھواں سال آغاز ہوا۔
ہوشنگ پسر اسلام خاں بنگالہ سے آکر زمین بوسی کی دولت سے مشرف ہوا اور مکھ کے بہت سے آدمی جو جنگ میں گرفتار ہوئے تھے ملاحظہ میں پیش کئے ان لوگوں کا ملک پگیو و رخنگ ہے چند حیوان ہیں جو آدمی کی صورت میں ظاہر ہو کر بری و بحری حیوانوں میں سے جو ملتا ہے کھا لیتے ہیں، کسی جاندار کو ان کے ہاتھ سے نجات نہیں۔ اپنی علاتی بہن کو عقد و تصرف میں لے لیتے ہیں۔ ان کا چہرہ قراقلماقوں سے مشابہ ہے اور لہجہ اہل تبت کی زبان سے ملتا جلتا ہے ترکی سے مشابہ نہیں ہے۔ ان کا مذہب و آئین درست نہیں، دین اسلام و کیش سنیہ سے بہت بعید ہیں (عید کے دن مجلس عالی مرتب تھی حاضران بساط قرب کو درجہ کا پیالہ عطا ہوا۔ ایک مہر ہزار تولہ جس کے دو ہزار پانچسو مثقال ہوتے ہیں

یادگار علی سلطان ایلچی دارائے ایران کو مرحمت ہوئی ) چیتنے کا مادہ کے ساتھ جفت ہونا
اور بچہ دینا اس سال کے عجیب واقعات میں شامل ہے،

حضرت عرش آشیانی انار اللہ برہانہ عنفوان شباب و سلطنت میں یوز (چیتے) اور
اس کے شکار پر بہت توجہ فرماتے تھے۔ تقریباً نو ہزار چیتے جہاں پناہ کی سرکار میں فراہم ہوئے
بہت لوگ اس کے خواہاں تھے کہ یہ باہم جفت ہو کر بچہ دیں۔ ہر چند توجہ کی ممکن نہ ہوا گئی نر
د مادہ چیتوں کی گردن سے طوق نکال کران کو باغات میں چھوڑ دیا کہ آزادی سے پھر شکار کریں
اور جفت ہوں تب بھی مدعا نہ نکلا۔ اسوقت ایک نر چیتا زنجیر و طوق توڑ کر مادہ کے پاس
پہنچا اور جفت ہوا، اس سے ڈھائی مہینہ کے بعد تین بچے پیدا ہوئے اور جوان ہوئے۔

اس سے زیادہ عجیب شیر کا بچہ دینا ہے۔ اوراق سابق میں لکھا جا چکا ہے کہ اس دولت
علیہ میں شیر بے قید و زنجیر غول کے غول آدمیوں میں پھرتے ہیں۔ نہ آدمیوں کو نقصان پہنچاتا ہے
نہ وحشت و غصہ ان کی طبیعت پر غالب ہے۔ اتفاقاً ایک مادہ شیر حاملہ ہوئی تین مہینے کے
بعد بچہ جنی حالانکہ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ شیر جنگلی گرفتار ہونے کے بعد مادہ سے جفت ہو۔ چونکہ
حکما کا قول ہے کہ شیر کا دودھ روشنی چشم کے لئے نہایت مفید ہے۔ بہت کوشش کی گئی
کہ شیرنی کی پستان سے ایک قطرہ دودھ نکل آئے میسر نہ ہوا بلکہ اس کی پستان پر بھی ظاہر
نہیں ہوئی۔ ظن غالب یہ ہے کہ یہ بات اس کے قہر و غضب کے غلبہ کی وجہ سے ہو گی۔

انھیں دنوں دیوانے کتے کا ایک عجیب واقعہ مشاہدہ ہوا۔ ایک رات کو ایک دیوانے
کتے نے جس جگہ فیل خاصۂ بادشاہی بندھا ہوا تھا اس جگہ آکر ہتھنی کے پانوں پر کاٹ لیا
اس نے عجیب قسم کی غیر معروف فریادیں کرنا شروع کر دیں، جب تک فیلبان خبردار ہو کر خبر کو
پہنچیں کتا بھاگ کر زقوم کے درختوں میں چھپ گیا تھوڑی دیر کے بعد پھر نکلا اور اب کی
ہاتھی کے ہاتھ پر کاٹا۔ ہاتھی نے اس کو ہاتھ پانوں کے نیچے مسل کر مار ڈالا اس واقعہ کو ایک ماہ
پانچ روز گزرے تھے کہ ایک دن ابر آلود ہوا اور رعد و برق کی شورش میں ہتھنی بے اختیار
چلائی اور اس کے تمام اعضا میں رعشہ پیدا ہو گیا، زمین پر گر کر بہ ہزار محنت و درد اٹھی، سات
روز تک پیہم اس کے منھ سے پانی آتا رہا۔ دانہ پانی چھوڑ کر بحال تباہ روز و شب گزارتی
تھی، ساتویں دن اٹھی اور گر کر مر گئی

ایک ماہ کے بعد فیل کلاں بھی جس دن ابر و باد و رعد و برق کا دور تھا عین مستی میں

زمین پر گر پڑا تمام اعضا کانپنے لگے، اور جب تک جیتا رہا برابر منھ سے پانی جاتا رہا حق تعالیٰ نے تمام ورد و بیکی دوا پیدا کی ہے سوائے کفچہ مار و سگ دیوانہ جس کا کوئی تریاق نہیں۔ بادشاہوں نے ہر چند تفحص کیا اس کے لئے کوئی افسوں یاد و اکسیر نہ ہوئی۔ (اسوقت یادگار علی سلطان ایلچی شاہ عباس کو اسپ با زین مرصع، کمر شمشیر مرصع چارقب زر دوزی، قلم کلغی مرصع اور تیس ہزار روپیہ نقد عنایت فرما کر رخصت و ایسی مرحمت فرمائی اور خان عالم کو سفارت ایران پر نامزد کر کے خلعت خاصہ و کیسو با جاگیر اور کنٹا گران بہا جس میں مروارید کا طرہ تھا عطا فرمایا اور روانگی کی اجازت دی)

## دار البرکۃ اجمیر کی طرف موکب شاہنشاہی کی روانگی

چونکہ رانائے مقہور کے استیصال کیلئے ہمیشہ عساکر بادشاہی پیشگاہ عزت و جلال سے متعین ہوتے رہے ہیں اور اس وجہ سے کہ تمام کام وقت پر موقوف ہیں اس مہم کا انتظام شائستہ و پسندیدہ طور پر نہ ہو سکا تھا اب رائے بندگان والا کا اقتضا ہوا کہ خود اس تیرہ بخت کی بیخکنی پر توجہ فرمائیں۔ اور چند روز اجمیر میں قیام کریں۔

اس عزم صائب کے ساتھ ۲ شعبان سنہ ۱۰۲۲ھ مطابق شہریور ماہ سال ہشتم جلوس مبارک کو رایات دولت بقصد سفر مذکور بلند ہوئے۔ جب دار البرکۃ اجمیر میں داخل ہوئے روضہ منورہ کی زیارت سے فارغ ہونے کے بعد ایک نو تعمیر عمارت میں نزول اجلال فرمایا ششم دے کی ساعت نیک میں حسب پسند ستارہ شناسان یونانی و ہندی نواب قدسی القاب بادشاہزادہ عالم و عالمیان سلطان خرم کو لشکر آراستہ و گراں تعداد کے ساتھ فتح و ظفر کی حمایت میں روانگی کی اجازت دی۔ رخصت عطا فرماتے وقت قبائے زر دوز گلہائے مرصع سے جڑی ہوئی جس کے پھولوں کے دور میں موتی ٹکے تھے اور دستار زر دوزی، و طرۂ مروارید و فوطۂ زربفت مسلسل و مروارید دو اسپ خاصہ عراقی و ترکی، فتح گنج نام فیل خاصہ مع مادہ فیل و کمر شمشیر مرصع و خنجر مرصع مع تیول کنارہ گراں بہا عنایت ہوا۔ اور سوائے اس فوج کے جو سابق میں خان اعظم کی سرکردگی میں اس مہم کے لئے منسوب تھی بارہ ہزار سوار خوش اسپہ اور جو اس قرۃ العین خلافت نے خود انتخاب فرمائے تھے ہمراہ کر دیئے گئے۔ اور دوسرے افسران فوج بھی حسب لیاقت و شائستگی خلعت فاخرہ، اسپان قبچاق و فیلان خاصہ اور انواع

مراحم و نوازش سے بہرہ یاب ہو کر معزز و ممتاز ہوئے۔ فدائی خاں اس لشکر کی بخشی گری پر مامور ہوا۔

اسی زمانہ میں اسلام خاں حاکم بنگالہ کے انتقال کا حال معلوم ہوا، اس کی جگہ اسکا بھائی قاسم بنگالہ کا صاحب صوبہ مقرر فرمایا گیا۔ خواجہ ابوالحسن بخشی کل کے منصب والا پر فائز ہوئے

چند روز کے بعد معلوم ہوا کہ خان اعظم صلاح و بہبود کے راستہ سے ہٹکر شاہزادہ والاتبار کی خدمت میں ایسلوک ناپسندیدہ ماہیتں آکر خود کو بے فائدہ رنجیدہ رکھتا ہے اس لئے خواجہ ابراہیم حسین کو اس کے پاس بھیجکر ترغیب و خوف آمیز احکام مشارٌ الیہ کی زبانی اسکو پہنچائے گئے۔ خلاصۂ کلام یہ کہ جسوقت وہ برہانپور میں تھا ہمیشہ ہر مجلس و محفل میں کہا کرتا تھا کہ اگر میں اس لڑائی میں کام آیا تو شہید ہونگا اور غالب ہوا تو غازی۔ اور اس مصلحت کے لئے وہ جو کچھ کومک و امداد و توپخانہ وغیرہ کی درخواست کرتا تھا منظور ہوتی تھی۔ جب کام کا وقت آیا عرضداشت بھیجی کہ بغیر توجہ رایات سلطانی اس عقدہ کا حل دشوار و محال معلوم ہوتا ہے۔ جب موکب ہمایوں دارالبرکۃ اجمیر میں پہنچا تو اس کے التماس پر شاہزادہ کو عساکر نصرت قرین کے ساتھ اس جانب روانہ فرمادیا اور اس مہم کا مدار اس رکن سلطنت کی کاردانی کے حوالہ ہوا۔

منظور نظر اشرف یہ تھا کہ ایک چشم زدن بھی خان اعظم شاہزادہ کی خدمت سے غافل نہ ہو اور طریقۂ خیر خواہی و نیک اندیشی ہاتھ سے نہ دیکر اپنے آپ کو دین و دنیا میں نیک نام کرے۔ اگر ان احکام کے خلاف عمل کریگا۔ اپنی بدنیتی سے نقصان اٹھائیگا۔

جب خواجہ ابراہیم حسین نے فرض رسالت انجام دیا فرط خود رائی و زیاں کاری سے اس پر ملتفت نہ ہوا۔ اس لئے اس نسبت کی بناپر جو اسے خسرو کے ساتھ تھی حضرت شاہنشاہ نے ان اطراف میں اس کی موجودگی مصلحت نہ سمجھکر حکم دیا کہ مہابت خاں جاکر اودے پور سے اس کو درگاہ والا میں لائے اور محمد تقی دیوان محلات کو اجازت ملی کہ مندسور پہنچ کر اس کے فرزندوں اور متعلقین کو اجمیر پہنچائے۔ اسوقت شاہزادہ جہانگی عرضداشت پہنچی کہ عالم گمان ہاتھی جس پر رانا کو بہت ناز تھا سترہ زنجیر ہاتھیوں کے ساتھ جو پہاڑ کی گھاٹیوں میں پنہاں کر دیئے گئے تھے بہادران لشکر کے ہاتھ گرفتار ہوا امید ہے کہ وہ بھی اتنی ہی عجلت کے ساتھ گرفتار ہو جائیگا۔

# آغاز سالِ نہم جلوسِ معلّی

شب جمعہ نویں صفر ۱۰۲۳ھ کو جب آفتاب برج حمل میں آیا جلوس میمنت مانوس کا نواں سال شروع ہوا۔ ابوالحسن پسر اعتماد الدولہ جسے "اعتقاد خاں" خطاب مل چکا تھا اب آصف خاں خطاب پاکر ہمچشموں میں سرخرو ہوا پنجہزاری ذات اور دو ہزار سوار کے منصب سے اعتماد الدولہ کی عزت بڑھائی گئی۔ ابراہیم خاں کو جو ہفت صدی وسی صد سوار تھا ایک ہزار و پانصدی منصب اور چھ سو سوار دیگر سرفرازی بخشی اور بخشی گری کی خدمت سپرد فرمائی۔ یہ مناصب عنایات نور جہاں بیگم کی نسبت کے اعتبار سے کیا چیز ہیں۔ کیونکہ اس سلسلہ کے غلام وخانہ زاد اور منسوبین سے کوئی متنفس ایسا نہ رہا جس کو منصب و جاگیر سے خاطر خواہ کامیابی نہ ہوئی ہو بے مبالغہ ہندوستان کے وسیع و منتخب ملک ملازمان و منسوبان (بیگم) "مہد علیائی" جاگیر ہیں۔

اسی تاریخ کو مہابت خاں، خان اعظم اور اس کے بیٹے عبداللہ خاں کو اودے پور سے لے کر درگاہ والا میں حاضر ہوا ارشاد ہوا کہ آصف خاں کے حوالے کرکے قلعہ گوالیار میں نظربند کر دیا جائے اس سے کچھ مدت پہلے شاہزادہ خسرو کو اس کی والدہ اور بہنوئی الحاج وزاری پر کورنش کو آنے کی اجازت عطا ہوئی تھی۔

چونکہ آثار نیک وعروج و دولت مندی اس کی پیشانی سے ظاہر نہ تھے اور ہمیشہ ملول و رنجیدہ حضور اشرف میں آتا تھا حکم ہوا کہ بدستور سابق گوشہ گمنامی میں زمانہ بسر کرے اور سعادت کورنش و خدمت حضور سے محروم رہے۔

اس مبارک سال کی ابتدا میں شاہزادۂ بلند اقبال سلطان خرم کے شبستان میں آصف خاں کی بیٹی سے ایک زہرہ جبین لڑکی پیدا ہوئی حضرت شاہنشاہی نے اس کا نام جہاں آرا بیگم رکھا

میرزا رستم صفوی جو ٹھٹھہ کی حکومت ونگرانی سے کلاہ گوشۂ نخوت کج کر کے باغی ہو گیا تھا اور پھر یہاں لایا گیا اس کی تفصیلی کیفیت یہ ہے کہ جب مرزا غازی ترخان فوت ہوا تو خاقان ستودہ خصال نے میرزا رستم کو پنجہزاری ذات و پنجہزار سوار کی بلند پایہ خدمت تفویض فرما کر دو لاکھ روپیہ بصیغۂ مدد خرچ عطا کیا اور حکیمانہ و دلپسند نصیحتیں کر کے مستقر کی جانب روانگی کی اجازت مرحمت فرمائی۔ توقع تھی کہ اس ملک کی رعایا اور متوطنوں کے

ساتھ اچھی طرح بسر کرکے لوگوں کو اپنے حسن سلوک سے خورسند و راضی رکھے گا۔ اس نے برخلاف اس کے خود رائی اختیار کی جو آئین مروت و مردمی کے خلاف تھی اور لوگ اس کے ظلم و تعدی سے نالاں ہونے لگے۔ جب زبانیں اس کے شکوہ میں چاروں طرف سے گویا ہوئیں اور اس ملک کی حکومت سے اس کی معزولی عدالت آئین کے ذمہ لازم ہوئی اور وہ درگاہ میں حاضر ہوا تو ایک مخلوق اس کے مظالم کی دادخواہ ہوئی جس کی بنا پر اس کی بازپرس شریعت و عدالت کے موافق ناگزیر معلوم ہوئی تو لامحالہ انیرائے سنگھ دلن کے حوالے فرما کر حکم دیا کہ جب تک مستغیثوں کی تسلی نہ کرے سعادت ملازمت سے محروم رہے۔

اسی سال نقیب خاں نے سفر آخرت اختیار کیا، ان کا نام میرزا غیاث الدین علی تھا ان کے باپ میرزا عبداللطیف سیفی قزوینی حضرت عرش آشیانی کے ابتدائے جلوس میں اولاد و احفاد کے ساتھ ہندوستان آکر ملازمان خلافت کے رشتہ میں منسلک ہوئے۔ میرزا اہل سعادت و ارباب عزت سے تھے اور نقیب خاں علم حدیث و سیر اور اسمائے رجال و تاریخ دانی میں یگانۂ روزگار تھے بلکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ فنون تاریخ دانی میں نقیب خاں کا مثل کوئی نہیں گزرا۔ نقیب خاں حضرت عرش آشیانی کی خدمت میں نسبت قوی رکھتے تھے جہاں پناہ نے سکینہ بانو بیگم ہمشیرۂ میرزا محمد حکیم کو شاہ غازی نقیب خاں کے چچیرے بھائی کے ساتھ منسوب کر دیا تھا۔ حکم اشرف کے مطابق خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے گنبد کے متصل اس خیر انجام کا مرقد بنایا گیا میرزا نقیب خاں اور ان کی منکوحہ جو زندگی میں ایک جان دو قالب تھیں ایک ساتھ جان سے درگزریں انا للہ و انا الیہ راجعون۔

اس زمانہ میں میرزا رستم کو جو دلن سنگھ انیرائے کے حوالہ تھا حضور میں طلب کرکے حوالات سے نکالا اور خلعت خاصہ عنایت کیا۔ جب اطلاع ملی کہ فدائی خاں بخشی لشکر شاہزادہ گیتی ستاں فوت ہو گیا تو راقم اقبالنامہ کو اس لشکر کی بخشی گری پر سرفراز کرکے رخصت فرمایا۔

رانا امر سنگھ کا دولت خواہان بارگاہ سلطانی میں شامل ہونا اس سال کا اہم واقعہ ہے۔ جب حضرت شاہزادہ بلند اقبال نے اودیپور میں جو اس ملک کا جائے حکومت ہے

رایت اقبال بلند کر کے تھانے مقرر کئے اور جہاں کہیں اس آوارہ و گمراہ کا اثر و نشان ۷۶
ملتا یلغار کر کے ہمہ تن اس کے استیصال پر متوجہ ہو جاتے تھے باوجود اس کے کہ اس طرف کے اکثر پہاڑ آب و ہوا مسموم اور جانگداز رکھتے تھے اور بہت سی فوج تلف ہو چکی تھی ہمت نہ ہارے اور بنائے عزم زیادہ مضبوط کر کے اس پر زندگی تنگ کر دی زمانہ بعسرت و دشواری بسر ہونے لگا۔ ہمراہی جدا ہو گئے، چند جو رہ گئے شدت بیماری و ضعف سے نقل و حرکت کی قدرت نہ رہی ناچار اپنے خالو سبھ کرن کو برس جہاں نامی خیر خواہ ملازم کے ساتھ شاہزادہ بلند اقبال کی خدمت میں بھیجا اور عجز و انکسار کو شفیع بنا کر بندگی و فرماں پذیری اختیار کی اور مقام گوگنڈہ میں اپنے چند نیم جان ہمراہیوں کے ساتھ دولت کورنش حاصل کی لعل گراں بہا جو قدیم سے اس کے پاس تھا سات زنجیر فیل کے ساتھ پیشکش کیا جس جگہ سے نظر آیا وہاں سے تخت تک ہر قدم پر تسلیمات اور سجدے کرتا آیا۔ جب تخت دولت پر جبیں سائی کے لئے جھکا تو شاہزادہ والا قدر نے دونوں ہاتھوں سے اس کا سر زمین سے اٹھا کر سینۂ مبارک سے لگا لیا اور ہر طرح دلجوئی و خاطر داری سے اس کی وحشت دور کر کے اسے اطمینان دلایا۔ جب وہ تسلیم و بندگی کی رسموں سے فارغ ہوا تو بیٹھنے کا حکم دیا اور تھوڑی دیر کے بعد خلعت، شمشیر مرصع، خنجر مرصع، اسپ قبچاق با زین مرصع، فیل خاصہ مع یراق نقرہ، پچاس راس گھوڑے اور ایک سو بیس مکمل خلعت اس کے مخصوص آدمیوں کو مرحمت کر کے رخصت فرمایا۔

جب رانا مطمئن ہو کر منزل پر پہنچا تو اس نے اپنے جانشین بیٹے کرن کو بھی خدمت میں بھیجا وہ بھی زمین بوسی کی دولت اور شاہانہ نوازشوں سے مفتخر ہوا۔ پھر طے پایا کہ قصد سفر کر کے جہاں پناہ کی خدمت میں متوجہ درگاہ ہو۔

جس تاریخ سے ہندوستان جیسا عظیم الشان ملک نور اسلام سے منور ہوا ہے ان لوگوں کے اجداد میں سے کسی نے شاہان دہلی کی دربارداری نہیں کی۔ اور یہ ارادہ کہ وہ دربارداری کریں شاہان دہلی کے دل میں بھی پیدا نہیں ہوا۔ ہمیشہ حضرت عرش آشیانی کے عساکر منصورہ رانا کی بیخکنی کے لئے متعین ہوتے تھے کوئی نتیجہ مرتب نہ ہوتا تھا۔

حضرت شاہنشاہی آغاز جلوس سے اس شغل خطیر پر ہمہ تن صرف ہمت فرما کر بازوم لشکر پے در پے بھیجتے رہے۔ چونکہ اس عقدۂ دشوار کی کشائش شہزادہ گیتی ستاں شاہجہاں کی

تیغ جہاں کشا پر لکھی ہوئی تھی ان بے سود کوششوں سے کچھ نہ ہوا۔ جب شاہد مراد کی جلوہ گری کا وقت آیا تو کریم کارساز کے کرم اور خداوند بے نیاز کی عنایت سے دولت خواہان نیازمند کی خواہشوں کے مطابق معاملہ آسان ہو گیا اور شاہزادہ والا قدر کرن کو ساتھ لے کر والد بزرگوار کی قدمبوسی کو روانہ ہوئے

چونکہ بیرون اجمیر قیام کا اتفاق ہوا اس لئے بحکم اشرف تمام امرائے دولت استقبال سے سعادت پذیر ہوئے، ہر ایک نے حسب حیثیت نذریں گزرانیں۔

بروز یکشنبہ ۱۱ اسفندار سال نہم جلوس مطابق ۲۰ محرم ۱۰۲۴ھ کو شہزادۂ فلک شکوہ توسن جہاں نورد پر سوار ہو کر بیرون شہر سے شاہ جمجاہ پناہ کی ملازمت کے لئے چلے۔ امرائے عالیقدر تمام منصبداروا حدی کا ور برق انداز ہمرکاب تھے۔ دوپہر دو گھڑی دن گزرنے کے بعد شہزادہ والا قدر پدر عالی گہر کی خدمت میں باریاب ہوئے ہزار مہر، دو ہزار روپیہ بصیغہ نذر اور ہزار مہر دو ہزار روپیہ برسم تصدق نذر دیا۔ جہاں پناہ نے فرزند اقبال مند کو آغوش عزت میں لے کر عنایات خاص سے سرفراز فرمایا۔

بعد ادائے مراسم زمین بوسی بخشیان عظام نے کرن کو پیشگاہ اقبال میں لا کر اس کی جبین اخلاص کو سجدوں کے فروغ سے نورانی کیا۔ اسوقت حکم ہوا کہ تتق داران بارگاہ عشرت و تواچیان بہرام صولت اس کو دست چپ کے جھروکہ پر سامنے کھڑا رکھیں پھر شاہزادہ بلند اقبال کو خلعت خاص مشتمل بر چار قب مرصع و تسبیح مروارید گراں بہا و اسپ قبچاق با زین مرصع و فیل کوہ شکوہ مع ساز طلا عنایت ہوا اس کے بعد کرن نے خلعت فاخرہ و شمشیر مرصع سے سرفرازی پائی۔ امرائے عظام و تمام منصبداران خدام پسندیدہ خدمت بھی حسب رتبہ مراحم و نوازش سے کامیاب ہوئے چونکہ وحشی نژادان صحرا نورد کی خاطرداری و دلنشکاری لازمہ فرمانروائی تھی اس لئے کرن کو روزانہ اسپان قبچاق و رہوار و فیلان صف شکن اور اقسام تحائف و لطائف از قسم جواہر آلات مرصع عنایت کئے جاتے تھے بلا مبالغہ نفیس و نادر اشیا میں سے کم چیزیں ایسی ہوں گی جو اسے مرحمت نہ ہوئی ہوں۔

## آغاز سال دہم جلوس اشرف

آٹھویں صفر ۱۰۲۴ھ کو آفتاب کے برج حمل میں آنے پر جلوس شاہنشاہی کے دسویں سال کی

ابتدا ہوئی۔ اس جشن مسعود میں اعتماد الدولہ منصب ششش ہزاری ذات وسہ ہزار سوار سے مشرف ہوا اور علم ونقارہ بھی براسم شاہی حاصل کیا حکم ہوا کہ پائے تخت میں بھی نقارہ بجا کرے اور یہ التفات اس کے ساتھ مخصوص عنایت بھی زبان قلم نورجہاں بیگم کے علو مرتبت اور ان کے منسوبان دولت کی ترقی منصب کے بیان سے قاصر ہے اگر اس مضمون کی شرح میں دفتر تیار کئے جائیں تو بھی ہزار میں سے ایک اور بہت میں سے تھوڑا اظہار واقعہ ممکن نہیں میری فرصت اس شغل کے لئے کہاں کافی ہو سکتی ہے دوسرے آصف خاں نے بڑے اہتمام کے ساتھ نذر پیش کی۔ قریب ایک لاکھ روپیہ کے نفائس و نوادر انتخاب ہوئے اور اس کا منصب چار ہزاری ذات و دو ہزار سوار مقرر ہوا۔ کرن پسر رانا امر سنگھ منصب پنجہزاری ذات ، دوسوار سے سرفراز ہو کر امرائے والاقدر کے سلسلہ میں منسلک ہوا۔ اس مدت میں اس سلسلہ کے کسی شخص نے سلاطین دہلی کی نوکری نہیں کی تھی بلکہ ملازمت کا قصد بھی نہیں کیا تھا۔ خود آزادانہ و خود سرانہ بسر کرتے رہے کسی کی اطاعت و فرمانبرداری نہیں کی۔ ایزد تعالیٰ نے شاہزادہ بلند اقبال کو عجیب توفیق عطا کی۔ دارالملک قضا کے منشی نے اس فتح کا طغرا شاہزادہ جوان بخت کے نام نامی پر صفحہ تقدیر پر لکھ دیا تھا ؎

این ہا توکنی واز تو آید

(اس تاریخ کو آصف خاں کی دختر بلند اختر سے پسر والا گہر پیدا ہوا اور اس فروغ بخش دودمان خلافت کے جد بزرگوار نے اس کا نام سلطان دارا شکوہ رکھا)۔

ان دنوں مخبران صوبۂ کشمیر کی عرضی سے ایک عجیب واقعہ کی اطلاع عرض مبارک میں پیش ہوئی۔ جس کی مختصر شرح یہ ہے کہ حافظ نام ایک درویش کشمیر کی ایک خانقاہ میں چالیس سال سے گوشہ نشین تھا مرنے سے دو سال پہلے اس خانقاہ کے وارثوں سے ملتجی ہوا کہ جب رحلت کا وقت آجائے تو مجھے اسی خانقاہ کے ایک گوشہ میں دفن کر دیں اور ان لوگوں نے بطیب خاطر منظور کیا۔ جب مدت موعودہ پوری ہو گئی اور وقت وفات نزدیک پہنچا درویش نے اپنے دوستوں اور عزیزوں سے کہا اس چند روز میں ایک امانت جو میرے پاس ہے سپرد کر کے سفر واپسیں پر متوجہ ہوتا ہوں پھر اپنے ایک مخصوص معتقد سے جو کشمیر کے قاضی زادوں سے تھا ملتفت ہو کر کہا کہ میرے مصحف کو

سات سو تنکہ میں ہدیہ کر کے اس رقم کو میری تجہیز و تکفین میں صرف کرنا کل روز جمعہ ہے جب نماز کی اذان سننا تو میری خبر لینا۔ اور دوسری جزوی اشیا جو اس کے پاس تھیں اپنے جان پہچان والوں کو تقسیم کریں پنجشنبہ کو آخر سوز حمام میں آکر غسل کیا۔ دوسرے دن نماز سے پہلے قاضی زادہ نے خانقاہ میں آکر حافظ کا حال پوچھا حجرے کا دروازہ بند اور اس پر ایک خادم بیٹھا ہوا پایا خادم سے کیفیت دریافت کی۔ کہا فرمایا ہے کہ جب تک حجرہ خود بخود نہ کھل جائے میری حالت کی جستجو نہ کرنا، قاضی زادہ نے تھوڑا توقف کیا حجرہ کھلا اور خادم کے ساتھ قاضی زادہ اندر آیا اور دیکھا کہ قبلہ رو دوزانو بیٹھے ہوئے جان خدا کو سپرد کر چکے ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اس دن شہر میں عجیب شورش تھی وضیع و شریف، آشنا و بیگانہ غرض کوئی ایسا نہ رہا جو اس بزرگوار کے جنازہ پر حاضر نہ ہوا۔

غرائب واقعات کے اسی سلسلہ میں مستقر خلافت میں کشن سنگھ و گوبنداس کا قتل ہے۔ جس کے اجمالی واقعات یہ ہیں کہ کشن سنگھ برادر حقیقی راجہ سورج سنگھ نبیرہ راو مالدیو مشہور کی بہن سے شاہزادۂ عالم سلطان خرم پیدا ہوئے۔ راجہ سورج سنگھ کا ایک وکیل تھا گوبنداس نہایت معتبر، اس نے راجہ کے بھتیجے گوپال داس کو کسی جھگڑے میں قتل کر ڈالا تھا کشن سنگھ کو توقع تھی کہ راجہ اپنے بھتیجے کے انتقام میں گوبنداس کو مار ڈالے گا مگر راجہ بہت مہربانی کرتا تھا اور اس کی دولت کا دارومدار یہی تھا اس لئے باز پرس سے غفلت کی، کشن سنگھ کو راجہ کے اغماض سے بڑی الجھن تھی، دل ہی دل میں بھتیجے کے انتقام کا کینہ پرورش کرتا رہا، اور موقع کا منتظر رہا۔

اسی اثنا میں حضرت شاہنشاہی موضع پوکھر کے تالاب کی سیر کو تشریف لے گئے اور رات وہیں توقف فرمایا کشن سنگھ نے قابو پا کر اپنے برادر زادہ کرن اور دوسرے دوستوں و ملازموں کے ساتھ بارادۂ قتل گوبنداس صبح صادق سے پہلے سوار ہو کر جس میدان میں کہ راجہ اور اس کے ملازم اترے ہوئے تھے پہنچا۔ اور اپنے چند آزمودہ آدمیوں کو پیادہ کر کے گوبنداس کے گھر جو راجہ کے محل سے قریب تھا بھیجا اور خود سوار کھڑا رہا جو لوگ پیادہ ہو گئے تھے گھر کے اندر داخل ہوئے اور گوبنداس کے چند محافظ دیگر راجپوتوں کو تہ تیغ کرنے لگے۔ اس جدال و قتال اور شور و شغب میں گوبنداس بیدار ہو کر بغیر سابقہ

خبر و آگاہی کے مضطربانہ تلوار اٹھائے گھر کے ایک جانب سے نکلا تاکہ خود اگلے آدمیوں کے ۸۲
پاس پہنچ کر کیفیت حال سے واقف ہو۔ اسی پریشانی و فتنہ و فساد کے عالم میں کشن سنگھ
کے آدمیوں کو نظر آگیا جو اس کی تلاش میں سرگرداں تھے اور ان کے ہاتھوں قتل ہو گیا۔

ابھی کشن سنگھ کو اس کے مارے جانے کی خبر نہ تھی نہایت اضطراب و غصہ کی حالت میں گھوڑے سے اتر کر کرن کے ساتھ گوبند اس کی حویلی میں گھس آیا۔ ہر چند لوگوں نے پیادہ ہونے سے منع کیا۔ ان کی بات پر کان نہ رکھے اتنی دیر میں راجہ بھی بیدار ہو گیا اور تلوار کھینچے گھر سے باہر آیا۔ راجہ کے لوگ اطراف و جوانب سے ہجوم کر کے راجہ کے پاس پہنچے۔ راجہ نے ان لوگوں کے مقابلہ کے لئے جو لشکر میں پا پیادہ آگئے تھے تیاری کا حکم دیا۔ چونکہ راجہ کے آدمی تعداد میں بہت تھے ان میں سے ہر ایک نے دس دس بیس بیس آدمی مار ڈالے مختصر یہ کہ کشن سنگھ اور اس کا بھتیجا کرن علی الترتیب سات اور نو زخم کھا کر اس ہجوم میں قتل ہوئے کشن سنگھ، کرن اور گوبند اس کے قتل ہونے کے بعد باقی لوگ گھوڑوں تک پہنچ کر سوار ہوئے۔ اسی طرح ایک جماعت راجہ کے آدمیوں کی بھی ان کے قتل کے ارادہ سے سوار ہوئی اور لڑتی ہوئی جھروکہ بادشاہی تک پہنچی اس پر آشوب فتنہ میں اڑسٹھ راجپوت طرفین سے قتل ہوئے تیس نفر راجہ کے آدمی اور چھتیس کشن سنگھ کے کشتہ ہوئے۔

اس سال کے بڑے اور نمایاں واقعات میں صفی میرزا کا واقعہ قتل بھی کچھ کم اہم نہیں ہے۔ جو شاہ عباس صفوی کا بڑا بیٹا تھا اور پدر نامہربان کی تیغ ستم سے نذر فنا ہوا۔ اس کی مختصر حقیقت یہ ہے کہ شاہ عباس مدتوں اپنے جانشین سے بدگمان و متوہم رہا۔ آخر شہر رشت میں جو گیلان کے مشہور شہروں سے ہے بہبود نام ایک ترکی غلام کو اشارہ کیا کہ صفی میرزا کو مار ڈالے۔ اس سفاک و بیباک نے موقع پا کر محرم ۱۰۲۴ھ کی ایک صبح کو جب کہ میرزا حمام سے نکل کر گھر جا رہا تھا، ایک سنجاک کے زخم سے اس کا کام تمام کر دیا۔ بہت دن تک اس کی لاش آب و گل میں پڑی رہی کسی کو اس کی ہمت نہ تھی کہ اجازت لے کر تجہیز و تکفین کرے۔ شیخ بہاء الدین محمد جو اس ملک کے مقتدا تھے اور شاہ انہیں بہت اعتقاد رکھتا تھا خبر پا کر شاہ کے پاس پہنچے اور نہایت عقلمندانہ اور پر لطف انداز بیان کے ساتھ کہنے لگے کہ آج کل ایک نہر کے کنارے

ایک مقتول سیدزادہ کی لاش پڑی ہوئی ملی ہے اگر ایما فرمائیں تو تجہیز و تکفین کرکے کسی مناسب جگہ دفن کردیجائے۔ شاہ نے اجازت دی۔ شیخ نے اس کی لاش کو تجہیز و تکفین کے بعد اردبیل جہاں ان کے آبا و اجداد کا مدفن ہے بھجدیا۔

انھیں ایام میں میر میران پسر خلیل اللہ یزدی جو قبل ازیں درگاہ گیتی پناہ پر حاضر ہو چکے تھے وطن مالوف سے آکر زمین بوس دولت ہوئے اور ہزاری ذات و چار سو سوار کا منصب پایا!

جلوس کے آخر سال دہم میں شاہ نواز خاں خلف خانخاناں کی فتح اور بد اختر کی شکست کا مژدہ خیر خواہان دولت کی مسرت و انبساط خاطر کا باعث ہوا اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ سپاہ دکن کے چند سردار مثل آدم خاں، یاقوت خاں بابو جیو کاتھہ اور دوسرے بر گی ایک دفعہ عنبر سے رنجیدہ ہو گئے اور جسوقت شاہ نواز خاں بالاپور میں تھا قول و قرار کرکے شاہ نواز خاں سے ملے شاہ نواز خاں نے ان میں سے رتبہ اور اہلیت کے مطابق ہر ایک کی نقد و جنس، اسپ و فیل وغیرہ تکلفات کے ساتھ دلجوئی و حوصلہ افزائی کی اور ان کے مشورہ کے مطابق بالاپور سے کوچ کرکے بارادہ مقابلہ لشکر عنبر کا رخ کیا۔

عنبر تک پہنچنے سے پہلے محلدار خاں، دلاور خاں، آتش خاں اور چند دوسرے سرداران نظام الملک مقابلہ پر آئے اور اقبال روز افزوں کی برکت سے شاہ نواز خاں ان کو شکست دیکر بعجلت تمام عنبر پر چڑھائی کے خیال سے روانہ ہوا، نام بردہ لوگ بحال تباہ شکست خوردہ عنبر کے پاس پہنچے وہ بدبخت کثرت لشکر و آلات جنگ کے انتظام، توپ خانہ اور مست و جنگی ہاتھیوں کی زیادتی پر مغرور ہو کر عادلخاں و قطب الملکی فوج کی موافقت و رفاقت کے ساتھ رزم طلب ہوا۔

اب دونوں فوجوں میں پانچ چھ کوس سے زیادہ فاصلہ نہ تھا، یعقوب خاں بدخشی نے جو رزم آزما قدیم و تجربہ کار سپاہی تھا اور خانخاناں نے شاہ نواز خاں کی باگ اس کے قبضۂ اختیار میں دیدی تھی پہلے سوار ہو کر میدان جنگ ایسی جگہ ترتیب دیا جس کے سامنے ایک پانی کا نالہ تھا اور نالہ کے اطراف ارغدان تھے اور تیر انداز جوانوں کی ایک جماعت نالہ کے کنارے مقرر کی کہ قدم ہمت جما کر لشکر مخالف کو تیروں کی

۸۵ بارش سے موت کے گھاٹ اتاریں۔

دوسرے روز دونوں لشکر صف آرائی میں مشغول ہوئے۔ سہ پہر کے بعد فوجیں نمایاں ہوئیں اور غنیم کی طرف سے بان کاری و توپ اندازی کا آغاز ہوا۔ جب روئے ہوا دھوئیں غبار سے صاف ہو گیا لشکر حبش اور عنبر کے خورد سال جوان جو اس کے اصطبل کے گھوڑوں پر سوار تھے اور تمام لشکر سے انتخاب کر کے ہراول قرار دیئے گئے تھے آگے بڑھے۔ جب نالہ کے کنارے پہنچے نالہ سے اترنے اور پار ہونے کیلئے ہجوم ہوا۔ اس طرف سے مسلح جوانوں نے تیر باری پر رکھ لیا بہت سے سوار زخم سے ہلاک ہوئے، جو تیر گھوڑے پر لگتا تھا، وہ گھوڑا بھی یا تازی ہونے کیوجہ سے چراغپا ہو کر اپنے سوار کو زمین پر گرا دیتا تھا۔ الحاصل اس طرف کوئی اوزار کام نہ دیتا تھا اور اس طرف سے تیر و تفنگ کی بارش لوگوں کو فنا کئے دیتی تھی، مخالفین کے جو لوگ پیچھے تھے آگے والوں کا حال دیکھ کر اپنی جگہ سے نہ ہلتے تھے۔

اتنے میں داراب خاں بہادران فوج ہراول کے ساتھ نالہ سے گزر کر مقتولوں کے سر و سینہ پر گھوڑا دوڑاتا حملہ آور ہوا، اور دوسری فوجوں سے بھی شیران بیشہ ہمت اور بہادران عالی حوصلہ تلواریں کھینچے فوج مقابل پر جھک پڑے اور افواج کو پراگندہ کر کے فوج غول تک پہنچے۔

چونکہ عنبر خود فوج غول کے حلقہ میں پائے ادبار جمائے ہوئے تھا عرصہ تک آتش قتال و جدال بھڑکتی رہی۔ بہادران رزم دوست نے وہ وہ ہاتھ دکھائے کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے کشتوں کے پشتے لگ گئے عنبر تیرہ بخت مقابلہ کی تاب نہ لا کر بھاگ اٹھا، اگر رات کی تاریکی ان سیاہ دلوں کی فریاد کو نہ پہنچتی تو ان میں سے ایک بھی جانبر نہ ہوتا۔ باوصف اس کے نہنگان دریائے ہمت سونے کے وقت تک جو ان کے ادبار کا وقت تھا تین کوس تک ان کا تعاقب کر کے مغروروں کو قتل کرتے رہے جب آدمیوں اور گھوڑوں میں مجال حرکت نہ رہی اور باقی ماندہ لوگ اطراف و نواح میں روپوش ہو گئے لشکر بڑھا کر اپنے مقام پر واپس آئے۔ ایک بڑا توپ خانہ تین سو شتر بانوں امست و جنگی ہاتھیوں اور تازی گھوڑوں کے ساتھ مع ساز و اسلحہ بے حد و بے شمار بندگان دولت کے ہاتھ آیا سرداران فوج مخالف کے بہت سے لوگ زندہ گرفتار ہوئے اور مقتولوں کا تو حساب و شمار ہی نہیں۔

دوسرے دن اس منزل سے کوچ کرکے کرکی کی طرف جو اس سیاہ بخت کے رہنے کی جگہ تھی بتقریب یلغار روانہ ہوئے مگر جب ان تیرہ بختوں کا کوئی نشان نہ ملا تو وہیں چند روز توقف کرکے اس آبادی کی عمارات و منازل خلا کے خاک سیاہ کردیں پھر بعض امور کے رونما ہونے کی وجہ سے جن کی تفصیل طول کلام کا باعث ہے عزم مراجعت کرکے رد ہن گڑھ کی گھاٹی سے نکل آئے۔

حضرت شاہنشاہی نے اس فتح نمایاں کے صلہ میں شاہ نواز خاں، داراب خاں و دیگر امرائے رفیع الشان کے منصب بڑھاکر انواع عنایات و نوازش سے سربلندی بخشی۔

## سال یازدہم از جلوس جہانگیری

روز یکشنبہ غرۂ ربیع الاول ۱۰۲۵ھ کو نیّر اعظم برج حوت سے دولت سرائے حمل میں پرتو انداز ہوا تھا کہ جلوس کا گیارھواں سال شروع ہوا، ایام جشن میں امرائے عظام نے رسم مقررہ کے مطابق نذریں پیش کیں۔ ان میں سے میر جمال الدین حسین انجو ایک خنجر مرصع جو بیجاپور میں کسی طرح مہیا کیا تھا نظر مبارک میں لایا۔ اس خنجر کے دستہ پر ایک زرد یاقوت جڑا ہوا تھا۔ نہایت صاف و لطیف نصف بیضۂ مرغ کے برابر اس کے علاوہ اور تمام یاقوت فرنگ پسند اور زمردہائے کہنہ و خوش آب و خوش رنگ جڑے ہوئے تھے جوہریوں نے پچاس ہزار روپیہ قیمت جانچی۔ آصف خاں جو چار ہزاری ذات و دو ہزار سوار کی منصب پر سرفراز تھا ہزاری ذات و دو ہزار سوار کے اور علم و نقارہ کی عنایت سے مفتخر ہوا، اسی طرح اور بھی حسب رتبہ مناسب اضافہ و ترقی سے مسرور ہوئے۔

اس روز شاہزادہ عالم و عالمیاں سلطان خرم نے ایک لعل برسم پیشکش نذر دیا نہایت عمدہ اور صاف اور لطیف اس کی قیمت اسی ہزار تجویز ہوئی۔ اس روز شہزادہ کا منصب پہلے پانزدہ ہزاری خاصہ و ہشت ہزار سوار تھا بیست ہزاری و دہ ہزار سوار مقرر ہوا میر جمال الدین حسین انجو کو عضد الدولہ کے خطاب سے عزت دی گئی۔

ماہ ربیع الثانی میں خبر آئی کہ شیخ فرید بخاری المخاطب بہ میر تقی خاں انتقال کر گئے (روز یکشنبہ چودھویں جمادی الاول سنہ مذکور کو خدائے کریم و دانا نے آصف خاں کی بیٹی کے بطن سے شاہزادہ خرم کو ایک بیٹا عنایت فرمایا۔ حضرت شہنشاہی نے اس والا گہر کو

٨٨ شاہ شجاع کے نام سے موسوم کیا۔

اس سال ہندوستان کے بعض پرگنوں میں وبا کا اثر ظاہر ہوا۔ رفتہ رفتہ بہت شدت ہوگئی بہ کثرت اموات ہوئیں۔ اس بلا کی ابتدا پنجاب کے پرگنوں سے ہوئی، پھر لاہور اس سے مأوف ہوا، ہندو مسلمانوں کے گھر کے گھر اس مرض میں ضائع ہوئے پھر سرہند اور دوآبے کے درمیان دہلی تک اور اس کے اطراف میں پہنچکر بہت سے گاؤں اور قصبے معدوم کردئے ابتدا میں چوہے ظاہر ہوئے جو سوراخ سے نکلکر مدہوشانہ در و دیوار سے ٹکرا کے مرجاتے تھے۔ اگر فوراً اس گھر سے نکلکر صحرا و جنگل میں پناہ لیجاتی تو جان بچ جاتی ورنہ تھوڑے ہی عرصہ میں اس گاؤں کے تمام آدمی روانۂ عدم ہوجاتے (اور بالفرض اگر کوئی شخص وبازدہ میت یا اس کے اسباب کو ہاتھ لگاتا تو زندہ نہ رہتا۔ یہ بلا ہندوؤں میں زیادہ سرایت کرگئی تھی، لاہور کے گھروں میں بہت سے ایسے تھے کہ جن میں سے دس دس اور بیس بیس آدمی مرگئے، اور ان کے تعفن سے ہمسایہ عاجز ہوگئے، اور محلے چھوڑ کر بھاگ گئے، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ گھر مردوں سے بھرے ہوئے مقفل پڑے رہتے تھے، جان کے خوف سے کوئی شخص ان کے پاس نہ پھٹکتا۔ کشمیر میں اس سے بھی زیادہ سخت وبا ہوئی اور یہانتک نوبت پہنچی کہ اگر کسی وبازدہ میت کو کسی فقیر نے گھاس پر غسل دیا تو دوسرے روز وہ فقیر بھی مرگیا جس چارہ پر اس کو نہلایا گیا تھا ایک بیل نے کھالیا وہ بھی مرگیا۔ جن کتوں نے اس بیل کا گوشت کھایا وہ بھی ختم ہوگئے پھر وبا اس کثرت سے پھیلی کہ ہندوستان میں آٹھ سال تک اس وبا سے کوئی جگہ خالی نہ رہی۔

اس زمانہ میں محمد رضا بیگ ایلچی جو شاہ عباس کے محرم و قدیم رازداروں میں سے تھا ایک محبت آمیز خط کے ساتھ بہ تقریب ایلچی گری از جانب شاہ باریاب ہوا۔ ایک دن اس سے باتوں کے سلسلہ میں پوچھا کہ صفی میرزا کے قتل کا سبب معلوم نہوا کہ ایک مدت سے یہ عقدہ دل میں گرہ ہورہا ہے۔ محمد رضا نے عرض کی چونکہ کئی وجوہ سے یہ بات شاہ کے دل میں جگہ کرگئی تھی کہ عدم سعادت و فرط گمراہی کیوجہ سے وہ میرے قصد میں ہے، اس کے ساتھ ہی کچھ اور آثار و علامات بھی اس قسم کی ظاہر ہوئیں اور شاہ کی زندگی تنگ و دشوار ہوگئی اور یہانتک اثر پڑا کہ ایک رات میں دو تین بار

خوابگاہ تبدیل فرماتے تھے اس لئے بجمال بیشدستی قتل کا حکم ہوا۔

## شاہزادہ عالم شاہ خرّم کا تسخیر دکن کی رخصت پانا اور موکب حضرت شاہنشاہی کا جانب مالوہ روانہ ہونا

جب شاہزادہ پرویز سے مہم دکن سر نہ ہوئی، اور باوجود امرائے صاحب اقتدار وکثرت لشکر و خزائن و وفور مصالح ملک گیری و مرور زمانہ اس عقدہ کی کشائش اسکی کلید عزم و ہمت سے نہ ہو سکی تو شاہزادہ جوان بخت و جہانکشا سلطان خرم کو جنھوں نے حال ہی میں رانا کی مہم فتح کرکے ایسے ولی خصلت درندہ کو دام اقبال میں اسیر کیا تھا فتح دکن پر نامزد کرکے شاہی کے گرانقدر خطاب سے مفتخر فرمایا۔ جو حضرت صاحبقران گیتی ستاں کے زمانہ سے ابتک کسی شاہزادہ کے لئے تجویز نہیں ہوا تھا اور منصب بھی بست ہزاری وده ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ مقرر ہوا اور چارقب مرصع دور دامن و گریبان و سر آستیں پر مروارید ٹنکے ہوئے اور دو گھوڑے خاصہ کے ایک عراقی با زین مرصع دوسرا ترکی مع ساز طلا، فیل خاصہ با مادہ فیل، شمشیر و خنجر مرصع بار پرتلہ گراں قیمتی ایک لاکھ روپیہ مرحمت فرمایا۔

چند خوان جواہر اور آلات مرصع سے بھرے ہوئے فرزند اقبال مند کے سامنے لائے گئے اور حکم ہوا کہ جس چیز پر طبیعت راغب ہو لے لیں۔ بر بنائے مرضی اشرف ایک ہار مروارید کا لے لیا، حضرت شاہنشاہی نے اس ہار کو ایک دوسرے ہار کیساتھ جو جشن کے روز پہنا کرتے تھے اور جس میں قیمتی لعل اور نفیس زمرد لگے ہوئے تھے، اور ایک لاکھ قیمت تھی عطا فرمایا۔

دوشنبہ کے دن ١٩ر شوال مطابق ١٩ر آبان کو دعائے نصرت و کامیابی کے ساتھ جانب دکن رخصت فرمایا۔ عبداللہ خاں بہادر فیروز جنگ اور دوسرے امرا جسیم ذو نوازش یافتہ مخصوص وقعت و شان کے امرا و سردار شاہزادہ والاقدر کی خدمت میں متعین ہوئے راقم اقبال نامہ خدمت بخشی گری و منصب ہزاری و خلعت و فیل سے مشرف ہوا۔ اور حکم ہوا کہ مہابت خاں سزاولی کرکے شاہزادہ پرویز کو برہانپور سے الہ آباد روانہ کرے۔

اور دیوانان عظام شاہزادہ کی جاگیر اسی صوبہ میں منتقل کردیں۔

روز شنبہ غرۂ ذیقعدہ ۱۰۲۵ھ مطابق ۱۲ آبان ۱۱ سنہ جلوس کو جانب مالوہ سفر کا اتفاق ہوا اس راستہ میں عجیب سانحہ پیش آیا خواجہ سرایان بادشاہی میں سے کسی نے سارس کے دو بچے راستہ سے پکڑ لئے۔ سارس کلنگ کی طرز کا ایک جانور ہے مگر کلنگ سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کا سر سرخ ہوتا ہے۔ جب حضرت شاہنشاہی شکارگاہ سے واپس ہو کر منزل پر تشریف لائے دو بڑے سارس فریاد کرتے خلوت خانۂ بادشاہی کے سامنے بے دہشت و اضطراب آکر بیٹھ گئے اور مظلوموں کی طرح فریاد و فغاں کرنے لگے سبب معلوم ہونے کے بعد وہ خواجہ سرا دونوں بچوں کو حضور اشرف میں لایا۔ بچوں کو دیکھتے ہی بے تابانہ نزدیک جا کر اس گمان میں کہ شاید چارہ نہ ملا ہو کوئی چیز اپنے منہ سے نکال کر بچوں کے منہ میں رکھدی اور بچوں کو درمیان میں لے کر شوق کے پر و بازو سے اڑتے ہوئے اپنے آشیانہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ سارس کا اپنی مادہ کے ساتھ محبت و انس رکھنا عام طور سے مشہور ہے۔ ایک واقعہ قیام پسر شاہ محمد قندھاری قراول بیگی حضرت جنت مکانی جہاں پناہ کی خدمت میں بیان کرتا تھا کہ میں ایک دن شکار کو گیا ایک سارس کو ایک درخت کے سایہ میں بیٹھے دیکھا میں نے بندوق سے شکار کرنا چاہا اور اس ارادہ سے چند قدم بڑھا کہ جب کھڑا ہو تو بندوق سے شکار کروں اس نے کوئی حرکت ہی نہ کی میں جتنا قریب ہوا اتنا ہی وہ مطمئن و ساکت نظر آیا، وحشت کے کوئی آثار اس پر نہ معلوم ہوئے میں نے اپنے آپ سے کہا کہ شاید بیمار ہے۔ جب اس کے سر پر پہنچ کر اس کا پاؤں پکڑا اور کھڑا کیا تو اتنا ہلکا معلوم ہوا کہ گویا ایک مثقال گوشت بھی اس کے تمام اعضا میں نہیں۔ وہ تین قدم لنگڑاتا ہوا چلا تھا کہ مر کے گر پڑا۔ جب بغور دیکھا تو اس کے سینہ میں کیڑے پڑ گئے گوشت و پوست تحلیل ہو چکا تھا۔ اور جہاں وہ بیٹھا تھا وہاں چند ہڈیاں ایک مردہ سارس کی پڑی ہوئی تھیں جو اس کے بال و پر میں چھپی تھیں معلوم ہوا کہ اپنی مادہ کی ہڈیاں سینے کے نیچے لئے بیٹھا تھا۔ اس قسم کی حکایتیں بکثرت زبان زد خاص و عام ہیں۔

راقم اقبال نامہ کو ایک عجیب بات محسوس ہوئی جس سفر میں حضرت شاہنشاہی اجمیر سے کشمیر جا رہے تھے ایک دن حوالی تھانیسر میں ایک حقیر خواجہ سرا ایک کنجشک صحرائی کا بچہ ہاتھ میں لئے آیا۔ اس کی بھی ماں فریاد کرتی ہمراہ تھی۔ ابھی خواجہ سرا نے بچہ کنجشک کو

۹۱ پنجرہ میں رکھکر پنجرہ اپنے پاس سے دور کر دیا۔ ماں اس کی ہر دم جنگل کی طرف جاتی اور چند دانہ منہ میں لیکر آتی اور اس بچہ کو کھلاتی تھی اور پھر جنگل کو چلی جاتی تھی یہ روز اسی طرح گزر گیا۔ دوسرے روز جب کوچ ہوا اس کی ماں اڑتی ہوئی ساتھ چلی اور پہلے دن کی طرح اپنے بچہ کو چارہ پہنچاتی رہی جب یہ خبر مجھے پہنچی میں نے طلب کر کے حکم دیا کہ بچہ کو ہاتھ میں رکھے دیکھیں چڑیا ہاتھ پر بیٹھتی ہے یا نہیں۔ وہ پہلے فریاد کرتی ہوئی اس بچے گرد وپیش اڑنے لگی اور آخر کو بے تابانہ اس خواجہ سرا کے ہاتھ پر بچہ کے پہلو میں بیٹھی اور اسی طرح چار منزل تک لشکر کے ساتھ چلتی رہی یہانتک کہ بچہ میں قوت پرواز پیدا ہوئی اور وہ اس کو اڑا کر اپنے ساتھ لے گئی۔

جب بادشاہزادہ عالم شاہ خرم رانا کی حدود متعلقہ میں پہنچے تو رانا بغایت اخلاص وسعادت مندی منزل او تو لہیں تقدیم شرائط بندگی وادائی مراسم زمین بوسی سے سعادت یاب ہوا، اور پانچ زنجیر ہاتھی، ستائیس راس گھوڑے اور جواہر ومرصع آلات کا ایک خوان بطور پیشکش نذر کیا۔ شاہزادہ عالم پناہ نے تین گھوڑے قبول فرما کر بقیہ چیزیں اس کو بخشدیں اور خلعت چار قب شمشیر مرصع خنجر مرصع، اسپ عراقی وترکی وفیل عنایت فرما کر رخصت کی اجازت دی۔ اس کے فرزندوں اور مخصوص معتمدوں کو بھی خلعت عطا ہوا اور قرار پایا کہ رانا کا پوتا ڈیڑھ ہزار سوار کے ساتھ اس یورش میں ملازم رکاب رہے

اٹھارویں محرم سنہ ۱۰۲۶ھ موافق سال دہم جلوس جہانگیری کو موکب اقبال کے گھاٹی چاندا سے گزرنیکا اتفاق ہوا۔ یہ منزل داخل ولایت مالوہ ہے مالوہ اقلیم دوم سے ہے۔ اس ملک کا طول ولایت گڈھ سے بانسوالا تک دو سو پینتالیس کوس ہے۔ اور مالوہ کا کوس بادشاہی کوس سے ذرا کم نہیں، اور عرض پرگنہ چندیری سے پرگنہ ندر بار تک دو سو تیس کوس۔ شرقی ولایت مانڈھو جو اولاد راجہ رامچندر مشہور سے متعلق ہے شمالی جلوہ نرور جنوبی ولایت بگلانہ اور غربی ملک گجرات ہے۔ مالوہ نہایت اچھی آب وہوا کا ملک ہے اس میں نہریں اور بہتی ہوئی ندیاں بہت ہیں۔ اس کی ہوا قریب بہ اعتدال ہے قصبہ دھار میں راجہ بھوج نے ایک قلعہ پتھر کا نہایت معقول ومطبوع بنایا ہے گویا، ایک پتھر سے تراشا ہے۔ یہاں ایک سال میں دو مرتبہ انگور پھلتا ہے ایک ابتدائے حوت میں دوسرے ابتدائے اسد میں

لیکن حوت میں زیادہ شیریں ہوتا ہے۔ چوبیس کروڑ سات لاکھ دام اس ولایت کی مالگزاری ہے۔ پادشاہان مالوہ بیس ہزار سوار تک رکھتے ہیں قلعہ مانڈو ان کا پائے تخت تھا۔ ان کی حقیقت حال ان آثار سے جو ابتک قایم ہیں ظاہر ہوتی ہے۔

دوسری اسفندارمذ کو بلدہ اوجین میں پڑاؤ ہوا چونکہ متواتر آنے جانے والوں سے ایک مرتاض سنیاسی کی تعریف عرض اقدس میں پہنچی تھی اس لئے خاطر حق جو اس کی ملاقات پر راغب ہوئی

اس سنیاسی کا نام (اجہدروپ اغرم) ہے۔ شہر اوجین کے نزدیک ایک جنگل کے گوشہ میں آبادی سے دور ایک پشتہ واقع ہے، اس پشتہ میں ایک سوراخ بنا لیا ہے وہی اس کا مسکن و مامن ہے، اس سوراخ میں آنے جانے کا راستہ ساڑھے پانچ گرہ لمبا اور ساڑھے تین گرہ چوڑا ہے۔ حیرت ہوتی ہے کہ اتنے تنگ راستہ سے باوجود ضعف جثہ کے آتا جاتا ہے، پہلے اپنے دونوں ہاتھ دراز کر کے اندر آتا جاتا ہے پھر سر بعد ازاں بعینہ سانپ کی طرح خود کو داخل کرتا ہے نکلتے وقت بھی یہی صورت اختیار کرتا ہے اس سے دیکھنے والے کو سخت حیرت ہوتی ہے۔ اس کے پاس نہ بوریا ہے نہ پیال کہ جاڑے میں اور ٹھنڈی ہوا میں نیچے بچھائے۔ البتہ ایک آدھے ہاتھ کا ٹاٹ کا ٹکڑا رکھتا ہے جس سے اپنے بدن کے اگلے اور پچھلے اعضا کی پوشش کرتا ہے۔ نہ سردی میں آگ نہ گرمی میں ہوا، روزانہ دو مرتبہ دریا میں آکر غسل کرتا ہے۔ ایک تانبے کا برتن پانی پینے کا ہاتھ میں رکھتا ہے۔ تمام شہر میں برہمنوں کے سات گھر جو بیوی بچے والے ہیں اور اس کی درویشی و قناعت کے معتقد ہیں انتخاب کر کے دن میں ایک مرتبہ اجین آتا ہے اور بےخبری کے عالم میں ان سات میں سے تین کے گھر آکر فقیروں کی طرح کھڑا ہوتا ہے وہ لوگ پانچ لقمے کھانے کے ہاتھ پر رکھدیتے ہیں وہ بغیر چبائے اور مزہ معلوم کئے نگل لیتا ہے۔ بشرطیکہ اس گھر میں شادی، مصیبت یا ولادت واقع نہ ہوئی ہو اور اس گھر میں حائضہ عورت نہ ہو۔ مردوں کے ساتھ بھی اسے کوئی ایسی رغبت نہیں اس سنیاسی نے علم بیدانت جس سے آج کل تصوف مراد ہے خوب حاصل کیا ہے سمجھ تیز اور عقل بلند رکھتا ہے۔ حکیم سنائی کے یہ دو تین شعر اس کے حال کے مطابق ہیں۔ مثنوی

داشت لقماں یکے سرا چہ تنگ
راست چوں حلق نائے وسینہ چنگ

۹۵ بوالفضولے سوال کرد از وے — چیست ایں خانہ یک بدست و بے
بادم سرد و چشم گریاں پیر — گفت ہٰذا لمن یموت کثیر

راقم نے یہ چند اشعار اس کی نسبت نظم کئے ہیں۔

زاہدے دیدم از جہاں رستہ — در بروے جہانیاں بستہ
نہ از و بر دلِ زمیں بارے — نہ دلش را ز چرخ آزارے
دار و اندر ہراس دو روزہ درنگ — خانہ چوں دوات تیرہ و تنگ
درش از حلقۂ تنگ تر بینی — و ز درون عالمی دگر بینی
عالمے آرمیدہ از شر و شور — کردہ جا در درونِ خانۂ مور
در بہار و تموز و صیف و شتا — سر و تن فارغ از کلاہ و قبا
پوشیشش زیر پرتوِ خورشید — پیرہن از حریرِ سایۂ بید
نہ پسند در ایں جہاں درم — خرقہ و لقمہ با ریشت و علم

حضرت شاہنشاہی اس کے ویرانہ پر جو حقیقت سے معمور تھا تشریف لیگئے اور دیر تک قیام فرمایا۔ اس نے مصطلحات تصوف اسلام کو اپنے طریق تصوف سے مطابق کر کے بیان کیا۔ اور کہا کہ اس مقام والے کو سرب ناشی یعنے تارک کل کہتے ہیں
۲۴ اسفندار کو قلعہ مانڈو لشکر گیہاں شکوہ کی فرودگاہ بنا۔ میر عبدالکریم معموری نے حکم اشرف کے مطابق نامی بادشاہوں کی عمارتیں مرمت کر کے از سر نو عمدہ نشیمن اور دلکش عمارتیں جھروکہ و غسلخانے وغیرہ تیار کرائے جو پسند ہوئے۔ قریب تین لاکھ روپیہ صرف ہوا قلعہ مانڈو ایک پہاڑ کی بلندی پر واقع ہے۔ اس کا دور دس کوس کا پیمائش میں آیا ہے۔ ایام برشکال میں خوش ہوا اور روح افزا مقام ہے، در و دشت شہر و دیہات گل و ریاحین سے مالامال ہیں خصوصاً گل مہندی بغیر مشاطۂ بہار کی منت کے عروس ملک کی ہاتھ پانوں رنگین رکھتا ہے۔ راتیں اسقدر سرد ہوتی ہیں کہ بغیر لحاف کے گزر نہیں ہوتی۔ دن کو پنکھے کی حاجت نہیں ہوتی۔ سلاطین ماضی کے آثار مانڈو میں بہت ہیں۔ جنمیں سے سلطان ہوشنگ کا مدفن نہایت شاندار اور بادشاہانہ عمارت ہے۔ دوسری ایک بڑی مسجد ہے اور ایک سلاطین خلجیہ کا مدفن ہے اور ایک پتھر کا مینار ہے نہایت مضبوط و موزوں خان جہاں کے

٩٦ گنبد کے پاس جو ہوشنگ کا وزیر تھا۔

خان جہاں کا ایک بیٹا محمود بے حد عقلمند و بہادر و دلیر اور بلند خیال تھا، ہوشنگ کی وفات کے بعد محمود ہوشنگ کے بیٹے کو جو صغر سنی میں باپ کا جانشین ہوگیا تھا، تیغ بیداد سے معدوم کر کے خود سلطنت پر متصرف ہوگیا۔ اور اپنے عہد حکومت میں کار ہائے نمایاں انجام دیئے اپنی حدود متعلقہ کو جیسا کہ چاہیئے قید ضبط میں لاکر ایک مرتبہ دکن پر لشکر کشی کی اور رایت فتح و فیروزی بلند کر کے گلبرگہ پر قابض ہوگیا تھوڑے دن وہیں رہا مگر جب محمود بیگڑہ والی گجرات حاکم دکن کی امداد کے لئے آیا تو اس کے پایہ ثبات کو لغزش ہوئی مجبوراً اپنے ملک و دولت کی نگہداشت ملک گیری کے عزم پر مقدم رکھکر پایہ تخت کا رخ کیا۔ جب محمود بیگڑہ مرگیا تو گجرات پر چڑھائی کی اور بیرون احمد آباد والی گجرات سے جنگ کر کے فتح پائی۔ اور بہت سا مال غنیمت لے کر مانڈو واپس ہوا۔ دوسری مرتبہ ملتان پر لشکر کشی کی اس ملک کو تاخت و تاراج کر کے خواجہ معین الدین چشتی کے روضہ کی تعمیر میں مصروف ہوا۔ آج کل روضہ جس حالت میں ہے اسی کے آثار دولت کی بدولت ہیں مختصر یہ کہ سلطان محمود خلجی کے انتقال کے بعد اس کا بیٹا سلطان غیاث الدین اڑتالیس سال کی عمر میں تخت نشین ہوا اور اپنے امرا و وزرا سے بیان کیا کہ تیس سال سے لشکر کشی کر کے باپ کی خدمت میں طرح طرح کی تکلیفیں اور جانفشانیاں برداشت کرچکا ہوں اب کہ سلطنت مجھے ملی ہے ملک گیری کا ارادہ نہیں رکھتا اور چاہتا ہوں کہ بقیہ عمر عیش و عشرت میں گزاروں۔ مشہور ہے کہ پندرہ ہزار عورتیں اس کے حرم میں تھیں اور اپنی عورتوں کا ایک شہر بنایا تھا جس میں حاکم قاضی کوتوال اہل حرفہ وغیرہ سب عورتوں ہی میں سے مقرر کئے گئے تھے، اور سارا انتظام وہی تھا جو نظام شہر کے لئے ضروری ہے۔ جب کسی حسین عورت کی خبر پاتا تو جب تک حاصل نہ کرلیتا چین سے نہ بیٹھتا۔ اس نے کنیزوں کو دستکاریاں سکھائی تھیں اور جن کو ادراک عالی و فہم بلند سے موصوف دیکھتا تھا ان کو تعلیم دلا کر امتیاز عطا کرتا تھا سواری و شکار پر بہت مائل تھا ایک شاندار آہو خانہ بنایا تھا، اس میں شکاری جانور جمع رہتے تھے، ہمیشہ عورتوں اور اپنے حرموں کے ساتھ سیر و شکار میں وقت گزارتا تھا۔ القصہ تیس سال کی حکومت میں نہ وہ کسی دشمن پر حملہ آور ہوا نہ اس کے ملک پر کسی نے جرأت کی

اس کی مجلس میں کبھی کوئی وحشت افزا بات نہیں کی گئی۔ جب اس کی عمر اسی سال کی ہوئی تو مشہور ہے کہ اس کے ناخلف بیٹے نصیر الدین نے اس کو دو بار زہر دیا اس نے ہر بار اپنے بازو پر بندھے ہوئے زہر مہرہ سے اس کا اثر دفعہ کر دیا۔ تیسری بار نصیر الدین نے شربت کے پیالے میں زہر ملا کر خود باپ کو دیا کہ پی لیں۔ باپ نے جب اس کام میں اس کا اتنا اہتمام دیکھا تو پہلے زہر مہرہ اپنے بازو سے کھول کر اس کے آگے پھینک دیا۔ پھر درگاہ بے نیاز میں سر بسجود ہو کر کہنے لگا کہ "میری عمر اسی کو پہنچی، اس مدت میں میں عیش و عشرت سے بسر کرتا رہا، کوئی آرزو میرے دل میں باقی نہیں۔ اب میں امید وار ہوں کہ نصیر الدین کو گناہ میں ماخوذ نہ کر اور روز جزا اس سے باز پرس نہ فرما"۔ پھر وہ پیالہ اس بدخصلت ناخلف کے ہاتھ سے لے کر پی لیا اور جان خدا کو سپرد کی گنبد مذکور میں، خانجہاں اس کے بیٹے سلطان محمود، سلطان غیاث الدین پسر محمود، سلطان ناصر الدین پسر سلطان غیاث الدین و محمود ثانی پسر غیاث الدین کی قبریں بنی ہوئی ہیں، اصلی قبر اس کی سنگ مرمر کی ہے اس پر نگین چینی پتھر تراش کر نصب کر دئے ہیں اور اس طرح وصل کر دئے ہیں کہ درز معلوم نہیں ہوتی۔

حکم ہوا نصیر الدین بدکیش کی قبر کھود ڈالیں۔ اور اس کی استخوان دریائے نربدہ میں ڈال دیں۔ قبر کھودی گئی تو چند بوسیدہ ہڈیوں کے ساتھ مٹھی بھر خاک برآمد ہوئی۔

جب شاہزادہ جواں بخت کے موکب اقبال نے دریائے نربدہ سے عبور کیا تمام امرائے عظام، منصب دار اور بندگان درگاہ جو دکن میں تھے باریاب ہوئے۔

دوشنبہ کے دن پنجم ربیع الاول ۱۰۲۶ھ کو شہزادہ جواں بخت شاہ خرمؔ کی سواری برہانپور پہنچی۔ یہاں علامی فہامی افضل خاں اور عمدۃ الدولہ راجہ بکرماجیت کی عرضیاں پہنچیں کہ عادل خاں فرمان گیتی مطاع و نشان عالیشان جہانگیری کے استقبال کے لئے سات کوس تک آیا اور آداب تسلیم و زمین بوسی بجا لا کر بندگی و فرمان پذیری کا اظہار کرتے ہوئے اس نے وعدہ کیا کہ جو محال عنبر نے اولیائے دولت کی حدود سے نکال لئے تھے وہ پھر بندگان شاہی کے تصرف میں دیدونگا اور جو پیشکش میرے اور دوسرے مالداران دکن کی حیثیت کے لائق ہوگی مہیا کر کے روانۂ درگاہ والا کر دونگا۔ پھر ابھی دو تین دنوں میں عنبر کے پاس سمجھدار آدمی بھیج کر جو مناسب معلوم ہوا کہلا بھیجا۔

قیام برہانپور ہی کے زمانہ میں حضرت شاہنشاہی کی تجویز کے مطابق شاہزادہ نے

۱۰۰ شانواز خاں خلف عبدالرحیم خانخاں کی لڑکی سے نکاح کر کے اس دولت خواہ کے مرتبہ کو اس نسبت سے سربلندی بخشی اور وہ عمدہ دودمانِ خلافت از سرِ نو جوان دولت ہوا۔

## آغاز سال دوازدہم جلوس مبارک

روز دوشنبہ بارہ ربیع الاول ۱۰۲۶ھ کو آفتاب کے برج حمل میں آتے وقت سنہ جلوس کا بارھواں سال میمنت و برکت کے ساتھ شروع ہوا۔ اس مدت میں کہ حضرت شاہنشاہی بلدہ مانڈو میں قیام فرما تھے ہمیشہ سیر و شکار میں وقت گزاری کر کے بہت سے قوی شیر ببر جن سے باشندگان مانڈو کو نقصان پہنچتا تھا شکار کئے۔

۲۹ تیر کو سید عبداللہ بارہہ برہانپور سے شاہزادہ ظفر پناہ کی عرضداشت لے کر جس میں فتح کی خبریں لکھی تھیں خدمت اقدس میں پہنچے اور عتبہ خلافت پر ناصیہ سائی سے عزت حاصل کی۔

عرضداشت کا مضمون یہ تھا کہ دکن کی تمام رعایا مطیع و فرمان بردار ہو کر حدود متعلقہ بادشاہی جن پر عنبر نے تصرف کر لیا تھا اولیائے دولت کے قبضہ میں دے چکی ہے، اور قلعوں اور فصیلوں خصوصاً قلعہ احمدنگر کی کنجیاں وکلائے درگاہ کے حوالہ کر دی ہیں۔

چونکہ یہ خبر نور جہاں بیگم کے وسیلہ سے مسامع جلال میں پہنچی تھی اس لئے حضرت شاہنشاہی نے پرگنہ تودہ دو لاکھ روپیہ محاصل کا اس مژدہ کے صلہ میں بیگم کو عطا فرمایا۔ اور سید عبداللہ کو سیف خاں کے خطاب سے عزتِ اختصاص بخش کر خلعت، اسپ، فیل اور خنجر مرصع مرحمت کیا اور ایک لعل جو مدتوں سرپیچ مبارک میں رہا تھا تیمناً شاہزادہ گیتی ستاں کے لئے اس کے ساتھ روانہ کیا۔

شاہزادہ عالم شاہ خرم کی سفارش پر عادل خاں کو فرزندی کے خطاب سے چار چند عزت عطا ہوئی اور حکم ہوا کہ اب سے منشیان عطارد رقم فرمانوں میں فرزند کا خطاب پیرایۂ افتخار بنائیں اور یہ شعر فی البدیہہ نظم کر کے قلم خاص سے عنوان فرمان پر ثبت فرمایا۔

شدی از التماس شاہ خرم  
بفرزندی ما مشہور عالم

الغرض جب فرمان عنایت عنوان عادل خاں کے پاس پہنچا، عادل خاں نے

۱۰۱ پچاس زنجیر فیل کوہ پیکر، پچاس راس اسپ عراقی و عربی ایک لاکھ پچاس ہزار ہون نقد اور دوسرے جواہر و مرصع آلات اور کئی قسم کے نادر و قیمتی ہدیے جن کی مجموعی قیمت پندرہ لاکھ روپیہ ہوتی تھی اپنے وکلا کی تحویل میں افضل خاں و راجہ بکرما جیت کے ساتھ درگاہ سلاطین پناہ میں روانہ کئے۔ اور دو لاکھ روپیہ افضل خاں کو اور دو لاکھ روپیہ راجہ بکرماجیت کو دے کر طے کیا کہ افضل خاں پیشکش کے ساتھ رو راست سے برہانپور جائے اور راجہ احمد نگر جا کر قلعۂ مذکور پر مع تمام پرگنات بالاگھاٹ کے جو بندگان درگاہ کے تصرف سے نکل گئے تھے قابض ہو جائے اور احمد نگر خنجر خاں کو جالنا پور جانسپار خاں کو اور اسی طرح ہر جگہ ایک ایک امیر یا سردار شاہی کو حسب فرمان شاہی تسلیم کر کے ان حدود کے ضبط و انتظام سے مطمئن ہونے کے بعد آستانۂ قدسی کی طرف متوجہ ہو۔

چونکہ راجہ بکرماجیت نے سنا تھا کہ بندر گوہ میں ایک لعل سترہ مثقال یا اس سے کچھ زیادہ وزن کا ہے اور اس کی قیمت دو لاکھ روپیہ تشخیص ہوئی ہے اس لیے اس نے عادل خاں کا دیا ہوا روپیہ بھیجکر وہ لعل خرید لیا اور عتبہ بوسی کے موقع پر دوسری نفائس و نوادر کے ساتھ شاہ جواں بخت کی نذر کیا۔

اسی طرح میر کی جو معتقد خاں کے خطاب سے سربلند تھے اور رجادو داس دیوان محلات جو قطب الملک کی نذر لینے گئے تھے وہ بھی پندرہ لاکھ روپیہ کا جواہر و مرصع آلات و فیلان نامی و اسپان قبچاق خرید کر روانۂ درگاہ ہوے۔ قطب الملک نے ہر ایک کی نقد و جنس سے خدمت کی۔

جب فرستادگان شاہی نے بیجاپور و گولکنڈہ کی نذریں عادل خاں و قطب الملک کے حاجبوں کے ساتھ درگاہ آسمان جاہ میں پہنچائیں اور خاطر اشرف صوبۂ دکن کے ضبط و نسق سے مطمئن ہوئی خاندیس برار، اور احمد نگر کا صاحب صوبہ سپہ سالار خان خاناں کو مقرر فرما کر اس کے بیٹے شاہنواز خاں کو جو حقیقت میں جوان خانخاناں ہے بارہ ہزار سوار خوش اسپہ کے ساتھ ولایت مفتوحہ و محال بالاگھاٹ کے انتظام کے لیے متعین فرمایا۔ اور ہر محال کو ایک صاحب جمعیت امیر کی تنخواہ مقرر کر کے تمام لشکر میں سے جو ہمراہ موکب اقبال سعادت پذیر تھے تیس ہزار سوار موجود اور سات ہزار توپچی پیادہ صوبۂ دکن میں چھوڑ کر بتاریخ ۸ مہر سنہ ۱۱ جلوس مطابق گیارہ شوال سنہ ۲۶ھ قلعۂ شاہ آباد مانڈو میں

نزول اجلال فرمایا اور پدر عالی قدر کی ملازمت حاصل کی۔ ۱۰۳

مراسم کورنش و آداب زمیں بوسی ادا ہونے کے بعد جہاں پناہ نے جھروکہ پر طلب کر کے غایت محبت و افراط شوق سے بے اختیار اپنی جگہ سے دو تین قدم بڑھ کر آغوش عاطفت میں کھینچ لیا۔ جتنا اس طرف سے آداب و فروتنی میں مبالغہ ہوا اس طرف سے اعزاز و احترام بڑھا۔

چونکہ نذریں گزراننے کا وقت نہ تھا اس لئے شاہ خرم نے اس دن ایک ہزار مہر اور ایکہزار روپیہ بصیغۂ نذر اور ہزار مہر و ہزار روپیہ برسم تصدق اور نفیس جواہرات سے بھرا ہوا ایک صندوقچہ پیش کر کے فیل سرناک کو جو عادل خاں کے پیش کردہ ہاتھیوں میں سب سے بڑا تھا نذر اقدس سے گزرانا۔

اسوقت بخشیان عظام کو اشارہ ہوا کہ جو امرا شاہزادہ ممالک ستاں کی خدمت سے سعادت یاب ہیں موافق منصب ترتیب کے ساتھ باریاب ہوں پہلے خان جہاں نے زمین بوس ہو کر ہزار مہر نذر اور گھوڑے جواہر و مرصع آلات بصیغۂ پیشکش پیش کئے پھر عبداللہ خاں نے سعادت سجود حاصل کر کے سو روپیہ نذر اور اس کے بعد مہابت خاں نے دولت آستاں بوسی حاصل کر کے سو مہر، ہزار روپیہ اور گھوڑے سے جواہر و آلات مرصع نذر کئے۔ ان میں ایک لعل گیارہ مثقال کا ایک لاکھ روپیہ قیمت کا تھا، ان لوگوں کے بعد داراب خاں پسر خان خاناں، سردار خاں برادر عبداللہ خاں، شجاعت خاں عرب، دیانت خاں، معتمد خاں مولف اقبال نامہ و شہباز خاں افغان اور اودیرام دکھنی زمیں بوس سعادت ہوئے۔

اس سے پہلے فتح رانا کے صلہ میں نواب قدسی القاب شاہزادہ بلند اقبال کو منصب بست ہزاری ذات و دہ ہزار سوار مرحمت ہوا تھا جب تسخیر دکن کے لئے رایت عزم بلند کیا خطاب شاہی تمام عنایات پر اضافہ ہوا، اب اس خدمت شایستہ کے صلہ میں منصب سی ہزاری ذات و بست ہزار سوار و خطاب شاہجہانی عنایت ہوا اور ارشاد فرمایا اس کے بعد سے مجلس بہشت آئین میں تخت کے متصل شاہزادۂ والا قدر کے لئے کرسی بچھائی جایا کرے۔ یہ خاص ملک شکوہ (شاہجہاں) کے ساتھ ایسی مخصوص عنایت ہے جو امیر صاحبقراں کے زمانہ سے ابتک اس سلسلۂ عالیہ میں کسی کے ساتھ نہیں کیگئی، اس کے بعد خلعت مع چارقب زر بفت

۱۰۴ دور گریبان، و سر آستین و حاشیۂ دامن مروارید کشیدہ و شمشیر مرصع مع پر تلہ مرصع و خنجر مرصع مرحمت ہوا اور عود جھڑو کہ سے اتر کر جواہر کا ایک خوانچہ اور ایک خوان زر اس درۃ التاج خلافت وجہانگیری کے سر پر نچھاور کر کے اس برگزیدہ دین و دولت کی عمر و جاہ کی افزایش کی دعا بارگاہ الٰہی سے مانگی راجہ بھرجی زمیندار ملک بگلانہ جہاں پناہ شاہجہاں کے وسیلہ سے حضور میں پیش ہوا۔ برہانپور کے قیام کے زمانہ میں گونڈوانہ کے زمینداروں کی تنبیہ و تادیب کیلئے ایک فوج متعین فرمائی تھی جس کے نبرد آزما بہادر بہ اقبال شاہی ان لوگوں کی کافی تنبیہ کر کے ساٹھ زنجیر ہاتھی دو لاکھ روپیہ نقد چاندہ سے اور تیس زنجیر ہاتھی اور ایک لاکھ روپیہ نقد جانتا سے جنکا مجموعہ نوے زنجیر فیل اور تین لاکھ روپیہ ہوتا ہے برسم پیشکش لے کر اثنائے راہ میں موکب منصور کے ہمرکاب ہو گئے۔

شاہجہاں کے پدر والا قدر کی خدمت میں آنے کے کئی دن بعد نور جہاں نے ایک جشن مرتب کر کے خلعت ہائے گراں بہا نادری کے ساتھ جو گلہائے مرصع اور مروارید ہائے نفیس سے آراستہ تھا اور نادر جواہرات سے مرصع کیا ہوا سرپیچ اور دستار مع طرۂ مروارید اور دو گھوڑے جنمیں سے ایک کا زین مرصع تھا اور فیل اول مع دو مادہ فیل شاہ جوان بخت کو عنایت کئے۔ اسی طرح اور شاہزادگان والا شکوہ اور اہل حرم کو زر دوزی قیمتی کپڑوں کے تھان عطا کئے۔ اس جشن کے کل عطیات تین لاکھ روپے کے قلم بند ہوئے۔

انھیں چند روزوں میں شاہزادہ بلند اقبال شاہجہاں کی نذر پیش ہوئی جس میں ایک سترہ مثقال وزنی لعل تھا جس کی قیمت اہل ہند کے حساب سے اونتیس ٹانک تک ہوئی ہے اور گودہ میں دو لاکھ روپیہ کو فروخت ہوا تھا اور ایک نیلم تھا ایک لاکھ روپیہ قیمت کا۔ کہ آب و رنگ و جسامت میں اس کے مثل دیکھنے میں نہیں آیا۔ اور دو الماس، ایک چالیس ہزار روپیہ کا دوسرا تیس ہزار روپیہ کا اور دو مروارید ایک دو مثقال پندرہ سرخ کا دوسرا اسواسرخ کا نہایت نفیس و آبدار۔ اگر ہاتھیوں اور دوسری نفیس اشیا و تحائف کی تفصیل کروں تو طول ہوگا غرض تمام پیشکش کی قیمت بیس لاکھ روپیہ تھی۔ علاوہ اس کے دو لاکھ روپیہ نور جہاں بیگم کو اور ساٹھ ہزار دوسری بیگمات کو نذر دیا۔

جب عرض مکرر سے معلوم ہوا کہ خان دوراں بڈھا اور ضعیف ہو گیا ہے اور قنطرہ و سواری

جو حکومت کابل کے لوازم سے ہے اسکی تاب و طاقت سے باہر ہے، مہابت خاں کو خلعت و اسپ و فیل خاص عنایت کر کے تقرر عہدہ صاحب صوبگی کابل بھیجا اور صوبہ ٹھٹھہ کی حفاظت محمد شفیع خاندوراں کے ذمہ رہی۔

## توجہ موکب جہانگیری بسمت گجرات

چونکہ خاطر اقدس شکار فیل پر بہت راغب و مائل تھی اور شکار فیل کی سیر کبھی نہ کی تھی پھر ملک گجرات و شہر احمد آباد کی تعریفیں بھی متواتر سنی تھیں اس لئے رائے ہوئی کہ احمد آباد اور دریائے شور کی سیر کر کے مراجعت کے وقت جب ہوا گرم ہو اور شکار فیل کا موسم آئے شکار کرتے ہوئے دار الخلافت میں تشریف فرما ہوں۔

اس عزم صائب کے ساتھ حضرت مریم زمانی و دیگر بیگیات و اہل حرم کو اکبر آباد روانہ فرما کر گیارہ آبان ماہ الٰہی کو موکب اقبال جانب گجرات روانہ ہوا اس زمانہ میں روزنامچہ و قائع کشمیر سے معلوم ہوا کہ ایک ابریشم فروش کے گھر دو لڑکیاں و ندان دار پیدا ہوئی تھیں اور دونوں کی پیٹھ دونوں کی کمروں سے مل کر سر اور ہاتھ پانوں دونوں کے علیحدہ تھے تھوڑی دیر زندہ رہ کر مر گئیں۔

روز جمعہ آٹھ ماہ دے سنہ ۱۲ جلوس کو ساحل دریائے شور پر بارگاہ اقبال نصب ہو گئی سلطان احمد حاکم کنبایت کے باغ میں جو دریا کے کنارے واقع ہے دولت خانہ ترتیب دیا گیا۔ بندر مذکور کے کسی متصدی گاڑیاں آراستہ دعرابہ کر کے لائے اور جہاں پناہ نے خود ان گاڑیوں پر بیٹھ کر ساحل دریا کی سیر فرمائی۔ بارہ روز تک توقف فرما کر سیر و شکار سے مسرور ہوئے ۱۹ ماہ مذکور کو احمد آباد کی طرف کوچ ہوا، چوبیس تاریخ کو تال کا کریہ کے کنارے جو شہر کی آبادی میں واقع ہے خیمے نصب فرمائے گئے پچیس کو جانب شہر توجہ فرمائی چونکہ مزار شاہ عالم سر راہ واقع تھا روضہ میں داخل ہو کر فاتحہ پڑھا۔ ممکن ہے کہ اس مزار فائز الانوار کی عمارت میں ایک لاکھ روپیہ صرف ہوا ہو۔ ان کا سلسلہ مخدوم جہانیاں پر منتہی ہوتا ہے۔ اہل گجرات کو حضرت شاہ عالم کے ساتھ عجیب اعتقاد ہے کہتے ہیں شاہ عالم نے کئی بار مردوں کو زندہ کیا جب ان کے باپ کو اس کی اطلاع ہوئی تو منع کیا کہ خدا کے گھر میں تصرف کرنا خلاف شرط بندگی ہے۔ (سید محمد جو آجکل ان کے جانشین ہیں خوبان روزگار سے ہیں اور سید محمد کے بیٹے سید جلال کا حال کیا لکھوں جو شخص دیدۂ انصاف سے دیکھے ان کے مشاہدہ جمال سے بے دلیل و حجت ان کی فرزندی پیغمبر کا اقرار کرے ؎ بلے چناں پدرے را چنیں بود پسرے۔

شاہ عالم نے ۸۸۰ھ میں دنیائے فانی سے عالم باقی کا سفر کیا۔ ۱۰۷

دوشنبہ کے دن ماہِ مذکور کی پچیسویں تاریخ کو برکت و اقبال کے ساتھ شہر احمد آباد میں داخل ہوئے جیسی تعریف اس شہر کی سنی تھی ویسی دیکھنے میں نہ آئی اگرچہ بازار کے راستہ کو عریض و وسیع بنایا ہے۔ لیکن دکانیں بازار کی وسعت کے مناسب نہیں ہیں۔ اس کی عمارت تمام لکڑی کی ہے، دکانیں بہت کمزور اور چھتیں سفال پوش ہیں اسی روز ولایت گجرات شاہزادہ کشورستان شاہجہاں کی جاگیر میں ضم کر دی۔ مانڈو سے کنبایت تک ایک سو چوبیس کوس کی مسافت ہے اور کنبایت سے احمد آباد تک اکیس کوس۔

احمد آباد کا بانی سلطان احمد ظفر خاں کا پوتا ہے، بازار کے درمیان ایک مسجد بنی ہے نہایت بلند تین دروازوں پر مشتمل ہے ہر دروازہ کے سامنے ایک بازار ہے، اور جو دروازہ جانب شرقی واقع ہوا ہے اس کے سامنے سلطان احمد مذکورہ کا مقبرہ ہے، اس گنبد میں سلطان احمد، اس کا بیٹا محمد اور پوتا قطب الدین دفن ہیں۔ مسجد کا طول علاوہ مقصورہ کے ایک سو تینتیس ہاتھ ہے اور عرض نواسی ہاتھ۔ اس کے دور پر ایک ایوان بنایا ہے چار ہاتھ تین قدم کا چوڑا۔ مسجد کا فرش اینٹ کا ہے اور ستون سنگ سرخ کے۔ اور مقصورہ میں تین سو چون ستون ہیں ستونوں کے اوپر گنبد بنا ہوا ہے مقصورہ کا طول پچھتر ہاتھ اور عرض سینتیس ہاتھ ہے، مقصورہ کا فرش و محراب و منبر سب سنگ مرمر سے بنا ہے پیش طاق مسجد کے دونوں بازو اور مینار پرکار پتھر سے تراشے گئے ہیں اور تین آشیانوں پر مشتمل ہیں جن میں نہایت نقاشی و کاریگری کی گئی ہے منبر کے دائیں جانب کنج مقصورہ سے متصل ایک شاہ نشین علیحدہ کر کے ستونوں کے درمیان سے ایک تختہ سنگ کے ساتھ پوشیدہ کر دی ہے اور اس کے دور میں چھت تک پتھر کا کٹہرہ بنایا ہے تاکہ بادشاہ اپنے مخصوص و مقرب لوگوں کے ساتھ اس میں جا کر نماز ادا کرے۔ اس جگہ کو اہل گجرات کی اصطلاح میں ملوک خانہ کہتے ہیں۔

دوسرے دن حضرت شاہنشاہی شیخ وجیہ الدین کی خانقاہ میں تشریف لے گئے اور لوازم زیارت و نیازمندی ادا کیں۔ شیخ محمد غوث کے خلفا سے ہیں لیکن ایسے خلیفہ ہیں جس کی خلافت پر مرشد کو فخر ہے۔

حقیقت میں شیخ وجیہہ الدین کی ارادت شیخ محمد غوث کی علوئے شان پر ایک روشن دلیل ہے شیخ وجیہہ الدین فضائل ظاہری وکمالات باطنی سے آراستہ تھے بخلاف شیخ محمد غوث کے کہ ان پڑھ تھے ۔ فضلائے وقت میں سے کسی نے شیخ وجیہہ الدین سے کہا تم سے یہ بات بعید معلوم ہوتی ہے کہ ایک جاہل کو مرشد بنایا ہے ۔ جواب میں فرمایا کہ خدائے عزوجل کا احسان ہے کہ میرا پیر بھی پیغمبرؐ کی طرح امّی ہے ۔ اب سے تیئیس سال قبل اس شہر میں وفات پائی ۔ اور ان کی جگہ باپ کی وصیت کے موافق شیخ عبداللہ مسند ارشاد پر متمکن ہوئے یہ نہایت عابد و مرتاض درویش تھے ۔ باوجود کمال شکستہ حالی کے نہایت مضبوط و باکمال تھے ، درویشوں کی خدمت اور ان کی پرسش حال و خبرگیری میں بسر کرتے تھے ۔ جب شیخ عبداللہ کا وصال ہوا اور ان کے بیٹے شیخ اسد اللہ سجادہ نشین ہوئے مگر یہ جلد ہی انتقال کر گئے ، ان کے بعد شیخ اسد اللہ کے بھائی شیخ حیدر صاحب سجادہ ہوئے جو ابھی تک بقید حیات ہیں ۔ آثار خیر ان کے ناصیہ حال سے ظاہر ہیں ۔

چند روز کے بعد شیخ احمد کھتو کے روضہ کی زیارت پر توجہ فرمائی کھتو مضافات ناگور کا ایک قصبہ ہے اور شیخ کا مولد ہے شیخ سلطان احمد بانی گجرات کے زمانہ میں تشریف لائے سلطان احمد ان کا بہت معتقد تھا ۔ اس ملک کے لوگ شیخ کو اولیائے کبار میں شمار کرتے ہیں ۔ اور ہر شب جمعہ کو گروہ در گروہ خلق خدا وضیع و شریف ہر طبقہ کے ان کی زیارت کیلئے حاضر ہوتا ہے ۔ سلطان محمد پسر سلطان احمد نے مقبرہ و مسجد و خانقاہ وغیرہ بڑی بڑی عمارتیں ان کے مزار پر بنوا دی ہیں مقبرہ کے متصل جانب جنوب ایک بڑا تالاب بنایا ہے اس کا دور پتھر اور چونے سے تیار ہوا ہے ۔ ان عمارتوں کی تکمیل قطب الدین پسر محمد شاہ کے زمانہ میں ہوئی ۔ سلاطین گجرات کا مقبرہ تالاب کے کنارہ مزار شیخ کے پائیں جانب واقع ہے گنبد کے اندر سلطان محمود بیگڑہ ، سلطان مظفر الدین اور محمود شہید جو سلاطین گجرات میں آخری بادشاہ ہے سو رہے ہیں ۔ بلا مبالغہ مقبرہ شیخ نہایت پرفیض مقام ہے ۔ ان عمارات میں از روئے قیاس پانچ لاکھ روپیہ صرف ہوا ہوگا ۔ والعلم عنداللہ ۔

بروز دوشنبہ غرہ اسفندار احمد آباد سے بجانب مالوہ کوچ کا اتفاق ہوا ۔ اثنا میں متواتر شکار سے تفریح فرماتے ہوئے قصبہ دایوتنک تشریف لے گئے دریائے مھی کے کنارے سورٹیہ جام کے زمیندار بوسیلہ شاہزادہ عالم شاہجہاں باریاب ہوئے

اور پچاس راس کچھی گھوڑے پیشکش میں لائے اس کا نام جبا ہے اور جام لقب ہے جو شخص 110
اوس کا جانشین ہوتا ہے اوس کو جام کہتے ہیں۔ یہ گجرات کے عمدہ زمینداروں میں بلکہ ہندوستان کے نام برآوردہ راجاؤں میں سے ہے۔ اس کا ملک دریائے شور کے قریب ہے، پانچ چھ ہزار سوار ہمیشہ ساتھ رکھتا ہے ضرورت کے وقت دس بارہ ہزار سوار مہیا کر سکتا ہے۔ اس کے ملک میں گھوڑے بہت ملتے ہیں کچھی گھوڑے ملک گجرات اور کچھ میں دو تین ہزار روپیہ کو خرید و فروخت ہوتے ہیں اور ملک دکن میں ایک ہزار ہون اور ایک ہزار دو سو ہون میں جس کے چار ہزار اور پانچ ہزار روپے ہوتے ہیں تلاش کر کے لیے جاتے ہیں۔

اسی تاریخ کو راجہ لچھمی نرائن زمیندار ولایت کوچ جو بلاد بنگالہ کے آخر میں واقع ہے حاضر بارگاہ ہو کر پانچسو مہریں نذر لایا۔

غرائب واقعات میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ بہار الدین برق انداز نے ایک لنگور کا بچہ ایک بکری کے ساتھ ملاحظہ میں پیش کر کے عرض کی کہ مادہ لنگور اپنے بچہ کو دونوں ہاتھوں سے سینہ سے لگائے ہوئے ایک درخت کی شاخ پر بیٹھی ہوئی تھی ایک توپچی نے سنگدلی سے لنگور کی مادہ کے بندوق ماردی وہ مظلوم بچہ کو سینہ سے جدا کر کے ایک شاخ پر چھوڑ کر زمین پر گر پڑی اور مر گئی، اسی اثنا میں میں پہنچا اور اس بچہ کو اتار کر دودھ پلانے کے لئے اس بکری کے پاس لے گیا، حق تعالیٰ نے بکری کو اس پر مہربان کر دیا اور وہ فوراً اس کو چاٹنے اور چومنے لگی اور باوصف عدم جنسیت کے اس سے اتنی مانوس ہوئی گویا اسی کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے حکم ہوا کہ بچہ کو بکری کی نظر سے چھپا دیں۔ بکری بچہ کو نہ دیکھ کر بے تاب ہوئی اور چلانے لگی، بچہ نے بھی مجبور ہو کر ایسی فریاد کی کہ حاضرین کو بھی اس کے حال پر رقت آئی دودھ پینے کے لئے لنگور کے بچہ کی الفت اتنی مستبعد نہیں معلوم ہوتی، بکری کی محبت و دلبستگی اس بچہ کے ساتھ نہایت عجیب ہے۔

## سالِ سیزدہم جلوسِ ہمایوں

شب چارشنبہ سوم ربیع الاول ۱۰۲۷ھ کو تحویل آفتاب کے وقت جلوسِ جہانگیری کا تیرھواں سال شروع ہوا، اس مبارک روز میں رکن السلطنت آصف خاں منصب پنجہزاری

۱۱۱

ذات وسوار پر فائز ہوئے۔ راجہ جام نے خلعت پا کر شمشیر مرصع و فیل و دو اسپ خاصہ کے انعام سے سرفرازی پا کر وطن کی رخصت حاصل کی۔ اس تاریخ کو میر جملہ عراق سے آکر باریاب ہوا۔ اب کچھ اس کا حال لکھا جاتا ہے۔

میر سادات اصفہان سے ہے اس کا نام محمد امین تھا۔ اس کے چچا میر رضی کو شاہ عباس نے صدارت کے منصب عظمیٰ پر ترقی عنایت کر کے اپنی لڑکی نکاح میں دیدی میر محمد امین اس سے چودہ سال پہلے بحال تباہ عراق سے آکر محمد قلی قطب الملک کے پاس پہنچا اور میر محمد مومن مشہور کے وسیلہ سے جو سالہا قطب الملک کی دولت کا دار و مدار رہا نوکر ہوا۔ قطب الملک نے اس کو "میر جملہ" کا خطاب دیکر تمام مہمات مالی و ملکی اس کے قبضہ و اقتدار کے حوالے کر دیں۔ جب تک محمد قلی زندہ رہا تمام حل و عقد میر کی کارآگاہی پر چھوڑ کر ہمیشہ شرابخواری و عیش پرستی میں مشغول رہا اور اس طرح ہر قسم کی فکروں سے آزاد رہکر زندگی گزار دی۔ جب محمد قلی کا انتقال ہو گیا اور ریاست اس کے بھتیجے سلطان محمد کو ملی۔ میر کی اس سے اچھی طرح نہ نبھی۔ اس نے میر کو بآئین مروی رخصت کر کے میر کے دست تصرف کو اپنے اموال و اشیا سے کوتاہ کر دیا اب میر گولکنڈہ سے عادل خاں کے پاس پہنچا وہاں بھی صحبت پر اثر نہ ہوئی مجبوراً عادل خاں سے اجازت لے کر دریا کے راستہ وطن مالوف کا رخ کیا اور عراق میں شاہ عباس کی ملازمت کر کے میر رضی کی نسبت سے مشمول عواطف شاہی ہوا۔ اور شاہ کی خدمت میں کئی دفعہ مناسب نذریں پیش کیں چار سال تک عزت و آبرو کے ساتھ بسر کی۔

اب دونوں کا یہ معاملہ تھا کہ میر تو منصب عالی پر فائز ہونے کا آرزومند تھا اور شاہ کا مطمح نظر یہ تھا کہ التفات زبانی سے کام نکالتا رہے اور جو نفائس اس نے اس مدت میں فراہم کئے ہیں حاصل کر لے۔ جب میر کو حقیقت حال معلوم ہوئی تو مجبوراً ملازمان عتبہ خلافت کے پاس التجا لایا۔ اور باظہار خواہش ملازمت و آرزوئے خدمت کئی عرضیاں ارسال کیں۔ حضرت شاہنشاہی نے فرمان عاطفت عنوان بھیجکر درگاہ گیتی پناہ میں طلب فرمایا۔ چنانچہ آج حاضر بارگاہ ہو کر عواطف و مراحم بادشاہی سے شادکام ہوا، بارہ راس گھوڑے نو تھان نفیس کپڑوں کے دو یاقوت کی انگوٹھیاں برسم پیشکش نذر دیں اور بالطاف خسروی منصب پانصدی ذات و دو صد سوار پر مقرر ہو کر

۱۱۴ دل کی مراد حاصل کی۔

روز یکشنبہ ۱۲ فروردی کو موضع سمارا میں خیمہ ہائے شاہی نصب ہوئے۔ اطلاع ملی کہ اس منزل سے ہاتھیوں کی چراگاہ تک ڈیڑھ کوس کا فاصلہ ہے اور گھنے جنگل اشجار کے تسلسل اور راستہ کے نشیب و فراز کی وجہ سے پیک خیال کا عبور بھی مشکل معلوم ہوتا ہے بہرحال دوشنبہ کے دن تیرھویں تاریخ کو چند مخصوص خدام کے ساتھ شکارگاہ کی طرف توجہ فرمائی۔

پہلے سے بہت سے لوگ پاپیادہ اس جنگلی سرزمین کو قمرغہ کے طریقے پر گھیرے ہوئے تھے جنگل کے باہر تھوڑے سے صحن میں ایک درخت کے اوپر ایک چوبی تخت بادشاہ فیل گیر و شیر شکار کے جلوہ فرما ہونے کے لئے نصب کر دیا تھا۔ اور اس کے آس پاس کے درختوں پر امرا کے بیٹھنے اور تماشہ دیکھنے کے لئے اور نشستیں تھیں۔

دو سو ہاتھی مضبوط کمندوں کے ساتھ اور بہت سی ہتھنیاں مہیا کی گئیں تھیں۔ ہر ہاتھی پر قوم جھریہ کا (جو ہاتھیوں کے شکار کے لئے مخصوص ہے) ایک فیلبان بیٹھا تھا اور یہ طے ہوا تھا کہ فیلان صحرائی کو اطراف جنگل سے ہنکا کر حضور میں لائیں تاکہ ان کے شکار کی سیر دلخواہ طریقہ پر ہو سکے۔ اتفاق سے جو وقت لوگ اطراف سے جنگل میں آئے درختوں کے انبوہ سے سلسلہ انتظام ٹوٹ گیا اور قمرغہ کی ترتیب خراب ہوگئی۔ فیلان صحرائی ہر طرف دوڑنے لگے۔ بارہ زنجیر فیل نر و مادہ حضور اشرف میں شکار ہوئے۔ ان میں سے دو ہاتھی نہایت خوش صورت و جسیل ہاتھ آئے۔

اسی زمانہ میں دلاور خاں کاکر احمد بیگ خاں کابلی کے تغیر کی وجہ سے کشمیر کا حاکم ہوا۔

کسی سے معلوم ہوا کہ عبدالرحیم خانخاناں نے مولانا جامی کی اس غزل پر غزل لکھی ہے جس کا ایک مصرع یہ ہے ؎ بہر یک گل زحمت صد خار می باید کشید حضرت شاہنشاہی نے اسی وقت یہ مطلع نظم فرمایا۔

؎ ساغری بر رُخ گلزار می باید کشید ابر بسیار است مے بسیار می باید کشید

چونکہ شدت گرما اور عفونت ہوا سے لوگوں کو بہت تکلیف تھی اور بُعد مسافت کی وجہ سے دارالخلافت اکبرآباد تک پہنچنا وقت و صعوبت سے خالی نہ تھا اس لئے رائے صواب اندیش کا اقتضا یہ ہوا کہ گرمی اور برسات کا موسم احمدآباد میں گزار کر ختم

۱۱۴ ایام بارش کے بعد آگرہ چلنا چاہیے۔ یہ عزم فرما کر مقام دھود سے سمت احمد آباد تشریف لے چلے

اسی حال میں مخبرانِ دار الخلافت کی عرضداشت سے اطلاع ملی کہ مستقر خلافت میں اثر وبا ظاہر ہوا ہے اور کثرت سے لوگ تلف ہو رہے ہیں اس بنا پر آگرہ نہ جانیکا عزم مصمم ہو گیا جس کا خیال خاطر حقیقت سنج میں پہلے ہی پیدا ہو چکا تھا۔

سات اردی بہشت مطابق غرۂ جمادی الاول نیک ساعت میں شہر احمد آباد میں نزول سعادت کا اتفاق ہوا۔ اسوقت گرمی کی شدت اور ہوا کی عفونت سے احمد آباد میں بیماری پھیل چکی تھی۔ لشکر اور اہل شہر سے کوئی نہ بچا جو دو تین دن بلائے تپ میں مبتلا نہ ہوا ہو اس دو تین دن کے بخار سے ضعف و سستی اس درجہ غالب ہو جاتی تھی کہ مدتوں نقل و حرکت میں تکلف ہوتا تھا۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ انجام اچھا تھا۔ کسی کو نقصانِ جان نہیں پہنچا۔ اتفاقاً حضرت شاہنشاہی بھی دو تین روز اس ضعف میں مبتلا رہے اور اسقدر آزار جہاں پناہ کے وجود مبارک کو پہنچا کہ ناطقہ اس کے بیان سے عاجز ہے۔

مجھے حیرت ہے کہ اس شہر کے بانی کو اس کی کونسی لطافت وخوبی پسند آئی کہ ایسی سرزمین بے فیض وبد ترین میں شہر کی بنا رکھی، اور اس کے بعد دوسروں کو کیا ملحوظ تھا کہ عمر گرانمایہ اس خاکدان میں بسر کر دی۔ یہاں کی ہوا سموم، زمین کم آب و ریتیلی گرد وغبار اس کثرت سے کہ بگولا اور ہوا کی شدت کے وقت پشت دست نظر نہیں آتی پانی نہایت خراب اور ناگوار، جو ندی شہر کے قریب جاری ہے سوائے ایام برسات کے ہمیشہ خشک رہتی ہے کنوئیں اکثر شور و تلخ۔ جو تالاب آبادی میں واقع ہیں دھوبیوں کے صابن سے گدلے ہو رہے ہیں شرفا نے حسب حیثیت وبضاعت اپنے مکانوں میں حوض بنائے ہیں بارش کے زمانہ میں بھر لیتے ہیں اور دوسرے سال تک اسی کا پانی پیتے ہیں۔ اس پانی کی مضرت جسمیں ہوا سرایت نہ کرے اور اس میں بخارات کے نکلنے کا راستہ نہ ہو ظاہر ہے۔ بیرون شہر تمام صحرا زقوم زار بنا ہوا ہے اور جو ہوا اسی زقوم زار سے نکلتی ہے اس کی فیض رسانی معلوم۔

؎ اے تو مجموعۂ خوبی زکدامت گویم

اس زمانہ میں راجہ بہارہ جو ولایت گجرات کے معتبر زمینداروں میں سے ہے حاضر آستان ہو کر دو سو مہر بصیغۂ نذر اور دو ہزار روپیہ برسم نثار اور ایک سو گھوڑے بطور پیشکش لایا ملک گجرات میں

۱۱۶ اس سے بڑا کوئی زمیندار نہیں اس کی زمین دریائے شور سے ملی ہوئی ہے، بہارہ اور جام ایک ہی ہیں دس پشت اوپر دونوں کا نسب ملجاتا ہے جمعیت و اعتبار کے لحاظ سے بہارہ جام سے بڑا ہے، کہتے ہیں کہ یہاں کا راجہ گجرات کے کسی بادشاہ سے ملنے آیا سلطان محمود نے ایک مرتبہ اس پر فوج بھیجی شکست سلطان ہی کی فوج کو ہوئی راجہ کی عمر ستر سے متجاوز ہے اور وہ خود کہتا ہے کہ میں نوے سال کا ہوں۔ اس کے حواس و قویٰ میں کوئی فتور نہیں۔

راجہ کے آدمیوں میں ایک پیرمرد دیکھا گیا جس کے موئے ریش و بروت و ابرو سب سفید تھے کہتا ہے کہ میرے ایام طفولیت رائے بہارہ کو یاد ہیں اسی کے سامنے بڑا ہوا ہوں جب راجہ تھوڑے دن خدمت والا میں رہ لیا، اسپ خاصہ، فیل نر مع مادہ فیل، خنجر مرصع و شمشیر اور چار انگوٹھیاں یاقوت سرخ کا زرد، نیلم اور یاقوت زرد کی عنایتًا عطا فرما کر رخصت مرحمت ہوئی۔

اسی موقع پر حضور سے عرض کیا گیا کہ قراولان بادشاہی نے ایک سو تراسی ہاتھی نر و مادہ اطراف و ہودس میں شکار کئے، تہتر ہاتھی نر ایک سو بارہ مادہ اور قراولان شہزادہ بلند اقبال شاہجہاں نے چھبیس زنجیر نر اور ینتیس زنجیر مادہ گرفتار کئے۔

اس تاریخ کو راجہ بکرماجیت جو شاہزادہ جواں بخت کے منتخب و پسندیدہ امراء سے ہے آنحضرت کی نوازش و تربیت سے مراتب بلند پر سرفراز ہوا اور شاہزادہ گیتی ستاں کی التماس پر بندگان شاہی ملازمان عتبۂ سلطنت کی ایک جمعیت کے ساتھ جس میں شاہباز خاں لودی و ہردی نراین ہاڑہ، راجہ پرتھی چند وغیرہ دو سو سوار برقنداز اور پانچسو نفر توپچی پیادہ سوار پہلی متعینہ فوج کے شامل تھے تسخیر قلعہ کانگڑہ کی اجازت پا کر عنایت خلعت و شمشیر سے سرفراز ہوا راجہ نے ایک زمرد کی تسبیح قیمتی دو ہزار پیشکش کی۔

## مراجعت موکب ہمایوں بدار الخلافت اکبرآباد

شنبہ کے مبارک دن اکیس شہریور ماہ الٰہی سنہ ۱۳ جلوس مطابق ۲۲ رمضان ۱۰۲۷ھ کو رایات اقبال آگرہ روانہ ہوئے۔ مقرب خاں کو جو بچپن سے جہاں پناہی کی خدمت سے بہرہ مند تھا بلحاظ حقوق خدمت عنایات و مراحم بیدریغ سے شاد کر کے ولایت بہار کا صاحب صوبہ مقرر فرمایا۔

بتاریخ ۱۶ اردی بہشت تین گھڑی طلوع صبح سے پہلے کرہ ہوا میں ایک بخاری مادہ دھوئیں کی طرح عمودی شکل کا نمودار ہوا، جو ہر رات کو بہ نسبت شب گذشتہ ایک گھڑی پہلے نظر آتا تھا جب تمام ہوا تو ایک ہتھیار کی شکل اختیار کی دونوں سرے باریک کمر دہرہ کی طرح خمدار اور موٹی، پشت جانب جنوب منہ سمت شمال۔ منجموں اور اختر شناسوں نے اس کا قد و قامت اصطرلاب سے معلوم کیا کہ چوبیس درجہ فلکی پر باختلاف منظر سائر ہے اور فلک اعظم کی حرکت سے متحرک ہے، حرکت خاص بھی فلک اعظم کی حرکت کے ساتھ اس میں ظاہر ہے چنانچہ پہلے برج عقرب میں نظر آتا تھا، تھوڑے ہی دنوں میں برج عقرب کو چھوڑ کر میزان میں پہنچا۔ جہت جنوب میں حرکت عرضی بھی رکھتا ہے دانایان فن نجوم نے کتابوں میں اس قسم کو حربہ لکھا ہے۔ اس علامت کے ظاہر ہونے کے سولہ شب بعد اسی سمت میں ایک ستارہ نظر آیا۔ اس کے سر پر روشنی تھی اس کی دم دو تین گز لمبی نظر آتی تھی۔ لیکن دم کی طرف کوئی چمک یا روشنی نہ تھی۔ اس کے آثار سے وسعت آباد ہند میں جو کچھ ظاہر ہوا، وباد طاعون ہے جس کا اثر ازمنہ ماضی میں کبھی نہ تھا نہ لوگوں سے سنا نہ اہل ہند کی معتبر کتابوں میں دیکھا۔ اس کے ظہور سے ایک سال میں یہ اثر ظاہر ہوا اور آٹھ سال تک رہا۔ اسی کے اثر سے حضرت شاہنشاہی اور ناظمین جہانبانی کے درمیان شورش و فساد کے دروازے کھل گئے سات آٹھ سال تک زمانہ فتنہ و آشوب کا مرکز رہا کیا کیا خوں ریزیاں ہوئیں کیسے کیسے گھر ویران ہو گئے۔

ان دنوں بہادر خاں حاکم قندھار کی عرضداشت سے معلوم ہوا کہ نواح شہر اور اس کے پرگنوں میں چوہوں کی اتنی کثرت ہے کہ محصولات زرعی و سرورختی کا نام بھی باقی نہیں۔ بڑی سعی و محنت کے بعد ایک ربع حاصل رعایا کے ہاتھ آیا۔ اسی طرح فالیز و باغات انگور کا نشان بھی نہ رکھا اور جب میوہ و غلہ باغ و صحرا میں نہ رہا سب چوہے مر گئے۔

شب یکشنبہ بارھویں آبان مطابق گیارہ ذی قعدہ کو بمقام دھود شاہزادہ گیتی ستاں شاہجہاں کے شبستاں میں قدوۂ خواتین جہاں آصف خاں کی دختر خجستہ اختر کے بطن سے پسر والا گہر پیدا ہوا اس مولود مسعود کا نام صفحۂ روزگار پر سلطان اورنگزیب

ثبت ہوا۔

جب شہر اوجین کو ورود رایات مسعود کا شرف حاصل ہوا۔ شاہزادہ نے جشن ولادت فرزند ترتیب دیا اور پدر والا گہر کے قدوم میمنت لزوم سے اس جلسہ کو رشک فردوس بریں بنایا۔ پچاس ہاتھی برسم پیشکش سرمجلس نذر کئے، جس میں سے سات ہاتھی فیلان خاصہ میں داخل کئے گئے۔ شاہزادہ کی پیشکش سے جتنی چیزیں مقبول خاطر ہوئیں ان سب کی قیمت دو لاکھ روپیہ تھی۔

جب رانا امر سنگھ کے مقبوضات میں موکب بادشاہی داخل ہوا۔ کنور کرن اس کا جانشین بیٹا زمیں بوسی سے مشرف ہوا۔ اور بنہایت عقیدت فتح دکن کی مبارکباد عرض کی۔

انھیں ایام میں سورج مل ولد راجہ باسو کی [illegible] بغاوت کی خبر آئی جسکی تفصیل یہ ہے کہ راجہ باسو کے تین بیٹے تھے۔ سورج مل اگرچہ عمر میں سب سے بڑا تھا لیکن اپنی بدسگالی و فتنہ جوئی سے باپ کو رنجیدہ رکھتا تھا۔ اسی لئے اس کے ناہنجار افعال سے باپ مبتلائے وہم ہوکر ہمیشہ اس کو قید میں رکھتا تھا۔ باپ کے مرنے پر چونکہ کوئی اور بیٹا قابل نہ تھا انتظام زمینداری و محافظت ملک کے لئے اس بے نصیب کو خطاب راجگی و منصب دوہزاری پر سرفرازی بخشی گئی اور اس کے باپ نے محال زمینداری تمام رقوم نقد و جنس کے ساتھ جو اس نے سالہا سال میں جمع کی تھیں اس بدنصیب کو عنایت کردئے گئے اور مرتضیٰ خاں مرحوم کے ساتھ فتح کانگڑہ کی خدمت پر روانہ کیا گیا۔ جب قلعہ نشینوں کو دشواری ہوئی اور اس بدسگال نے صورت حال سے معلوم کرلیا کہ عنقریب قلعہ فتح ہوجائیگا۔ ناموافقت و فتنہ پردازی کی نیت سے شرم وحیا کا پردہ اٹھا کر ان لوگوں کے ساتھ لڑنے جھگڑنے لگا۔ مرتضیٰ خاں نے اس کی حالت سے شقاوت و بدبختی کے آثار دیکھکر درگاہ والا میں عرضداشت کے ذریعہ سے سخت شکایت لکھی اور صاف لفظوں میں ظاہر کیا کہ بغاوت و بدخواہی کی علامتیں اس کے حالات سے نمایاں ہیں۔

مگر چونکہ مرتضیٰ خاں جیسا کارآزما سردار لشکر گراں کے ساتھ اس کوہستان میں موجود تھا اس لئے سورج مل اسباب آشوب و فساد مہیا نہ کرسکا۔ ناچار نواب قدسی القاب شاہجہاں کی خدمت میں ملتجی ہوکر عرضی لکھی کہ مرتضیٰ خاں ارباب غرض کی تحریک سے مجھ سے ناراض ہوکر میری تباہی و بیخکنی کے درپے اور مجھے عصیان و بغاوت سے متہم کرتے ہیں۔ امید ہے کہ اس برگشتہ بخت کی نجات و زندگی کا سبب ہوکر درگاہ والا میں

طلب فرمالیں۔ ہرچند مرتضیٰ خاں کی بات پر نہایت اعتماد تھا لیکن اس کے درگاہ میں طلب کئے جانے کی التماس سے دونتخواہوں کو شبہ ہوا کہ مبادا مرتضیٰ خاں کا مزاج ارباب فساد کی تحریک سے بگڑ گیا ہو اور بغیر غور کئے اس کو متہم کرتے ہوں۔ شاہزادۂ بلند اقبال شاہجہاں کی التماس سے اس کی خطائیں معاف کر کے درگاہ والا میں طلب کر لیا۔ اسی زمانہ میں مرتضیٰ خاں کا انتقال ہو گیا اور قلعہ کانگڑہ کی فتح معرض التوا میں رہی۔

جب فتنہ جو درگاہ گیتی پناہ میں پہنچا۔ اس کی ظاہر حالت پر نظر کر کے اس کے ساتھ بہ لطف وعنایت سلوک فرمایا اور شاہزادہ بلند اقبال شاہجہاں کی خدمت میں مہم دکن پر پروانہ کر دیا۔ جب ملک دکن اولیائے دولت کے تصرف میں آ گیا تو اس کے بعد وسائل پیدا کر کے یہ بد طینت فتح قلعہ کانگڑھ کا ذمہ دار بن گیا۔ ہر چند ایسے بے سعادت کو پھر اس کوہستان میں راہ دینا آئین حزم واحتیاط سے دور تھا لیکن چونکہ اس عقدۂ دشوار کی کشائش شاہزادۂ گیتی ستاں کے ذمہ تھی مجبوراً ان کے ارادہ واختیار پر چھوڑ دیا شاہزادہ بلند اقبال نے منصبداروں اور برق اندازوں کی ایک پسندیدہ فوج ترتیب دیکر اس کو اپنے بخشی محمد تقی کے ساتھ متعین کر دیا جب اس کا مدعا حاصل ہو گیا تو محمد تقی کے ساتھ بھی خصومت وبہانہ طلبی شروع کر کے اپنا جوہر ذاتی ظاہر کر دیا اس پر طرہ یہ کہ کئی مرتبہ محمد تقی کی شکایت میں عرضیاں لکھیں اور نہایت صراحت کے ساتھ لکھا کہ میری اس سے نہیں بنتی ہے اور یہ خدمت اس سے ہوتی نظر نہیں آتی۔ اگر دوسرا سردار مقرر فرمائیں تو قلعہ بآسانی فتح ہو سکتا ہے ناگزیر محمد تقی کو حضور میں طلب کر کے راجہ بکرماجیت کو تازہ دم اور مضبوط فوج کے ساتھ قلعۂ مذکور کی فتح کے لئے روانہ فرمایا۔

جب اس بدبخت نے جانا کہ اس سے زیادہ حیلہ وتزویر کام نہ آوے گی۔ راجہ بکرماجیت کے آنے تک کا زمانہ غنیمت جانکر پہلے بندگان درگاہ کی ایک جمعیت اس بہانہ سے کہ مدتوں جنگ کا انتظار کر کے بے سامان ہو گئے ہیں رخصت کر دی تاکہ اپنے محال میں پہنچکر راجہ بکرماجیت کے آنے تک کا سامان کریں۔

جب جمعیت خیر خواہاں کے سلسلہ میں بظاہر تفرقہ پیدا ہو گیا اکثر اپنے محال جاگیر میں چلے گئے چند روشناس لوگ وہاں رہ گئے تو اس بدباطن نے سرکشی وفساد کے آثار ظاہر کئے

سید صفی جو سادات بارہہ کے زمرہ میں شجاعت و جلادت کے ساتھ مخصوص تھے اپنے چند بھائیوں اور رشتہ داروں کے ساتھ پائے ہمت جما کر شہید ہو گئے۔ بعض سخت زخموں سے جو شیر مردانِ کارزار کی زینت ہیں آبروئے جاوید کے اہل ہوئے اور ان کو وہ بے سعادت میدان کارزار سے اٹھا کر اپنے نحوست خانہ میں لے گیا۔ بہت سے لوگ جان کو عزیز رکھ کے بھاگ اٹھے اور اپنے چہرے پر ملامت و بدنامی کا داغ لگایا

اب اس بد نے دست ظلم دراز کیا اور دامن کوہ کے اکثر پرگنے۔ جو اعتماد الدولہ کی جاگیر میں تھے تاخت کر کے تمام نقد و جنس پر تصرف کر لیا۔

اور اب بھی اسباب شورش بہم پہنچانے میں مصروف ہے امید ہے کہ اپنے کئے کی سزا میں گرفتار ہو گا اور اس دولت کا نمک اپنا کام کئے بغیر نہ رہے گا۔

اسی سال عبدالرحیم خان خاناں سپہ سالار نے آستانۂ خلافت کو بوسہ دیکر ہزار مہر و ہزار روپیہ بصیغۂ نذر پیش کیا اس کی پیش کردہ اشیا سے جو چیزیں پسند ہوئیں ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ کی تھیں۔ چند روز کے بعد اس خیرخواہ دیرینہ کو جو مراحم و الطاف کی بدولت از سر نو جوان ہوا تھا پھر ملک خاندیس و دکن کا صاحب صوبہ مقرر فرما کر خلعت خاص، کمر خنجر و شمشیر مرصع، فیل خاصہ مع مادہ فیل مرحمت فرمایا، اور اس رکن سلطنت کا منصب اصل و اضافہ سمیت ہفت ہزاری و ہفت ہزار سوار قرار پایا۔ چونکہ اس کی اور لشکر خاں کے نہیں بنتی تھی اس لئے عابد خاں کو دیوانی کی خدمت پر بلند پایگی بخشی۔

شنبہ کے مبارک دن بیس دے کو تالاب فتح پور کے کنارے موکب مسعود کا ورود ہوا۔ حکم اشرف کے مطابق تالاب کا دور ناپا گیا سات کوس نکلا۔

جب معلوم ہوا کہ شہر آگرہ میں طاعون کی شدت ہے گلٹیاں نکلنے سے لوگ کثرت سے فوت ہو رہے ہیں اس لئے بتاریخ ۲ ر دے موافق غرہ صفر ۱۰۲۸ھ شہر فتحپور نزول رایات جہانگیری سے آراستہ ہوا یہاں جمعہ کے دن تیرھویں بہمن کو غفران پناہ شیخ سلیم چشتی کے روضہ کی زیارت کی اور بہت نیازمندی کا اظہار فرماتے رہے۔

حضرت عرش آشیانی کے گرانقدر و عظیم ترین آثار میں سے یہاں کی مسجد بھی ہے۔ بے مبالغہ نہایت عالیشان عمارت ہے۔ روئے زمین کے سیاحوں سے سنا ہے کہ ایسی مسجد کسی ملک میں نہیں ہے، اس کی عمارت تمام سنگین ہے اور بڑی صفائی کے ساتھ تیار کی گئی ہے

پانچ لاکھ روپیہ خزانہ سے خرچ ہوا جب تیار ہوئی۔ اس مسجد میں دو بڑے دروازے ہیں بڑا دروازہ پہاڑ کی بلندی پر جانب جنوب واقع ہے۔ بہت بلند اور پر تکلف۔ اس دروازہ کی پیش طاق بارہ ہاتھ چوڑی سولہ ہاتھ لمبی اور باون ہاتھ اونچی ہے، اوپر جانے کے لئے تئیس سیڑھیاں طے کرنی پڑتی ہیں دوسرا دروازہ اس سے چھوٹا مشرقی رُخ پر واقع ہے مسجد کا طول مشرق سے مغرب تک دیواروں کے عرض کے ساتھ دو سو بارہ ہاتھ ہے اس میں مقصورہ ساڑھے پچیس ہاتھ پندرہ ضرب پندرہ ہاتھ گنبد درمیانی اور سات ہاتھ عرض چودہ ہاتھ طول اور پچیس ہاتھ بلندی پیش طاق کی ہے اس گنبدِ کلاں کے دونوں پہلوؤں پر دو گنبد اور چھوٹے ہیں دس ضرب دس ہاتھ کے بقیہ ایوان ستون دار بنائے ہیں۔

مسجد کا عرض شمال سے جنوب تک ایک سو بہتر ہاتھ کا ہے اطراف میں نوّے ایوان اور چوراسی حجرے ہیں۔ ہر حجرے کا عرض ساڑھے چار ہاتھ ہے اور طول پانچ ہاتھ۔ ایوان لمبائی میں دس ہاتھ چوڑائی میں ساڑھے سات ہاتھ کے ہیں۔ ۴۳

مسجد کے صحن کا دور سوائے مقصورہ و ایوان کے ایک سو ادہتر ہاتھ لمبا اور تینتالیس ہاتھ چوڑا ہے ایوانوں کے اوپر دور اور مسجد کے اوپر چھوٹے گنبد بنائے ہیں جن کے درمیان عرس اور ایام متبرک کی راتوں کو شمعیں رکھ کر اس کے دور کو رنگین غلافوں سے ڈھانک دیتے ہیں۔ تو فانوس کی طرح معلوم ہوتا ہے صحن کے نیچے مسجد میں ایک حوض بنایا ہے جسے برسات کے دنوں میں بھر دیتے ہیں۔ چونکہ فتحپور میں پانی کم ہوتا ہے اس سلسلے کے مریدوں، مجاوروں اور اس خانقاہ کے معتکفوں کو یہ پانی تمام سال کے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

دروازۂ کلاں کے مقابل شمال کی طرف مشرق رویہ شیخ قدس سرہ کا روضہ ہے گنبد کا درمیانی حصہ سات ہاتھ کا ہے۔ اور محراب کے گنبد کا دور سنگ مرمر کا ہے اس کے آگے بھی سنگ مرمر کا نہایت نفیس کٹہرہ بنایا ہے۔

اس روضہ کے سامنے مغربی جانب تھوڑے فاصلہ پر دوسرا گنبد واقع ہے جس میں شیخ کی اولاد و اہل خاندان کی قبریں ہیں۔

اقبال آثار واقعات میں قلعہ مؤ، دھہری کی فتح اور سورجمل مقہور کی شکست قابل غور ہے

جس کا مختصر بیان یہ ہے کہ جب راجہ بکرماجیت ان حدود میں پہنچا سورج مل برگشتہ بخت نے چاہا کہ چند روز مکر و فریب سے دھوکے میں رکھے مگر راجہ نے جو حقیقت کار سے واقف تھا اس کی بات پر توجہ نہ دی گر جراءت و جلادت کے ساتھ قدم بڑھائے تدبیر چلتی نہ دیکھ کر آمادۂ جنگ ہوا اور لوازم قلعہ داری پر ہمت بند ول کی مگر برگشتگی بخت سے کامیاب نہ ہوا اور چند مقابلوں میں اپنے بہت سے آدمی ضائع کر کے بھاگ کھڑا ہوا۔

قلعۂ مورد مہری جن پر اس بدنصیب کی قوت و ہمت کا دارو مدار تھا بے رنج و محنت دونوں فتح ہو گئے۔ اور جو ملک اب وجہ سے اس کے تصرف میں تھا عساکر اقبال کے قبضہ میں آ گیا۔ وہ گمراہ بحال تباہ ہیبت ناک وشوار گزار گھاٹیوں میں پناہ لے کر ذلت و رسوائی کی خاک سر پر اڑاتا رہا۔ اور راجہ بکرماجیت نے اس کے ملک کو پس پشت ڈال کر اس کا تعاقب شروع کیا۔

جب اس فتح کی خوشخبری پہنچی اس خدمت شایستہ کے صلہ میں راجہ کو نقارہ مرحمت ہوا۔ ایک عجیب واقعہ یہ ہے کہ سورج مل مقہور کا ایک بھائی تھا جگت سنگھ جب حضرت شاہنشاہی نے سورج مل کو خطاب راجگی و مراتب امارت سے سربلند کر کے باپ کا ملک مع زر و سامان بقیہ بے بہیم و شریک مرحمت فرمایا تو اس کی رعایت خاطر سے جگت سنگھ کو جو بھائی کے ساتھ موافقت کا خیال نہ رکھتا تھا ایک چھوٹے سے منصب پر مقرر کر کے بنگالہ روانہ فرما دیا۔ وہ بیچارہ وطن سے دور غربت میں ایک مدت تک ذلت و دشمن کامی کے ساتھ بسر کر کے خدا کی مدد کا منتظر تھا۔ قضارا اس کی قسمت سے سورج مل نے یہ گل کھلائے اس لئے جگت سنگھ کو نہایت عجلت کے ساتھ بارگاہ والا میں طلب فرما کر راجہ کا خطاب اور ہزاری ذات و پانصد سوار منصب عطا فرمایا۔ اور بیس ہزار روپیہ و خنجر مرصع و اسپ و فیل مرحمت فرما کر راجہ بکرماجیت کے نزدیک بھیجدیا۔

## سال چہاردہم جلوس شاہنشاہی

بروز مبارک شنبہ چوتھی ربیع الآخر ۱۰۲۸ھ کو بوقت تحویل آفتاب جلوس ہمایوں کے چودھویں سال کی ابتدا ہوئی۔ اس روز شہزادۂ گیتی ستاں شاہجہاں نے بڑے

پیمانہ پر جشن کا انتظام فرمایا۔ منتخب و نفیس و نادر ہر مالک کے تحفے بساط اخلاص میں نذر گزرانے۔ ان میں سے ایک یاقوت ہے بائیس سرخ کا۔ رنگ و آب داری اور جسامت میں پورا بائیس ہزار روپیہ کی قیمت کا، ایک قطبی لعل ہے جس کی قیمت چالیس ہزار روپیہ ہے، چھ دانے مروارید غلطاں کے ہیں جن میں سے ایک دانہ ایک ٹانک و آٹھ سرخ وزن کا ہے۔ اور اس کے مالکوں نے احمد آباد میں پچیس ہزار روپیہ کو فروخت کیا ہے اور بقیہ پانچ دانے تینتیس ہزار روپیہ میں بیچے ہیں۔ اور ایک قطعۂ الماس ہے جو اٹھارہ ہزار روپیہ کا ہے۔ اسی طرح پردلہ مرصع و قبضۂ شمشیر جو ان کے زرگر خانہ میں تیار ہوا ہے اس کے اکثر جواہر تراش کر کام میں لائے گئے ہیں۔ پچاس ہزار روپے قیمت کا ہے۔

اس برگزیدہ دین و دولت (شاہجہاں) کے تصرفات میں جو ابتک کسی بادشاہ کے عہد سلطنت میں نہ آئے تھے۔ ایک سونے چاندی کا نقارخانہ ہے بڑا نقارہ سونے سے بنایا ہے اور بقیہ گورکہ و نقارہ، کرنا و سرنا وغیرہ لوازمات نقارخانۂ شاہی سب چاندی سے بنی ہیں۔ یہ نقارہ مبارک ساعت میں بجایا گیا تھا اور اس سب مجموعہ کی قیمت پینسٹھ ہزار روپیہ تشخیص ہوئی تھی۔

ایک تخت سواری فیل جس کو اہل ہند کی اصطلاح میں ہودہ کہتے ہیں۔ سونے کا ہے اور تیس ہزار روپیہ میں تیار ہوا ہے، دو زنجیر ہاتھی ہیں پانچ زنجیر مادہ فیل کے ساتھ جو قطب الملک نے برسم پیشکش شاہزادہ نامدار کے پاس بھیجے تھے، ان میں سے ایک ہاتھی داد الٰہی نام کا طلائی ساز والا ہے اور دوسرے کا ساز نقرئی اور نفیس گجراتی کپڑوں سے بنا ہوا ہے۔

اس تاریخ کو شاہنواز خاں خلف سپہ سالار خانخاناں کی وفات کا حال معلوم ہوا جوان ذکی و عالی فطرت تھا، عنفوان شباب و دولت میں شراب پر شیفتہ ہو گیا اور زمانہ بر انداز مصاحبوں کی شامت سے میگساری کثرت سے شروع کر دی۔ ہمت بلند پرواز، نگاہ دوررس اور شجاعت و تدبیر وغیرہ مردانہ اوصاف ازل سے لایا تھا، ضبط و انتظام سپاہ اور رزم آرائی و سرداری میں اپنی نظیر نہ رکھتا تھا، ان خوبیوں کے ساتھ سخاوت میں کمی نہ کرتا تھا اور بدلباس بھی تھا اور گاہ سے دور خودکامی کے ساتھ زمانہ بسر کر کے زندگی کھو بیٹھا۔

حقیقت حال یہ ہے کہ جب خانخاناں برہانپور پہنچا فرزند کو نہایت کمزور و ضعیف پاکر علاج و دوا میں مشغول ہوا۔ مگر کوئی تدبیر کارگر ہوتی نظر نہ آئی۔ اور چند ہی روز میں صاحب فراش ہو کر بستر ناتوانی پر دراز ہو گیا اطبا نے بہت کوشش کی، کامیابی نہ ہوئی اور عین دولت و جوانی میں ہزار حسرت و رنج کے ساتھ وفات پائی۔

یہ واقعہ حضرت شاہنشاہی کی خاطر حق شناس کو سخت گراں گزرا، شاہنواز خاں کے بھائی داراب خاں کو پنجہزاری ذات و سوار کے منصب پر سرفراز کر کے شمشیر مرصع و اسپ و فیل کے ساتھ خلعت عنایت کیا اور بھائی کی جگہ صوبۂ برار و احمد نگر کی سرداری پر متعین کر کے رخصت فرمایا (مقرب خاں کو باوصف عدم استعداد و حق بہار و پٹنہ کی صاحب صوبگی و سرداری عطا کر کے خلعت و اسپ و فیل و خنجر مرصع مرحمت فرمایا اور برسم امداد پچاس ہزار روپیہ عنایت کیا) اس زمانہ میں شاہزادہ سلطان پرویز الہ آباد سے آکر آستانۂ خلافت پر سجدہ ریزی سے سرفراز ہوئے۔ راجہ کلیان زمیندار رتن پور نے شاہزادہ کی خدمت میں باریاب ہو کر اسی زنجیر ہاتھی اور ایک لاکھ روپیہ نقد نذر کیا۔

اس دوران میں شاہ بیگ خاں نے جو خاندوراں کے خطاب سے ممتاز تھا۔ کبرسن و ضعف کی وجہ سے استعفا پیش کیا، حضرت شاہنشاہی نے اس دولت خواہ قدیم کی خواہش پوری کی اور پرگنہ خوشاب جو اس کی قدیم جاگیر تھا اور پچھتر ہزار روپیہ اس کی مالگذاری تھی مدد خرچ کے لئے عنایت کیا۔ اس کے بیٹوں کو بھی حسب استعداد منصب و جاگیر مرحمت ہوئی۔

اسی دن راجہ سورج سنگھ نبیرۂ راؤ مالدیو کی وفات کی اطلاع ملی۔ راجہ نے دکن میں انتقال کیا۔ اس کے بجائے اس کے بیٹے گج سنگھ کو سہ ہزاری ذات و دو ہزار سوار کا منصب اور راجہ کا خطاب دیکر عزت افزائی فرمائی گئی۔

اسی زمانہ میں حکم ہوا کہ آگرہ سے لاہور تک ہر کوس پر ایک میل بنائیں جو کوس کی علامت ہو اور تیسرے میل پر ایک کنواں تیار کیا جائے تاکہ مسافر تابش آفتاب و تشنگی سے تکلیف نہ اٹھائیں اور خیاباں کی طرح راستہ کے دونوں جانب درخت لگائے جائیں۔

## توجہ رایاتِ مبارک بسمتِ کشمیرِ جنت نظیر

شنبہ کے مبارک دن ۲۴ مہر کو نجومیوں کی رائے سے ایک اچھی ساعت دیکھکر سیر کشمیر کے عزم سے کوچ فرمایا۔ لشکر خاں کو دار الخلافت آگرہ کی نگرانی پر چھوڑ کر منجملہ مع اسپ و فیل و علم و نقارہ کے ساتھ خلعت مرحمت ہوا۔

بروز شنبہ ماہ مذکور کی آٹھویں تاریخ کو پرگنہ متھرا میں شاہی خیمے نصب ہوئے حضرت شاہنشاہی بندرابن اور وہاں کے بتخانوں کی سیر کے لئے تشریف لے گئے۔ حضرت عرش آشیانی کے عہدِ سلطنت میں راجپوت امیروں نے بڑے بڑے بتخانے اپنے طرز پر بنائے ہیں۔ باہر سے بڑے تکلفات کئے ہیں لیکن اندر اس کثرت سے چمگادڑوں اور ابابیلوں کے گھر بنے ہوئے ہیں کہ ان کے تعفن سے سر اندر کرنا مشکل ہے۔

اس منزل سے شاہزادہ پرویز الہ آباد اور اپنی جاگیر کے محال کی جانب رخصت روانگی پاکر واپس ہوئے۔

اوراقِ سابق میں گسائیں رچھد روپ کا حال لکھا جا چکا ہے جو اجین میں گوشہ نشین تھے۔ آج کل اجین سے متھرا جو ہندوؤں کا بڑا معبد ہے نقل مکان کرکے دریائے جمنا کے کنارے اپنے آئین و دین کے مطابق یزداں پرستی میں مصروف ہیں۔ حضرت شاہنشاہی اپنے قدوم مبارک سے ان کے مسکن کو پرنور کرکے بہت دیر تک خلوت میں باتیں کرتے رہے۔

اب چونکہ خسرو کی میعاد اسیری بہت طویل ہوگئی تھی اور خان اعظم کو اس کا بڑا رنج تھا۔ اس لئے خان اعظم نے فراست سے جانا کہ رچھد روپ کی بات باطن اقدس پر بہت موثر ہوتی ہے، باوجود تعصب مذہبی کے جو اس کی سرشت میں داخل تھا بے اختیار خویش و بیگانہ سے تنہا اوس کے نزدیک جاکر خسرو کی رہائی کے لئے نہایت عجز و انکسار سے التماس کی دوسری مرتبہ جب حضرت شاہنشاہی اس کی ملاقات کے لئے گئے تو رچھد روپ نے خسرو کی رہائی کے لئے محققانہ انداز سے دلائل کے ساتھ سفارش کی اور جہاں پناہ کے

دل کو اتنا مہربان کر دیا کہ پھر اس بیدانش و کوتاہ اندیش کی خطائیں معاف ہو گئیں۔ اور مرحمت و عنایت کے پانی سے خسرو کے ناصیۂ حال سے غبارِ خجالت و لغزش مٹ گیا۔ اور حکم ہوا کہ قید سے رہا ہو کر کورنش کو آتا رہے۔

بروز شنبہ انتیس آبان دار الخلافت دہلی نزول اجلال سے مزین ہوا۔ کم آذر کو پرگنہ کرانہ وطن مقرب خاں لشکر گاہ دولت ہوا۔ بے شک نہایت اچھی جگہ ہے، آب و ہوا نہایت عمدہ ہے۔ مقرب خاں نے ایک شاندار باغ بنایا ہے جو آم اس کے باغ میں ہوتے ہیں تمام ہندوستان میں کہیں نہیں ہوتے۔ دکن گجرات اور دور دراز ملکوں سے جہاں کے آموں کی تعریف سنی بیج لا کر اس باغ میں بوئے ہیں جو خوب پھلتے ہیں۔ جو دیوار اس کے دور پر کھینچی ہے ایک سو چالیس بیگہ زمین پر ہے خیابانوں پر فرش بنایا ہے، باغ کے درمیان ایک حوض ہے جس کا طول دو سو بیس ہاتھ اور عرض دو سو ہاتھ ہے۔ حوض کے بیچ میں ایک ماہتابی چبوترہ بائیس ہاتھ مربع کا بنا ہوا ہے۔ گرم و سرد ملکوں کے درخت اکثر اس باغ میں ہیں یہاں تک کہ پستہ کا درخت بھی سبز ہے اور خوش قد و موزوں شکل کے سرو بھی کھڑے ہیں۔

بتاریخ بارہ دے روز شنبہ سرہند میں منزل ہوئی۔ چونکہ شاہزادہ گیتی ستاں شاہجہاں کے مشکوئے اقبال میں لڑکا پیدا ہوا تھا اس لیئے ایک شاندار جشن کا انتظام فرما کر دو تاریخ روز شنبہ کو حضرت شاہنشاہی و حضرات بیگمات کو مدعو کیا۔ حضرت شاہنشاہی منزل شاہجہانی میں رونق افروز ہوئے تو بلند اختر و سعادت مند شاہزادے نے نذر پیش کر کے سرخروئی حاصل کی۔ اشیائے نفیس و نوادر میں پسند فرمودہ پیش کش کی قیمت ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ ہوئی۔ چالیس ہزار روپیہ اپنی ماؤں کو دیا۔ (دریائے بیاہ کے کنارے بادشاہزادہ بلند اقبال کے وزن کا جشن منایا گیا)۔

راجہ بکرماجیت جو قلعۂ کانگڑہ کا محاصرہ کیئے ہوئے تھا بعض ضروریات پیش آنیکی وجہ سے حاضر درگاہ ہو کر باریاب عزت ہوا۔ چونکہ خاطر اقدس کو کشمیر کی سیر و سیاحت منظور تھی اور لاہور جانے سے فرصت کا خون ہوتا تھا۔ اس لئے جہاں پناہ نے شاہجہاں کو عمارت لاہور دیکھنے کیلئے رخصت فرمایا اور راجہ بکرماجیت کو عنایت خلعت و خنجر مرصع و اسپ خاصہ سے معزز کر کے محاصرہ کے لئے قلعہ کانگڑہ جانے کی اجازت دی۔

ماہ بہمن کی دوسری کو باغ کلانور سعادت یاب قدوم ہوا۔ اسی سرزمین میں حضرت عرش آشیانی نے تخت سلطنت و اورنگ خلافت پر جلوس فرمایا تھا ماہ مذکور کی تیسری تاریخ کو شنبہ کے دن خان عالم جو شاہ عباس کے پاس برسم ایلچی گری گیا تھا ایران سے واپس آکر قدمبوس ہوا۔ اور عرض کی کہ زنبیل بیگ ایلچی شاہ ایران مراسلہ کے ساتھ جو اس کے ہاتھ روانہ کیا گیا ہے متعاقب پہنچے گا، خان عالم پر شاہ جتنا التفات کرتے تھے اگر شرح و بسط سے لکھا جائے تو لوگ مبالغہ سمجھیں گے، مختصر یہ ہے کہ گفتگو میں ہمیشہ خانجہاں کہکر مخاطب فرماتے تھے، کبھی اپنے پاس سے جدا نہ کرتے تھے اگر اتفاقاً رات یا دن کو ضرورتاً اپنی قیام گاہ میں بسر کرنا چاہتا تو بے تکلفانہ وہیں تشریف لاکر عواطف و عنایات بیش از بیش ظاہر فرماتے۔ حقیقت یہ ہے کہ خان عالم نے اس خدمت کو شائستگی کے ساتھ انجام دیا۔ جب شاہ سے رخصت ہو کر بیرون شہر منزل کی شاہ خود مشایعت کے لئے آئے اور بہت معذرت کی۔ جو نفائس و نوادر خان عالم لایا انہیں سے جو چیز بہترین تحفہ کہی جا سکتی ہے وہ ایک تصویر ہے۔ یہ تصویر اس جنگ کی تصویر ہے جو صاحبقران گیتی ستان اور تقتمش خان میں ہوئی جس میں صاحبقران اور ان کی اولاد امجاد اور امرائے عظام کی جو اس جنگ میں ہمراہی کی سعادت سے مخصوص تھے شبیہ ہے اور ہر ایک شبیہ کے نیچے اس کا نام لکھا ہے اس میں دو سو چالیس شخصوں کی تصویریں ہیں، مصوّر نے اپنا نام خلیل میرزا شاہ رخی لکھا ہے، اس کا کام نہایت پختہ اور شاندار ہے، بہزاد کے قلم سے بہت مشابہت اور مناسبت رکھتا ہے، اگر مصوّر کا نام نہ لکھا ہوتا تو بہزاد کے کام کا گمان ہوتا چونکہ مصوّر تاریخ کے اعتبار سے بہزاد سے پہلے کا معلوم ہوتا ہے اس لئے ظن غالب یہ ہے کہ بہزاد اس کا شاگرد ہوگا اور اس کی روش پر مشق کرتا ہوگا۔

اسی تاریخ طالب آملی کو ملک الشعرائی کے خطاب سے خلعت امتیاز عنایت ہوا یہ چند شعر طالب کے ہیں۔

ے زغارت چمنت بر بہار منتہاست  که گل بدست تو از شاخ تازه تر ماند

ع لب از گفتن چناں بستم کہ گوئی — دہن بر چہرہ زخمے بود بہ شد

ع

ع دو لب دارم یکے در مے پرستی — دگر در عذر خواہی ہائے مستی

---

انھیں ایام میں حسینی پسر سلطان توام نے یہ رباعی پیش کی۔

ع گردے کہ تراز طرف داماں ریزد — آب از رخ سرمہ سلیماں ریزد

گر خاک درت بامتحاں بفشارند — از وے عرق جبین شاہاں ریزد

اسوقت راقم اقبالنامہ نے باباطالب آصفہانی کی ایک رباعی جو تقریباً اسی مضمون کی تھی عرض کی۔ بہت پسند آئی اور جہاں پناہ نے بخط خاص اپنی بیاض میں درج فرمالی۔ رباعی ع

زہرم بفراق خود چشانی کہ چہ شد — خونریزی و آستیں فشانی کہ چہ شد

اے غافل ازاں کہ تیغ ہجر توچہ کرد — خاکم بہ فشار تا بدانی کہ چہ شد

باباطالب عنفوان شباب میں بلباس تجرد قلندری اصفہان سے نکل کر بتقریب سیر و تماشہ کشمیر آئے۔ جگہ کی نفاست اور آب و ہوا کی لطافت، دل کو بھا گئی یہیں متوطن ہو کر شادی کرلی۔ فتح کشمیر کے بعد حضرت عرش آشیانی انار اللہ برہانہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور از راہ قدر دانی بندگان درگاہ کے زمرہ میں داخل کرلئے گئے۔ حضرت عرش آشیانی کے آخری دور میں جب عمر سو سے متجاوز ہو چکی تھی انتقال کر گئے۔ پرگنہ دولت آباد میں ایک باغبان کی لڑکی نظر آئی۔ جس کی ڈاڑھی مونچھ گھنی، ظاہری ہیئت مردوں سے مشابہ، ڈاڑھی ایک مٹھی سے زیادہ، سینہ پربال بکثرت تھے پستانوں کا پتہ نہ تھا۔ چند عورتوں کو اشارہ ہوا کہ کسی گوشہ میں لیجا کر اس کا ستر دیکھکر حقیقت حال بیان کریں۔ مبادا خنثی ہو، ظاہر ہوا کہ دوسری عورتوں سے سر مو فرق نہیں رکھتی۔

غرۂ اسفندار مذکور پرگنہ کری میں شکار قمرغہ پر توجہ فرمائی۔ اکھتر پہاڑی مینڈھے اور تیس چکارے شکار ہوئے۔

چونکہ مہابت خاں مدتوں دولت حضور سے محروم رہا اس لئے فرمان ہوا تھا کہ اگر اس کوہستان کے انتظام سے مطمئن ہو گیا ہو تو تنہا حاضر بارگاہ ہو۔ چنانچہ اس موقع پر حاضر ہو کر آستاں بوسی سے سرفراز ہوا۔

خان عالم کو منصب پنجہزاری وسہ ہزار سوار سے عزت حاصل ہوئی۔ چوتھی اسفندار مذکور کو

قلعہ رہتاس نے ورود ہمایوں سے عزت پائی۔ یہاں دلاور خاں حاکم کشمیر کی عرضداشت مشتمل بہ مژدۂ فتح کشتوار ملاحظہ میں پیش ہوئی خلعت و خنجر مرصع کے ساتھ فرمان مرحمت عنوان بھیجا گیا اور ولایت مفتوحہ کا ایک سال کا محصول اس پسندیدہ خدمت کو انعام میں عطا کیا۔

ماہ مذکور کی چودھویں کو بمقام بابا حسن ابدال نزول اجلال فرمایا۔ سولھویں تاریخ کو جشن وزن قمری منعقد ہوا اور حضرت شاہنشاہی کی عمر کا ترپنواں سال شروع ہوا، چونکہ اس راستہ میں کوہ و تالاب اور نشیب و فراز بہت تھا۔ ایک دفعہ میں لشکر منصور کا عبور دشوار معلوم ہوتا تھا اس لئے مقرر ہوا کہ مریم زمانی اور دیگر حضرات عالیات چند روز توقف فرما کر آرام کے ساتھ قطع مسافت کریں۔ اور اعتماد الدولہ سلطانی، صادق خاں بخشی اور ارادت خاں میر ساماں عمدہ محلات و کارخانجات کے ساتھ گزر کر عبور کریں۔ میرزا رستم، خان اعظم، اور بندگان درگاہ کی ایک جماعت کو براہ پوچھ روانگی کی اجازت دی گئی۔ موکب اقبال چند مقربانِ خاص کے ساتھ تنہا عازم سفر ہوا

انھیں دنوں رانا امر سنگھ کی وفات کا حال معلوم ہوا۔ حکم ہوا کہ راجہ کشن داس فرمان مع خطاب رانائی خلعت و اسپ و فیل کنور کرن کے لئے لیجا کر مراسم تعزیت و تہنیت ادا کرے۔

ماہ مذکور کی اکیسویں کو موضع پکلی میں قیام فرمایا، مہابت خاں کو خلعت و پوستین و اسپ و فیل عنایت کر کے بنگش کے انتظام پر رخصت فرمایا۔

اس منزل میں ایک پھول ایسا نظر آیا کہ جس کی تعریف سے زبان قاصر ہے۔ بعض پھول سرخ آتشیں گل انار کے رنگ کی طرح، بعض گل شفتالو کے رنگ سے مشابہ بلکہ اس سے زیادہ شوخ جیسے کئی خطمی کے پھولوں کا دستہ بنایا ہے، اس کا درخت زردآلو کے درخت سے زیادہ بڑا ہوتا ہے۔ اس کے پھول تمام درخت کو گھیر لیتے ہیں۔ اس کا برگِ گل کسی قدر ترشی رکھتا ہے۔

اس دامن کوہ میں خودرو بنفشہ بہت ہے اور نہایت خوشبو و رنگین اس کا رنگ باغ کے بنفشہ سے کم شوخ ہوتا ہے۔

بائیسویں شب کو بارش اور صبح کے وقت برف باری ہوئی چونکہ اکثر راستہ درختوں سے گھرا ہوا تھا بارش سے پھسلن ہونے لگی۔ لاغر چارپائے جس جگہ گر گئے پھر نہ اٹھے۔ پچیس زنجیر ہاتھی شاہی فیلخانہ کے تصدق ہو گئے۔ امرا کے قابو میں نہ آئے۔ بارش اور سردی کی

وجہ سے دو روز اور ٹھہرنا پڑا۔

تیئیس کو سلطان حسین زمیندار پکلی زمین بوس ہوا، اس منزل میں شفتالو، وزرد آلوا کے کثرت سے درخت ہیں۔ پورے قد کے صنوبر کے درخت آنکھوں کو نظارہ سے سیراب کرتے تھے۔ ولایت پکلی کا طول بتیس کوس عرض پچیس کوس ہے، مشرق میں کوہستان کشمیر، مغرب میں اٹک بنارس شمال میں کوہ کنور، جنوب میں پونچ اور مضافات کشمیر واقع ہیں۔ جس زمانہ میں صاحب قران گیتی ستاں نے ہندوستان فتح کر کے دارالملک توران کی طرف عنان عزم پھیری۔ اس طائفہ کو جو رکاب نصرت کے ساتھ تھا ان حدود میں زمین مرحمت کر کے آباد کر دیا۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہماری ذات قارلغ ہے لیکن تحقیق نہیں جانتے کہ اسوقت ان کا سب سے بڑا بزرگ کون اور کس نام کا تھا۔ آجکل خود لاہوری محض ہیں اور زبان سے یہی کہتے ہیں۔ دھمتور کے لوگوں کی حقیقت بھی اسی پر قیاس کرنا چاہئیے۔

حضرت عرش آشیانی کے زمانہ میں شاہرخ نام کا ایک شخص دھمتور کا زمیندار تھا آجکل اس کا بیٹا "بہادر" ہے یہ لوگ اگرچہ باہم رشتہ و پیوند رکھتے ہیں لیکن چونکہ نزاع لازمۂ زمینداری ہے ان میں ہمیشہ حدود کی سرحد پر جھگڑا جاری رہتا ہے یہ لوگ ہمیشہ سے خیرخواہ رہے ہیں۔

جب اطلاع ملی کہ چند منزل آگے آبادی کم ہے۔ لشکر شاہی کے لئے کافی مقدار میں غلہ نہیں ملسکتا تو حکم ہوا کہ بقدر احتیاج ایک مختصر پیشخانہ اور چند ضروری چیزیں ساتھ لے کر ہاتھیوں کو تخفیف کر دیں اور تین چار روز کا سامان خوراک ساتھ رکھلیں۔ خواجہ ابو الحسن میر بخشی تمام لوگوں کے ہمراہ چند منزل پیچھے آتے رہیں گے۔

۱۲ کو رود خانہ نین سکھ کے پل سے عبور کا اتفاق ہوا۔ یہ دریا کوہ وازوہ سے جو ولایت بدخشان و تبت کے درمیان واقع ہے نکل کر اس جگہ دو شاخ ہو جاتا ہے۔ پیشخانۂ عالی کے منتظموں نے عبور لشکر کے لئے دو پل تیار کئے تھے ایک کا طول اٹھارہ ہاتھ دوسرے کا چودہ ہاتھ مگر عرض دونوں کا پانچ ہاتھ تھا۔ پل بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ تاڑ کے بڑے بڑے درخت روئے آب پر ڈالدیتے ہیں اور ان کے دونوں سروں کو پتھر سے باندھ کر مضبوط کر دیتے ہیں، اس کے اوپر چوڑے چوبی تختے ڈالکر میخوں اور مضبوط رسیوں سے مستحکم کر دیتے ہیں تھوڑی سی مرمت کے بعد برسوں سے قایم ہے۔

ہاتھیوں کو پایاب گزار کر سوار اور پیادے پل سے اترے شنبہ کے دن تیئیس تاریخ کو

کشن گنگا کی ندی کے کنارے منزل ہوئی۔ اس سے دو دن پہلے حکم ہوا تھا کہ راقم اقبالنامہ پہلے سے روانہ ہو کر جو زمین ارتفاع و امتیاز رکھتی ہے جشن نوروز کے لئے انتخاب کرے اتفاقاً اردو خانہ مذکور کے اس طرف ایک پشتہ تھا۔ آب سبزہ کے منظر پر، اور اس کی بلندی پر ایک پچاس ضرب پچاس ہاتھ کی سطح تھی جو گویا کارفرمایانِ قضا و قدر نے اسی دن کے لئے بنائی تھی۔ جشن نوروز جہاں افروز یہیں آراستہ کیا گیا۔ جب حضرت شاہنشاہی۔ برکت و فرخی کے ساتھ تشریف فرما ہوئے تو بہت پسند فرمایا اور راقم موردِ تحسین و آفریں ہوا۔

## سال پانزدہم جلوس اقدس

روز جمعہ ۱۵ ربیع الآخر سنہ ۱۰۲۹ھ کو نیر اعظم برج حمل میں رونق بخش ہوا اور ورود خانہ کشن گنگا کے کنارے جشن جہاں افروز منایا گیا۔ اور جلوسِ حضرت شاہنشاہی کا پندرھواں سال شروع ہوا۔

اس منزل سے کشمیر تک ہر جگہ راستہ دریائے بہٹ کے کنارے واقع ہے دونوں جانب بلند پہاڑ ہیں درہ کے درمیان سے پانی نہایت تندی و جوش و خروش کے ساتھ بہتا ہے، ہر چند ہاتھی بڑا ہو اپنے پانوں قائم نہیں رکھ سکتا۔

چونکہ ان دروں کو بہت تنگ تند اور دشوار گذار بیان کیا جاتا تھا اور لوگوں کے ہجوم سے عبور میں بہت زحمت ہوتی تھی۔ راقم کتاب کو حکم ہوا کہ کل کوچ کے دن اس منزل میں توقف کرے اور آصف خاں و چند خدمت گزاران ضروری کے سوا کسی شخص کو رکاب سعادت میں روانہ نہ ہونے دے، حتیٰ کہ خسرو، خان جہاں، خان عالم اور دوسرے خدام و لشکر کو ہمسے ایک منزل بعد آئے اتفاقاً اس فقیر کا خیمہ و بنگاہ حکم سے پہلے منزل پر روانہ ہو چکا تھا اس نے فوراً اپنے آدمیوں کو لکھا کہ میرے لئے ایسا حکم ہوا ہے، تم جہاں پہنچ چکے ہو ٹھہر جاؤ۔ فقیر کے آدمیوں نے یہ خبر دہ بھیلاس کے آخری سرے پر کنارہ میں پیشخانہ استادہ کر دیا۔ میری قسمت کی رسائی سے جب موکب شاہی منزل کے قریب پہنچا۔ برف و بارش رعد و برق نے رنگ جمایا، حضرت شاہنشاہی اہل حرم کے ساتھ سوار آرہے تھے، نور جہاں بیگم اور تمام بیگمات و خواصیں جہاں پناہ کی خدمت میں تھیں سوائے چند خواجہ سراؤں کے اس نزدیکی میں کسی کو اجازت نہ تھی۔ شدت برف و بارش اور صدائے رعد سے مزاجِ اقدس ناساز

وشورش ہو گیا۔ ابھی ایک میدان طے نہ ہوا تھا کہ فقیر کا خیمہ نمودار ہوا، اس بات کو اتفاقاتِ غیبی پر محمول کر کے حضرات عالیات کے ساتھ فدوی کی منزل میں تشریف فرما ہوئے اور برف و باد کے صدمہ سے محفوظ رہے وفورِ رحمت و ذرہ نوازی سے کمترین کی طلبی کا حکم ہوا، میں یہ نویدِ جانبخش سن کر سر و پا سے بے خبر دو ساعت میں عتبۂ خلافت کو بوسہ دیکر سر بلند ہوا اور زبانِ حال سے یہ شعر پڑھا۔ ؎

آمد خیالت نیم شب جاں دادم و گشتم خجل
خجلت بود درویش را مہماں چو بیگہ در رسد

نقد و جنس وغیرہ میں سے جو کچھ بساط میں تھا برسم پیشکش و پا انداز بطور نذر حاضر کیا۔ سب اس غلام کو بخشدیا اور فرمایا کہ متاعِ دنیا ہماری چشمِ ہمت میں کیا وقعت رکھتی ہے ہم تو جواہرِ اخلاص گراں قیمت پر خریدتے ہیں۔ بیشک یہ اتفاق اسی شخص کے اثرِ اخلاص اور خوش قسمتی سے پیش آیا ہے جس کے گھر مجھسا بادشاہ اپنے حرم کے ساتھ راحت و آسودگی سے ایک شبانہ روز بسر کرے اور اس کو امثال و اقران بلکہ تمام جہاں میں ایسی سرفرازی نصیب ہو

یہ بات بھی تائیداتِ غیبی سے تھی کہ متعدد خیمے، فرش، شب خوابی کے کپڑے مصالح باورچی خانہ اور ضروری اسباب و آلات جو اہلِ دولت کے لائق ہوں تمام موجود تھے، کوئی سامان مستعار طلب کرنیکی حاجت نہ ہوئی۔ اتنی کافی مقدار میں سب سامان تھے کہ حرمِ سرا عزت کے خادموں اور نوکروں تک کو کافی ہوا۔

سہ شنبہ کے دن پانچویں تاریخ کو موضع کہتائی میں شاہی قافلہ پہنچا۔ جو لباس زیبِ بدن تھا سب اس کمترین کو مرحمت فرما دیا اور فدوی کا منصب مع اصل و اضافہ ہزار و پانصدی ذات و پانصد سوار مقرر ہوا، اس روز خبر آئی کہ سہراب خاں پسر رستم خاں میرزا دریائے بہت میں غرق ہو گیا اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ وہ ایک منزل پیچھے آتا تھا، جوانی اور نشۂ شراب کی مستی میں اس کے دل میں آئی کہ دریا میں غسل کرے، باوجودیکہ دریا تیزی سے بہ رہا تھا اور اس میں بڑی بڑی چٹانیں تھیں اور پانی اسقدر سرد تھا کہ پانوں ٹکانا مشکل ہو جاتا تھا، اور گرم پانی بھی غسل کے لئے مہیا تھا، ہر چند اس کے آدمیوں نے منع کیا کہ ایسی ہوائے سرد میں بے ضرورت اتنے خونخوار و خار دریا میں جو ہاتھیوں کو بھی

بہا لیجائے اترنا حزم و احتیاط سے بہت دور ہے ایک نو سنی اور مستی و غرور جوانی میں اپنی ۱۳۹
شناوری کے بھروسے پر ایک نفر خادم اور ایک کشتی گیر کے ساتھ کہ یہ لوگ بھی فن پیرا کی میں بے نظیر تھے ایک پتھر کے اوپر سے جو لب آب تھا خود کو دریا میں ڈالدیا گرتے ہی تلاطم امواج سے اپنے آپ کو سنبھال نہ سکا، نہ تیرنے کی سعی میں کامیاب ہوا فوراً غرق ہوگیا۔ سہراب خاں بھی اپنے خادم کے ساتھ غریق فنا ہوا۔ کشتی گیر البتہ بہزار جاں کنی ساحل تک سلامت پہنچا۔

میرزا رستم کو اس بیٹے سے عجیب محبت و دلبستگی تھی۔ پونچ کے راستہ میں یہ دلخراش و جانکاہ خبر سُن کر نہایت بے تاب و مضطر ہوا، اور تمام متعلقین کے ساتھ ماتمی لباس پہن کر سروپا برہنہ متوجہ ملازمت ہوا، (اس کی مادرکا سوز و گداز کیا لکھا جائے کہ بیان سے باہر ہے۔)

اگرچہ میرزا کے اور بیٹے بھی ہیں لیکن دلی محبت اس بیٹے کے ساتھ تھی۔ اس کی عمر پچیس سال تھی، بندوق اندازی میں اپنے باپ کا شاگرد رشید تھا ہاتھی کی سواری خوب جانتا تھا۔ یورش گجرات کے وقت اکثر حکم ہوتا تھا کہ فیل خاصہ بادشاہی کے سامنے سوار ہوا اور سپاہگری میں بہت دلچسپی لیتا تھا۔

جب کوتلوں سے گزر کر موضع بادر ملتا میں منزل ہوئی صحرا صحرا چمن چمن شگوفے اور قسم قسم کے نرگس، بنفشہ، ارغوان زرد اور عجیب خوشبودار پھول جو اس ملک کے لئے مخصوص ہیں نظر آئے۔

ان منزلوں میں ایک آبشار سرراہ واقع ہے، نہایت بلند اور اونچی جگہ سے گرتا ہے اور بڑا خوشنما نظارہ پیش کرتا ہے۔ اس راہ میں اگرچہ بہت سے آبشار نظر آئے لیکن یہ آبشار سب سے ممتاز و مستثنیٰ ہے

دوسرے روز بارہ مولا میں منزل ہوئی۔ بارہ مولا کشمیر کے مشہور قصبوں میں سے ہے، دریائے بہت کے کنارے واقع ہے۔ سوداگران کشمیر کی ایک جماعت اس قصبہ میں توطن گزیں ہے اور دریا کے منظر پر مکانات اور مساجد بنا کر آسودہ و مرفہ الحال بسر کرتی ہے۔ ورود مبارک سے پہلے سواری کے لئے اکثر وابستگان دولت کشتیاں تیار کئے اس مقام پر موجود تھے۔ جب شہر آنیکا وقت قریب آیا فی الفور جہاں پناہ کی خدمت میں کشتی پر بیٹھ کر متوجہ شہر ہوئے۔

اس روز دلاور خاں کا کر حاکم کشمیر کشتوار سے آکر فیضیاب کورنش ہوا اور روز افزوں

۱۰۳۱ شاہنشاہی عنایات و گوناگوں نوازشوں سے عزت اختصاص حاصل کی، حق یہ ہے کہ دلاور خاں نے کشتوار کی مہم نہایت کامیابی سے انجام دی۔ شہر کشمیر سے کشتوار کی آبادی تک ساٹھ کوس کی مسافت ہے۔

فتح کشتوار کی تفصیل یہ ہے دس ماہ الٰہی ۱۶ سنہ جلوس کو دلاور خاں نے دس ہزار سوار و پیادہ جنگی کے ساتھ فتح کشتوار کا عزم کر کے اپنے بیٹے حسن کو اکبر علی میر بحر کے ساتھ شہر اور سرحدوں کی حفاظت پر چھوڑا اور چونکہ یوہر چک و ابیہ چک وارث کشمیر کے دعوی کے ساتھ کشتوار اور اس نواح میں فساد پھیلا رہے تھے اس لئے دلاور خاں نے اپنے ایک بھائی سیف کو ایک گروہ کے ساتھ مقام دیسو میں جو کوتل پنجال کے پاس ہے بنظر احتیاط متعین کیا۔ اور منزل مذکور سے افواج کی تقسیم کر کے ایک فوج کے ساتھ خود سنگی پور کے راستہ سے روانہ ہوا۔ اپنے بیٹے جلال کو نصر اللہ عرب اور علی ملک کشمیری و چند بندگان جہانگیری کے ساتھ آہن کے راستہ پر متعین کر کے بڑے بیٹے جمال کو کارآمد جوانوں کے ایک گروہ کے ساتھ اپنی فوج کی ہراولی پر مقرر کیا۔

اسی طرح دو فوجیں اور اپنے داہنے بائیں روانہ کردیں چونکہ گھوڑوں کے گزرنے کا راستہ نہ تھا اس لئے چند گھوڑے احتیاطاً ساتھ لے کر سپاہیوں کے سب گھوڑوں کو وہیں سے کشمیر بھیجدیا۔ بقیہ جوانان کارآزما کمر خدمت باندھ کر دل و جان سے پہاڑ پر پیدل آئے اور اس طرح غازیان لشکر اسلام دشمنوں کے ساتھ منزل بہ منزل جنگ کرتے نرکوٹ تک جو غنیم کا ایک مورچہ تھا پہنچے۔ یہاں آکر جمالی و جلالی فوج جو مختلف راہوں پر متعین ہوئی تھی باہم مل گئی۔ بدنصیب دشمن مقابلہ کی تاب نہ لاکر فرار ہوگئے اور بہادران جان نثار پہاڑ گھاٹی اور بہت سا نشیب و فراز ہمت و مردی کے قدموں سے طے کرتے دریائے مرو تک پہنچے اور دریا کے کنارے آتش قتال مشتعل ہوئی۔ لشکر اسلام نے خوب کام کئے نہایت تندہی سے مقابلہ کیا، اور معرکہ کی لاج رکھ لی، ابیہ چک بدنصیب بہت سے اہل ادبار کے ساتھ قتل ہوا اور اس کے قتل کی وجہ سے راجہ بدست و بیدل ہو کر میدان چھوڑ کر بھاگا اور پل سے گزر کر مندرکوٹ میں جس کے کنارے دریا ہے مقیم ہوا۔ بہادران تیز رو نے پل عبور کرنا چاہا، پل کے اوپر بڑی جنگ ہوئی اور چند جوان شہید ہوئے۔ بیس شبانہ روز تک بندگان درگاہ عبور کی کوشش کرتے رہے مگر کافران تیرہ بخت کا ہجوم مدافعت و مقابلہ کے لئے کم نہ ہوتا تھا۔ اتنے میں دلاور خاں

۱۴۳ تھانہ جات کے استحکام اور رسد کے انتظام سے خاطر جمع کر کے لشکر ظفر اثر میں شامل ہو گیا۔

اب راجہ نے مکاری و حیلہ سازی سے اپنے وکلا دلاور خاں کے پاس بھیجکر التماس کی کہ میں اپنے بھائی کو لائق درگاہ پیشکش کے ساتھ خدمت میں بھیجتا ہوں اور جب میرا گناہ معاف ہو جائیگا اور بیم و ہراس میرے دل سے دور ہو جائیگا خود بھی درگاہِ گیتی پناہ میں پناہ لے کر آستان بوس ہونگا۔ دلاور خاں نے اس کی فریب آمیز باتوں پر متوجہ نہ ہو کر موقع ہاتھ سے نہ دیا اور راجہ کے فرستادوں کو نامراد رخصت کر کے عبور دریا میں مناسب سعی و اہتمام سے کام لیا۔ اس کا بڑا بیٹا جمال دلیر سپاہیوں کے ایک گروہ کے ساتھ دریا سے تیر کر پار ہو گیا اور مخالفوں سے سختی کے ساتھ لڑا اب چاروں طرف سے جاں نثاران دولت ہجوم کر کے ان بدبختوں پر ٹوٹ پڑے

جب ان لوگوں میں مقابلہ کی تاب نہ رہی، پل کا تختہ توڑ کر فرار ہوئے خدام ظفر پناہ پھر پل باندھ کر مع بقیہ لشکر کے اُتر آئے۔ دلاور خاں نے بھنڈر کوٹ میں عسکر اقبال آراستہ کیا اس دریا سے دریائے چناب تک جو ان سیاہ بختوں کا بڑا پشت و پناہ ہے دو تیر پرتاب کی مسافت ہوگی دریائے چناب کے کنارہ ایک بڑا اونچا پہاڑ ہے جس کی وجہ سے عبور دریا میں بڑی دشواری ہوتی ہے پیادوں کی آمد و رفت کے لئے موٹی موٹی رسیاں لگا کر دو رسیوں کے درمیان ایک ایک بالشت کی لکڑیاں برابر برابر مضبوط باندھ دیتے ہیں اور رسی کا ایک سرا پہاڑ کی چوٹی پر دوسرا دریا کی اس طرف مضبوط طریقہ پر باندھکر لٹکا دیتے ہیں۔ اور دو رسیاں اور اس سے ایک گز اونچائی پر لٹکا دیتے ہیں کہ ان لکڑیوں پر پاؤں رکھکر دونوں ہاتھوں سے اوپر کی رسیوں کو پکڑے ہوئے اوپر سے نیچے اتر سکیں اور پھر پانی سے گزریں۔ اس طریقہ کو کوہستانی لوگوں کی اصطلاح میں نرم پہ کہتے ہیں ان لوگوں نے جہاں نرم پہ باندھے جانے کا خطرہ تھا وہاں بندوق باز، تیر انداز اور کار آزما سپاہی متعین کر کے استحکام کا اطمینان کر لیا تھا۔

دلاور خاں نے بہت سے جالے[1] تیار کرا کے اسّی جوان بہادر و ہمت ور ان جالوں میں بٹھا کر عبور کرنا چاہا چونکہ دریا بڑے جوش و خروش سے بہ رہا تھا۔ جالہ بہ گیا، ان جوانوں میں سے اڑسٹھ جوان غرق ہو گئے دس جوان تیر کر ساحل تک پہنچے، دو جوان اس کنارے پہنچکر ارباب ضلالت کے پنجوں میں اسیر ہوئے۔

---

[1] وہ تنکیں اور لکڑیاں جو ایک دوسرے سے ملا کر عبور ہونے کیلئے باندھدی جاتی ہیں انکو جالہ کہتے ہیں۔

القصہ دلاور خاں چار ماہ دس روز تک ھندر کوٹ میں استقلال و ہمت کے ساتھ عبور ۱۴۴
کی کوشش کرتا رہا کوئی تدبیر بن نہیں آتی تھی۔ ایک دن ایک زمیندار نے رہبری کر کے جس جگہ
مخالفوں کو زم پہ بندھنے کا گمان نہ تھا اس جگہ زم پہ باندھنے کا مشورہ دیا۔ اور آدھی رات
کو جلال خاں پسر دلاور خاں چند بندگان درگاہ افغانوں کی جماعت کے ساتھ تقریباً دو سو نفر لیکر
اس راہ سے سلامت گزر گیا اور صبح کے وقت بے خبر راجہ کے سر پہ پہنچکر کرنائے فتح کی آواز بلند کی
چند آدمی جو راجہ کے گرد و پیش تھے خواب و بیداری کے درمیان سراسیمہ نکلکر اکثر تہ تیغ ہوئے
بقیۃ السیف بھاگ کر بچ گئے۔ اس شورش میں ایک سپاہی راجہ کے پاس پہنچ کر زخم
شمشیر سے اس کا کام تمام کرنا چاہتا تھا۔ راجہ نے فریاد کی کہ میں راجہ ہوں مجھے دلاور خاں کے
پاس زندہ لے چلو لوگوں نے اس پر ہجوم کر کے قید کر لیا۔ راجہ کی گرفتاری کے بعد اس کے
متوسلوں میں سے جو شخص جس جگہ تھا وہیں سے ایک ایک گوشہ میں چھپ رہا۔
دلاور خاں نے یہ مژدہ سن کر شکر کے سجدے ادا کئے اور فتحمند لشکر کے ساتھ دریا سے
پار ہو کر منڈل میں آیا جو اس ملک کا مستقر حکومت ہے دریا کے کنارہ سے وہاں تک
تین کوس کی مسافت ہے (دختر سنگرام راجہ جمبھر و دختر سورجمل پسر راجہ باسوائے کے گھر میں
تھیں دختر سنگرام سے اس کے (راجہ کے) کئی بیٹے ہیں) فتح ہونے سے پہلے راجہ نے
اپنے عیال و متعلقین کو احتیاطاً راجہ بوال و دیگر زمینداروں کے پاس بھیج دیا تھا جب موکب
شاہنشاہی نزدیک پہنچا دلاور خاں نے حسب الحکم راجہ کو ہمراہ لے کر آستان بوسی کا عزم
کیا۔ نصر اللہ عرب کو سوار اور پیادہ فوج کے ساتھ اس ملک کی حفاظت کے لئے متعین کر دیا۔
کشتوار کی مجمل خصوصیات یہ ہیں کہ کشتوار میں (گندم، جو، مسور، ماش ارزاں اور بہت
ہوتی ہے، بخلاف کشمیر کے شال کم ملتی ہے) اور اس کی زعفران کشمیر کی زعفران سے بہتر
ہوتی ہے نارنج و ترنج اور تربوز اعلیٰ قسم کے ملتے ہیں، یہاں کا خربزہ کشمیر کے خربزوں کی طرح
ہوتا ہے اور دوسرے میوے مثل انگور، شفتالو، زردآلو اور امرود وغیرہ ترش اور خراب
ہوتے ہیں اگر تربیت کیجائے تو ممکن ہے کہ اچھے ہوں۔
وہاں سنہسی ایک مسکوک روپیہ ہے جو حکام کشمیر کی یادگار ہے ڈیڑھ سنہسی کو ایک روپیہ
میں لیتے ہیں، سودے اور معاملہ میں پندرہ سنہسی کو جس کے دس روپیہ ہوتے ہیں مہر شاہی شمار
کرتے ہیں۔ وہاں ہندوستان کے دو سیر ایک من کے برابر ہیں۔ اور زراعت کی آمدنی پر وہاں

۱۴۶ خراج لینے کا رواج نہیں ہے۔ صرف گھر پیچھے ایک سال میں پچھنہسی جس کے چار روپیہ ہوتے ہیں وصول کرتے ہیں۔ اور زعفران تمام راجپوتوں اور سات سو نفر توپچیوں کی تنخواہ کے طور پر دے دی جاتی ہے جو نوکر قدیم ہیں۔ انتہا یہ ہے کہ زعفران کے موسم میں خریدار سے ایک من یعنی دو سیر پر چار روپیہ لیتے ہیں۔ راجہ کی تمام آمدنی جرمانے ہے جو وہ تھوڑی سی خطا پر بڑی بڑی رقمیں وصول کرلیتا ہے)

بہر جہت اس کی مخصوص آمدنی کوئی ایک لاکھ روپیہ ہوگی۔ یہاں ضرورت کے وقت چھ سات ہزار پیادے جمع ہوسکتے ہیں۔ ان لوگوں کے پاس گھوڑے بہت کم ہیں تقریباً پچاس گھوڑے راجہ اور اس کے مخصوص مصاحبوں اور امیروں کے پاس ہوں گے۔

ایک سال کا محصول (آمدنی جو دلاور خاں کو بطور انعام مرحمت ہوا اندازہ جاگیر کے اعتبار سے ہزاری ذات و ہزار سوار ضابطۂ جہانگیری کے برابر ہوگا (چونکہ دیوانیان عظام انتظام کرکے جاگیردار کو تنخواہ دیتے ہیں حقیقت قرار واقعی ظاہر ہوجائے گی کہ کس قدر بجا ہے)۔

دوشنبہ کے دن گیارہ تاریخ کو دوپہر اور چار گھڑی دن کے بعد جو عمارت تالدل کے کنارے نئی بنی تھی اس کے ملاحظہ کے لئے تشریف لے گئے حضرت عرش آشیانی کے حکم سے پتھر اور چونے سے قلعہ نہایت مستحکم بن رہا ہے ہنوز کام ختم نہیں ہوا، اس کا ایک ضلع باقی ہے۔ امید ہے کہ اب تھوڑے ہی عرصہ میں تیار ہوجائے گا۔

روز سہ شنبہ تاریخ بارہ ماہ مذکور دلاور خاں راجہ کو قید و بند میں گرفتار حضور میں لاکر زمیں بوس ہوا راجہ کی شکل و صورت وجاہت سے خالی نہیں، اس کا لباس اہل ہند کی طرز کا ہے از زبان کشمیری اور ہندی دونوں جانتا ہے ان حدود کے دیگر زمینداروں کے خلاف فی الجملہ شہری معلوم ہوا حکم ہوا کہ باوجود اس تقصیر و جرم کے اگر اپنے بیٹوں کو حاضر درگاہ کرے تو قید و حبس سے نجات پاکر سایۂ دولت میں آسودہ و فارغ البال بسر کرسکتا ہے ورنہ ہندوستان کے کسی قلعہ میں حبس دوام میں مبتلا رہے گا۔ اس نے عرض کی کہ میں اپنے اہل و عیال اور فرزندوں کو بندگان حضور کی خدمت میں لاتا ہوں اور جہاں پناہ کی مرحمت کا امیدوار رہوں۔ جو ارشاد ہو تعمیل کردوں۔

اب مجمل بیان ملک کشمیر کے اوضاع و اطوار اور خصوصیات کا کیا جاتا ہے۔ کشمیر اقلیم چہارم میں ہے۔ اس کا عرض خط استوا سے پینتیس درجہ اور طول جزائر سعدا سے ایک سو پانچ درجے ہے

۱۴۷ قدیم سے یہ ملک راجوں کے تصرف میں رہا ہے، ان کی مدت حکومت چار ہزار سال ہے، ان کے احوال و اسمائی کیفیت راجہ ترنگ کی تاریخ میں جو حضرت عرش آشیانی کے حکم سے ہندی سے فارسی میں ترجمہ ہوئی ہے تفصیل کے ساتھ مرقوم ہے۔ کشمیر نے سنہ ۷۱۲ھ میں نور اسلام سے رونق و وقعت پائی اور اہل اسلام کے بتیس نفر دو سو بیاسی سال تک اس ملک پر حکومت کرتے رہے سنہ ۹۹۴ھ میں حضرت عرش آشیانی نے فتح کیا اس سال سے ابتک کہ پینتیس سال کا زمانہ ہے اولیائے دولت ابد کے قبضہ میں ہے ملک کشمیر طول میں کتل بھولباس سے قنبر دیر تک چھپن کوس جہانگیری ہے اور عرض میں ستائیس سے زیادہ اور دس سے کم نہیں شیخ ابوالفضل نے اکبرنامہ میں انداز و قیاس سے لکھا ہے کہ ملک کشمیر کا طول دریائے کشن گنگ سے قنبر دیر تک ایک سو بیس کوس ہے اور عرض دس سے کم اور پچیس سے زیادہ نہیں حضرت شاہنشاہی نے بنظر احتیاط معتمد و کارداں آدمیوں کی ایک جماعت مقرر فرمائی کہ طول و عرض کی پیمائش کریں تاکہ حقیقت واقعی لکھی جا سکے اور چونکہ طے پا چکا ہے کہ ہر ملک کی حد اس جگہ تک ہے جہانتک اس ملک کی زبان میں لوگ باتیں کریں۔ اس بنا پر بھولباس سے جس کے گیارہ کوس پر کشن گنگ ہے کشمیر کی سرحد مقرر ہوئی اور اس حساب سے طول میں چھپن کوس نکلے۔ اور عرض میں دو کوس سے زیادہ فرق ظاہر نہ ہوا۔ کوس جو اس سلطنت میں سمجھا جاتا ہے اسی ضابطہ کے موافق ہے جو حضرت عرش آشیانی نے مقرر کیا ہے ہر کوس پانچہزار ہاتھ کا ہے۔ اور آجکل ایک ہاتھ دو شرعی ہاتوں کے برابر ہوتا ہے جہاں کہیں کوس یا گز لکھا ہوا اس سے مراد آجکل کا معمولی کوس اور گز ہے۔

شہر کا نام سری نگر ہے۔ دریائے بہٹ وسط آبادی سے گزرتا ہے اس کے سرچشمہ کو ویرناگ کہتے ہیں۔ شہر سے چودہ کوس پر جانب جنوب واقع ہے اور حضرت شاہنشاہی کے حکم سے اس چشمہ پر ایک عمارت اور باغ بنایا گیا ہے شہر کے درمیان چار پل لکڑی اور پتھر کے نہایت مضبوط باندھے گئے ہیں تاکہ لوگ اُن پر آسانی سے آمدورفت رکھ سکیں۔ پل کو اس ملک کی اصطلاح میں کدل کہتے ہیں۔

شہر میں ایک بڑی بلند اور شاندار مسجد ہے جو سلطان سکندر کی یادگار ہے سنہ ۷۹۵ھ میں تیار ہوئی ایک مدت کے بعد جل گئی، پھر سلطان حسین نے تعمیر شروع کی ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ خود سلطان کا قصر حیات منہدم ہو گیا اس کے بعد سنہ ۹۰۹ھ میں ابراہیم ماکری وزیر سلطان حسین نے اس کی عمارت و آرائش کی تکمیل کی اس تاریخ سے ابتک ایک سو بیس سال ہوتے ہیں ہنوز مضبوط

۱۴۸ اور اپنی حالت پر کھڑی ہے محراب سے مشرقی دیوار تک ایک سو پینتالیس ہاتھ طول اور ایک سو چوالیس ہاتھ عرض ہے، چار طاقوں پر مشتمل ہے ایوان اور بڑے بڑے ستونوں پر نقش و نگار بنے ہوئے ہیں۔ حقیقت میں حکام کشمیر کی اس سے بہتر کوئی یادگار باقی نہیں۔

میر سید علی ہمدانی چند روز اس شہر میں رہے ایک خانقاہ ان کی یادگار ہے۔

شہر کے متصل دو بڑے تالاب ہیں جو تمام سال پانی سے لبریز رہتے ہیں اور ان کا مزہ تبدیل نہیں ہوتا، لوگوں کی آمد و رفت، غلہ اور لکڑی کی نقل و برداشت کا دار و مدار کشتی پر ہے۔ شہر اور پرگنات میں پانچ ہزار سات سو کشتیاں اور سات ہزار چار سو ملاح شمار میں آئے۔

ولایت کشمیر اڑتیس پرگنوں پر مشتمل ہے، اور اس کو دو نصف اعتبار کیا ہے پانی کی سطح کو مراج اور نہہ کو کمراج کہتے ہیں۔ ضبط زمین اور زر و سیم کی داد و ستد کا اس ملک میں رواج نہیں مگر تمام نقد و جنس میں بعض چیزیں خروار شالی سے حساب کی جاتی ہیں۔ ہر خروار تین من آٹھ سیر وزن حال کے برابر ہوتا ہے، کشمیری دو سیر کو ایک من کہتے ہیں اور چار من کو جس کے آٹھ سیر ہوتے ہیں ایک ترک۔ ولایت کشمیر کی آمدنی (مالگذاری = جمع) تیس لاکھ تریسٹھ ہزار پچاس خروار اور گیارہ ترک ہے جس کے نقدی کے حساب سے سات کروڑ چھیالیس لاکھ ستر ہزار چار سو دام ہوتے ہیں اور ضابطۂ حال کے موافق آٹھ ہزار پانچسو سوار کی جگہ ہے۔

کشمیر کی آمد و رفت کے راستے متعدد ہیں۔ بہترین راستے بھنبر، پکلی اور پنتور کی راہ سے ہیں۔ اگرچہ بھنبر کا راستہ زیادہ نزدیک ہے۔ لیکن اگر کوئی چاہے کہ کشمیر کی بہار سے لطف اٹھائے تو یہ بات پکلی کے راستہ پر منحصر ہے دوسرے راستے اس موسم میں برف سے مالا مال ہوتے ہیں۔

اگر کشمیر کی تعریف و توصیف میں مشغول ہوں تو بہت سے دفتر درکار ہوں گے مختصر طور پر اس کے اوضاع و اطوار اور خصوصیات کی کیفیت لکھی جاتی ہے۔ کشمیر ایک ہمیشہ بہار باغ اور مضبوط ترین قلعہ ہے۔ بادشاہوں کے لئے عشرت افزا گلشن ہے اور درویشوں کے لئے ایک دلکشا خلوت کدہ اس کے خوش نما باغ اور دل آویز آبشار شرح و بیان سے زیادہ ہیں رواں نہریں اور لطیف چشمے حساب و شمار سے باہر ہیں۔ جہاں تک نظر کام کرتی ہے سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے، آب رواں گل سرخ، بنفشہ، خود رو نرگس بکثرت اور انواع گل و اقسام ریاحین اس سے کہیں زیادہ کہ شمار میں آسکیں۔ بہار کے موسم میں کوہ و دشت اقسام شگوفہ سے مالا مال اور مکانوں کے در و دیوار اور صحن و بام لالہ کی مشعل سے بزم افروز ہیں سطح چشموں اور سہ گوشہ حوضوں کا کیا بیان کیا جائے۔

۱۵۰ مثنوی ــ
شده جلوه گر نازنینانِ باغ — رخ افروخته هر یکے چوں چراغ
شده مشکبو غنچه درزیرِ پوست — چو تعویذِ مشکیں ببازوئے دوست
غزل خوانی بلبلِ صبح خیز — تمنائی میخوارگاں کرده تیز
بهر چشمه منقارِ بط آبگیر — چو مقراضِ زریں بقطعِ حریر
بساط از گل و سبزه گلشن شده — چراغِ گل از باد روشن شده
بنفشه سرِ زلف را خم زده — گره در دلِ غنچه محکم زده

اقسامِ شگوفہ میں سب سے بہتر بادام و شفتالو ہے۔ بیرونِ کوہستان شگوفہ کی ابتدا غرۂ اسفندار میں ہوتی ہے اور ملکِ کشمیر میں اوائلِ فروردی میں شہر کے باغات میں ماہِ مذکور کی نویں دسویں کو۔ اور شگوفہ کا انجام یاسمن کبود کے آغاز سے ملتا ہے۔

کشمیر کی تمام عمارتیں لکڑی کی ہیں، دو منزلہ، سہ منزلہ اور چار منزلہ بنائی جاتی ہیں کوٹھوں کو خاکپوش کر کے پیازہ لالہ چوغاشی بو دیتے ہیں جو سال بسال موسمِ بہار میں کھلتی ہے اور نہایت خوشنما معلوم ہوتی ہے، یہ تصرف اہلِ کشمیر کے ساتھ مخصوص ہے!

امسال دولت خانہ کے باغچہ اور کوٹھے اور مسجد جامع میں لالہ خوب کھلا تھا یاسمن کبود، باغات میں بہت ہے اور یاسمن سفید جسے اہلِ ہند چنبیلی کہتے ہیں حد درجہ خوشبودار ہوتی ہے۔ ایک قسم اور صندلی رنگ کی ہے وہ بھی نہایت خوشبو اور اہلِ کشمیر کے ساتھ مخصوص ہے۔

گلِ سرخ کئی قسم کے نظر آئے۔ خاص کر ایک قسم انہیں سے بہت خوشبودار ہے۔ ایک پھول ہے صندلی، اس کا رنگ اور بو نہایت نازک و لطیف گلِ سرخ کی طرح اور اس کا پتہ بھی گلِ سرخ سے مشابہ ہے۔ گلِ سوسن دو قسم کا ہوتا ہے، جو باغات میں ہوتا ہے اور بہت بڑا اور سبز رنگ ہوتا ہے دوسرا صحرائی، اس کا رنگ اگرچہ کسی قدر ہلکا ہوتا ہے لیکن خوشبو بہت ہوتی ہے۔ گلِ جعفری بڑا اور اچھا ہوتا ہے۔ اس کے درخت کا تنہ قدِ آدم سے گزر جاتا ہے لیکن جس سال کمال کو پہنچکر پھلتا ہے اس میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں اور اس کے پھول پر مکڑی کے جالے کی طرح ایک پردہ سا تنا جاتا ہے اور اس کو ضائع کر دیتا ہے اور تنے کو خشک کر دیتا ہے اور امسال ایسا ہی ہوا۔

جو پھول کشمیر کے گرم علاقوں میں نظر آئے حساب و شمار سے باہر ہیں استاذ نادر العصر منصور نقاش نے جنکی شبیہہ کھینچی ہے سو سے متجاوز ہیں حضرت عرش آشیانی کے عہدِ دولت سے

پہلے شاہ آلو مطلقاً نہ تھا، محمد قلی افشار نے کابل سے لا کر لگایا اب تک بارہ درخت پھل چکے ہیں ۱۵۱
زرد آلو پیوندی کے بھی چند گنتی کے درخت تھے، مشارٌ الیہ نے اس ملک میں شائع کیے اور آجکل کثرت سے ہیں (حقیقت میں کشمیر کا زرد آلو خوب ہوتا ہے، کابل کے باغ شہر آرا میں میرزائی نام کا ایک درخت تھا، جس سے بہتر کابل میں نہیں ہوتا تھا۔ کشمیر میں اس جیسے بادشاہی باغوں میں کئی درخت ہیں۔)

ناشپاتی عمدہ اور اعلیٰ قسم کی ہوتی ہے۔ کابل و بدخشاں سے بہتر سمرقند کی ناشپاتی کے برابر ہوتی ہے۔ کشمیر کا سیب اپنی خوبی میں مشہور ہے امرود اوسط درجہ کا ہوتا ہے، انگوروں کی کثرت ہے جن میں سے اکثر ترش اور خراب ہوتے ہیں۔ اناروں کی اتنی کثرت نہیں تربوز اعلیٰ قسم کے ملتے ہیں خربوزہ نہایت نازک شیریں اور ہاضم ہوتا ہے۔ لیکن اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ جب پک جاتے ہیں۔ تو ان میں کیڑے پڑ جاتے ہیں اور ان سے خربوزہ ضائع ہو جاتا ہے اور اگر کیڑوں کے آسیب سے محفوظ رہ جائے تو نہایت مزیدار ہوتا ہے۔

شاہ توت نہیں ہوتا۔ توت سائر کثرت سے ہے۔ ہر درخت توت کی جڑ سے انگور کی بیل اوپر چڑھ گئی ہے۔ یہ توت کھانے کے قابل نہیں ہیں سوائے چند درختوں کے جو باغوں میں لگائے گئے ہیں۔ توت کے پتے کرم پیلہ کے لئے کام آتے ہیں۔ پیلہ کا تخم گلگت اور تبت سے لایا جاتا ہے، شراب اور سرکہ بہت ہوتا ہے۔ لیکن وہاں کی شراب اکثر خراب اور ترش ہوتی ہے اس کو کشمیری زبان میں مس کہتے ہیں۔ پیالوں میں بھرنے کے بعد اس سے بڑی گرمی نکلتی ہے۔ سرکے سے کئی قسم کے اچار بنائے جاتے ہیں چونکہ لہسن کشمیر میں بہت ہوتا ہے، اس لئے وہاں کا بہترین اچار لہسن کا اچار ہے۔ وہاں غلہ بہت قسموں کا پیدا ہوتا ہے سوائے نخود کے اگر نخود بوئیں تو پہلے سال خوب ہوتا ہے دوسرے سال خراب تیسرے سال مشنگ سے مشابہ ہوتا ہے۔ چاول کی پیداوار سب سے زیادہ ہے، بلکہ ممکن ہے کہ تین حصے چاول اور ایک حصہ باقی غلہ ہوتا ہے۔

اہل کشمیر کی غذا کا مدار چاول پر ہے، جو نہایت خراب ہوتے ہیں۔ خشکہ نرم پکاتے ہیں اور اور سرد ہو جانے کے بعد کھاتے ہیں۔ اور اس کو بھتہ کہتے ہیں۔ کھانا گرم کھانے کی رسم نہیں ہے، بلکہ کم بضاعت لوگ تھوڑا بھتہ رات کو بچا لیتے ہیں، صبح کو کھاتے ہیں۔

نمک ہندوستان سے آتا ہے، بھتہ میں نمک ڈالنے کا قاعدہ نہیں ہے سبزی پانی میں

۱۵۳ جوش دیتے ہیں اور اس میں تھوڑا نمک تبدیل ذائقہ کے لئے ڈالدیتے ہیں۔ جو لوگ مزہ لینا چاہتے ہیں وہ اس سبزی میں تھوڑا چار مغز کا تیل ڈالدیتے ہیں۔ روغن چار مغز جلد کڑوا اور بدمزہ ہو جاتا ہے۔ بلکہ روغن گاؤ بھی بجز اس کے کہ تازہ بتازہ مسکہ سے نکال کر کھانے میں ڈال لیا جائے۔ اس کو کشمیری زبان میں سداپاک کہتے ہیں۔ چونکہ ہوا سرد اور نمناک ہے تین ہی چار دن میں متغیر ہو جاتا ہے۔

یہاں بھینس نہیں ہوتی۔ گائے بھی کمزور اور چھوٹی ہوتی ہے، یہاں کے گیہوں چھوٹے اور کم مغز ہوتے ہیں۔ روٹی کھانے کی رسم نہیں ہے گوسفند بے دنبہ ہندوستان کی بلی کی طرح ہوتی ہے اس کو ہندو کہتے ہیں۔ اس کا گوشت نزاکت اور خوش مزگی سے خالی نہیں۔ مرغ، قاز، مرغابی سوز وغیرہ بہت ہیں مچھلی ہر قسم کی پولک دار (گردہ دار) اور بے پولک (بے گردہ) ہوتی ہے لیکن نہایت حقیر اور بے مزہ۔

لباس پشمینہ کے مروج ہیں مرد و زن اونی کرتہ پہنتے ہیں اور اس کو پٹو کہتے ہیں۔ ان کا اعتقاد یہ ہے کہ اگر پٹو کا کرتہ نہ پہنا جائے تو ہوا اثر کر جاتی ہے بلکہ بغیر اس کے کھانا ہضم نہیں ہوتا شال کشمیری کا نام حضرت عرش آشیانی نے پرم رکھا ہے، شہرت کیوجہ سے اس کی تعریف کی ضرورت نہیں۔ دوسری قسم تھرمہ ہے جو شال سے زیادہ دبیز موجدار اور ملائم ہوتی ہے، ایک قسم درمہ ہے محرسگ کی قسم کے فرش پر بچھائی جاتی ہے علاوہ شال کے دوسرے اقسام کا پشمینہ تبت میں بہتر ہوتا ہے باوجودیکہ شال کا اون تبت سے آتا ہے مگر وہاں شال نہیں بنا سکتے۔ شال کا اون اس بکری سے حاصل کیا جاتا ہے جو تبت اور خراسان کیلئے مخصوص ہے۔ کشمیر میں شال کے اون سے پٹو بھی بناتے ہیں۔ اور شالوں کو باہم رفو کر کے سقرلات کی قسم کا ایک لباس تیار کرتے ہیں بارانی لباس کیلئے برا نہیں۔ کشمیر کے لوگ سر منڈاتے ہیں اور پگڑی باندھتے ہیں، عوام کی عورتوں میں لباس پاکیزہ و شستہ پہننے کی رسم نہیں، پٹو کا ایک کرتہ تین چار سال کام آتا ہے۔ بغیر دھوئے ہوئے، بننے والے کے گھر سے لاکر کرتہ سیتے ہیں جو جب تک پھٹ نہ جائے پانی تک نہیں پہنچتا۔ ازار پہننا عیب ہے لمبا اور چوڑا کرتا جو سر سے پانوں تک ڈھانپ لے پہنا جاتا ہے، یہ لوگ کمر باندھتے ہیں، باوجودیکہ اکثر کے مکان لب آب ہیں ایک قطرہ پانی کا ان کے بدن تک نہیں جاتا۔ مجملا اہل کشمیر کا ظاہر و باطن خصوصاً عوام کا نہایت گندہ اور میلا ہے۔

ارباب صنائع میرزا حیدر کے زمانہ میں بہت آئے، موسیقی کی رونق بڑھی، کمانچہ قبسو

قانون، چنگ، دف اور نے کا رواج ہوا، پہلے زمانہ میں صرف ایک باجہ کمانچہ کی قسم کا تھا، ۱۵۴
کشمیری زبان کے گیت ہندی راگوں میں گاتے تھے اور وہ بھی دو تین راگوں میں منحصر تھے
بلکہ اکثر ایک ہی راگ میں گاتے تھے، بیشک کشمیر کی رونق افزائی میں میرزا حیدر کا بہت حصہ ہے

حضرت عرش آشیانی کی حکومت سے پہلے وہاں کے لوگوں کی سواری کا مدار ٹٹو پر ہوتا تھا
تھا، بڑا گھوڑا نہیں رکھتے تھے مگر باہر سے عراقی و ترکی گھوڑے ہدیا اور تحفے کے طور پر حکام کے لئے
لائے جاتے تھے، گونت سے مراد وہ چار شانہ یابو ہے جو تمام ہندوستانی کوہستانوں کے نزدیک
کی زمین میں بکثرت ملتا ہے۔ بنگالہ میں جو یابو ہوتا ہے اس کو ٹانگھن کہتے ہیں اکثر جنکرہ شیخ جلو ہوتا ہے۔

جب یہ خداساز باغ اکبر شاہی دولت اور خاقانی تربیت سے ہمیشہ کے لئے پُر رونق ہوا
بہت سے خاندانوں کو اس صوبہ میں جاگیر مرحمت کر کے عراقی و ترکی گھوڑیاں دی گئیں کہ حاملہ
ہوں۔ اور سپاہیوں نے خود بھی بڑا سامان کیا، تھوڑے دنوں میں اچھے گھوڑے فراہم ہوگئے۔
چنانچہ کشمیری گھوڑا دو سو اور تین سو روپیہ تک کثرت سے خریدا اور بیچا گیا۔ کبھی اس کی قیمت
ہزار روپیہ تک پہنچ گئی۔

اس ملک کے غریب آدمی جو سوداگر اور اہل حرفہ ہیں اکثر سنی اور سنی ہیں اور سپاہی امامی
شیعہ ہیں، بعض گروہ نور بخشی اور بعض فقرا کی جماعتیں ہیں جنکو ریشی کہتے ہیں۔ اگرچہ ان میں کوئی علم
و حرفت نہیں ہے لیکن بغیر بناوٹ اور ظاہر آرائی کے بسر کرتے ہیں، کسی کو برا نہیں کہتے، زبان خواہش
اور پائے طلب کو تاہ رکھتے ہیں، گوشت نہیں کھاتے نہ شادی کرتے ہیں۔ ہمیشہ میوہ دار درخت
صحرا میں لگاتے رہتے ہیں اس نیت سے کہ لوگ اس سے فائدہ اٹھائیں خود اس سے متمتع نہیں
ہوتے۔ تقریباً دس ہزار شخص اس گروہ کے ہیں۔

ایک جماعت برہمنوں کی ہے جو قدیم سے اس ملک میں آباد ہے، جو تمام کشمیریوں کی زبان
ہے وہی ان کی زبان ہے، بظاہر ان میں اور مسلمانوں میں کوئی فرق نہیں معلوم ہوتا، لیکن ان
کے پاس سنسکرت زبان کی کتابیں ہیں جنھیں یہ پڑھتے ہیں اور ان پر عمل کر کے بت پرستی کرتے
ہیں۔ سنسکرت ایسی زبان ہے جس میں ہند کے عالم تصنیف و تالیف کرتے ہیں اور اس پر بہت
اعتبار رکھتے ہیں۔

بڑے بڑے بتخانے جو ظہور اسلام سے پہلے تعمیر ہوئے تھے اب بھی قائم ہیں، ان کی
عمارت تمام پتھر کی ہے، بنیاد سے چھت تک تیس تیس چالیس چالیس من کے پتھر تراش کر

ایک دوسرے پر رکھتے چلے گئے ہیں۔ شہر کے متصل ایک پہاڑی ہے جس کو کوہ ماران کہتے ۱۵۵
ہیں اس کا ایک نام ہری پربت بھی ہے۔ اس کے مشرقی سمت میں ڈل تالاب واقع ہے اس کے دور کی مسافت ساڑھے چھ کوس سے کچھ زیادہ پیمائش میں آئی ہے۔

حضرت عرش آشیانی نے حکم فرمایا تھا کہ اس مقام پر پتھر چونے سے ایک نہایت مضبوط قلعہ کی بنا رکھیں، یہ قلعہ عہد جہانگیری میں تکمیل کو پہنچا چنانچہ مذکورہ بالا پہاڑی اسی قلعہ کے درمیان واقع ہے۔ اور قلعہ کی دیوار اس کے دور سے ملی ہوئی ہے۔ اور جس تالاب کا ذکر ہوا وہ قلعہ سے ملا ہوا ہے۔

دولت خانہ کی عمارتیں دریا کے کنارے بنی ہوئی ہیں۔ دولت خانہ میں ایک باغیچہ ہے مختصر عمارت کے ساتھ جس میں حضرت عرش آشیانی اکثر بیٹھتے تھے چونکہ یہ عمارت و باغیچہ اس مرتبہ سخت بے رونق نظر آیا اس لئے راقم اقبال نامہ کو حکم ہوا کہ اس عمارت و باغیچہ کی ترتیب اور مکانات کی تعمیر میں انتہائی جد و جہد عمل میں لائے، الحمد للہ کہ اس تھوڑی مدت میں فدوی کے حسن اہتمام سے از سر نو رونق دار ہوگیا۔ باغیچہ کی وسط میں ایک چبوترہ بڑا استاندار بتیس ۳۲ مربع ہاتھ کا تین طبقوں پر مشتمل تیار کیا گیا، عمارتیں نئے سر سے تعمیر ہوکر استادانِ نادرہ کار کی نقاشیوں اور تصویروں سے رشک نگارخانہ چین بن گئیں۔ اس باغیچہ کا نام نور افزا تجویز فرمایا گیا۔

روز جمعہ ۱۵ فروردی کو دو قسطاس کے بیل زمیندار تبت کے پیشکش میں سے ملاحظہ میں پیش ہوئے، صورت و ترکیب میں بھینس سے بہت شباہت و مناسبت رکھتے ہیں۔ ان کے اعضا پر بال ہیں اور یہ بات سرد ملکوں کے حیوانوں کے لئے لازم ہے چنانچہ بز رنگ جو ولایتِ بکر و کوہستان گرم سیر سے لائی جاتی ہے نہایت خوشنما اور کم پشم ہوتی ہے اور جو کوہستان میں ہوتی ہے شدت سرما و برف کی وجہ سے پُر مو اور بدشکل ہوتی ہے کشمیری بارہ سنگی کو کیل کہتے ہیں۔

اسی دوران میں ایک مشکیں ہرن بھی پیش کش کیا گیا۔ چونکہ اس کا گوشت پہلے کھایا نہیں گیا تھا حکم ہوا کہ اس سے کھانا پکائیں سخت بے مزہ اور بد ذائقہ ظاہر ہوا صحرائی جانوروں میں کسی کا گوشت اتنا خراب اور بد مزہ نہیں ہوتا۔ نافہ تازگی کی حالت میں کوئی بو نہیں دیتا، چند روز رہنے اور خشک ہونے کے بعد خوشبو دار ہو جاتا ہے مادۂ آہو میں نافہ نہیں ہوتا

نر کے ساتھ مخصوص ہے۔ ۱۵۷

اِن دو تین دنوں میں اکثر اوقات کشتی پر بیٹھکر بہاک و شالمال کے شگوفے کی سیر و تماشا سے محظوظ ہوئے۔ بہاک ایک پرگنہ کا نام ہے جو کوڈل کی طرف واقع ہے۔ اسی طرح شالامال بھی اس کے متصل ہے۔ ایک پانی کی نہایت خوش نما نہر ہے جو پہاڑ سے نکل کر ڈال کے تالاب میں گرتی ہے۔ شاہزادہ عالم شاہجہاں کے حکم سے نہر کے اطراف میں پتھر چونے کی منڈیر بنادی گئی ہے آبشار تیار ہوا جس کو دیکھکر طبیعت خوش ہوتی ہے۔ یہ مقام کشمیر کی مشہور سیرگاہوں سے ہے۔

روز یکشنبہ سترہ تاریخ کو عجیب واقعہ ہوا۔ شاہ شجاع دولت خانہ کی عمارتوں میں کھیل رہا تھا اتفاقاً جانب دریا ایک دریچہ تھا۔ جس پر پردہ پڑا ہوا تھا، دروازہ بند نہ تھا۔ شہزادہ کھیلتا ہوا دریچہ کی طرف تماشا دیکھنے گیا جاتے ہی سر کے بل نیچے آرہا حُسنِ اتفاق سے بہت سا ٹاٹ تہ کیا ہوا دیواروں کے نیچے رکھا تھا اور ایک فراش اس کے قریب بیٹھا تھا شہزادہ کا سر ٹاٹ پر اور پانوں فراش کی پیٹھ اور کندھے سے ٹکرا کر زمین پر گرا، باوجودیکہ اس کی بلندی سات ہاتھ سے مگر عنایت ایزدی حافظ و ناصر تھی فراش اور ٹاٹ کا وجود زندگی کا سبب ہوگیا معاذ اللہ اگر ایسا نہ ہوتا مشکل ہوجاتی، اسوقت رائے مان سردار پیادہ ہائے خدمتی جھروکے کے نیچے کھڑا تھا اس نے فی الفور دوڑ کر نورِ چشم خلافت کو اوٹھایا اور آغوش میں لے کر اوپر آیا۔ شہزادہ نے اس حالت میں صرف اتنا پوچھا کہ مجھے کہاں لیجاتا ہے اس نے کہا حضرت کی خدمت میں، پھر ضعف طاری ہوگیا بات نہ کرسکے جہاں پناہ اسوقت استراحت فرما رہے تھے، وحشتناک خبر سن کر سراسیمہ اُٹھکر باہر آئے اس چشم و چراغ سلطنت کو آغوش شفقت میں لے کر دیر تک سینہ سے لگائے رہے اور اس موہبت خداوندی پر شکر کے سجدے ادا کئے۔ اربابِ استحقاق اور فقیروں کے گروہ جو شہر و نواح میں متوطن تھے۔ صدقات و خیرات سے بامراد ہوئے۔

واقعہ یہ ہے چار سالہ لڑکا اپنی جگہ سے جو دس گز شرعی بلندی رکھتی ہو سرنگوں نیچے گرے اور اس کے اعضا کو ذرا نقصان نہ پہنچے حیرت کی جگہ ہے اسی سلسلہ میں ایک عجیب بات یہ ہے کہ اس واقعہ سے چار ماہ پہلے جوتکرائے منجم نے جو فن نجوم کی مہارت میں اس گروہ کے پیش قدموں میں سے ہے عرض اشرف میں گزارش کی تھی کہ شہزادہ نے زائچہ طالع سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تین چار ماہ گراں ہیں اور ممکن ہے کہ کسی بلند جگہ سے نیچے گریں اور زندگی کو

کوئی ضرر نہ پہنچے۔ چونکہ کئی مرتبہ اس کے احکام کی تصدیق ہو چکی تھی ہمیشہ خاطر مبارک اس توہم میں ۱۵۸
مبتلا رہتی تھی۔ اور ان خطرناک اور دشوار گزار راستوں اور گھاٹیوں میں ایک چشم زدن اس نونہال سے غافل نہ ہو کر حواس ظاہری و باطنی حفاظت و نگرانی پر وقف رکھتے تھے۔ یہ حالت اس وقت تک رہی جب تک کشمیر آ گیا۔ چونکہ یہ سانحہ ناگزیر تھا انائیں اور کھلائیاں اس وقت غافل ہو گئیں اور خدا کا شکر ہے کہ یہ وقت خیریت سے گزر گیا۔

چونکہ ولاور خاں کاکر سے خدمت شائستہ ظہور میں آئی تھی چار ہزاری ذات سہ ہزار و پانصد سوار کے منصب پر سرفراز کیا گیا۔ اس کے بیٹوں کو بھی مناسب عہدوں پر امتیاز بخشا گیا۔

چار شنبہ کے دن شکار کبک (چکور) کے ارادہ سے موضع چادورہ کی طرف سواری روانہ ہوئی جو حیدر ملک کا وطن ہے واقعی اچھی سرزمین اور دلکش سیرگاہ ہے۔ اس میں جاری نہریں اور چنار کے بڑے بڑے درخت ہیں۔ سر راہ ایک درخت ہے ہل تھل نام کا، جب اس کی ایک شاخ پکڑ کر ہلائی جائے تو تمام درخت حرکت میں آ جاتا ہے، عوام کا اعتقاد ہے کہ یہ حرکت اسی درخت کے ساتھ مخصوص ہے، اتفاقاً اسی گاؤں میں ایک دوسرا درخت بھی نظر آیا جو اسی طرح متحرک تھا، معلوم ہوا کہ یہ حرکت اس نوع کے درخت کے لئے لازم ہے نہ ایک درخت کے ساتھ مخصوص ہے۔

موضع راول پور میں شہر سے ڈھائی کوس ہندوستان کی سمت ایک چنار کا درخت ہے درمیان سے جلا ہوا ستر آدمی اس کے نیچے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

جو پرندے کشمیر میں نہیں ہیں ان کی تفصیل یہ ہے: سارس، طاؤس، چرز، لک، تغداع، کرواتگ، زرد پلک، نقرہ پا، غرم پیپے، بوتیمہ، لگلا، حواصل، مکہ، بغلہ، قاز، کوئل، تیتر، شارک نوک سرخ، سرکہ، موسیچہ، ہریل، دھنگ، شکر خوارہ، ڈھوکہ، مہرلاٹ، دھنیس، کلچری، تتھری، چونکہ انہیں سے بعض کے نام فارسی میں معلوم نہیں تھے بلکہ ولایت میں ہوتے ہی نہیں اس لئے ہندی لکھے گئے۔

جو بہائم کشمیر میں نہیں ہوتے درندہ اور چرندہ کی اقسام میں سے ان کے نام یہ ہیں: شیر، ببر، چیتا، بھیڑیا، بھینس جنگلی، آہوئے سیاہ، چکارہ، گوتہ پاچہ، نیل گاو، گورخر، خرگوش، سیاہ گوش، جنگلی بلی، موشک کربلائی، سوسمار، خارپشت،

اس زمانہ میں سید بایزید بخاری، فوجدار بھکر ٹھٹھہ کے صاحب صوبہ ہو کر دو ہزاری ذات

۱۶۰ وڈیڑھ ہزار سوار کے منصب پر سربلند ہوئے اور دوسری عنایتوں کے ساتھ علم بھی مرحمت ہوا،
اس تاریخ کو سپہ سالار خانخاناں اور مخبران دکن کی عرضیوں سے واضح ہوا کہ عنبر سیہ بخت
نے پھر حد ادب سے قدم باہر نکالے ہیں اور پھر فساد برپا کرنا چاہتا ہے اور یہ دیکھ کر کہ حضرت
شہنشاہ دور دراز ملکوں کی سیاحت فرمارہے ہیں فرصت کو غنیمت جانکر جو عہد و پیمان بندگان درگاہ
سے کر چکا تھا اس کی مخالفت میں حدود شاہی پر دست تصرف دراز کر رہا ہے۔ (امید کہ
انھیں ایام میں اپنے ناپسندیدہ اعمال کی سزا میں گرفتار ہو جائیگا۔)
چونکہ سپہ سالار نے خزانہ کی التماس کی تھی اس لئے حکم ہوا کہ دارالخلافت آگرہ کے
تحویلدار مبلغ بیس لاکھ روپیہ لشکر ظفر اثر میں روانہ کر دیں۔
انھیں دنوں میں خبر پہنچی کہ امرا نے چھوڑ کر داراب خاں کے پاس اکٹھا ہو گئے ہیں
اور برگیاں لشکر کے دور پر فوج فوج جوق جوق سیر وگشت میں مصروف ہیں اور قزاقی کر رہے
ہیں۔ خنجر خاں احمد نگر میں قلعہ بند ہے، ابتک دو تین مرتبہ بندگان درگاہ کا باغیوں سے
مقابلہ ہو چکا ہے اور ہر مرتبہ شکست کھا کر مخالفوں کی ایک جماعت تباہ ہو جاتی ہے۔ آخری مرتبہ
داراب خاں خوش اسپہ جوانوں کو ساتھ لے کر مخالفوں کے بنگاہ پر حملہ آور ہوا۔ اور سخت
لڑائی ہوئی، مخالف شکست کھا کر وادیوں میں فرار ہو گئے اور ان کا بنگاہ تاراج ہو گیا۔ اور
لشکر شاہی دوبارہ سلامت و کامیاب واپس ہوا۔ لیکن غنیم نے مداخل رسد مسدود کر دئے
ہیں اور غلہ نہ پہنچنے کیوجہ سے لشکر کو سخت عسرت و گرانی اور تنگی و دشواری کا سامنا ہے، جانور
کمزور ہو رہے ہیں۔ ایسی حالت میں دولتخواہوں نے صلاح اس میں دیکھی کہ روہنگڑ کی
گھاٹی سے اتر کر گھاٹ پر توقف کرنا چاہئے تا کہ بنجارہ اور غلہ کی رسد بسہولت پہنچتی رہے، اور سپاہ
رنج و محنت نہ اٹھائے مجبوراً بالاپور میں قیام کیا۔
پھر بھی وہ مقہور شوخی و بے حیائی کر کے اطراف اردو میں نمایاں ہوئے راجہ نرسنگ دیو
نے باقبال شہنشاہی غنیم کی مدافعت پر ہمت باندھ کر بہت سے دشمنوں کو قتل کیا۔ منصور
نام ایک حبشی جو سرداران سپاہ مخالف سے تھا زندہ ہاتھ آیا۔ ہرچند چاہا کہ زندہ ہاتھی پر بٹھائیں
ضد و جہالت سے راضی نہ ہوا، راجہ نرسنگ دیو نے اشارہ کیا کہ اس کا سر اتار لیں (امید
ہے کہ چرخ کینہ گزار ان بدنصیب تبہ کاروں کو ان کے افعال ناہنجار کی سزا دیگا)
جو عجیب واقعات اس زمانہ میں ظاہر ہوئے ان میں سے ایک عبدالوہاب

۱۶۱ پسر حکیم علی کا دعویٰ بھی ہے۔ جو اس نے سادات متوطن لاہور کی ایک جماعت پر کیا اور ندامت کذب سے محجوب ہوا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ قاضی و میر عدل نے عرض کی کہ حکیم عبدالوہاب سادات کے ایک گروہ پر اسی ہزار روپیہ کا دعویٰ کرتا ہے اور اس نے قاضی نوراللہ کا مہر کیا ہوا ایک خط پیش کیا ہے کہ میرے باپ نے یہ روپیہ امانت کے طور پر ان کے باپ سید ولی کو سپرد کیا تھا، ان میں سے کسی نے خرچ کر ڈالا اور اب عبدالوہاب گواہ ثالث لاکر اپنے دعویٰ کو ثبوت شرعی تک پہنچا چکا ہے باوجود اس کے سادات کو انکار ہے۔ اگر حکم ہو تو حکیم زادہ حلف اٹھا کر اپنا حق ان سے لے لے۔ حکم اشرف ہوا کہ احکام شرعی کے مطابق عمل کیا جائے۔

سادات نے رات کو کمترین کے مکان پر آکر بہت اضطراب و بے تابی ظاہر کی کہ حکیم کا دعویٰ بالکل جھوٹ ہے، ہمارے اوپر ظلم کیا جا رہا ہے، اور معاملہ اتنا بڑا ہے کہ ہم اس سے عہدہ برا نہیں ہو سکتے سوائے اس کے کہ ہم مارے جائیں کوئی نتیجہ نہ نکلے گا۔ اس خیرخواہ خلق نے دوسرے روز عرض اقدس میں گزارش کی رات کو سادات فدوی کے گھر آئے تھے نہایت خضوع و خشوع ظاہر کرتے تھے چونکہ معاملہ اہم ہے اس کی تحقیق میں جتنا تامل و تفحص فرمایا جائے اور بندگان حقیقت شناس غور فرمائیں بہتر ہوگا۔ حکم ہوا کہ موتمن الدولہ آصف خاں اس قضیہ کی تحقیق نہایت دقت اور دور اندیشی سے کریں۔ تاکہ قطعاً شک شبہہ کی گنجایش نہ رہے۔

یہ خبر سنتے ہی حکیم زادہ کا دل ہاتھ سے جاتا رہا، ہرچند آصف خاں نے اس کی طلبی پر آدمی مقرر کئے مگر خائن بزدل اور خائف ہوتا ہے حاضر نہ ہوا، اور روپوش ہو کر دوستوں کی شفاعت سے صلح کی گفتگو چھیڑ دی اور یہ کہلایا کہ اگر سادات اس قضیہ کی بازپرس آصف خاں پر نہ رکھیں تو میں وہ خط ان کے سپرد کر دوں کہ میرا کوئی حق و دعویٰ نہ ہے اور اس سلسلہ کے ساتھ ہی وہ خط اپنے ایک دوست کو دیدیا یہ باتیں آصف خاں کو معلوم ہوئیں اس نے جبراً حکیم زادہ کو طلب کر کے اس سے بازپرس کی آخر اس نے اعتراف کیا کہ یہ جعلی خط ایک غلام نے تیار کیا اور مجھے گمراہ کر کے ہمیشہ کے لئے نادم و محجوب کر دیا۔ اور یہی مضمون لکھ کر دے دیا جب آصف خاں نے حقیقت حال سے اطلاع دی عبدالوہاب سے منصب و جاگیر ضبط کر کے اس کو نظر سے گرا دیا اور سادات کو عزت و آبرو کے ساتھ خلعت دیکر لاہور رخصت کیا۔

اسی زمانہ میں ملکہ عفت پناہ پادشاہ بانو نے انتقال کیا۔ اس دلخراش واقعہ سے خاطر

۱۶۴ خاطر حق شناس پر بہت اثر پڑا، تعجب یہ ہے کہ جوتک رائے منجم اس سے دو ماہ پہلے راقم حروف کو اس سانحہ کے ظاہر ہونے کی خبر دے چکا تھا۔ اس تاریخ کو شیخ احمد سرہندی کو جو خود آرائی و فضول گوئی سے چند روز زندان میں رہے تھے حضور میں طلب کر کے رہائی کا حکم دیا اور خلعت و ہزار روپیہ خرچ عطا کر کے جانے اور رہنے کا اختیار دیا۔ شیخ نے از روئے انصاف عرض کی کہ یہ تنبیہہ و تادیب درحقیقت ایک ہدایت تھی۔ میرے نفس کو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند روز خدمت میں بسر کر کے تقصیرات گزشتہ کا تدارک کروں۔

ایک دن مجلس بہشت آئین میں شاہزادہ مرحوم سلطان دانیال کا ذکر ہو رہا تھا۔ باتوں باتوں میں فتح احمد نگر اور حالات محاصرہ تک نوبت آئی۔ خان جہاں نے ایک عجیب نقل عرض کی جو اس سے پہلے بھی سنی گئی تھی وہ یہ ہے کہ ایک دن ایام محاصرہ میں توپ ملک میدان کو جو کمال شہرت سے تعریف و توصیف کی محتاج نہیں شاہزادہ کے اردو کی طرف مجرا دیکر آگ دیگئی۔ ایک گولہ ان کے دولت خانہ کے قریب پہنچا اور وہاں سے چرخ کھا کر قاضی بایزید کے گھر کے پہلو میں پہنچا جو شاہزادہ دانیال کے مصاحبوں میں سے تھے۔ اتفاقاً قاضی کا گھوڑا وہاں سے تین چار گز کے فاصلہ پر بندھا ہوا تھا۔ جیسے ہی گولہ زمین پر پہنچا اس کی آواز کی ہیبت سے گھوڑے کی زبان نکل کر باہر جا پڑی۔ یہ گولہ پتھر کا تھا وزن میں دس من مروجہ حال جس کے اسی من خراسانی ہوتے ہیں اور توپ مذکور اتنی بڑی ہے کہ کوئی شخص درست اعضا کا اس کے درمیان اچھی طرح بیٹھ سکتا ہے۔

اس تاریخ کو خاطر مبارک ویرناگ کے سیر و تماشے پر راغب ہوئی جو دریائے بہٹ کا سرچشمہ ہے اور شہر سے وہاں تک تمام راستہ میں سیرگاہیں اور نہایت شیریں اور لطیف جانفزا چشمے بنے ہوئے ہیں۔ کشتیاں آراستہ کر کے چشمے پر گئے۔ تیسرے دن مقام پنج برارہ نزول مبارک سے مشرف ہوا، یہ موضع کشمیر کی معینہ سیرگاہوں سے ہے۔ یہاں ایک چشمہ نہایت صاف و پاکیزہ ہے اور اس کے وسط میں چنار کے سات بڑے بڑے درخت اور اس کے دور پر ایک نہر ہے یہ گاؤں شہزادہ پرویز کی جاگیر ہے۔ ان کے نائبوں نے دریا کے کنارے ایک نہایت دلپسند اور باموقع عمارت بنائی ہے۔

پنج برارہ سے موضع انچ میں تشریف لے گئے۔ دامن کوہ میں ایک بہتا ہوا چشمہ ہے چشمہ کے اوپر عمارات اور حوض ایک دوسرے کی شکل سے ملتے ہوئے بنے ہوئے ہیں سب تکلف

۱۶۴ نہایت پرشکوہ سیرگاہ ہے، چونکہ یہ موضع خان جہاں کی جاگیر میں تھا اس لئے مشارٌ الیہ لوازم ضیافت بجالائے اور نذر پیش کی جس میں سے تھوڑی ان کی خاطرداری کے لحاظ سے قبول فرمائی۔

اس چشمہ سے نصف کوس آگے مچھی بھون کا چشمہ ہے اس چشمہ کا پانی پہلے چشمہ سے زیادہ ہے، اور چنار وسفیدار وسیاہ بید کے بڑے اور کہن سال درخت اس کے چاروں طرف لگے ہوئے ہیں۔ اس چشمہ میں مچھلیاں اس کثرت سے ابھرتی ہیں کہ آنکھیں خیرہ ہوجاتی ہیں پانی اسقدر صاف ہے کہ اگر ایک چیا پانی میں گرجائے تو نظر آجاتا ہے۔

درتہ آبش زصفا ریگ خورد کور تواند بدل شب شمرد

مچھی بھون سے اچھول میں منزل ہوئی۔ اس چشمہ کا پانی اس سے بھی زیادہ ہے، ایک بڑا آبشار ہے۔ چنار اور سفیدار وغیرہ کے درخت ایک دوسرے سے ملجانے کی وجہ سے دلکش نشیمن حسب موقع مہیا ہوگئے ہیں نظر کے سامنے ایک صاف اور صاف ستھرا باغچہ ہے جس میں جابجا گلہائے جعفری کھلے ہوئے ہیں گویا بہشت کا ایک قطعہ ہے۔

دوسرے روز اچھول سے سرچشمہ ویرناگ پر مجلس نشاط آراستہ ہوئی۔ یہ چشمہ دریائے بہت کا منبع ہے اور دامن کوہ میں واقع ہے اشجار کا ہجوم اور سبزہ و ریاحین کی کثرت اس درجہ ہے کہ زمین نظر نہیں آتی۔ شاہزادگی کے زمانہ میں حکم ہوا تھا کہ اس چشمہ کے کناری مناسب موقع پر عمارت کی بنیاد رکھی جاے جو اس زمانہ میں تو تکمیل کو پہنچی حوض مثمن بیالیس ضرب بیالیس ہاتھ اور عمق چودہ ہاتھ کا ہے اس کا پانی سبزہ اور ریاحین کے رنگ سے جو پہاڑ پر اُگے ہیں زنگاری معلوم ہوتا ہے مچھلیاں بہت تیر رہی ہیں حوض کے دور پر محرابیں بنی ہوی ہیں۔ اس عمارت کے آگے ایک باغ ہے۔ لب حوض سے باغ کی انتہائی حد تک ایک نہر چار گز عرض ایک سو چھیاسی گز طول اور دو گز عمق کی جاری ہے اس کے دونوں طرف سنگین کیاریاں بنی ہیں۔ نہر، سبزہ، اور گیاہ زیرآب کی صفائی کا کیا بیان کروں بعض سبز تلخ، بعض فستقی، سیبگی اور سبزہ کی اقسام سبز و نیم سبز ایک دوسرے سے پیوستہ نہ میں نظر آرہی تھیں بالکل دم طاؤس کی طرح منقش معلوم ہوتی تھیں اور موج آب سے متحرک تھیں جا بجا پھول کھلے ہوے تھے۔

حقیقۃً تمام کشمیر میں ایسی خوش نما اور دلفریب سیرگاہ کوئی نہیں ہے۔ اب چونکہ کوچ کی ساعت قریب تھی اس لئے جانب شہر عزم معاودت فرمایا اور سرچشمہ لوکا بھون میں بارگاہ اقبال

نصب ہوئی۔ یہ چشمہ بھی اچھی سیرگاہ ہے، اگر کوئی مناسب مقام عمارت بھی بنجائے تو اچھی جگہ ہوجائے اثنائے راہ میں چشمۂ اندوہناک سے گزرنا پڑا۔ وجہ تسمیۂ اندوہناک یہ ہے کہ اس چشمہ کی مچھلیاں اکثر نابینا ہوتی ہیں۔ تھوڑی دیر ٹھہر کر جال ڈالا تو بارہ مچھلیاں گرفتار ہوئیں جن میں سے تین نابینا تھیں اور نو آنکھوں والی بظاہر اس چشمہ کی تاثیر ہے کہ مچھلی کو اندھا کر دیتا ہے

پھر جس طرح سے لکھا جاچکا ہے منزل بہ منزل مراجعت فرمائی۔ ارادت خان خانساماں کشمیر کا صاحب صوبہ مقرر ہوا اور اس کے تغیر کے بعد میر جملہ اس خدمت پر مامور ہوئے، میر جملہ کے سلسلہ میں راقم عرض مکرر کی جگہ سرفراز ہوا۔ اس رستہ میں شکار ماہی کا مشاہدہ ہوا جس جگہ آدمی کے سینہ تک پانی ہوتا ہے دو کشتیاں ایک دوسرے کے محاذ میں لیجاتے ہیں اس طرح کہ ایک سرا باہم ملا ہوا دوسرا دور چودہ پندرہ ہاتھ کے فاصلہ پر، اور دو ملاح کشتیوں کی بیرونی طرف کے کنارے لمبے لمبے بانس ہاتھ میں لئے کھڑے ہو جاتے ہیں تاکہ فاصلہ زیادہ و کم نہ ہو اور برابر چلتے رہتے ہیں اور دس بارہ ملاح پانی کے نیچے آ کر کشتیوں کے سرونکو جو باہم ملے ہوئے ہیں ہاتھ سے پکڑ کر پاؤں زمین پر مارتے ہوئے چلتے ہیں۔ جو مچھلی دونوں کشتیوں کے درمیان آ کر چاہتی ہے کہ تنگی سے نکل جاوے وہ ملاحوں کے پاؤں سے لگتی ہے۔ ملاح فوراً غوطہ لگا کر خود کو قعر آب میں پہنچاتا ہے دوسرا ملاح اس کی پیٹھ پر اپنا بوجھ رکھکر دونوں ہاتھو نسے زور کرتا ہے تاکہ پانی اس کو اوپر نہ لائے اور وہ مچھلی کو پکڑ کر نکال لاتا ہے بعض لوگ جو اس فن میں مہارت رکھتے ہیں دو مچھلیاں دونوں ہاتھوں سے نکال لاتے ہیں۔ یہ شکار دریائے بھٹ کے لئے مخصوص ہے، کسی دوسری جگہ دیکھا یا سُنا نہیں گیا۔ اور یہ موسم بہار پر منحصر ہے جب پانی ٹھنڈا اور تکلیف دہ نہیں ہوتا۔ (شہر میں جشن وسہرہ منایا گیا گھوڑے اور ہاتھی سجا کر ملاحظۂ مبارک میں پیش ہوئے۔

اس زمانہ میں مزاج اقدس مرکز اعتدال سے منحرف معلوم ہوا، کوتاہی دم و تنگی نفس کا اثر محسوس کر کے حقیقت حال اطبا سے بیان فرمائی۔

جہاں پناہ کے ضعف کی ابتدا اسی تاریخ سے ہوئی۔ اسی حالت میں سیر خزاں کے قصد سے صفاپور اور درہ لار کی جانب جو دریائے کشمیر کے آخر میں واقع ہے متوجہ ہوئے صفاپور میں پانی کا تالاب اچھا ہے، شمالی جانب میں ایک پر درخت پہاڑ ہے باوجودیکہ ابھی موسم خزاں کا آغاز ہی تھا مگر عجیب نظارہ پیش نظر تھا، رنگین درختوں کا عکس مثل چنار و زرد آلو

۱۶۷ وغیرہ پانی میں بہت اچھا معلوم ہوتا تھا بے مبالغہ خزاں کی خوبیاں بہار کی خوبیوں سے کچھ کم نہیں

ع ذوقِ فنا نیافتہ ورنہ در نظر — رنگین تر از بہار بود جلوۂ خزاں

چونکہ کوچ کا وقت قریب تھا اس لئے سرسری سیر فرما کر مراجعت فرمائی۔ اور اس وجہ سے کہ زعفران پیدا ہو گئی تھی شہر سے موضع بانپور روانہ ہوئے۔ تمام ملک کشمیر میں سوائے اس موضع کے دوسری جگہ زعفران نہیں ہوتی۔ چمن چمن صحرا صحرا جہاں تک نظر کام کرتی تھی شگفتہ تھی اس کے پتّے زمین سے لگے ہوتے ہیں اس کے پھول میں چار پنکھڑیاں ہوتی ہیں بنفشئی رنگ کی اور درمیان میں تین شاخیں۔ پورے سال میں چار سو من زعفران وزن حال کے مطابق پیدا ہوتی ہے جس کے تین ہزار کے سو من خراسانی ہوتے ہیں، نصف حصہ خالصہ اور نصف حصہ رعایا کا معمول ہے، سیر بھر دس روپیہ میں خرید و فروخت ہوتی ہے۔ یہ رسم ہے کہ زعفران کے پھول اہل حرفہ کو دیتے ہیں اور وہ اپنے گھر لیجا کر پھولوں سے زعفران چنکر نکال لیتے ہیں۔ اور مقررہ پھولوں کے موافق جو قدیم سے بندھا ہوا ہے اہلکاروں کو دے دیتے ہیں اور اس کے ہم وزن نمک معاوضہ میں لے لیتے ہیں۔ نمک کشمیر میں نہیں ہوتا اور اس کی اتنی کمی ہے کہ وہاں کے حسن میں بھی نمک نہیں، نمک ہندوستان سے لایا جاتا ہے۔

کشمیر کے دوسرے تحفوں میں کلغی بیر ہیں اور جانور شکاری۔ اور ایک سال میں دو ہزار سات سو تک پرنکل آتے ہیں، باز و جرّہ کی قسم کے پرندے دو سو تک جال میں آ جاتے ہیں کشمیر میں باشہ کا آشیانہ بھی ہوتا ہے۔ آشیانی باشہ خوب ہوتا ہے۔

اس دولت ابد قرین میں ایک قالین کا کارخانہ بنایا ہے، جس میں کشمیر کے شغال کی اون سے ایسے قالین تیار ہوئے کہ کرمان کے قالین اس کے مقابلے میں کمبل سے زیادہ نہ تھے طرحداری و رنگ آمیزی میں بہزاد کی نقاشی کا ایک صفحہ معلوم ہوتا ہے۔ اس کشمیری شال کی لطافت شرح و بیان کی احتیاج سے بالاتر ہے۔

## معاودت موکب اقبال بہ سمت لاہور ۱۶۹

زعفران زار کی سیر سے فارغ ہونے کے بعد ۲۷ مہر دوشنبہ کی شب کو کوتل پرنجال کے راستے سے لاہور روانہ ہوئے۔ حکم اشرف کے مطابق ہر منزل میں ایک عمارت بنائی گئی تاکہ برف و باراں اور شدت سرما کے وقت خیمہ میں نہ بسر کرنا پڑے۔

جب معلوم ہوا کہ زنبیل بیگ ایلچی شاہ عباس حوالی لاہور تک پہنچ گیا ہے، تو میر حسام الدین ۱۶۹
ولد میر جمال الدین حسین انجو کو اس کے استقبال کے لئے بھیجا، تیس ہزار روپیہ مددخرچ اور خلعت
بھی ایلچی کو دینے کیلئے ساتھ کر دیا۔ اور یہ طے ہوا کہ وہ جو کچھ میر مذکور کو دے میر بھی اتنی ہی
قیمت تک اپنے پاس سے اس کی ضیافت کرے اور اس مقصد کے لئے پانچ ہزار روپئے
اور لیجائے۔

ان چند دنوں میں مسلسل برف باری ہوئی تھی، پہاڑ سفید ہو گئے تھے راستوں میں برف جمی ہوئی تھی گھوڑوں کے سم ٹھہرتے نہ تھے، سواروں کو مسافت طے کرنے میں بڑی دشواری ہوتی تھی۔ اس راستہ میں جاڑے کی سختی سے شیخ ابن یامین نے سفر عدم اختیار کیا۔ شیخ خدمتگاران معتمد اور بندگانِ قدیم سے تھا، افیون خاصہ کی وہی نگرانی کرتا تھا آبدار خانہ بھی اس کے ذمہ تھا، انتقال کے بعد افیون کی خدمت خواص خاں کو تفویض ہوئی اور آبدار خانہ پر موسوی خاں کا تقرر ہوا۔ جب موضع ٹھٹھہ میں خیمہائے خسروی نصب ہوئے تو اسی منزل سے ہوا، زبان، لباس، معاشرت اور حیوانات میں صاف فرق محسوس ہونے لگا، یہاں کے آدمی ہندی اور کشمیری دونوں زبانوں میں باتیں کرتے ہیں، لیکن ان کی اصلی زبان ہندی ہے، کشمیری زبان قرب وجوار کی وجہ سے سیکھی ہے۔ سرسری حیثیت سے یہ جگہ ولایت گرم سیر اور ہندوستان میں داخل ہے، عورتیں اونی لباس نہیں پہنتی۔ اور اہل ہند کی طرح نتھ پہنتی ہیں۔

دوسرے دن موضع راجوری میں آئے، یہاں کے آدمی قدیم زمانہ میں ہندو تھے اس سرزمین کے زمیندار کو راجہ کہتے تھے سلطان فیروز نے مسلمان کیا، باوجود اس کے اوس کو راجہ کہتے ہیں، ایام جہالت کی بدعتیں انمیں بھی جاری ہیں۔ جس طرح ہندو عورتیں اپنے شوہر کے ساتھ زندہ آگ میں جل جاتی ہیں، ان کی عورتیں بھی زندہ قبر میں دفن ہو جاتی ہیں۔ اطلاع ملی کہ اس چند روز میں ایک دس بارہ سال کی لڑکی شوہر کے ساتھ زندہ دفن ہو گئی۔ یہاں یہ بھی رسم ہے کہ بعض بے بضاعت لوگوں کے یہاں لڑکی پیدا ہوتی ہے تو فوراً گلا گھونٹ کر مار ڈالتے ہیں، ان میں ہندوؤں کے ساتھ قرابت ورشتہ بھی ہوتا ہے، لڑکی دیتے بھی ہیں لیتے بھی ہیں۔ لڑکی لینا تو برا نہیں لیکن دینا معاذ اللہ بہت برا ہے۔ اس بنا پر فرمان ہوا کہ اس کے بعد ایسی باتیں نہ کریں۔ ورنہ جو شخص ان بدعتوں کا مرتکب ہوگا اس کو سزا دی جائے گی۔

منزل بھنبر میں شکار قمرغہ کا انتظام ہوا، ایک روز مقام کرکے شکار کی دلچسپیوں میں مشغول ہوئے

۱۷۰ مقام کھرجاگ وکھیال میں بھی شکار کیا، وہاں سے دس منزل پر جہانگیر آباد کی شکارگاہ قدم مبارک سے معزز ہوئی۔ یہ سرزمین شہزادگی کے زمانہ میں بندگان حضرت کی شکارگاہ تھی۔ یہاں اپنے نام مبارک پر ایک گاؤں آباد کر کے ایک مختصر عمارت بنوائی اور سکندر معین کو جو قراولوں میں قریب خدمت کی خصوصیت رکھتا تھا عنایت فرمادی تھی۔ جلوس اشرف کے بعد پرگنہ بناکر جہانگیر آباد نام رکھا اور نام بردہ ہی کی جاگیر میں رہنے دیا۔ اور ارشاد ہوا کہ دولت خاں کے لئے ایک عمارت تالاب اور منار تعمیر کیا جائے۔ بہ جگہ سکندر معین کے مرنے کے بعد ارادت خاں کی جاگیر میں دے دی گئی اور عمارت کی سربراہی منار الیہ کو سپرد ہوئی۔ مجموعی حیثیت سے ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ ان عمارتوں پر صرف ہوا ہوگا نہایت عمدہ شاہانہ شکارگاہ ہے۔

بروز دوشنبہ ۹ر آبان مطابق ۵ محرم سنہ ۱۰۲۸ھ ساعت مسعود میں دارالسلطنت لاہور کے دولتخانہ کو نزول اقبال سے رونق بخشی جس میں معمور خاں میر عمارات نے بڑا اہتمام کیا تھا لاہور میں نئی شاندار اور عجیب چہل پہل نظر آتی تھی، دلکشا عمارتیں، روح پرور مناظر، نہایت لطیف وپاکیزہ مکانات سب منقش وتصویر دار ہوشیار کاریگروں کے تیار کئے ہوئے۔ سبزوشاداب باغ جس میں انواع واقسام کے پھل پھول نظریں لبھا رہے تھے۔ اپنی اپنی جگہ نگاہیں جذب کئے لیتے تھے۔

زِ پائے تابسرش ہر کجا کہ مینگرم کرشمہ دامنِ دل میکشد کہ جا اینجا است

سرکاری محاسبوں سے سننے میں آیا سات لاکھ روپیہ جس کے تیئیس ہزار تومان رائج ایران ہوتے ہیں اس عمارت میں صرف ہوا۔ اسی بہجت افزا دن کو فتح قلعہ کانگڑھ کا مژدہ مسرت بخش خاطر ہوا۔ حضرت شاہنشاہی اس کے شکریہ میں جو خدا کی تازہ عنایت تھی کریم کارساز کی درگاہ میں سر نیاز جھکا کر صرف نشاط وشادمانی ہوئے اور مسرت وکامیابی کے نقارے بجنے لگے کانگڑھ لاہور کی شمالی جانب ایک قدیم قلعہ ہے اور کوہستان کے درمیان واقع ہے، استحکام ودشوار کشائی اور سنگینی ومضبوطی میں مشہور ومعروف ہے۔ اس قلعہ کی تاریخ تعمیر سے سوائے خدا کے کسی کو آگاہی نہیں۔ زمینداران پنجاب کا اعتقاد یہ ہے کہ اتنی مدت میں یہ قلعہ کبھی ایک قوم سے دوسری قوم کے قبضے میں نہیں گیا۔ اور کسی غیر نے اس پر تسلط نہیں پایا۔ والعلم عند اللہ۔ بہرحال جب سے ہندوستان میں صدائے اسلام بلند ہوئی ہے سلاطین والا شکوہ میں کسی کو اس قلعہ کی فتح میسر نہیں ہوئی۔ سلطان فیروز شاہ باایں ہمہ شان و استعداد خود اس قلعہ کی تسخیر میں مشغول ہوا، اور مدتوں محاصرہ قائم رکھا، آخر جب سمجھ لیا کہ

قلعہ اتنا سنگین و محفوظ ہے کہ جب تک سامان قلعہ داری و رسد قلعہ نشینوں کے پاس رہے گا ۱۷۲
کلید تدبیر سے اس کی کشائش دشوار ہے، راجہ کے حاضر خدمت ہونے سے خوش ہو کر اس سے ہاتھ اٹھا لیا۔

راجہ نے پیش کش و ضیافت کا اہتمام کرکے سلطان سے اندرون قلعہ تکلیف فرمانے کی استدعا کی۔ سلطان نے قلعہ کی سیر و تماشا سے فارغ ہونے کے بعد راجہ سے کہا۔ مجھ ایسے بادشاہ کو قلعہ کے اندر لانا شرائط احتیاط سے دور تھا، جو لوگ میرے ہمرکاب ہیں اگر تیرا قصد کریں اور قلعہ پر قبضہ کرلیں تو کیا چارۂ کار ہے۔ راجہ نے اپنے لوگوں کی طرف اشارہ کیا ایک لحظہ میں مسلح و مکمل بہادروں کی فوج دفعۃً ایک کمیں گاہ سے نکل آئی اور بادشاہ کو کورنش کی سلطان اس ہجوم کو دیکھ کر غدر کے اندیشہ سے متفکر ہوئے راجہ نے مودبانہ آگے بڑھ کر عرض کی کہ سوائے اطاعت و بندگی کے میرا کوئی خیال نہیں ہے لیکن جیسا کہ زبانِ مبارک سے ارشاد ہوا، احتیاط و دوربینی البتہ مد نظر ہے کہ ہر وقت یکساں نہیں ہوتا۔ سلطان نے آفریں کہی اور راجہ چند منزل تک حاضر رکاب رہ کر رخصت ہوا۔

اس کے بعد جو شخص تخت دہلی پر بیٹھا، اس نے قلعہ کانگڑہ کی تسخیر کیلئے لشکر بھیجا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ حضرت عرش آشیانی نے ایک مرتبہ حسین قلیخاں کی سرداری میں ایک بڑا شاندار لشکر بھیجا حسین قلیخاں کو بصلۂ خدمات پسندیدہ ”خانجہاں“ کا خطاب مل چکا تھا، حدود کانگڑھ میں آ گئے اور محاصرہ کرلیا، اثنائے محاصرہ میں ابراہیم حسین میرزا کی شورش ہوئی۔ وہ حق ناشناس گجرات سے بھاگ کر پنجاب میں فتنہ و فساد برپا کرنے لگا۔ خان جہاں کو مجبوراً قلعہ سے دستکش ہو کر اس طرف متوجہ ہونا پڑا اور قلعہ کی تسخیر تعویق میں پڑ گئی۔ ہمیشہ یہ خیال حضرت عرش آشیانی کو کھٹکتا مگر قسمت سے مجبوری تھی کوئی صورت نہ نکلی۔

جب تخت سلطنت جلوس جہانگیری سے آراستہ ہوا تو پہلے مرتضیٰ خاں حاکم صوبۂ پنجاب کو بہادران نبرد آزما کی فوجوں کے ساتھ اس قلعہ کی تسخیر کے لئے روانہ فرمایا۔ ہنوز یہ مہم انصرام کو نہ پہنچی تھی کہ مرتضیٰ خاں کا انتقال ہوگیا۔ بعد ازاں سورج مل پسر راجہ باسو نے یہ مہم اپنے ذمہ لی اس کو لشکر کا سردار بنا کر سرفراز فرمایا مگر اس بدسرشت نے بغاوت اور کفران نعمت کرکے لشکر میں بڑا تفرقہ پیدا کردیا اور اسوقت بھی قلعہ کی کشائش میں توقف ہوا۔ بہت دن نہ ہوئے تھے کہ وہ ناحق شناس پاداش عمل میں گرفتار ہو کر واصل جہنم ہوا، جیسا کہ اس کی

۱۴۳ تفصیل حسب موقع لکھی جا چکی ہے۔ الحاصل اس موقع پر شاہزادہ بلند اقبال شاہ جہاں نے خود اس قلعہ کی تسخیر کا عزم کرکے، راجہ بکرماجیت کو مکمل انتظامات کے لئے اس مہم پر متعین فرمایا پھر بہت سے امرا اور بندگان شاہی مختارالیہ کی کومک کے لئے رخصت ہوئے۔ راجہ نے بتاریخ ۲۶ شوال ۱۰۲۹ھ کو اطراف قلعہ میں پہنچکر مورچے تقسیم کرلئے اور قلعہ کے مداخل و مخارج کو نظر احتیاط سے ملاحظہ کرکے رسد کی آمد و شد کے راستے مسدود کر دئے۔ قلعہ والوں کو سخت دشواری کا سامنا ہوا، جب غلہ و غذا وغیرہ قلعہ میں نہ رہی تب بھی خشک گھاس تک کے ساتھ جوش دیکر چار ماہ گزار دئے آخر جب ہلاکت تک نوبت پہنچی اور کوئی راہ نجات نظر نہ آئی، امان مانگ کر قلعہ سپرد کر دیا اور پنجشنبہ کے مبارک دن غرۂ محرم الحرام ۱۰۳۱ھ کو جو فتح کسی بادشاہ کو میسر نہ ہوئی تھی اور بظاہر بیں کوتہ اندیشوں کی نظر میں بعید معلوم ہوتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے لطف و کرم سے بندگان حق پرست کو مرحمت فرمائی۔ جن لوگوں نے اس خدمت میں کارہائے نمایاں انجام دیئے تھے اپنی استعداد و لیاقت کے مطابق اضافۂ منصب و مراتب سے سرفراز ہوئے۔

بارھویں تاریخ کو بروز پنجشنبہ شاہزادہ بلند اقبال کے دولت خانہ میں تشریف فرما ہوئے نفیس و نادر اشیاء کی بہت سے پیشکش ملاحظۂ اقدس میں پیش ہوئے، جو شئے پسند ہوئی قبول فرمائی باقی شہزادہ کو بخشدی منجملہ اس کے تین زنجیر فیل کلاں گراں بہا طلائی جھول کے ساتھ داخل سرکار خاص ہوئے۔

اس زمانہ میں زنبیل بیگ ایلچی دولت آستاں بوسی سے سربلند ہوکر شاہ والاقدر کا رقیمۂ محبت ملاحظہ میں لایا۔ اور چودہ راس گھوڑے مع ساز تین دستہ باز توبغون، پانچ خچر ایک قطار شتر، نو قبضہ کمان، نو قبضہ شمشیر برسم پیشکش نذر کئے خلعت فاخرہ۔ جیغہ وطرہ مرصع و خنجر مرصع کے ساتھ مرحمت فرمایا۔ چند روز کے بعد سوغات فرماں روائے ایران کی بھیجی ہوئی سوغاتیں جو زنبیل بیگ کے ساتھ بھیجی تھیں نظر اشرف میں آئیں تین لاکھ روپیہ انکی قیمت جانچی گئی۔

اسی تاریخ کو نور جہاں بیگم کی لڑکی کے ساتھ جو علی قلی خاں کے صلب سے تھی شہزادہ شہریار کا پیام دیکر ایک لاکھ روپیہ کا نقد و جنس منگنی کے لئے بھیجا اور پچاس ہزار روپیہ زنبیل بیگ کو انعام میں عطا فرمایا۔

## دوبارہ شہزادۂ شاہجہاں کا حکام دکن کی تنبیہہ کے لئے رخصت پانا ۱۷۵
## اور حضرت شاہنشاہی کا دارالخلافت آگرہ میں تشریف لانا

اس مبارک زمانہ میں جب کہ خاطر اقدس گلزار کشمیر کی سیر و شکار سے مسرور تھی متصدیان ممالک جنوبی کی متواتر عرضیوں سے واضح ہوا کہ، جب سے حضرت نے دارالخلافت سے باہر کا سفر اختیار کیا ہے دکن کے دنیا دار کوتہ اندیشی و کم عقلی سے نقض عہد کر کے فتنہ و فساد پر آمادہ ہیں اور اپنی حد سے گزر کر احمد نگر اور برار کے بہت سے مضافات پر متصرف ہو گئے ہیں۔ ان شوربختوں کا دار مدار، آگ لگانے کھیتوں اور چراگاہوں کو ضائع کرنے اور تاخت و تاراج پر ہے۔ اس بنا پر طے پایا کہ شاہزادہ گیتی ستاں شاہجہاں اس طرف کے انتظام پر توجہ مبذول کریں۔ چونکہ بندگان دولت قلعہ کانگڑہ کے محاصرہ میں مشغول تھے اس لئے چند روز کے لئے سفر میں توقف ہوا اب کہ قلعہ کانگڑھ بلند اقبال شاہزادہ کی کلید ہمت سے فتح ہو چکا تھا، خاطر اشرف اس فکر سے آزاد ہوئی اور پھر سے عزم روانگی مصمم ہوا، چنانچہ روز جمعہ ۱۴ اردی کو شاہزادۂ عالی مقدار پدر بزرگوار کے حکم سے ارباب زوال کے استیصال کے لئے رخصت ہوئے خنجر و شمشیر مرصع اور اسپ و فیل خاصہ کے ساتھ خلعت مرحمت ہوا اور ارشاد ہوا کہ تسخیر دکن کے بعد ولایت مفتوحہ سے دس کروڑ دام اپنے انعام میں وصول کر لیں۔

چھ سو پچاس منصب دار ایک ہزار احدی، ہزار سوار برقنداز رومی، پانچ ہزار توپچی پیادہ سوائے ان اکتیس ہزار سواروں کے جو اس صوبہ پر متعین تھے، ایک عظیم الشان توپ خانہ اور کوہ پیکر ہاتھیوں کے ساتھ شاہزادہ کی خدمت میں دئے گئے۔ ایک کروڑ روپیہ کا خزانہ مرحمت ہوا، جو لوگ اس خدمت پر مقرر ہوئے ان میں سے ہر ایک حسب رتبہ اضافۂ منصب سے و انعام اسپ و فیل سے ممتاز ہوا،

خسرو کیلئے جو بندگان شاہی کی محافظت و نگرانی میں محبوس تھا ان شاہجہاں کو حکم ہوا کہ اسکو اپنے ساتھ لیجا کر جس طریقہ کو بہتر سمجھیں اس طرح مقید رکھیں۔ پھر اسی ساعت خود دارالخلافت آگرہ کا عزم فرمایا۔ اور راقم اقبال نامہ کو بخشی گری کے منصب جلیلہ پر بعطائے علم سرفراز کر کے شاہزادۂ اقلیم کشا کی خدمت میں رخصت سفر مرحمت فرمائی۔

خان جہاں کو ملتان کا صاحب صوبہ مقرر کر کے رخصت فرمایا خلعت مع خنجر مرصع و اسپ و فیل ۱۷۶
عنایت ہوا، بہادر خاں نے درد چشم و ضعف باصرہ کا کئی بار اظہار کر کے اس بہانہ سے حاضر درگاہ ہونا چاہا اس سے معلوم ہوا کہ وہاں رہنے پر راضی نہیں ہے، لہذا قندھار کی حکومت و حراست عبدالعزیز خاں کو تفویض کر کے اس کو درگاہ میں طلب فرمایا اور فرمان ہوا کہ اس کے قندھار پہونچنے کے بعد بہادر خاں قلعہ اس کے حوالے کر کے بارگاہ معلی میں حاضر ہو۔

چونکہ پرگنہ کرانہ مقرب خاں کا وطن ہے اور سیدھے راستہ سے بائیں جانب واقع تھا۔ اس لئے مقرب خاں کی التماس پر اردوئے جہانگیری یہاں مقیم ہوا اس نے نہایت فخر و عزت کے ساتھ ایک قطعۂ یاقوت اور چار قطعۂ الماس برسم پیشکش اور ہزار ہاتھ مخمل پا انداز کے لئے اور سو نفر اونٹ صدقہ کی غرض سے پیش کئے۔ حکم ہوا کہ اونٹ ارباب استحقاق کو تقسیم کر دئے جائیں۔

باغ کرانہ کی سیر فرما کر شکارگاہ پالم میں تشریف لے گئے۔ چند روز شکار سے طبیعت بہلائی، پھر دہلی کا عزم فرما کر حوض شمسی پر بارگاہ اقبال بلند کی بائیس زنجیر ہاتھی الہ یار خاں ولد افتخار خاں کی پیشکش کے ملاحظ فرمائے۔ ابراہیم خاں صاحب صوبۂ بنگالہ نے انیس زنجیر ہاتھی بیالیس نفر خواجہ سرا اور اس ملک کے دوسرے نفائس کے ساتھ بطور پیشکش بھیجے تھے مقبول ہوئے

اس زمانہ میں آقا بیگ اور محب علی بیگ شاہ ایران کے فرستادہ زمیں بوسی سے مفتخر ہوئے شاہ والا قدر کا مکتوب محبت طراز پر بلق کی کلگی کلغی کے ساتھ نظر اشرف میں پیش کیا، ایک لعل بارہ مثقال وزن کا میرزا الغ بیگ خلف میرزا شاہرخ کے خزانہ کا جو مرور زمانہ سے سلسلۂ صفویہ میں منتقل ہو گیا تھا اور اس لعل میں خط نسخ سے "الغ بیگ بن میرزا شاہرخ بہادر ابن امیر تیمور گورگاں"، کندہ تھا دوسرے گوشہ میں شاہ والاشکوہ کے حکم سے خط نستعلیق میں یہ عبارت منقوش تھی، "بندۂ شاہ ولایت عباس"، خانۂ جنیہ میں بٹھا کر کئی مناسبتوں کے لحاظ سے ارسال فرمایا تھا۔ چونکہ حضرت شاہنشاہی کے اجداد کا نام اس لعل میں ثبت تھا تیمناً و تبرکاً اپنے لئے مبارک جانکر داروغۂ زرگرخانہ کو حکم دیا کہ اس کے دوسرے گوشہ میں "جہانگیر شاہ بن اکبر شاہ" اور حال کی تاریخ کندہ کرے۔

چودھویں اسفندارمذ کو مبارک ساعت میں دولت خانۂ آگرہ ورود موکب جلال سے رشک روئے زمین ہوا۔ لشکر خاں حاکم شہر خضر خاں حاکم قلعہ اسیر و برہانپور اور دوسرے بندگان

خاص سعادت استقبال حاصل کرکے آستان بوس ہوئے ۱۷۸

# آغاز سال شانزدہم جلوس اشرف

روز شنبہ ۲۷ ربیع الآخر ۱۰۳۰ھ کو جلوس مبارک کا سولھواں سال شروع ہوا۔ اس نوروز میں شہزادہ شہریار منصب ہشت ہزاری ذات و چار ہزار سوار پر فائز ہو کر شرف باختصاص ہوئے اور صوبۂ بہار مقرب خاں کے تغیر کی وجہ سے شہزادہ پرویز کو تفویض ہوا۔

راجہ سارنگپور درگاہ شاہی سے سزاولی پر متعین ہوا کہ (ان کو) شہزادہ کو الہ آباد سے پٹنہ پہنچائے مکرم خاں حاکم اڈیسہ نے بتیس زنجیر ہاتھی برسم پیشکش ارسال کئے تھے، پسند آئے۔ اس زمانہ میں ایک گورخر دریا کے راستہ سے لایا گیا تھا نہایت عجیب و غریب دبعینہ شیر کی طرح لیکن شیر کے خط کالے اور زرد ہوتے ہیں اس کے کالے اور سفید، ناک سے دم تک اور کان کی لو سے سم تک سیاہ و سفید خط چھوٹی بڑی جگہ کی مناسبت سے قرینہ سے پڑے ہوئے ہیں۔ آنکھوں کے گرد ایک سیاہ خط نہایت عمدہ کھنچا ہوا ہے۔ اور چونکہ نہایت بھلا معلوم ہوتا تھا۔ اس لئے بعض کو گمان ہوتا تھا کہ شاید رنگ کیا ہوگا، تحقیق و تلاش کے بعد یقین ہوا کہ قدرتی ہے۔

شب جمعہ ماہ مذکور کی سولھویں کو شہزادہ شہریار کی مجلس نکاح منعقد ہوئی اس موقع پر عجیب سانحہ ہوا پرگنہ جالندھر کے کسی موضع سے صبح کو مشرق کی طرف سے نہایت مہیب شور و غل برپا ہوا، اتنا مہیب کہ اس کے ہول سے قریب تھا کہ وہاں کے رہنے والے قالب جان سے خالی کر دیتے۔ اس شور و شغب کے اثناء میں ایک بجلی کی سی روشنی اترتی ہوئی زمین پر گر کر ناپید ہوگئی۔ تھوڑی دیر کے بعد جب اس شور و شغب میں کچھ سکون ہوا، اور پریشان دل سراسیمگی و آشفتگی سے۔ آپ میں آئے گاؤں والوں نے محمد سعید عامل پرگنہ کے پاس تیز رو قاصد بھیج کر اس سانحہ کی اطلاع دی وہ فوراً سوار ہو کر اس قطعۂ زمین پر پہنچا۔ دیکھا کہ دس بارہ ہاتھ طول و عرض کی زمین اس طرح جل گئی تھی کہ سبزہ و پیداوار کا نشان تک نہ رہا تھا، ہنوز حرارت و تپش زمین میں باقی تھی محمد سعید نے حکم دیا کہ اتنی جگہ کھود کر دیکھیں، جتنا کھودتے گئے اتنا ہی حدت و حرارت کا اثر زیادہ ظاہر ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ ایک لوہے کا ٹکڑا نمودار ہوا، جو اسقدر گرم تھا گویا اسی وقت آگ کی بھٹی سے نکالا گیا ہو جب ہوا لگی سرد ہو گیا، اس کو اپنے گھر لے آیا اور خریطہ میں رکھ کر مہر لگا کر روانۂ دربار کیا۔ حضرت شاہنشاہی نے استاد داؤد کو جو فن شمشیر گری میں ید طولیٰ رکھتا ہے، حضور میں طلب کر کے

۱۸۰ فرمایا کہ اس لوہے سے ایک تلوار، خنجر اور چھری تیار کرے۔ عرض کی کہ ہتوڑی کی چوٹ نہیں کھاتا بکھر جاتا ہے شاید اور لوہے کے ساتھ جو پاک اور خالص ہو ملا کے بنایا جا سکے حکم ہوا کہ ایسا ہی کیا جائے چنانچہ تین حصّہ برقی لوہا ایک حصہ دوسرا لوہا ملا کر دو قبضۂ شمشیر ایک قبضۂ خنجر اور ایک چھری تیار کر کے ملاحظۂ والا میں پیش کی دوسرے لوہے کی آمیزش سے جوہر پیدا ہو گئے تھے، یمانی وجنوبی تلوار کی طرح خم ہو جاتی تھی اور خم کا اثر باقی نہیں رہتا تھا، کاٹ میں اصیل تلواروں سے بڑھ چڑھ کر نکلی۔

اسی دوران میں والدۂ امام قلیخاں والی توران نے ایک خط نسبت اخلاص ومراسم یگانگت کے اظہار میں نور جہاں کے پاس بھیجا تھا اس لئے بیگم کی طرف سے ایک خط اس کے جواب میں لکھکر خواجہ نصیر کابلی کے ساتھ جو مدتہا سے درگاہ سے متعلق تھا بھیجا اور یادگار کے طریقہ پر کئی قسم کے نفیس تحفے روانہ کئے گئے۔

چودھویں خورداد کو افضل خاں دیوان شہزادہ شاہجہاں ایک عرضداشت مشتمل بہ نوید فتح وتشریح واقعات لا کر عتبۂ خلافت پر ناصیہ فرسائی سے سرفراز ہوا، اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جب شاہزادہ حوالی اجین میں پہنچا تو قلعۂ مانڈو میں رہنے والے بندگانِ درگاہ کی ایک عرضداشت پہنچی اس مضمون کی کہ مقہوروں کی ایک فوج نے بیبا کانہ دریائے نربدا سے گزر کر چند گاؤں جو زیر قلعہ واقع ہیں جلا کر تاخت وتاراج کر دئے اور اب بھی وہیں لوٹ مار میں مصروف ہیں مجبوراً خواجہ ابوالحسن کو پانچ ہزار سوار کا سر مقرر کر کے بطور مقدمۃ الجیش روانہ کیا کہ جلد پہنچکر اس گروہِ بدکار کو سزا دے۔ خواجہ شبا شب چلکر طلوع صبح کے وقت لب دریا پہنچا۔ مگر یہ لوگ آگاہ ہو کر کچھ دیر پہلے تیر گئے ہوئے ساحل تک سلامت پہنچ چکے تھے۔ بہادران تیز رو نے تقریباً چودہ کوس تک ان کا تعاقب کر کے بہتوں کو راہ عدم دکھائی۔ پھر یہ لوگ بھاگ کر برہانپور میں رک گئے۔ اب خواجہ ابوالحسن کو حکم ہوا کہ ہمارے پہنچنے تک دریا کے اس طرف توقف کرے، اور متعاقب خود بھی عساکر اقبال کے ساتھ فوج مقدمہ میں ملکر کوچ بہ کوچ برہانپور تشریف لے گئے۔

ہنوز وہ برگشتہ بخت شہر میں ٹھہرے ہوئے تھے، چونکہ دو سال سے خدام بارگاہ ان باطل پرستوں کے ساتھ جنگ میں طرح طرح کے رنج، غربت وعسرت غلہ کی تکلیف اٹھا رہے تھے اور عرصے سے گھوڑے کی سواری نے کمزور کر دیا تھا اس لئے لشکر کے سرانجام میں نوروز کا توقف ہوا، اس نوروز میں تیس لاکھ روپیہ نقد اور گھوڑے اور زرہیں بکثرت سپاہ کو تقسیم ہوئیں

اور سزاول مقرر کر کے لوگ شہر سے باہر لائے گئے۔ مگر بہادران جنگجو کے تلوار کھینچنے سے پہلے وہ بیہ بخت تاب مقاومت نہ لا کر بنات النعش کی طرح منتشر ہو گئے۔

لشکر شاہی نے تعاقب کر کے کثرت سے دشمنوں کے سپاہی تیغ انتقام سے ہلاک کئے۔ اور اس پر اکتفا نہ کر کے مارتے بھگاتے کھڑکی تک جو نظام الملک و عنبر مردود کی جائے اقامت تھی چلے گئے۔ وہ بد انجام ایک روز پہلے افواج قاہرہ کے آنے کی اطلاع پا کر نظام الملک کو مع اہل و عیال و اسباب و سامان قلعہ دولت آباد میں چھوڑ کے خود قلعہ کی حفاظت پر بیٹھا اور بہت سے لوگ اطراف ملک میں پراگندہ کر دئے

سرداران لشکر ظفر اثر فوج کے ساتھ تین دن تک بلدہ کھڑکی میں ٹھہرے، اور جو شہر بیس سال میں تعمیر ہوا تھا اس طرح تباہ کر دیا کہ دوسرے بیس سال میں بھی رونق اصلی پر آتا نظر نہیں آتا۔ مختصر یہ کہ ان مکانات کے انہدام کے بعد رائیں اس پر متفق ہوئیں کہ چونکہ ہنوز ایک فوج تھوڑی کی احمدنگر کا محاصرہ کئے ہوئے ہے اس لئے ایک مرتبہ وہاں جا کر ارباب فساد کی واقعی تنبیہ کی جائے اور از سر نو سامان رسد و کمک کے انتظام کے بعد عنان مراجعت پھیری جائے۔ یہ عزم کر کے قصبہ پٹن تک پہنچے، عنبر مردود نے امرا کے پاس حیلہ ساز وکلا بھیجکر عاجزی و نیازمندی ظاہر کرنا شروع کی کہ اب آیندہ بندگی و دولتخواہی سے منہ نہ موڑونگا۔ جو کچھ ارشاد ہو جرمانہ و پیشکش لیکر سرکار میں پہنچاؤں۔

اتفاقاً اس چند روز میں گرانی غلہ کی وجہ سے لشکر میں سخت تنگی پیدا ہو گئی تھی، ادھر یہ خبر پہنچی کہ باغیوں کے جو لوگ قلعۂ احمدنگر کا محاصرہ کئے ہوئے تھے لشکر ظفر اثر کی روانگی کی ہیبت سے محاصرہ چھوڑ کر قلعہ سے اٹھ آئے اس بنا پر خنجر خاں کی مدد کے لئے ایک فوج بھیجکر تھوڑا روپیہ مدد خرچ کے طور پر بھیجا اور پورے طور پر مطمئن ہو کر مظفر و منصور مراجعت کی۔ عنبر کے بہت زیادہ عجز و زاری کرنے کے بعد طے ہوا کہ جو ملک قدیم سے بندگان درگاہ کے تصرف میں تھا اس کے علاوہ چودہ کروڑ دام اور ان محالات سے جو بادشاہی حدود کے متصل ہیں۔ وصول کریں۔ اور پچاس لاکھ روپیہ بطور پیشکش خزانۂ عامرہ میں پہنچائیں۔ الحاصل حضرت شاہنشاہی نے افضل خاں کو رخصت کر کے جو جیغۂ لعل کہ شاہ عباس نے بھیجا تھا اور جس کی تعریف اپنی جگہ لکھی جا چکی ہے مشارالیہ کے ساتھ شاہزادہ کے لئے بھیجا اور قلمدان مرصع افضل خاں کو عنایت ہوا،

آقا بیگ و محب علی بیگ وغیرہ شاہ ایران کے ایلچی تیس ہزار روپیہ نقد انعام سے سرفراز ہوئے

۱۸۳ اسی طرح دوسروں کو بھی مناسب اہلیت انعام عطا فرمایا اور ایک یادگار شاہ کے لئے نام بردگال کے ساتھ روانہ کی۔

اسی حال میں قائم بیگ فرستادۂ شاہِ عباس زمیں بوس ہوا اور ایک خط مشتمل بہ مراتب محبت و یکجہتی مع سوغات مرسلہ ملاحظہ میں پیش کیا۔

نظر بیگ آختہ بیگی شاہزادہ بلند اقبال شاہ جہاں نے شہزادہ کی عرضداشت پیش کی جس میں بخشش کے گھوڑوں کی التماس کی گئی تھی، راجہ کشنداس داروغۂ اصطبل کو حکم ہوا کہ ہزار راس گھوڑے پندرہ دن کی مدت میں سرکاری طویلہ سے مہیا کر کے روانہ کردے۔ اس کے ساتھ ہی رودم رتن نامی گھوڑا جو روم کے شاہِ والاجاہ نے فتح روم کے اموال غنیمت سے انتخاب کر کے بھیجا تھا شاہزادہ کے لئے ارسال فرمایا۔

اس موقع پر معلوم ہوا کہ کلیان نام کا ایک لوہار اپنی قوم کی ایک عورت پر عاشق ہے ہمیشہ اس کے خیال میں منہمک رہتا ہے اور عشق و شیفتگی ظاہر کرتا ہے برخلاف اس کے وہ عورت باوجودیکہ بیوہ ہے ذرا اس کے محبت پر آمادہ نہیں ہوتی اور اس دلدادہ کی محبت اس کے دل پر اثر نہیں کرتی۔ دونوں کو حضور میں طلب کر کے دریافت کیا ہر چند اس عورت کو ترغیب و تحریص دی، راضی نہ ہوئی۔ لوہار نے فرط محبت سے بے تابانہ کہا "اگر مجھے یقین ہو جائے کہ حضرت اسے مجھے عنایت نہ فرمائیں گے تو میں اپنے آپ کو قلعہ کے شاہ برج سے نیچے گرا دونگا" آنحضرت نے مزاحاً فرمایا "شاہ برج تو بڑی بات ہے اگر تو اس گھر کے کوٹھے سے نیچے گر پڑے تو میں یہ عورت قطعاً تجھے عنایت کردوں" ہنوز بات پوری نہ ہوئی تھی کہ بجلی کی طرح دوڑ کر خود کو نیچے گرا دیا۔ گرتے ہی چند قطرے خون کے اس کی آنکھوں سے نکلے اور دم نکل گیا۔ اور جو بلا آنکھوں سے اپنے سر لی تھی وہ آنکھوں سے دیکھ لی۔

## شرح بیماری حضرت شاہنشاہی اور اس کا طول کھینچنا

واقعات گزشتہ میں اشارۃً ذکر ہوا تھا کہ جہاں پناہ نے جشن دسہرہ کے دن کشمیر میں اپنے اندر گرانی نفس، انقباض طبیعت اور کوتاہی دم کا احساس فرمایا تھا۔ یہاں اس کی تفصیل لکھی جاتی ہے۔

ابتداءً کثرت بارش اور رطوبت ہوا سے مجرائے نفس میں بائیں جانب دل کے نزدیک

گرانی اور گرفتگی ظاہر ہوتی تھی، رفتہ رفتہ اس میں شدت اور امتداد کی شکایت پیدا ہو گئی، جو ۱۸۴
اطبا ملازم رکاب تھے ان سے پہلے حکیم روح اللہ آمادۂ علاج ہوئے اور تھوڑی گرم دوائیں
مناسب علاج استعمال کیں۔ بظاہر کچھ کمی معلوم ہوئی مگر جب پہاڑ سے نکلے تو پھر تکلیف میں
سختی پیدا ہو گئی۔ اس مرتبہ چند دن تک شیر بز اور شیر شتر استعمال کرایا، کسی سے کوئی معتد بہ فائدہ نہیں ہوا
اسی اثنا میں حکیم رکنا، حاضر خدمت ہوا اور نہایت جرات و اظہار قدرت کے ساتھ علاج
میں مصروف ہوا، گرم و خشک دواؤں پر مدار علاج رکھا، اسکی تدبیروں سے بھی کچھ فائدہ نہیں ہوا
بلکہ حرارت دماغ و مزاج کی خشکی زیادہ ہو گئی چونکہ نشہ میں وقتی کمی محسوس ہوتی تھی اس لئے
کبھی روزانہ بھی مقدار عادت کے خلاف پینے لگتے تھے۔ رفتہ رفتہ مقدار زیادہ ہو گئی اور اس کا
ضرر آغاز گرما میں محسوس ہوا۔ اس بنا پر لوگ مناسب وقت و حال تدبیروں اور شراب کم کرنے کی
فکروں میں مصروف ہوئے۔ اور شراب بتدریج کم کر کے ناموافق غذاؤں سے پرہیز کرایا گیا امید کہ
حکیم علی الاطلاق صحت عاجل و شفائے کامل نصیب کرے انھیں دنوں میں شاہزادہ پرویز
جہاں پناہ کی علالت کی خبر سن کر اپنی جاگیر سے آکر زمین بوسی کی سعادت سے مشرف ہوئے
اور پدر عالی وقار کی طمانیت و مسرت کا باعث ہوئے۔

۲۵ر شوال سنہ ۳۰ھ کو جشن وزن شمسی برکت و سعادت کے ساتھ آراستہ ہوا، چونکہ اس سال
کے آغاز میں صحت و تندرستی کے آثار حالت سے ظاہر تھے اس لئے نورمحل نے التماس کی کہ
میرے آدمی اس شاندار جشن کا انتظام کریں۔ یہ استدعا منظور ہوی اور نہایت سہولت و آسانی
کے ساتھ ایک پر تکلف و شاہانہ جلسہ منعقد ہوا، بندگان پسندیدہ خدمت اور مزاج شناس خوصفوں کی
ایک جماعت جو خلوص و جانفشانی کے ساتھ ہمیشہ حاضر خدمت رہی تھی۔ پروانوں کی طرح جہاں پناہ
کے گرد پھر رہی تھی۔ سب کو خلعت، الکر و شمشیر مرصع و خنجر مرصع و اسپ و فیل و خوانہائے زر نوازش خاص
مرحمت فرما کر سرفراز کیا تلادان سے فارغ ہونے کے بعد زر و جواہر کے خوان نثار کے طریقہ پر
اہل نشاط و ارباب استحقاق کے مجمع میں لٹائے گئے۔ ٹوڈر رائے منجم کو جس نے صحت و تندرستی
کا مژدہ سنایا تھا اشرفیوں اور روپیوں سے وزن فرمایا اور مبلغ پانچسو مہر اور سات ہزار روپیہ اس
مد میں انعام دیا۔

جلسہ کے آخر میں جو سامان پیشکش حضرت کے لئے ترتیب دیا گیا تھا ملاحظہ میں پیش ہوا، جواہر و
مرصع آلات، لباس و دیگر اقسام کی نفیس چیزیں جو کچھ پسند ہوئیں قبول فرمائیں فی الجملہ تقریباً دو لاکھ روپیہ

حساب میں آیا جو بیگم نے اس جشن کے مصارف و انعامات میں صرف کیا۔ یہ روپیہ اموال پیش کش کے علاوہ ہے۔

اسی زمانہ میں بیس لاکھ روپیہ کا خزانہ ضروریات لشکر دکن کے لئے الہ داد خاں کے ساتھ شاہزادہ گیتی ستاں شاہ جہاں کے پاس بھیجا۔ جب پیشگاہ عالی میں اطلاع آئی کہ عبداللہ خاں بغیر شاہزادہ کی اجازت کے صوبۂ دکن سے اپنی جاگیر کے محال میں چلا گیا ہے تو دیوانیان عظام کو حکم ہوا کہ اس کی جاگیر ضبط کریں اور اعتماد رائے کو سزاول مقرر فرمایا کہ اسے پھر شاہزادہ کی خدمت میں پہنچائے۔

انھیں ایام میں حکیم مسیح الزماں نے سفر حجاز و زیارت خانۂ کعبہ کی درخواست کی مبلغ بیس ہزار روپیہ بصیغۂ مدد خرچ عنایت فرما کر رخصت کیا۔

## سفر کشمیر بار دوم

چونکہ آگرہ کی ہوا شدت حرارت و افراط گرما کی وجہ سے مزاج کے موافق نہ تھی اس لئے دوشنبہ کے دن بارہ آبان سنہ ۱۶ جلوس کو کشمیر کے سیر و شکار کے عزم سے کوچ فرمایا مظفر خاں بخشی دارالخلافت آگرہ کی حفاظت و حکومت پر مامور ہوا، شہزادہ پرویز جو حضرت کے ضعف مزاج کی خبر سنکر اپنی جاگیر سے آگئے تھے متھورہ کی طرف رخصت ہوئے۔

اس دوران میں اطلاع ملی کہ جادو رائے کا بیٹا جو لشکر دکن کا ہراول تھا مقہوران بدخصال سے علیحدہ ہو کر اپنی خوش نصیبی سے شاہزادہ شاہجہاں کے حلقہ بگوشوں میں شامل ہو گیا۔

اسی تاریخ کو یہ بھی معلوم ہوا کہ راجہ بھاؤ سنگھ کچھواہہ نے صوبۂ دکن میں وفات پائی باوجودیکہ جگت سنگھ اس کا بڑا بھائی اور مہاسنگھ اس کا بھتیجا دونوں شراب کی کثرت سے زندگی سے ہاتھ دھو چکے تھے راجہ نے ان سے عبرت نہ لی اور جان شیریں آب تلخ میں ڈبو دی۔ جوان وجیہ، سنجیدہ اور نیک ذات تھا۔

خواجہ ابوالحسن نے دکن سے آکر بارگاہ خلافت میں سعادت حضوری حاصل کی۔ راقم اقبال نامہ منصب دو ہزاری ذات و ششصد سوار پر سربلند ہوا۔

چودھویں بہمن کو مضافات سیتا محل سے موضع بہلوان کو شرف قیام حاصل ہوا

چونکہ کوہستان کانگڑھ کے سیر و تماشہ کی خواہش ہمیشہ سے مدنظر تھی اس لئے لشکر کو اس جگہ چھوڑ کر اہل خدمت اور بندگان مخصوص کی ایک جماعت ساتھ لے کر قلعۂ مذکور کی سیر کو روانہ ہوئے۔ چونکہ اعتماد الدولہ کی بیماری سخت تھی اس لئے اس کو لشکر میں چھوڑ کر صادق خاں میر بخشی کو لشکر کی حفاظت و خبرگیری کیلئے مقرر فرمایا۔

دوسرے دن خبر ملی کہ اعتماد الدولہ کا وقت آخر ہے۔ یاس کی علامتیں چہرہ سے نمودار ہیں اس لئے نورجہاں بیگم کے اضطراب و گرانی خاطر کے خیال سے حضرت شاہنشاہی الٹے قدموں واپس ہوئے اور دن کے آخر حصہ میں اعتماد الدولہ کو دیکھنے تشریف لے گئے۔ سکرات کا وقت تھا، کبھی ہوش آجاتا تھا کبھی بیہوشی ہوجاتی تھی۔ نورجہاں بیگم نے حضرت کی طرف اشارہ کرکے پوچھا "ان کو پہچانتے ہو" ایسے وقت میں اسنے انوری کا یہ شعر پڑھا۔

آنکہ نابینائے مادرزاد اگر حاضر شود  در جبین عالم آرایش ببیند مہتری

دو تین گھڑی کے بعد رحمت الٰہی نے اپنی آغوش میں لے لیا۔ حق شناس خاقان نے اس کہن خدمت کی مغفرت کی دعا مانگی اور اس کی قوم اور فرزندوں میں سے اکتالیس شخصوں کو خلعت مرحمت فرمایا۔

دوسرے دن پھر اسی عزم کے ساتھ قلعہ کانگڑھ کی سیر کو تشریف لے گئے۔ چار منزل پر دریائے بان گنگا کا ساحل تھا وہیں اردوئے معلی کے خیمے نصب ہوئے اس منزل میں راجہ جگت کی پیشکش نظر اقدس میں لائی گئی۔ اس کا ملک کانگڑھ سے پچیس کوس دور ہے اور اس کوہستان میں اس سے عمدہ کوئی زمیندار نہیں اس جگہ سخت اور دشوار گزار گھاٹیاں ہیں۔ یہاں کے زمینداروں نے ابھی تک کسی بادشاہ کی اطاعت نہیں کی۔ اس کا بھائی جو راجہ کی طرف سے پیشکش لایا تھا شاہانہ نوازشوں سے سرفراز ہوا۔

ماہ مذکور کی چوبیسویں کو قلعہ کے اوپر تشریف لاکر حکم دیا کہ قاضی، میر عدل اور ان کے علاوہ اور جو علمائے اسلام حاضر رکاب ہوں، شعار اسلام و شعار دین متین محمدی اس قلعہ میں عمل میں لائیں۔ توفیق الٰہی سے اذان، خطبہ خوانی وغیرہ جو اس قلعہ کی ابتدا سے ابتک وقوع میں نہیں آئی تھی بہ ہمہ باتیں حضور کے سامنے عمل میں لائی گئیں۔ جہاں پناہ نے خدا کی اس شاندار اور مخصوص مہربانی پر جو کسی بادشاہ کو میسر نہ تھی شکر کے سجدے ادا کئے اور ارشاد ہوا کہ قلعہ کے اندر ایک بڑی مسجد تعمیر کیجائے۔

قلعہ کانگڑھ ایک بلند پہاڑ پر واقع ہے، اس کا استحکام اور مضبوطی اس حد تک ہے کہ جب تک خوراک اور تمام سامان قلعہ داری اہل قلعہ کو حاصل ہوں اس کے دامن امن تک دست تصرف نہیں

پہنچ سکتا اور کمند تدبیر اس کی تسخیر سے کوتاہ رہتی ہے۔ اگرچہ بعض جگہ کئی بڑے سوراخ ہو گئے ہیں۔ جہاں توپ و تفنگ کا اثر پہنچ سکتا ہے لیکن اس سے اہل قلعہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا اور وہ وہاں سے دوسری جگہ نقل مکان کر کے اس کے خطرہ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

اس قلعہ میں تیئیس ۲۳ برج اور سات دروازے ہیں۔ اس کے اندر کا دور ایک کوس پندرہ طناب ہے، طول پاؤ کوس دو طناب اور عرض بائیس طناب سے زیادہ اور پندرہ سے کم نہیں، بلندی ایک سو چودہ درعہ ہے۔

قلعہ کے اندر دو حوض ہیں، قلعہ کی سیر سے فارغ ہونے کے بعد، درگا کے بتخانے کی سیر پر متوجہ ہوئے، یہ بتخانہ بھون کے نام سے مشہور ہے، ایک عالم بادیۂ ضلالت میں سرگشتہ ہے بدبخت سیہ بتوں سے قطع نظر کر کے دیکھو کہ انکا طریقہ ہی بت پرستی ہے تو بہت سے عوام اہل اسلام بھی دور دراز مسافتیں طے کر کے بھینٹ لیجاتے ہیں اور اس سنگ سیاہ کی پرستش سے جو ان کے دل سے زیادہ کالا ہے اور برکت حاصل کرنی چاہتے ہیں۔

اس بتخانہ کے پاس دامن کوہ میں بظاہر گندک کی کان معلوم ہوتی ہے اس کی حرارت و تابش کے اثر سے ہمیشہ آگ شعلہ مارتی رہتی ہے، گمراہ لوگ اس کو جوالا مکھی کہکر بت کی کرامت قرار دیتے ہیں۔ اور عوام الناس کو دھوکا دیتے ہیں۔

ہندوؤں کا قول ہے کہ جب مہادیوجی کی بیوی کی عمر پوری ہوئی تو مہادیو نے اس دل لگی و تعلق کیوجہ سے جو اس کے ساتھ تھی اس کی لاش کندھے پر رکھی اور مدتوں ساتھ لئے دنیا میں پھرتے رہے۔ جب اس طرح ایک زمانہ ہو گیا ترکیب بدن میں انتشار پیدا ہوا، اعضا ایک دوسرے سے جدا ہو کر گر گئے، جو عضو جس جگہ گر گیا، عضو کی عزت و بزرگی کے لحاظ سے اس جگہ کی حرمت و تعظیم کیگئی۔ چونکہ سینہ جو تمام اعضاء کے مقابلہ میں زیادہ شریف ہے اس جگہ گرا تھا اس لئے اس جگہ کی دوسری جگھوں کی بہ نسبت زیادہ عزت کی جاتی ہے۔

بعضوں کا خیال ہے کہ یہ پتھر جو اب ان گمراہوں کا معبود ہے، وہ پتھر نہیں ہے جو پہلے تھا بلکہ جو پتھر قدیم سے تھا اس کو اہل اسلام کے لشکر نے یہاں سے اٹھا کر دریا میں پھینکدیا۔ چونکہ کوئی شخص اس پتھر تک نہ پہنچ سکتا تھا اور مدتوں سے کفر و شرک کی بنیاد دنیا سے اٹھ گئی تھی ایک برہمن پجاری نے اپنی دکان چلانے کیلئے ایک پوشیدہ جگہ یہ پتھر تیار کر کے راجہ وقت سے کہا کہ میں نے درگا کو خواب میں دیکھا کہ وہ مجھ سے کہہ رہی ہے کہ وہ پتھر فلاں مقام پر پھینکا ہے اب میرے ظاہر

ہونے کا وقت آگیا ہے مجھے وہاں سے اٹھا کر میرے مناسب حال جگہ پر رکھدے اور حفاظت کر۔ راجہ نے مکاری اور روپیہ کی طمع میں جو جھینٹوں سے پوری ہو سکتی تھی برہمن کی بات کا اعتبار کر کے کچھ لوگوں کو اس کے ساتھ بھیجدیا کہ اس پتھر کو بڑی عزت و شان کے ساتھ لا کر اس جگہ نصب کریں۔ اور اس طرح از سر نو گمراہی و ضلالت کی دوکان لگی والعلم عند الله

اسی تاریخ کو اعتماد الدولہ کی جاگیر و حشم اور تمام اسباب ریاست و امارت نور جہاں بیگم کو عطا فرمایا۔ خواجہ ابوالحسن دیوانی کل کے منصب عالی پر فائز ہوئے۔

اسی حال میں مخبران صوبہ دکن کی عرضیوں سے بارگاہ اقدس میں خبر پہنچی کہ سلطان خسرو بیسویں بہمن کو درد قولنج کے عارضہ میں انتقال کر گئے اس سے پہلے قراول متعین ہوئے تھے کہ مقام کرجہاک میں شکار قمرغہ کا انتظام کریں جب معلوم ہوا کہ انتظام مکمل ہے شکار میں مصروف ہو کر ایک سو اکیس پہاڑی مینڈھے اور مارخور بکرے اور چکارے شکار کئے۔

## آغاز سال ہفدہم جلوس

شب دوشنبہ ۲ جمادی الاول ۱۰۳۱ھ کو تحویل آفتاب کے وقت جلوس مبارک کے سترھویں سال کی ابتدا ہوئی۔ اس دن آصف خاں منصب شش ہزاری ذات و سوار پر مقرر ہوا) چالیس ہزار روپیہ زنبیل بیگ ایلچی کو عنایت ہوا۔

اس دوران میں سنا گیا کہ دارائے ایران نے تسخیر قندھار کا عزم کیا ہے ہر چند یہ بات گزشتہ و موجودہ تعلقات کے اعتبار سے بہت زیادہ بعید از قیاس معلوم ہوتی تھی تاہم چونکہ حزم و احتیاط شرط جہانداری و لازمۂ سلطنت ہے زین العابدین بخشی احدیان فرمان مرحمت عنوان کے ساتھ شاہزادۂ گیتی ستان شاہجہاں کے پاس بھیجا گیا، کہ عساکر ظفر پناہ، فیلان کوہ شکوہ اور ایک شاندار توپخانہ کے ساتھ بہت جلد ملازمت حاصل کریں۔

انھیں ایام میں مہابت خاں کابل سے آکر آستاں بوس ہوا، حکیم مومنا نے مہابت خاں کے وسیلہ سے شرف ملازمت حاصل کیا، اور قدرت و دلیری ظاہر کر کے جہاں پناہ کے علاج کی خدمت اپنے ذمہ لی، پھر چند ہی روز کے بعد جب کہ آثار صحت جبین شاہنشاہی سے ہویدا ہوئے مہابت خاں کو صوبۂ کابل جانے کی اجازت عطا ہوئی۔

اعتبار خاں خواجہ سرا، پنجہزاری ذات و چار ہزار سوار کے منصب پر مفتخر ہوا، چونکہ بڈھا اور خمیدہ کمر

ہو گیا تھا اور صغر سنی سے جہاں پناہ کی خدمت گزاری کی سعادت اسی سے مخصوص تھی اس لئے بر عایت خاص اکبر آباد کا صاحب صوبہ مقرر کر کے خزائن اور قلعہ کی نگرانی بھی اسی کو تفویض فرمائی (انیس فروردی کو بیرون پکھلی بارگاہِ اقبال نصب ہوئی اور جشن (نوروز) وہیں آراستہ ہوا ۱۱ اردو سری اردی بہشت کو کشمیر کے خطۂ دلپذیر میں داخل ہوئے)

اتنے میں خانجہاں کی عرضداشت ملتان سے پہنچی کہ شاہ عباس عراق و خراسان کے لشکروں اور قلعہ گیری کے آلات و اسباب کے ساتھ قندھار پہنچکر قلعہ کے محاصرہ میں مشغول ہے اور خواجہ عبدالعزیز نقشبندی تین ہزار جوانوں کے ساتھ قلعہ بند ہو گیا ہے دیکھئے اس کے بعد کیا ہو؟"

زین العابدین جو شاہزادہ جوان بخت کو لینے بھیجا گیا تھا اسی تاریخ کو حاضر بارگاہ ہوا اور عرض کی کہ شاہزادہ والا شکوہ کی سواری برہانپور سے قلعہ مانڈو پہنچ چکی ہے چونکہ بارش کا موسم نزدیک ہے اس لئے ایام برشگال قلعہ مانڈو میں گزار کر متوجہ خدمت ہوں گے"

میرزا رستم صفوی کو حکم ہوا کہ پہلے لاہور پہنچکر قندھار کے لئے لشکر تیار کرے اور ایک لاکھ روپیہ تیاری کے لئے عنایت فرمایا۔

پہلے فرمان ہوا تھا کہ جب دکن کا لشکر فتح و نصرت کے ساتھ واپس ہو تو معتمد خاں بخشی بعجلت درگاہ والا میں حاضر ہو چنانچہ اس تاریخ کو معتمد خاں حاضر بارگاہ ہوا۔

اسی زمانہ میں ایک عجیب واقعہ ہوا۔ حرم سرائے دولت میں ایک دانۂ مروارید جسکی قیمت چودہ ہزار روپیہ تھی گم ہو گیا۔ جوتک رائے منجم نے عرض کی کہ انھیں دو تین دنوں میں ملجائے گا، صادق رمال نے کہا اسی دو دن میں ایسی جگہ سے حاصل ہو گا جو صفائی و پاکیزگی سے متصف ہو گی، مثلاً عبادت خانہ یا وہ جگہ جو نماز و تسبیح وغیرہ سے مخصوص ہو، ایک رمالہ عورت نے پیشنگوئی کی دو ہی تین دن میں ملجائیگا اور ایک گورے رنگ کی خوبرو عورت خوشی خوشی مسکراتی ہوئی دست مبارک میں رکھدیگی۔

اتفاقاً تیسرے دن وہی مروارید ایک ترک کنیز نے عبادت خانہ میں پایا اور نہایت خوشی کے ساتھ تبسم کناں دست مبارک پر لاکر رکھدیا۔ تینوں کا قول کرسی نشین ہوا۔

اس عرصہ میں شاہزادہ بلند اقبال نے پرگنۂ دھول پور اپنی جاگیر میں منظور کر اکے دریا افغان کو وہاں کی حکومت پر تعین فرمایا، شاہزادہ کی عرضداشت پہنچنے سے پہلے دھولپور حسب التماس نورمحل شہریار کی جاگیر میں بطور تنخواہ مقرر تھا۔ اور شریف الملک ملازم شہریار قلعۂ دھول پور پر متصرف

تھا، اسی حال میں دریا پہنچا اور چاہا کہ قلعہ پر قابض ہو، دونوں میں لڑائی چھڑ گئی، اثنائے قتال میں ایک تیر شریف الملک کی آنکھ میں لگا جس سے وہ اندھا ہو گیا اس واقعہ سے بیگم سخت ناراض ہوئی اور اس طرح زمانہ کو ایک فتنہ تازہ ہاتھ آیا۔

## نہضت رایات سلطانی بسمت لاہور

۲۵ پچیس امرداد ماہ الٰہی کو لاہور کی طرف کوچ ہوا، نور محل کی فتنہ پردازی و شورش طلبی سے قندھار کی خدمت شہریار کو تفویض ہوئی، بارہ ہزاری ذات و آٹھ ہزار سوار منصب ہوا اور طے پایا کہ میرزا رستم شاہزادہ کا اتالیق اور لشکر کا سپہ سالار ہو اور لاہور پہلے پہنچکر سپاہ کی فراہمی میں مصروف رہے۔

مقام ہیرا پور میں اعتقاد خاں کشمیر کی صاحب صوبگی پر مامور ہوا، کنور سنگھ راجہ کشتوار کو قید سے آزاد کرا کے پھر ملک کشتوار عنایت فرمایا۔ اور قرار پایا کہ زعفران اور شکاری جانور خالصہ شریفیہ میں ضبط کر لئے جائیں۔

جب دریائے چناب سے عبور ہو گیا تو میرزا رستم نے لاہور سے آکر سعادت حضوری حاصل کی، اسی تاریخ افضل خاں دیوان شاہزادۂ گیتی ستاں شاہجہاں کی عرضداشت لاکر ملازمت سے سرفراز ہوا، اس خلف خاندان خلافت کی تمام ہمت اسی پر مصروف رہی کہ شورش کا جو غبار بلند ہوا ہے نرمی و ملائمت کی آبپاشی سے بیٹھ جائے اور حیا و ادب کا پردہ درمیان سے نہ اٹھنے پائے، اس کے برعکس بد اندیش مفسدوں کا ارادہ یہ ہوا کہ جانبین سے شورش و فساد پیدا ہو، اور شہریار کو پیش پیش رکھنے اور تربیت کرنے کا موقع ملجائے۔

ان بدسگالوں نے آصف خاں پر شاہجہاں کی طرفداری کا اتہام لگا رکھا تھا اور بیگم کا دل، حیلہ پردازی سے لغو اور دور از کار باتیں کہکر اس سے منحرف کر دیا تھا اس لئے جب کبھی اس قسم کا ذکر ہوتا آصف خاں خاموشی میں اپنی عزت جانکر لب نہ کھولتا اور اہل فساد میدان خالی پاکر فتنہ انگیزی کی کوشش کرتے مگر چونکہ خود اس کے اہل نہ تھے اس لئے ان لوگوں نے بیگم کو اس پر آمادہ کیا کہ مہابت خاں کو جو مدت سے آصف خاں کے ساتھ خصومت رکھتا ہے اور شاہجہاں کیساتھ اسے خلوص نہیں کابل سے طلب کرنا چاہتے

تاکہ فتنہ و فساد کے انتظامات کی تکمیل کرے۔

اور عجیب بات یہ ہے کہ ہر چند فرامین اور بیگم کے مہر شدہ احکام مہابت خاں کی طلبی میں صادر ہوتے تھے، سابقہ تعلقات و حالات پر نظر کرکے وہ اس سانحہ کو معقول وجوہ کے ساتھ دلنشین نہ کر سکتا تھا نہ اسے آنے کی جرأت ہوتی تھی اور نور جہاں بیگم کی خدمت میں عرضداشتیں بھیجکر عرض کرتا تھا کہ جب تک آصف خاں درگاہ میں رہے میرا آنا ممکن نہیں، اگر حقیقت میں دولت شاہجہانی کی تباہی کا قصد مصمم ہے تو آصف خاں کو صوبہ بنگالہ بھیجدینا چاہیئے اور معتمد خاں کو جو شاہجہاں کا خلیفۂ بیعت ہے سزا دینا چاہیئے تاکہ میں آنے کی جرأت کرکے اس شغل اہم کی ذمہ داری لوں۔

اس مشورہ پر عمل ہوا اور امان اللہ خاں پسر مہابت خاں کو منصب سہ ہزاری ذات و یکہزار و ہفتصد سوار پر سرفراز کرکے حکم دیا کہ اپنے باپ کی جگہ نیابتاً کابل میں رہے اور مہابت خاں تنہا حاضر درگاہ ہو۔

اسوقت جب کہ جلوس بادشاہی لاہور پہونچا، عبد اللہ خاں اپنے محال جاگیر سے آکر عتبہ بوس ہوا۔

نائبان دیوان اعلیٰ کو حکم ہوا کہ شاہجہاں کے محال متعلقہ جو علاقۂ حصار اور دوآبہ وغیرہ کے درمیان واقع ہیں شہریار کی جاگیر میں دیدئے جائیں اور (شاہجہاں) ان محال کی جاگیر کے بدلے صوبۂ دکن، گجرات اور مالوہ میں سے جہاں چاہیں متصرف ہوجائیں،

افضل خاں نے ہر چند اس فساد کی اصلاح میں سعی کی کوئی نتیجہ نہ نکلا اور بیگم نے بات کرنے کی بھی اجازت نہ دی، یونہی بے حصول مقصود واپسی کا حکم دے کر شاہزادہ بلند اقبال (شاہجہاں) کے لئے فرمان جاری کر دیا کہ صوبۂ دکن و گجرات و مالوہ آں فرزند کو عنایت ہوا، ان محال میں سے جس جگہ چاہیں اپنے رہنے کا انتظام کرکے ان حدود کے نظم و نسق میں مشغول ہوں۔ اور جس فوج کو ہم نے قندھار کی یورش کے لئے طلب فرمایا ہے جلد درگاہِ والا میں روانہ کریں،، اگرچہ یہ احکام حضرت شاہنشاہی سے منسوب کئے جاتے تھے لیکن ان کو حضرت کے ارادہ و اختیار سے کوئی تعلق نہ تھا، سب بیگم کے ساختہ و پرداختہ تھے ان سب باتوں سے اصل غرض یہ تھی کہ اگر شاہجہاں جاگیر کی ضبطی اور آدمیوں کی علحدگی سے

راضی ہو کر اس تحکم و تعدی کو برداشت کریں تو تھوڑے ہی دنوں میں ان کی جمعیت و سامان میں بڑا فتور پیدا ہو جائیگا۔ اور اگر اس طرح مزاج شورش پر آمادہ ہو جائے اور خداوند مجازی و قبلۂ حقیقی کے ساتھ سوء ادب و گستاخی کی جرأت کریں تو حضرت شاہنشاہی پر لازم و واجب ہوگا کہ اس طرف توجہ فرمائیں (دیکھیں فتنہ پرداز زمانہ کیا نیرنگیاں دکھائے اور کیا واقعات پیش آئیں)

اس زمانہ میں خانجہاں فرمان کے مطابق ملتان سے آکر زمیں بوسی سے شرف یاب ہوا، ہزار مہر اور ہزار روپیہ بصیغۂ نذر اور اٹھارہ عراقی گھوڑے برسم پیشکش حضور میں پیش کئے
حیدر بیگ اور ولی بیگ شاہ عباس کے فرستادے حاضر آستاں ہو کر ایک محبت افزا مراسلہ ملاحظہ میں لائے اور اسی وقت خلعت اور خرچ دیکر رخصت کر دیئے گئے۔

خانجہاں کو جو بعض مصلحتوں سے رخصت کا طالب تھا اسپ و فیل و شمشیر و خنجر مرصع عنایت کر کے بطور مقدمۃ الجیش متعین فرمایا اور حکم ہوا کہ جب تک شہریار نہ آجائے ملتان میں ٹھہر کر حکم کا انتظار کرے۔ اور آصف خاں کو دار الخلافت آگرہ بھیجا کہ تمام خزانہ اشرفی و روپیہ جو عرش آشیانی کے آغاز سلطنت سے ابتک فراہم ہوئے ہوں درگاہ میں لائے۔ اور اس بھیجنے کا اصلی مطلب اس کو اپنے پاس سے جدا کرنا تھا جیسا کہ مہابت خاں نے التماس کی تھی اور اس سے قبل موقع پر اس کا ذکر ہو چکا ہے۔

شریف وکیل شاہزادۂ پرویز کو ایما ہوا کہ بہت جلد شہزادہ کو صوبہ بہار کے لشکر کے ساتھ ہمارے پاس روانہ کرے، اور ایک فرمان مرحمت عنوان خط خاص سے لکھکر آنے کی بہت تاکید کی۔

ان ایام میں جبکہ مزاج اقدس کسی قدر مرکز اعتدال سے منحرف تھا اور شاہ عباس کا تسخیر قندھار کے لئے آنا موجب وحشت و پریشانی خاطر تھا شاہجہاں کی طرف سے ہمیشہ ناملائم باتیں سنکر طبیعت منتشر ہو جاتی تھی اور یہ سانحہ جہاں پناہ پر سخت گراں تھا۔ مجبوراً موسوی خاں کو اس کوکب مراد کے (شاہجہاں) پاس بھیجکر اس کی زبانی ہوش افزا نصیحتیں کہلا بھیجیں اور خان موصوف کو حکم ہوا کہ باطنی ارادوں اور دلی مقاصد سے واقف ہو کر حاضر خدمت ہو۔ تا کہ جو کچھ مقتضائے وقت ہو عمل میں لایا جائے۔

اس تاریخ کو مہابت خاں نے کابل سے آکر زمیں بوسی کی سعادت سے

سرفرازی پائی اور خلوت میں عرض کی کہ جب تک معتمد خاں درمیان میں ہے شاہجہاں کا ہنگامہ فرو ہونا محال معلوم ہوتا ہے۔ اگر حضرت صریحاً اس کے قتل پر راضی نہ ہوں تو کسی کام کے بہانہ سے کابل روانہ کریں تاکہ میں اس کا خاتمہ کر دوں، اسی حال میں آگرہ سے اعتبار خاں کی عرضی پہنچی کہ شاہجہاں بہت سے لشکر کے ساتھ مانڈو سے اس طرف آرہے ہیں جو ارشاد والا ہو اس پر عمل کیا جائے۔ اس بنا پر رائے صواب نما کا اقتضا ہوا کہ سیر و شکار کے بہانہ سے دریائے سلطان پور تک چلنا چاہئے پھر جو کچھ پردۂ غیب سے ظاہر ہو اس کے مناسب عمل کیا جائے۔

## ورود موکب جلال جانب دارالخلافت آگرہ

یہ عزم کر کے سرہند پہنچ کر حضرت شاہنشاہی آگرہ کی جانب روانہ ہوئے اسی حال میں اعتبار خاں اور دیگر خدام کی عرضداشت آگرہ سے موصول ہوئی کہ چونکہ شاہزادہ گیتی ستاں شاہجہاں کا موکب منصور نہایت عجلت کے ساتھ ان حدود کی طرف متوجہ ہے خانخاناں اور اس کا بیٹا داراب خاں مع دوسرے امرائے متعینہ صوبۂ دکن کے ان کے ساتھ ہے اس لئے خزانہ لانا اور آصف خاں کو روانہ کرنا صلاح نہ دیکھ کر احتیاطاً برج و فصیل وغیرہ کے استحکام میں مصروفیت رہی۔

اسی عرضی کے ساتھ ہی آصف خاں بھی پہنچا اور شاہجہاں کے آنے کی کماحقہ تحقیق ہو گئی، اب آگرہ کی جانب موکب شاہنشاہی کی روانگی تمام مصالح پر مقدم سمجھی گئی۔ اس لئے دریائے سلطانپور سے عبور فرمایا۔

الحاصل نورجہاں بیگم کی فتنہ سازی سے یہاں تک نوبت پہنچی، نسبت شہریاری کی شامت وجہ شورش شکنی با جو فرزند اخلاص و رضا جوئی کا دستور العمل تھا اس کو زور و سختی سے جنگ و مقابلہ پر آمادہ کیا گیا اور ایسے بادشاہ کو کبرسنی میں نہایت ضعف و علالت کے باوجود ایسی ہوائیں جو مزاج اشرف کے سخت ناموافق تھی بیٹے کے ساتھ جنگ کی ترغیب دی اس کی پروانہ کی کہ جس جانب بھی چشم زخم پہنچے گا اسی دولت کا نقصان ہوگا اور سوائے ندامت کے کوئی نتیجہ نہ برآمد ہوگا۔ جن لوگوں کو شاہجہاں تربیت کر کے امارت کے رتبہ پر پہونچایا

اور چاہئیے تھا کہ وہ شاہزادۂ والا قدر کے ہمرکاب قندھار پر جو آبروئے سلطنت ہے ایک دوسرے سے سبقت لیجاتے ان کو جنگ خانگی میں ضائع کیا۔

اس وقت چند ارباب فساد نے جو اس عداوت کے بیچ بو رہے تھے عرض کی کہ محرم خاں خواجہ سرا، خلیل بیگ ذوالقدر اور فدائی خاں میر توزک شاہزادہ کے ساتھ مراسلت رکھتے ہیں۔ چونکہ وقت اغماض وچشم پوشی کا مقتضی نہ تھا اس لئے تینوں کی نسبت قید کا حکم دیا۔

میرزا رستم نے عداوت کی بنا پر خلیل بیگ کی منافقت کی قسم کھائی۔ نورالدین قلی نے بھی اس کے ساتھ جھوٹی گواہی دی۔ اسی طرح ابوسعید نے محرم خاں خواجہ سرا سے خیانت کر کے چند باتیں جس سے بوئے خوں آتی تھی عرض کیں اور پریشانی وناسازی مزاج کے عالم میں ان دونوں بیچاروں کے قتل کا حکم ہوا مہابت خاں نے جو ان مظلوم تہمت زدوں کی ہلاکت کے درپے تھا بے تامل وتوقف تہ تیغ کر دیا۔ صرف فدائی خاں کی جان چرب زبانی سے بچ گئی اور قتل سے محفوظ رہا۔

اس اثنا میں دارالخلافت سے اعتبار خاں کی عرضی گزری کہ شاہجہاں ایک بے شمار لشکر کے ساتھ نواح اکبرآباد میں آکر فتح پور میں توقف پذیر ہیں۔ اور موسوی خاں نے فتح پور میں ملازمت حاصل کر کے احکام شاہی پہونچا دیئے اور مقرر ہوا ہے کہ قاضی عبدالعزیز مشارالیہ کی رفاقت میں متوجہ درگاہ ہو کر ان (شاہجہاں) کا مطلب عرض اقدس میں پہونچائے۔

صورت واقعہ یہ تھی کہ جب افضل خاں سے درگاہ میں کوئی کام نہ نکلا ہر چند اصلاح فساد کی کوشش کی کوئی نتیجہ نہ ہوا، تو مجبوراً مایوس واپس ہوا اور بیگم نے نزاع ومخاصمت سے شاہجہاں کی جاگیر کے محال ظلم وتعدی سے ضبط کر کے شہریار کی تنخواہ میں دے دیئے۔ اور جب نامناسب اور اشتعال انگیز باتیں حضرت شاہنشاہی کی بے التفاتی اور بیگم کی بداندیشی کی نسبت شاہ جواں بخت کو پہونچیں اور یقین ہو گیا کہ جتنی نرمی اور بردباری کام میں لائی جائیگی عاجزی وکمزوری سمجھکر تعدی وتحکم میں اضافہ کیا جائیگا اور اب جو لوگ بڑی امیدیں لیکر اکٹھا ہو گئے ہیں حالات سے مایوس ہو کر بیوفائی کرینگے اس وقت دشواری ہوگی۔ لامحالہ خاطر صلاح اندیش میں یہ آئی کہ شاہزادہ پرویز کے

پہنچنے اور اطراف و اقطار ممالک سے لشکر جمع ہونے سے پہلے پدر بزرگوار کی خدمت میں جانا چاہیئے۔ ممکن ہے کہ یہ حجاب درمیان سے اٹھ جائے اور یہانتک نوبت نہ آئے کہ طرفین کو ندامت ہو۔

مختصر یہ کہ دریائے لودیانہ کے کنارے موسوی خاں قاضی عبدالعزیز کیساتھ پہونچا۔ چونکہ مزاج اشرف نورمحل کی تحریک و فساد انگیزی سے مکدر ہوچکا تھا اس لئے قاضی کو گفتگو کی اجازت نہ دی گرمہابت خاں کے حوالہ فرمایا کہ قید رکھے۔

جب موکب جہانگیری سرہند سے آگے بڑھا امراء اور تمام بندگان بارگاہ اپنی جاگیر کے محال سے آکر زمیں بوس ہوئے۔ جن میں سے راجہ نرسنگدیو بوندیلہ نے فوج آراستہ کرکے ملاحظہ میں پیش کی۔ آصف خاں کرنال میں حاضر خدمت ہوا، نوازش خاں پسر سعید خاں نے گجرات سے آکر آستان خلافت پر ناصیہ سائی کی عزت حاصل کی غرض دارالملک دہلی پہونچنے تک بہت سی جمعیت سایۂ دولت میں جمع ہوگئی۔

سید بہوہ بخاری، صدر خاں، اور راجہ کشنداس دہلی میں حاضر خدمت ہوئے۔ باقر خاں نے صوبۂ اودھ سے ایک آراستہ فوج لاکر ملاحظہ میں پیش کی، راجہ گردھر پسر رائے سین درباری نے ملازمت سے سعادت پائی۔

اس یورش میں تدبیر امور و ترتیب افواج کا مدار مہابت خاں کی صوابدید پر موقوف تھا، فوج ہراول کی سرداری عبداللہ خاں کے تفویض تھی۔ اس کی نسبت حکم تھا کہ اردو سے ایک کوس آگے اترا کرے اور اخبار رسانی اور راستوں کے انتظام کی خدمت بھی اسی کے متعلق رہے۔

## سال ہژدہم جلوس مبارک

شب چارشنبہ ۲۰ رجمادی الاول ۱۰۳۲ھ کو نوروز کے وقت جلوس میمنت مانوس کا اٹھارھواں سال آغاز ہوا۔

راجہ جے سنگھ نبیرۂ راجہ مان سنگھ اپنے وطن سے آکر سندھ میں باریاب ہوا، اس وقت خبر آئی کہ شاہزادۂ والاشکوہ اپنی سعادت جبلی وحق شناسی سے طے نہیں کرسکے کہ اس لشکر و جمعیت کے ساتھ مقابلہ پر آئیں مبادا ایسی نوبت آئے جس کا تدارک مشکل ہو،

مجبوراً راہ راست سے جدا ہو کر خان خاناں اور بہت سے خدام کے ساتھ پرگنہ کوٹلہ کی طرف روانہ ہو گئے جو مشہور رستہ سے بائیں جانب بیس کوس کے فاصلہ پر واقع ہے،

چونکہ عبد اللہ خاں نے یہ تصفیہ کیا تھا کہ جب افواج باہم نزدیک ہوں اور قابو ملے تو خود کو شاہجہاں کی خدمت میں پہونچاؤں اس لئے شاہزادہ نے راجہ بکراجیت، داراب خاں پسر خان خاناں اور بہت سے ملازموں کو لشکر منصور کے مقابلہ میں چھوڑا اور اس سے نظر دور بیں کا مطمح نظر یہ تھا کہ اگر بیگم کی تحریک سے کوئی فوج مقابلہ و مقاتلہ کیلئے نامزد ہو تو یہ لوگ اس کو نظر میں رکھیں تاکہ اس فساد کا گرد و غبار جو ناہنجار زمانہ کی فتنہ کاری سے برپا ہو گیا ہے لطف و مدارات کی بدولت دفع ہو جائے اور تمام کام پسندیدہ طریقہ پر طے ہو جائیں،

ادھر بیگم نے مہابت خاں کی تحریک سے آصف خاں، عبد اللہ خاں، خواجہ ابو الحسن، لشکر خاں، اور نوازش خاں وغیرہ کو پچیس ہزار سواروں کے ساتھ مقابلہ پر بھیجا، اب راجہ بکراجیت اور داراب خاں بھی افواج ترتیب دیکر سامنے آئے۔ عبد اللہ خاں جو فرصت کا منتظر تھا، موقع غنیمت جانکر، گھوڑا دوڑاتا شاہزادہ کے لشکر میں شامل ہو گیا،

اس مختصر معرکہ میں زبردست خاں، شیر حملہ، شیر پنجہ پسر شیر حملہ، محمد حسین برادر خواجہ جہاں اور نور الزماں پسر اسد خاں معموری عبد اللہ خاں کی فوج سے مارے گئے۔ راجہ بکراجیت جو عبد اللہ خاں کے ارادہ سے آگاہ تھا داراب خاں کے پاس دوڑا کہ اس کے آنے کی خوشخبری پہونچائے۔ مگر قضا تاک میں تھی یہ ارادہ پورا نہ ہو سکا، اور کسی نامعلوم شخص کی گولی نے راجہ کا کام تمام کر دیا۔ راجہ کے ختم ہوتے ہی انتظام افواج کا شیرازہ برہم ہو گیا۔ باوجودیکہ عبد اللہ خاں جیسا شخص فوج ہراول کی سرداری کو ویران کر کے شاہزادہ کی خدمت میں پہونچ چکا تھا تاہم داراب خاں اور دوسرے سرداران لشکر پاؤں نہ جما سکے۔

اس طرف عبد اللہ خاں کے آنے سے افواج کا انتظام خراب ہو گیا اس طرف راجہ بکراجیت کے مارے جانے سے دست و دل بیکار ہو گئے۔ آخر دن کو طرفین کی فوجیں اپنی اپنی جگہ مقیم ہوئیں۔

غرض ان حالات میں حضرت شاہنشاہی کا موکب منصور حوالی اکبرآباد سے گزر کر اجمیر روانہ ہوا، شاہجہاں نے مانڈو کا رخ کیا،

تالاب فتحپور کے کنارے اعتبار خاں خواجہ سرانے عتبۂ سلطنت پر سر جھکا کر جبین سعادت پرنور کی، چونکہ قلعۂ آگرہ کی حفاظت میں شرائط و لوازم بندگی میں پیش از پیش تندہی کی تھی اس لئے عواطف و نوازش خسروانہ سے مرادوں میں کامیاب ہوا، حضرت نے شش ہزاری ذات و پنجہزار سوار منصب عنایت کر کے خلعت مع شمشیر مرصع اور اسپ و فیل خاصہ مرحمت فرمایا اور واپسی کی اجازت دی۔

دس اردی بہشت کو حوالی پرگنہ ہنڈون میں پڑاؤ ہوا، چونکہ شاہزادہ پرویز نواح اردو میں آ چکے تھے اس لئے حکم ہوا کہ امرائے عظام استقبال کریں۔ ماہ مذکور کی گیارھویں کو نصف روز گزرنے کے بعد اختر شناسوں کے مشورہ سے اچھی ساعت میں شاہزادہ نے زمیں بوسی کی سعادت حاصل کی۔ حضرت نے بڑے شوق محبت سے آغوش مبارک میں لیکر نہایت شفقت ظاہر فرمائی۔ اسی موقع پر صادق خاں بخشی صوبۂ پنجاب کی حکومت و حراست پر سرفراز ہوا۔ اسی حالت میں اطلاع پہونچی کہ میرزا بدیع الزماں پسر میرزا شاہرخ جو علاقۂ پٹن گجرات میں جاگیردار تھا، ایک شب کو اس کے چھوٹے بھائیوں نے بیخبری کی حالت میں نرغہ کر کے اس کو قتل کر ڈالا۔

اطلاع کے بعد ہی اس کے بھائی اس کی حقیقی ماں کے ساتھ درگاہ والا میں آئے لیکن اس کی ماں جیسا کہ چاہئے تھا بیٹے کے خون کی مدعی نہیں ہوئی۔ اور ثبوت شرعی نہ پہونچ سکی۔ اگرچہ اس کی فتنہ جوئی اور بدخصالی اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ اسے بیٹے کے قتل کا افسوس نہ تھا۔ چونکہ ان بدنصیبوں سے بڑے بھائی کی نسبت ایسی بے باکی کا ظہور ہوا تھا اس لئے حکم ہوا کہ بالفعل قید رکھیں۔ اس کے بعد جیسا مناسب ہوگا کیا جائیگا۔

## شاہزادہ پرویز کا لشکر شاہی کیساتھ مانڈو روانہ ہونا

جب معلوم ہوا کہ شاہزادۂ بلند اقبال شاہجہاں گھاٹی چاندا کی راہ سے ہوکر مانڈو روانہ ہو گئے تو پچیس ۲۵ اردی بہشت کو شاہزادۂ پرویز عساکر جہاں شکوہ کے ساتھ جو سایۂ عالم سلطانی میں فراہم تھے ان کے تعاقب کے لئے بھیجے گئے۔

شاہزادۂ کامگار کی عنان اختیار اور عساکر اقبال کا مدار انتظام مہابت خاں

کی مصلحت اندیشی سے متعلق ہوا، جن امرا کو شاہزادہ کی ہمراہی کی عزت عطا ہوئی وہ یہ ہیں - خان عالم، راجہ نرسنگدیو بوندیلہ، راجہ گجسنگہ کچھواہیہ، سربلند رائے، لشکر خاں، منصور خاں، راجہ جے سنگھ، سورج سنگھ، فاضل خاں، رشید خاں، راجہ گردھر، خواجہ میر عزیز اللہ، اسد خاں، سید ہزبر خاں، اکرام خاں وغیرہ چالیس ہزار سوار اور ایک بڑا توپ خانہ مع بیس لاکھ روپیہ خزانہ ساتھ کیا گیا - فاضل خاں لشکر کی واقعہ نویسی اور بخشی گری کی خدمت پر مقرر ہوا -

یکم خورداد کو شاہزادہ داور بخش پسر سلطان خسرو کو ملک گجرات کا صاحب صوبہ مقرر کر کے منصب ہشت ہزاری ذات وسہ ہزار سوار اور دو لاکھ روپیہ نقد مدد خرچ مرحمت فرمایا اور خان اعظم کو اتالیقی کے منصب پر عزت دیکر ایک لاکھ روپیہ بطور امداد عطا فرمایا -

آصف خاں کو ولایت بنگالہ و اڈیسہ کی صاحب صوبگی کا پروانہ عنایت کیا گیا - ۳۱ خورداد سنہ ۱۸ جلوس مطابق ۱۹ رجب سنہ ۱۰۳۲ھ کو دارالبرکہ اجمیر میں وارد ہوئے یہیں مریم زمانی کے انتقال فرمانے کی خبر ملی - خدا غریق رحمت کرے -

جگت سنگھ پسر راناکرن اپنے وطن سے آکر حاضر خدمت ہوا، ابراہیم خاں فتح جنگ حاکم بنگالہ نے چونتیس زنجیر ہاتھی برسم پیشکش ارسال کئے تھے وہ ملاحظۂ مبارک میں پیش ہوئے -

اس وقت متصدیان صوبہ گجرات کی عرضداشت سے عبد اللہ خاں اور صفی خاں پسر امانت خاں و دیگر ملازمان شاہی کے درمیان جو جنگ ہوئی تھی اس کا حال معلوم ہوا، جس کی اجمالی کیفیت یہ ہے کہ ولایت گجرات شاہجہاں کی جاگیر میں مقرر تھی اور راجہ بکرماجیت ہی اس ملک کا صاحب صوبہ بنا جس وقت حضرت شاہنشاہی نے مانڈو سے کوچ فرمایا، راجہ بکرماجیت حسب الحکم اپنے بھائی کنہر داس کو احمد آباد میں چھوڑ کر حاضر خدمت ہوا اور حوالی دہلی میں اپنے آقا پر جان فدا کر دی۔ چنانچہ یہ واقعات موقع پر بیان کئے جا چکے ہیں اور جب مراجعت فرما کر مانڈو کی طرف متوجہ ہوئے تو گجرات عبد اللہ خاں کو مرحمت کر کے کنہر داس کو اس صوبہ کے دیوان صفی کے ساتھ خزانہ اور تخت مرصع قیمتی پانچ لاکھ اور پرتلہ شمشیر قیمتی دو لاکھ روپیہ

والد بزرگوار کی خدمت میں پیشکش بھیجنے کے لئے اپنے پاس طلب فرمایا۔

عبداللہ خاں نے اپنے خواجہ سرا وفادار کو اس ملک کی حکومت پر نامزد کیا وہ چند بے سروپا لوگوں کے ساتھ احمد آباد آکر متصرف ہوگیا، صفی نے دولتخواہی درگاہ کا قصد مصمم کرکے سپاہیوں کی نگرانی اور جمعیت کی فراہمی پر ہمت صرف کی اور کنہرداس سے چند روز پہلے شہر سے نکلکر کاکریہ تال کے کنارے منزل کی۔ اور وہاں سے محمود آباد روانہ ہوگیا، ظاہر میں یہ ثابت کرتا تھا کہ شاہجہان کی خدمت میں جارہا ہوں باطن میں ناہر خاں سید دلیر خاں، بابو خاں، افغاں اور دوسرے بندگان شاہی کیساتھ جو اپنے محال جاگیر میں مقیم تھے مراسلت سے اظہار دولت خواہی کرکے موقع کا منتظر تھا۔

صالح فوجدار علاقہ بتلاد نے حالات کا رنگ دیکھکر معلوم کیا کہ صفی کا ارادہ کچھ اور ہے بلکہ کنہرداس بھی اس حقیقت سے آگاہ ہوگیا تھا لیکن چونکہ صفی کے پاس جمعیت بہت فراہم ہوگئی تھی اور حزم و احتیاط کے ساتھ پھونک پھونک کر قدم رکھتا تھا اسلئے اس پر ہاتھ ڈالنے کی جرأت نہ ہوئی۔ صالح جو ایک واقف کار سپاہی تھا اس اندیشہ سے کہ مبادا صفی بے باک ہوکر خزانۂ شاہی پر دست تصرف دراز کر بیٹھے دوربینی سے کام لیکر خزانہ کے ساتھ پہلے روانہ ہوگیا۔ اور تقریباً دس لاکھ روپیہ شاہ والاقدر (شاہجہان) کی خدمت میں پہونچا دیا، کنہرداس بھی پر دلہ مرصع لیکر اس کے پیچھے روانہ ہوا لیکن تخت مرصع گرانی کے سبب سے ساتھ نہ لیجا سکا۔

صفی نے جو میدان خالی پایا تو جن لوگوں کے ساتھ متفق تھا ان کے ساتھ خطوط بھیجکر طے کیا کہ ہر ایک موجودہ جمعیت کے ساتھ اپنی جاگیر کے محالوں سے آناً فاناً چلکر طلوع نیر اعظم کے وقت جو دروازہ سمت راہ میں واقع ہو اس سے شہر میں داخل ہوں۔ پہلے بابو خاں افغاں پرگنہ کریج سے یلغار کرکے سحر کے وقت حوالی شہر میں پہونچکر تھوڑی دیر باغ شعباں میں ٹھہرا کہ دن اچھی طرح روشن ہوجائے اور دوست دشمن میں تمیز ہوسکے، پھر صبح صادق ہونے کے بعد جب شہر کا دروازہ کھلا پایا رفیقوں کا انتظار کئے بغیر سارنگپور کے دروازہ سے حصار احمد آباد میں داخل ہوگیا۔

اس اثنا میں ناہر خاں بھی پہونچکر دروازہ سے شہر کے اندر آگیا۔ عبداللہ خاں کا خواجہ سرا اس سانحہ سے جو اس کے خیال میں بھی نہ تھا سراسیمہ ہوکر شیخ حیدر نبیرۂ

میاں وجیہ الدین کے گھر پناہ گزیں ہوا اور ان لوگوں نے برج و فصیل کا استحکام کرکے ایک جماعت محمد تقی دیوان اور حسن بیگ بخشی کے گھر بھیجی۔ اور ان کو پکڑوا بلایا شیخ حیدر نے خود آکر بیان کر دیا کہ عبداللہ خاں کا خواجہ سرا میرے گھر میں ہے وہ بھی فوراً ہاتھ اور گردن باندھ کر گرفتار کر لیا گیا۔

جب ان لوگوں کو شہر کے انتظام سے اطمینان ہوا تو لشکر کو دلاسا دینے اور جمعیت فراہم کرنے میں مصروف ہوئے۔ نقد و جنس میں سے جو کچھ ہاتھ آیا جدید و قدیم لوگوں کو تقسیم کر دیا یہاں تک کہ تخت مرصع جس کی نظیر مشکل ہے توڑ کر اس کے سونے سے جدید نوکروں کی تنخواہ تقسیم کی اور جواہر پر خود متصرف ہوئے الغرض تھوڑی مدت میں ان لوگوں کے پاس خاصی تعداد میں فوج جمع ہو گئی۔

جب یہ خبر مانڈو پہونچی تو عبداللہ خاں شاہ والا قدر (شاہجہاں) سے رخصت لیکر کومک و مدد پر توجہ دیے بغیر چار پانچسو سواروں کے ساتھ منزل بہ منزل چلتا بیس روز میں مانڈو سے بڑودہ پہونچا، صفی اور ناہر خاں شہر سے نکل کر تال کاکریہ کے کنارے صف آرا ہوئے، جب عبداللہ خاں کو کثرت غنیم کی اطلاع ملی تو چند روز بڑودہ میں توقف کیا تاکہ کومک آجائے۔ چند روز کے بعد کوچ کرکے محمود آباد میں لشکر آراستہ کیا شہر کے لوگ تال کاکریہ کے کنارے سے اٹھکر موضع بتوہ کے باہر قطب عالم کے مزار کے نزدیک مقیم ہوئے، عبداللہ خاں محمود آباد سے موضع بارنیجہ میں آیا صفی و ناہر خاں نے موضع بالود میں قیام کیا۔ اب دونوں فریقوں کے درمیان تین کوس کا فاصلہ تھا۔

دوسرے دن جانبین سے فوجیں ترتیب دیکر آمادۂ کارزار ہوئے قضائے کار جس جگہ عبداللہ خاں صف آرا تھا وہاں زقوم کے درخت اتنگ کوچے اور پست و بلند زمین تھی اس بنا پر اس کی افواج کا سلسلۂ انتظام شائستہ نہ رہا۔ پہلے ناہر خاں کا جو لشکر پادشاہی کا ہراول تھا ہمت خاں کے ساتھ مقابلہ ہوا جو عبداللہ خاں کی فوج کے پیش قدموں میں تھا، ہمت خاں کے ایک گولی لگی جس سے وہ جانبر نہ ہوا، ادھر عبداللہ خاں کی فوج کے آگے جو ہاتھی تھا وہ بان اور بندوق کی آواز سے رو گرداں ہو کر ایک تنگ کوچے سے جس کے دونوں طرف زقوم کے درخت تھے بہت سے سپاہیوں کو پامال کرتا ہوا بھاگا اس طرح نیرنگی تقدیر سے عبداللہ خاں شکست کھا کر بڑودہ پہونچا

اور وہاں سے بہروچ گیا، تین روز بہروچ میں گزار کر بندر سورت کی راہ لی اور دو ماہ وہاں رہکر اپنے پریشان آدمیوں کو جمع کرنے اور ایک فوج فراہم کرنے کے بعد شاہجہاں کی خدمت میں پہونچا۔

جب یہ خبر حضرت شاہنشاہی کو پہونچی تو صفی کو جس نے ایسی خدمت انجام دی تھی ہفتصدی و سیصد سوار منصب سے سہ ہزاری و دو ہزار سوار منصب پر ترقی دیکر سیفخان خطاب و علم و نقارہ عطا کیا، ناہر خاں کو بھی منصب سہ ہزاری و دو ہزار و پانصد سوار سے عزت امتیاز عنایت ہوئی سبحان اللہ کجا صفی ا کجا عبداللہ خاں۔

س؎ ایں از فلک ست واز حسن نیست

اب کچھ حال موکب کیہاں شکوہ شاہجہانی اور لشکر متعینۂ شاہزادہ پرویز کا بیان کیا جاتا ہے۔

چونکہ عساکر شاہی موکب اقبال کے ساتھ تھا شاہزادہ پرویز چاندا کی گھاٹی سے گزر کر ولایت مالوہ میں آیا۔ شاہجہاں نے فدائیان دولت کے ساتھ قلعہ مانڈو سے اتر کر اپنے سے پہلے رستم خاں کو ایک فوج کے ساتھ مقابلہ پر بھیجا بہار الدین برق انداز جو بندگان شاہ والا شکوہ (شاہجہاں) کے سلسلہ میں تھا اور رستم خاں کا خاص آدمی تھا مہابت خاں سے قول لیکر گہات میں بیٹھا اور جس وقت لشکروں میں باہم صف آرائی ہونے لگی از راہ فتنہ انگیزی لشکر بادشاہی میں ملگیا۔

رستم خاں جو نہایت معمولی حیثیت کا ناچیز شخص تھا شاہ عالی قدر (شاہجہاں) نے اس کو منصب سہ بیستی سے منصب پنجہزاری و خطاب رستم خانی پر ترقی دیکر گجرات کا صاحب صوبہ مقرر فرمایا تھا اور اس پر بہت اعتماد رکھتے تھے اس وقت جبکہ اس کو لشکر کا سردار کرکے شاہزادہ پرویز کے مقابلہ پر بھیجا وہ بھی حقوق تربیت و نوازش کو نافرمانی سے بدل کر سر پر ذلت و بے حیائی کی خاک ڈالے بھاگتا ہوا مہابت خاں سے جاملا۔ اس کے جاتے ہی تمام فوج منتشر ہوگئی انتظام باقی نہ رہا، اعتماد اٹھ گیا، بہت سے لوگ بیوفائی کرکے فرار ہوگئے۔

جب ان سیاہ دل بے حقیقتوں کا حال معلوم ہوا تو شاہ والا قدر بقیہ جمعیت کو اپنے پاس طلب کرکے نربدا سے پار ہوئے اور وہاں کشتیاں منگواکر بیرم بیگ بخشی کو

ایک جمعیت کے ساتھ دریا کے کنارے چھوڑا اور خود خان خاناں کے ساتھ قلعۂ اسیر برہانپور کی طرف کوچ کیا۔ اسی زمانہ میں محمد تقی بخشی نے خان خاناں کا خط جو اس نے خفیہ طور پر مہابت خاں کے پاس بھیجا تھا شاہزادۂ والا قدر (شاہجہاں م) کی خدمت میں پیش کیا۔ خط کے عنوان میں یہ شعر مرقوم تھا ؎

صد کس بنظر نگاہ میدارندم ورنہ بپریدمے زبے آرامی

لہذا خان خاناں کو مع اس کے بیٹے داراب خاں کے گھر سے طلب کر کے وہ نوشتہ خلوت میں دکھایا۔ کوئی قابل سماعت جواب نہ دے سکا، سوائے اس کے، کہ ندامت وشرم سے سر جھکا لے کوئی چارہ نہ دیکھا اس بنا پر اس کو اس کے فرزندوں کے ساتھ دولتخانہ کے متصل نظر بند رکھا جو فال اس نے خود لی تھی کہ ؎ صد کس بنظر نگاہ میدارندم۔ وہی پیش آئی۔

الحاصل جب موکب شاہجہانی قلعۂ اسیر پہونچا، میر حسام الدین پسر میر جمال الدین حسین انجو قلعہ سے نکلکر حاضر خدمت ہوا جہاں پناہ (شاہجہاں) نے خود اہل حرم کے ساتھ قلعہ میں تین روز قیام فرمایا قلعہ کی حفاظت گوپال داس راجپوت کو تفویض فرمائی جو ایک تجربہ کار سپاہی تھا، اور تمام مصالح قلعہ داری حسب دلخواہ مکمل کر کے بہت سے پرستاران حرم سرا کو غیر ضروری سامان کے ساتھ جس کا ساتھ رکھنا دشوار تھا وہیں چھوڑا اور خود برہانپور کی طرف توجہ فرمائی۔

اس مدت میں عبداللہ خاں بھی گجرات سے آکر شاہزادہ کے قدموں میں پہونچ چکا تھا۔ اس لئے چنداں بے اطمینانی نہ تھی۔

اس طرف شاہزادۂ پرویز اور مہابت خاں نے نربدا کے کنارے پہونچکر ہر چند عبور کی کوشش کی، چونکہ بیرم بیگ نے کشتیاں اس پار لیجا کر راستوں کو توپ و تفنگ سے محفوظ کر لیا تھا، کچھ نہ چلی، چونکہ مہابت خاں حیلہ جوئی و فریب کاری اور عیاریوں میں شیطان کا بھی استاد تھا اس لئے اس نے پوشیدہ طور پر خان خاناں کے پاس خط بھیجکر اس کہن سال دنیا دوست فرتوت کو شیطان کی طرح مردم فریب باتوں سے بہکایا۔ خان خاناں نے جہاں پناہ (شاہجہاں) کی خدمت میں عرضداشت بھیجی کہ چونکہ زمانہ ناموافق ہو رہا ہے اگر چند روز کے لئے ناکامی گوارا کر کے طرح صلح ڈالی جائے تو بیشک امن عالم اور بندگان خدا کی رفاہیت کا سبب ہو۔ شاہجہاں جو ہمیشہ رفع فساد پر ہمت

مبذول رکھتے تھے اس صورت کو غنیمت سمجھے اور خان خاناں کو خلوت سرائے دولت میں لیجا کر کلام اللہ کی قسم سے اپنی طرف سے اس کو اطمینان دلایا، پھر اس نے بھی مصحف پر ہاتھ رکھکر نہایت سخت قسم کھائی کہ ہرگز جہاں پناہ سے منافقت نہ کریگا اور جس میں دونوں کا نفع ہوگا وہی کریگا۔

جہاں پناہ نے (شاہجہاں م) اطمینان قلب کے بعد خان خاناں کو رخصت فرماکر داراب خاں کو اس کے فرزندوں کے ساتھ اپنی خدمت میں رکھا اور یہ طے پایا کہ خاں خاناں دریا کے اس طرف توقف کرکے مراسلت کے ذریعہ سے مقدمات صلح مرتب کریں۔

جب صلح اور خان خاناں کی رخصت کی خبر شاہجہاں کے ملازموں کو پہونچی انتظامات میں نقصان پیدا ہوا، اور جو احتیاط گذرگاہوں کے استحکام میں کی جاتی تھی اس میں کمی آگئی۔ یہانتک کہ ایک شب غفلت کے خواب گراں میں بادشاہی فوج کی ایک کارآمد جماعت ہمت کرکے دریا سے عبور کر گئی۔

اُس آدھی رات کو اس شورش و فساد کے ہول سے بہتوں کی ہمتیں ٹوٹ گئیں بیرم بیگ سے مدافعت نہ ہوسکی اور مقابلہ کی تاب نہ لاکر جب تک جنبش کرے بہت سے لوگ دریا سے اتر گئے۔

اس وقت شاہزادۂ پرویز اور مہابت خاں کے خط خان خاناں کے پاس آئے، وہ ناحق شناس طومار حقیقت و وفا کو آب عصیاں سے دھوکر مصحف کی قسم شربت کی طرح نگل گیا، اور خدا اور روز جزا کا اندیشہ نہ کرکے منہ سے شرم وحیا کا پردہ اٹھائے مہابت خاں سے ملگیا۔ بیرم بیگ خجالت زدہ سر جھکائے شاہ عالی قدر (شاہجہاں) کی خدمت میں پہونچا۔

جب خان خاناں کی حقیقت اور نربدا سے عبور لشکر شاہنشاہی کا حال اور بیرم بیگ کی آمد کی اطلاع شاہ جواں بخت کو ہوئی۔ تو برہانپور کا قیام مصلحت نہ جانکر باوجود شدت باران وطغیان دریائے پتتی سے عبور فرمایا۔ اس پریشانی میں اکثر بندگان دولت بیوفائی کرکے اس دنیا میں مردود اور ہمیشہ کے لئے مطعون ہوئے۔

شاہزادۂ پرویز نے برہانپور پہونچکر چند منزل تعاقب کیا مگر جب شاہ والاشکوہ کا موکب اقبال ولایت قطب الملک کے راستہ سے صوبۂ اوڑیسہ و بنگالہ کی طرف روانہ ہوا، تو واپس ہوکر برہانپور میں ٹھہر گئے۔

# توجہ رایات شاہنشاہی طرف کشمیر

جب خاطر قدسی اقبالمند فرزند کی مہم سے ایک گونہ مطمئن ہوئی تو چونکہ ہندوستان کی گرمی مزاج مبارک کو موافق نہ تھی اس لئے دوسری آذر ۱۰۳۲ھ کو سیر کشمیر کا عزم فرمایا ۔

آصف خاں کو جسے بنگالہ کا صاحب صوبہ مقرر فرمایا تھا چونکہ نورجہاں بیگم بھائی کی جدائی سے پریشان رہتی تھی اس لئے حکم ہوا کہ واپس آجائے ۔

جگت سنگھ پسر راناکرن کو وطن جانے کی اجازت ملی ۔ اسی دوران میں عبداللہ پسر حکیم نورالدین کو قتل کا حکم ہوا

اس کے مفصل واقعات یہ ہیں کہ جب دارائے ایران نے اس کے باپ کو زر وسیم کے گمان سے شکنجہ میں کھینچا تو مشارٌالیہ ایران سے بھاگ کر بعد پریشان حالی ہندوستان پہونچا اور اعتمادالدولہ کے وسیلہ سے بندگان درگاہ میں شامل ہوا قسمت کی موافقت سے تھوڑے ہی دنوں میں بادشاہ کا مزاج داں ہوکر خدمتگاران نزدیک میں داخل ہوگیا، پانصدی منصب اور آباد جاگیر صلہ میں ملی ۔ لیکن چونکہ تنگ حوصلہ تھا طالع نیک سے جھگڑا مول لیکر کفران نعمت و ناسپاسی شروع کی ہمیشہ خدا اور آقائے ولی نعمت کی شکایت کرنے لگا، اس اثنا میں کئی مرتبہ حضور میں خبر آئی کہ ہرچند اس کے حق میں عنایت و رعایت زیادہ کی جاتی ہے ۔ وہ حق ناشناس شکایت و رنجش میں ترقی کرتا جاتا ہے باوجود اس کے جہاں پناہ سابقہ مراحم پر نظر فرماکر سماعت نہ فرماتے تھے یہانتک کہ بے غرض لوگوں سے جنھوں نے محفلوں اور جلسوں میں اسکی بے ادبانہ باتیں سنی تھیں اسکی تحقیق ہوئی اس وقت جہاں پناہ نے ثبوت کے بعد حضور میں طلب کرکے بازپرس فرمائی اور جواب معقول نہ پاکر سیاست کا حکم دیا

> زبان سرخ سر سبز میدہد برباد ۔

اس زمانہ میں صادق خاں کو ہستان شمالی کے انتظام کے لئے جانب پنجاب رخصت ہوا اور سید بہوہ بخاری نے دہلی کی حکومت و حفاظت پر ممتاز ہوکر عزت حاصل کی ۔ علی محمد پسر علی رائے حاکم تبت باپ کی رہبری سے درگاہ میں آکر سعادت اندوز ہوا ۔

پانچویں اسفندار مذکور کو سرہند کے باغ نے نزول شہنشاہی سے طراوت

و رونق تازہ پائی۔ دریائے بیاہ کے کنارے صادق خاں اپنے کومک والوں کے ساتھ کوہستان شمالی کے انتظام و استحکام سے مطمئن ہوکر آستاں بوس ہوا اور جگت سنگھ کو جو چند روز سے پہاڑ کی گھاٹیوں میں آتش فساد مشتعل کر رہا تھا مراحم بیکراں کی امید دلاکر ساتھ لایا۔ نور جہاں بیگم کی سفارش سے اس کی خطائیں معاف ہوئیں۔

انھی ایام میں صوبہ دکن کے مخبروں اور متصدیوں کی عرضیوں سے معلوم ہوا کہ شاہزادہ شاہجہاں قطب الملک کی سرحد سے گزرکر جانب اوڈیسہ و بنگالہ روانہ ہوگئے۔ اور اس یورش میں ان کے بہت سے ملازم و تربیت یافتہ لوگ خاک ادبار سر پہ ڈالکر بھاگ گئے۔

انھیں میں سے ایک دن کوچ کے وقت ان کے دیوان افضل خاں کا بیٹا میرزا محمد بھی اپنی والدہ و عیال کے ساتھ نکل گیا۔ اس زمانہ میں افضل خاں بیجاپور میں تھا جب یہ خبر شاہ والاقدر (شاہجہاں م) کو پہونچی تو سید جعفر اور خان قلی اوزبک کو اپنے چند معتمدوں کے ساتھ میرزا محمد کے تعاقب میں بھیجا اور حکم دیا کہ جہانتک ممکن ہو تسلی دلاسا دیکر اس کو زندہ لائیں اور یہ نہ ہو سکے تو اس کا سر لائیں۔ یہ لوگ جتنی جلد ہو سکا مسافت طے کرکے اثنائے راہ میں اس سے ملے، اس نے اس حادثہ سے مطلع ہوکر اپنی والدہ اور متوسلوں کو جنگل کی طرف روانہ کیا اور خود کمان لیکر کھڑا ہو گیا۔ سامنے ایک نہر اور دلدل درمیان میں تھی، سید جعفر نے نزدیک آکر چاہا کہ سخن سرائی و چرب زبانی سے فریب دے مگر باوجود ہر قسم کی امید و بیم کی باتیں کرنے کے اس پر کچھ اثر نہ ہوا، اور شاہ کی خدمت میں واپس لیجانے کی کوئی صورت نہ نکلی، اس نے ان باتوں کا جواب زبان تیر سے دیا اور مردانہ جنگ کرکے خان قلی اوزبک کو چند لوگوں کے ساتھ جان سے مار ڈالا پھر سید جعفر کو زخمی کرکے خود بھی زخمہائے کاری سے جان دیدی مگر جب تک اس میں ذرا بھی جان باقی رہی بہت سے جانداروں کو موت کے مزے چکھاتا رہا۔

القصہ موکب اقبال شاہی (شاہجہاں) بندر مچھلی پٹن کے راستہ سے جانب اوڈیسہ روانہ ہوا، قطب الملک نے محال متعلقہ کے متصدیوں اور اپنی سرحد کے حکام کو احکام بھیجے کہ غلہ فروشوں اور زمینداروں کو تیار رکھیں کہ غلہ اور تمام اجناس و ضروریات لشکر شاہی میں پہونچاتے رہیں اور نقد و جنس کی پیشکش اور میوہ و اجناس

وغیرہ متواتر بھیجتے رہیں اور جہاں پناہ کی خدمت کو اپنی سعادت جانیں۔

## سال نوز دہم جلوس میمنت مانوس

بروز چار شنبہ ۲۹ رجمادی الاول ۱۰۳۳ھ ایک پہر دو گھڑی گزرنے کے بعد تحویل آفتاب کے وقت جلوس جہانگیری کا انیسواں سال شروع ہوا۔

جب شاہجہاں کی جانب بنگالہ واڑیسہ جانے کی تصدیق ہوگئی تو شاہزادہ پرویز اور مہابت خاں کے نام فرمان ہوا کہ صوبۂ دکن کے انتظام و استحکام سے مطمئن ہوکر صوبۂ الہ آباد و بہار کی طرف روانہ ہوں تاکہ اگر صاحب صوبۂ بنگالہ راستہ روکنے اور مقابلہ کرنے سے قاصر رہے تو تم عساکر منصور کے ساتھ مقابلہ کرو۔

حزم و احتیاط پر نظر کر کے عمدۂ سلطنت خانجہاں کو دار الخلافت بھیجا کہ ان حدود میں رہکر حکم کا انتظار کرے، اگر کسی خدمت کی ضرورت ہو اور توجہ دلائی جائے تو فرمان کے مطابق کاربند ہو۔

جس زمانہ میں قاضی عبدالعزیز شاہ والا جاہ (یعنی شاہجہاں) کی خدمت سے ایلچی گری کے لئے آئے تھے حکم اشرف کے بنا پر مہابت خاں نے انکو نظر بند رکھا تھا، چند روز کے بعد مہابت خاں نے قاضی کو چار و ناچار اپنا ملازم کر لیا اور برہانپور سے وکیل کی حیثیت سے عادل خاں کے پاس بھیجا۔ اہل دکن نے سچے دل سے بندگی و خیر خواہی اختیار کی، عنبر حبشی نے اپنے ایک معتمد علی شیر کو مہابت خاں کے نزدیک بھیجا اور نوکروں کی طرح عرضی میں نہایت عاجزی و فروتنی ظاہر کی۔ اور وعدہ کیا کہ دیول گانوں میں مہابت خاں سے ملاقات کریگا اور اپنے بڑے بیٹے کو غلامان درگاہ کے سلسلہ میں داخل کردیگا پھر قاضی عبدالعزیز کا نوشتہ پہونچا کہ عادل خاں کمر خدمت و دولتخواہی باندھکر ملا محمد لاہوری کو جو اس کا مطلق العنان وکیل اور نفس ناطقہ ہے اور تحریر و تقریر میں اس کو ملا بابا کہکر خطاب کیا جاتا ہے پانچ ہزار سوار کے ساتھ روانہ کر رہا ہے کہ ہمیشہ خدمت میں بسر کرے، جو متعاقب زمیں بوس ہوگا۔

چونکہ کئی فرمان تاکید کے ساتھ صادر ہو چکے تھے کہ شاہزادہ پرویز اپنے ساتھ کے لشکر کے ہمراہ بنگالہ کی طرف متوجہ ہوں اس لئے باوجود ایام برسات و شدت بارش

اور مٹی کیچڑ کی کثرت کے برہانپور سے ولایت مالوہ کو کوچ فرمایا، اور مہابت خاں شاہزادہ کو روانہ کرنے کے بعد چند روز ملا محمد لاہوری کی آمد تک شہر میں ٹھہرا رہا لشکر خاں، جادو رائے اودارام، وغیرہ کو متعین کیا کہ بالاگھاٹ جاکر ظفر نگر میں خیمہ زن ہوں جانسپار خاں کو بدستور سابق علاقۂ بیٹر کے لئے رخصت کیا، اسد خاں معموری کو ایلچپور میں قائم رکھا، منوچہر پسر شاہنواز خاں کو جالناپور میں تعینات کیا اور رضوی خاں کو تھانیسر بھیجا کہ صوبۂ خاندیس کی حفاظت کرے۔ اسی طرح ہر جگہ کا انتظام تجربہ کار لوگوں کے سپرد کر کے مطمئن ہوا۔

اسی زمانہ میں ابراہیم خاں فتح جنگ کی عرضداشت بنگالہ سے پہونچی لکھا تھا کہ شاہزادۂ بلند اقبال کی سواری اوڈیسہ میں داخل ہوگئی۔ اب کچھ حال مجملاً ابراہیم خاں اور صوبۂ بنگالہ کا رقم کیا جاتا ہے۔

اول یہ کہ احمد بیگ خاں برادر زادۂ ابراہیم خاں جو اوڈیسہ کا صاحب صوبہ تھا گردھر زمیندار کی مہم پر گیا تھا، اس عجیب واقعہ کی اتفاقی رونمائی سے متردد و متحیر ہوکر اس مہم سے باز آیا اور موضع پیپلی میں جو اس صوبہ کا مستقر حکومت ہے آکر اپنی اشیا ساتھ لئے کٹک روانہ ہوا جو پیپلی سے بنگالہ کی طرف بارہ کوس پر ہے پھر چونکہ مقابلہ کی استطاعت نہیں رکھتا تھا کٹک میں بھی ٹھہرنے کی ہمت نہ ہوئی اور وہاں سے جعفر بیگ کے برادرزادہ صالح کے پاس بردوان چلا گیا اور صورت حالات بیان کی، صالح کو یہ بات بہت بعید معلوم ہوئی، اسے شاہجہاں کے آنے کا یقین نہ آیا۔

ان میں ابھی کوئی تصفیہ نہ ہوا تھا کہ صالح کو ہموار کرنے کے لئے عبداللہ خاں کا نوشتہ پہونچا" اس نے اس وعدہ پر راضی نہ ہوکر قلعۂ بردوان کی مضبوطی کے انتظامات کئے اور اپنے اوپر صلاح و صواب کا دروازہ بند کر لیا۔

ابراہیم خاں یہ خبر سنکر اپنے کئے سے حیران ہوا، اور باوجودیکہ اسکے اکثر مددگار سرحد کھ اور دوسرے تھانہ جات میں متفرق تھے، اکبر نگر میں پائے ہمت جماکر استحکام حصار و فراہمی سپاہ، استمالت لشکر و حشم اور ترتیب اسباب رزم و پیکار میں مشغول ہوا۔ اس وقت اس کے پاس اس مضمون کا شاہکی (شاہ جہاں کی طرف سے) مراسلات پہونچا کہ حسب تقدیر ربانی و سرنوشت آسمانی جو باتیں اس دولت خداداد کے لائق نہ تھیں ظاہر ہوئیں، اور گردش روزگار سے بہادران لشکر اسلام کو اس جانب گزرنے کا اتفاق

ہوا۔ اگرچہ ہماری نظر ہمت میں اس ملک کی وسعت ایک جولانگاہ سے زیادہ نہیں اور مطلب ہمارا اس سے زیادہ ہے لیکن چونکہ یہ سرزمین پاؤں کے نیچے آگئی ہے اس لئے سرسری طور سے چھوڑی نہیں جاسکتی، اگر جانے کا ارادہ ہو تو تمھارے جان و مال و ناموس سے دست تعرض کوتاہ رکھکر ہم حکم دیتے ہیں کہ اطمینان خاطر کے ساتھ حاضر درگاہ ہو، اور اگر توقف میں صلاح وقت ہو تو اس ملک میں سے جو جگہ پسند ہو اختیار کرکے آسودہ و مرفہ الحال بسر کرو۔

ابراہیم خاں نے جواباً عرض کی کہ جب تک بندگان حضرت شہنشاہی نے یہ ملک اپنے غلام کو سپرد کیا ہے، میرا سر ہے اور یہ ملک، جب تک جان ہے کوشش کرتا رہونگا اور عمر گذشتہ کی خوبیاں معلوم۔ اب حیات مستعار کتنی باقی ہے! بجز اس کے کوئی ارمان و آرزو دل میں باقی نہیں کہ حقوق تربیت ادا کردوں، اور راہ وفا میں جان نثار کرکے شہادت کی سعادت سے حیات جاوید حاصل کروں۔

القصہ جب شاہ گیتی ستاں کا موکب اقبال بردوان میں سایہ افگن ہوا تو صالح کوتہ اندیش نے قلعہ مضبوط کرکے گراہی مول لی۔ عبداللہ خاں نے فرصت نہ دیکر، محاصرہ میں سختی کی، جب معاملہ میں دشواریاں پیدا ہوئیں اور کسی طرف سے کمک کی امید نہ رہی نہ کوئی صورت نجات نظر آئی مجبوراً قلعہ سے نکل کر عبداللہ خاں سے ملا۔ خان موصوف نے اس کو اسیر کرکے ملاحظۂ شاہی میں پیش کیا جب یہ پتھر راستے سے ہٹ گیا تو اکبر نگر کی طرف کوچ ہوا۔

ابراہیم خاں نے پہلے چاہا کہ قلعۂ اکبر نگر کو مستحکم کرکے قلعہ داری کے انتظام میں مصروف ہو، مگر چونکہ حصار اکبر نگر بڑا تھا اور اس قدر جمعیت اس کے ساتھ نہ تھی کہ ہر طرف سے جیسی چاہئے حفاظت کرسکے اس لئے اپنے بیٹے کے مقبرہ میں جو مختصر سا مضبوط حصار رکھتا تھا، محفوظ ہو گیا۔

اس اثنا میں جو لوگ تھانوں پر متعین تھے اس کے پاس آگئے تھے اور بندگان شاہی بیرون اکبر نگر آکر حصار مقبرہ کو محاصرہ میں لے چکے تھے، اس لئے اب اندر باہر سے آتش جنگ بھڑکنا شروع ہوئی، اس وقت احمد بیگ خاں حصار کے اندر آیا، اُسکے آنے سے ان لوگوں کو ہمت ہوئی، چونکہ اکثر لوگوں کے اہل و عیال دریا کے اس طرف تھے اسلئے عبداللہ خاں اور دریا خاں افغان دریا سے گزر کر اس جانب صف آرا ہوئے۔

ابراہیم خاں یہ وحشت اثر خبر سنکر احمد بیگ کو ساتھ لئے سراسیمہ اس طرف دوڑا، دوسرے آدمیوں کو قلعہ کی حفاظت پر چھوڑا اور جنگی کشتیوں کو جن کو ہندوستان کی اصطلاح میں نواڑہ کہتے ہیں اپنے سے پہلے اس طرف روانہ کر دیا تاکہ سرراہ اس فوج کو روک کر دریا سے عبور نہ کرنے دیں۔

اتفاقاً نواڑہ پہونچنے سے پہلے دریا خاں افغان دریا سے گزر چکا تھا ابراہیم خاں نے یہ معلوم کرکے احمد بیگ خاں کو دریا کے راستہ سے دریا خاں کے پاس بھیجا۔ جب وہ دریا میں پہونچا تو کنارے پر دونوں فریقوں میں مقابلہ ہوا احمد بیگ کے بہت سے ساتھی قتل ہوئے، وہ بھاگ کر ابراہیم خاں کے پاس آیا اور غنیم کے غلبہ و تسلط کی اطلاع دی۔ ابراہیم خاں نے فوراً اس فوج کو بلانے کے لئے آدمی بھیجا جو مقبرہ کے چار دیواری میں قلعہ بند تھی کہ جلد آئیں امداد کا وقت ہے چند خوش اسپہ نوجوانوں کا ایک گروہ نہایت عجلت کے ساتھ ابراہیم خاں کے پاس پہونچا۔

دریا خاں کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ چند کوس پیچھے ہٹ گیا۔ اور عبداللہ خاں فیروز جنگ چند کوس آگے بڑھ کر زمینداروں کی رہبری سے دریا خاں کے پاس پہونچ گیا۔ اب بالاتفاق اس زمین میں جس کے متصل ایک دریا تھا دوسری طرف گھنا جنگل عرصۂ کارزار آراستہ کیا گیا۔ اور ابراہیم خاں دریا سے اتر کر کے میدان جنگ میں آیا۔

ابراہیم خاں خود اپنے ساتھ ہزار سواروں کا ایک غول لیکر کھڑا ہوا، اور نور اللہ نام ایک سید زادہ کو جو اس صوبہ کے تجویزی منصب داروں میں تھا آٹھ سو سوار کے ساتھ ہراول مقرر کیا، احمد بیگ کو سات سو سواروں کے ساتھ علیحدہ کر دیا۔

دونوں فوجوں میں حرکت ہوئی اور سخت لڑائی شروع ہو گئی نور اللہ مقابلہ کی تاب نہ لاکر اپنی جگہ سے ہٹ گیا، احمد بیگ خاں مردانہ مقابلہ کرتا اور زخم کھاتا رہا۔ ابراہیم بیگ یہ حال دیکھکر تاب نہ لاسکا اور بیقرار ہو کر بڑھا۔ اس حملہ میں فوجوں کا انتظام ابتر ہو گیا۔ چونکہ تقدیر کچھ اور چاہتی تھی اس لئے اس کے اکثر رفقا بغیر ساتھ دیئے فرار ہو گئے۔

ابراہیم خاں چند لوگوں کے ساتھ نہایت غیرت و حمیت سے قائم رہا

ہر چند اس کے آدمیوں نے اس کا گھوڑا پکڑ کے چاہا کہ اس مہلکہ سے نکال لیں راضی نہ ہوا اور کہا کہ میرا وقت اس کا مقتضی نہیں ہے، اس سے بہتر کیا دولت ہو سکتی ہے کہ شہادت کی سعادت نصیب ہو، ہنوز بات پوری نہ ہوئی تھی کہ چاروں طرف سے لوگ ٹوٹ پڑے اور جانستاں زخموں سے اس کا کام تمام کر دیا۔

جو لوگ مقبرہ کے حصار میں محفوظ تھے ابراہیم خاں کی شہادت سے واقف ہو کر ہمت ہار گئے اس وقت بندگان شاہی نے حصار کے نیچے جو سرنگ لگائی تھی اس میں آگ دے دی۔ بہادر جوان ہر طرف سے دوڑ کر حصار کے اندر داخل ہو گئے اس ہنگامہ میں عابد خاں دیوان، شریفا بخشی اور دوسرے روشناس جان نثار تیر و تفنگ سے ہلاک ہوئے اور حصار فتح ہو گیا۔

جو لوگ قلعہ کے اندر تھے اس میں سے بعض سر و پا برہنہ دریا میں گر پڑے اور جن کے اہل و عیال تھے وہ حاضر خدمت ہوئے

چونکہ ابراہیم خاں کے اموال واشیا اور فرزند ڈھاکہ میں تھے اس لئے موکب اقبال دریا کی راہ سے اس جانب روانہ ہوا۔ احمد بیگ خاں برادر زادۂ ابراہیم خاں موکب منصور سے پہلے ڈھاکہ پہونچ چکا تھا، بجز بندگی و فرماں پذیری کے چارہ نہ دیکھکر مقرب درگاہ کے وسیلہ سے ملازمت سے سرفراز ہوا، حکم اشرف کے مطابق وکلائے سرکار ابراہیم خاں کے اموال ضبط کرنے میں مصروف ہوئے۔ تقریباً چالیس لاکھ روپے نقد علاوہ جنس کپڑوں اور ہاتھیوں وغیرہ کے ہاتھ آئے۔

داراب خاں کو اب تک مقید رکھا تھا اس وقت قید سے نکال کر قسم دینے کے بعد بنگالہ کی حکومت اس کے تفویض کی اور اسکی عورت کو ایک لڑکی ایک بیٹے اور ایک شاہنواز خاں کے بیٹے کے ساتھ اپنے ہمراہ رکھا۔

راجہ بھیم پسر راما کو جسے اس فساد میں اپنی خدمت سے علیحدہ رکھا تھا ایک فوج کے ساتھ بطور مقدمۃ الجیش اپنی روانگی سے قبل پٹنہ بھیجدیا، خود عبداللہ خاں اور دوسرے ملازموں کے ساتھ بعد میں روانہ ہوئے۔

صوبہ پٹنہ شاہزادۂ پرویز کی جاگیر میں تھا، وہاں شاہزادہ کا دیوان مخلص خاں حکمراں تھا الہ یار پسر افتخار خاں اور شیر خاں افغان فوجدار تھے، راجہ بھیم کے پہونچنے

سے ان کے قدم ڈگمگا گئے اور توفیق نہ ہوئی کہ حصار پٹنہ کا استحکام کر کے چند روز لشکر کے آنے تک صبر کریں۔ پٹنہ سے نکل کر الہ آباد کا راستہ لیا اور ایسے ملک کو رائگاں کر کے اپنی سلامتی کو ترجیح دی۔

راجہ بھیم بے محنت و تکلیف شہر میں آکر صوبہ بہار پر متصرف ہو گیا چند دن کے بعد شاہ گیتی ستاں کا مرکب اقبال اس سرزمین کے باشندوں پر پرتو افگن ہوا۔ اس صوبہ کے جاگیردار حاضری خدمت سے مشرف ہوئے، سید مبارک نے جس کے ذمہ قلعۂ رہتاس کی حکومت تھی قلعہ سپرد کر دیا، اوجینہ کا زمیندار بھی باریاب سعادت ہوا!

یہاں سے کوچ فرمانے سے قبل عبداللہ خاں کو الہ آباد اور دریا خاں کو اودھ فوجیں دیکر روانہ فرمایا۔ پھر کچھ دنوں کے بعد بیرم بیگ کو صوبہ بہار کا حاکم بنا کر خود بھی رایت اقبال بلند فرمایا۔

قبل اس کے کہ عبداللہ خاں جوسا کے راستہ سے گزر جائے، جہانگیر قلی خاں پسر اعظم خاں میرزا کوکہ جو جونپور کا حاکم تھا اپنی جگہ چھوڑ کر میرزا رستم کے پاس الہ آباد پہونچا۔ عبداللہ خاں تیزی و مستعدی کیساتھ راستہ طے کرتا، قصبۂ جھونسی میں جو دریائے گنگ کے اس پار الہ آباد کے مقابل واقع ہے لشکر آرا ہوا، حضرت جہانپناہی (شاہجہاں) جونپور میں تشریف لائے۔ چونکہ بنگالہ سے جنگی کشتیوں کا عظیم الشان بیڑا ہمراہ لائے تھے اس لئے عبداللہ خاں نے توپ و تفنگ کے زور سے دریا سے پار ہو کر الہ آباد میں لشکرگاہ بنائی۔

اب کچھ واقعات دکن کے بیان کئے جاتے ہیں، پہلے لکھا جا چکا ہے کہ عنبر حبشی نے اپنے وکیل علی شیر کو مہابت خاں کے پاس بھیجکر نہایت انکسار و فروتنی کا اظہار کیا تھا اس امید میں کہ اس صوبہ کے مہمات کا دار و مدار اس کے ذمہ تفویض ہو اور چونکہ اس میں اور عادل خاں میں نزاع و مخاصمت شروع ہو گئی تھی اس لئے بندگان درگاہ کی اعانت و امداد سے اس پر تسلط و تفوق ظاہر کرنا چاہتا تھا۔ اسی طرح عادل خاں بھی اس کا شر دفع کرنے کے لئے اس صوبہ کا اختیار اپنے قبضۂ اقتدار میں لینے کا خواہشمند تھا آخر عادل خاں کا افسوں زیادہ کارگر ہوا اور مہابت خاں نے عنبر کی طرفداری چھوڑ کر عادل خاں کی خواہش پوری کرنے میں حصہ لیا۔

چونکہ عنبر راست میں حائل تھا اور ملا محمد وکیل عادل خاں کو اس کی طرف سے اندیشہ تھا اس لئے مہابت خاں نے لشکر منصور سے ایک جمعیت بالاگھاٹ پر متعین کر دی کہ رہبری کرکے ملا محمد کو برہانپور پہونچا دے۔

عنبر یہ خبریں سنکر متردد ہوا اور نظام الملک کے ساتھ قصبہ کھڑکی سے نکلکر قندھار کی طرف روانہ ہوا جو ولایت گولکنڈہ کی سرحد پر واقع ہے اور فرزندوں کو اسباب و سامان کے ساتھ قلعۂ دولت آباد میں چھوڑ کر کھڑکی کو خالی کر دیا۔ اور یہ ظاہر کیا کہ قطب الملک کی سرحد پر اپنی مقررہ رقم وصول کرنے جاتا ہوں۔

جب ملا محمد لاہوری برہانپور پہونچا تو مہابت خاں نے شاہپور تک استقبال کرکے نہایت سرگرمی و دلجوئی ظاہر کی اور وہاں سے اس کے ساتھ شاہزادۂ پرویز کی خدمت میں روانہ ہوا۔ سربلند رائے کو شہر برہانپور کی حکومت پر مامور کرکے جادو رائے اس کے بھائی اور اودا رام کو امداد کے لئے مقرر کیا، اور پسر جادو رائے و برادر اودا رام کو احتیاطاً اپنے ساتھ لیا۔

ملا محمد شہزادہ سے ملا تو یہ طے پایا کہ ملا پانچ ہزار سوار کے ساتھ برہانپور میں رہکر سربلند رائے کے اتفاق سے اجرائے احکام اور انتظام مہمات کی کارروائی کرے اور اس کا بیٹا امین الدین پانچ ہزار سوار کے ساتھ شاہزادہ کی خدمت میں حاضر ہو۔ اس قرارداد کے ساتھ مشارالیہ کو رخصت فرماکر خلعت و شمشیر مرصع و اسپ و فیل عطا کیا۔ اور اس کے داماد محمد امین کو بھی خلعت و خنجر و اسپ و فیل عنایت ہوا اور پچاس ہزار روپیہ مدد خرچ پسر ملا محمد کو مرحمت فرماکر اپنے ہمراہ لیا۔ مہابت خاں نے بھی اپنی جانب سے ایکسو دس گھوڑے دو ہاتھی ایک نر ایک مادہ اور اڑسٹھ ہزار روپیہ نقد اور ایکسو دس خوان کپڑوں کے ملا محمد اس کے بیٹے اور داماد کو دئے۔

وارِ خورداد کو کشمیر حضرت شاہنشاہی کے نزول اجلال سے مشرف ہوا۔ اعتقاد خاں نے کشمیر کے تحفے جو اس مدت میں مہیا کئے تھے بطور پیشکش نذر کئے۔

جب یہ خبر پہونچی کہ یلنگ توش اوزبک سپہ سالار نذر محمد خاں نے ارادہ کیا ہے کہ حوالی کابل و غزنین کو تاخت و تاراج کرے، اور خانہ زاد خاں پسر مہابت خاں ان امرا کے ساتھ جو اس کی کمک پر مقرر ہیں شہر سے نکلکر اس مدافعت و مقابلہ میں

مصروف ہیں۔ اس بنا پر غازی بیگ جو مقرب خدمتگاروں سے تھا ڈاک چوکی کے ذریعہ سے روانہ ہوا کہ حقیقت حال سے واقف ہو کر صحیح خبر لائے۔

اس زمانہ میں آرام بانو بیگم جہاں پناہ کی ہمشیرہ کا انتقال ہوا، حضرت عرش آشیانی انار اللہ برہانہ اپنی اس لڑکی پر بہت عنایت فرماتے تھے۔ چالیس سال کی عمر میں جیسی دنیا میں آئی تھیں ویسی ہی جانب آخرت روانہ ہوئیں۔

غازی بیگ جو خبر گیری کے لئے گیا تھا اس تاریخ حاضر خدمت ہو کر عرض رسا ہوا کہ یلنگتوش نے ہزارجات کے انتظام کے لئے جن کی آبادی حدود غزنین میں ہے اور قدیم سے حاکم غزنین کو وہاں کے لوگ مالگزاری ادا کرتے تھے چتور مضافات غزنین میں قلعہ بنا کر اپنے ہمشیرزادہ کو متعین کیا تھا۔ سرداران الوس نے خانہ زاد خاں کے پاس آکر نالش کی کہ ہم تمہاری قدیم رعایا ہیں، اگر اس کا شر ہم سے دفع کر دو تو بدستور سابق رعیت و فرماں پذیر رہیں ورنہ بمجبوری ان لوگوں سے ملتجی ہو کر اپنے آپ کو ازبکوں کے ظلم و تعدی سے بچائیں خانہ زاد خاں نے ایک فوج ہزارہ والوں کی امداد کے لئے روانہ کی، ازبکوں نے مدافعت کی اور آمادہ جنگ ہوئے اس دار و گیر میں یلنگتوش کا خواہرزادہ ازبکوں کی ایک جماعت کے ساتھ قتل ہوا، سپاہ منصور اس حصار کو منہدم کر کے فتحمندانہ واپس ہوئی یلنگتوش نے اس خبر سے اپنے کردار پر خجل ہو کر نذر محمد خاں سے التماس کی کہ سرحد کابل پر یورش کر کے خود کو دائرۂ انفعال سے نکالے۔

نذر محمد خاں، اسکا اتالیق اور مخصوص و معتمد لوگ اس جرأت و بیباکی کے روادار نہ ہوئے، بہت اصرار و مبالغہ کے بعد یلنگتوش نے ایک گونہ رضامندی حاصل کی، اب اس مفسد نے ازبک، المانجی اور ہر طبقہ کے جتنے لوگ مل سکے فراہم کر کے ان حدود کا رخ کیا۔ خانہ زاد خاں بھی امرائے سرحد اور ان لوگوں کو جو تھانوں پر متعین تھے جمع کر کے اسباب جنگ کی تیاری میں مشغول ہوا۔

جاں نثار خدام اور بہادر فداکار سب یکدل و یکرو ہو کر رزم طلب ہوئے، اور موضع سرک درہ میں جو غزنین سے دو کوس ہے لشکر آراستہ کیا۔ وہاں سے فوجیں ترتیب دیکر زرہیں پہنے مقابلہ کو بڑھے، خانہ زاد خاں

منصبداروں اور اپنے باپ کے ملازموں کی ایک جماعت کے ساتھ غول میں قدم جما کر کھڑا ہوا۔ مبارز خاں افغان، امیر امیے سکھدلن، سید حاجی اور دوسری بہادر فوج ہراول کے پیش قدموں میں قرار پائے، اسی طرح فوج پٹین و بیسار یس و پیش شائستہ طریقہ پر ترتیب دیکر بتائید الہٰی مقابلہ میں مصروف ہوئے۔

چونکہ ذکر ہوا کرتا تھا کہ اوزبکوں کی فوج تین کوس کے اندر غزنین میں لشکر جمائے ہے اس لئے دولتخواہوں کو خیال ہوتا تھا کہ شاید دوسرے روز فریقین کے مقابلہ کی نوبت آئے۔ قضارا موضع شیر سے تین کوس چلنے پر اوزبکوں کے قراول نظر آئے اور لشکر منصور کے قراولوں نے مردانگی کے ساتھ قدم بڑھا کر جنگ شروع کی شاہی توپ خانہ اور کوہ شکوہ ہاتھی آہستہ آہستہ بان پھینکتے اور توپیں چلاتے رہے اتفاقاً ملنگتوش رات کو آکر ایک پشتہ کے پیچھے ایک عمیق جگہ پر کھڑا اس قصد میں تھا کہ جب لشکر شاہی تھک کر راستہ سے گزرے تو کمین گاہ سے نکل کر حملہ کرے۔ مبارز خاں نے جو فوج ہراول کا سردار تھا غنیم کو دیکھکر ایک دستہ قراولوں کی کمک کے لئے بھیجا ان لوگوں نے بھی ملنگتوش کے پاس آدمی بھیجکر لشکر اور افواج قاہرہ کی آمد سے مطلع کیا۔ لشکر گاہ سے ایک کوس پر غنیم کی فوج نظر آئی۔

اس مردود بارگاہ نے اپنے آدمیوں کو دو فوجوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ اسکی ایک فوج لشکر منصور کے ہراول سے مقابل ہوئی دوسری فوج وہ خود ایک گولی کے پٹہ کے فاصلے پر لئے کھڑا رہا، چونکہ مخالف کی فوج تعداد کے اعتبار سے بہادران فوج ہراول سے زیادہ تھی۔ اس لئے بہادر خاں اپنے غول کی فوج تیزی سے بڑھاتا ہوا لیکا، پہلے بان اور بندوق سے بہت کام لیا گیا، اس کے بعد جنگی ہاتھی دوڑا کر نبرد آزمائی ہوئی۔ عین اس وقت جب کہ لڑائی پوری سختی کے ساتھ جاری تھی ملنگتوش کمک کو پہونچا مگر مخالفوں کے حوصلے پست ہو چکے تھے، اس کی امداد سے کچھ نتیجہ نہ نکلا بہادران لشکر قید و قتل اور تاخت و تاراج میں حیرت انگیز قوت کا ثبوت دے رہے تھے اور نہایت سرگرمی سے سربازی میں مصروف تھے کہ اتنے میں فوج غنیم کے قدم اکھڑے اور ساری فوج دیکھتے دیکھتے بھاگ اٹھی، غلامان بارگاہ نے ان بدبختوں کا قلعۂ جاد تک تعاقب کیا جو میدان جنگ سے چھ کوس کے فاصلہ پر تھا اور مار کے بھگا تے

تقریباً چھ سو آدمی موت کے گھاٹ اتار دئے۔ ہزار راس گھوڑے اور بہت سی زرہیں جو وزن کی وجہ سے راستہ میں پھینکدی تھیں سیاہ منصور کے ہاتھ آئیں اور ایسی فتح حاصل ہوی جو قدیم فتح ناموں کا عنوان بنائی جانیکے قابل ہے (ییلنگتوش اصل میں الوس المان قوم کا اوزبک ہے، اس کا نام حستی تھا ترک یلنگ برہنہ کو کہتے ہیں اور توش سینہ کو، ایک جنگ میں سینہ کھلے لڑائی میں مصروف تھا، اس دن سے عوام کی زبانوں میں یلنگتوش مشہور ہوا، نذر محمد خاں حاکم بلخ کا نوکر ہے یہ لوگ ہمیشہ سرحد خراسان میں غزنیں اور قندھار کے درمیان گزر کرتے ہیں، تنخواہ دار نوکر کم رکھتے ہیں تاخت و تاراج پر مدار زندگی ہے یہی حالت اس کی ہے لوٹ مار اور قزاقی میں بہت مشہور ہے، جب دوبارہ سرحد خراسان پر گیا تو دارائے ایران کا سرحدی علاقہ لوٹ لیا، میر سرحد کمزوری کی وجہ سے ان حدود کی رعایا اور باشندوں کو اس کے فتنہ سے نہ بچا سکا، اور شاہ ایران نے اس کے ہاتھوں ایسا نقصان اٹھایا کہ مدت عمر میں کبھی نہ اٹھایا ہوگا)

جن لوگوں سے جنگ میں خدمات شائستہ ظاہر ہوئی تھیں ان میں سے ہر ایک اپنی استعداد و حالت کے لحاظ سے اضافۂ منصب و عنایات پادشاہی سے بہرہ مند ہوا۔ اسی دوران میں فاضل خاں بخشی لشکر دکن کی عرضداشت سے معلوم ہوا کہ جب ملا محمد لاہوری برہانپور گیا اور اولیائے دولت صوبۂ دکن کے ضبط و نسق سے مطمئن ہوے تو شاہزادہ نے مہابت خاں اور دوسرے امرا کے ساتھ ملک بہار و بنگالہ کی جانب کوچ کیا چونکہ خاطر اقدس خان خاناں کی نیرنگ سازی و فتنہ پردازی سے پریشان تھی اور اس کا بیٹا داراب شاہزادۂ والا شکوہ (شاہجہاں) کی خدمت میں تھا اس لئے خیر سگالوں کی صلاح و صوابدید سے اسکو نظر بند رکھا اور ارشاد ہوا کہ شاہزادہ کے دولتخانہ سے متصل ایک خیمہ اس کے لئے استادہ کیا جائے، اسکی بیٹی جانہ بیگم جو شاہزادۂ دانیال کے نکاح میں تھی اور اپنے باپ کی شاگرد رشید، باپ کے ساتھ رہنے لگی، اور چند معتمد لوگ اس خیمہ کی نگرانی کے لئے مقرر کئے گئے۔

خان خاناں کو قید کرنے کے بعد اس کے غلام فہیم کو جو اس کا خاص اور معتبر آدمی تھا اور کار آگاہی کے ساتھ بہادر بھی تھا قید کرنا چاہا۔ اس نے آپ کو

یونہی حوالہ نہ کیا اور ہمت کر کے بیٹے اور چند نوکروں کے ساتھ غیرت و مردمی پر جان فدا کر دی۔

غرۂ شہریور کو ویرناگ میں جو دریائے بھٹ کا سرچشمہ ہے اور نزہت سرائے کشمیر کی جانفزا سیرگاہوں میں مشہور ہے مہابت خاں کی عرضداشت پہونچی کہ چونکہ لشکر شاہجہاں کے سرداروں نے دریائے گنگ کے راستوں کو مضبوط کر کے کشتیاں اپنے قبضہ میں کرلیں تھیں اس لئے چند روز لشکر عبور نہ کر سکا۔ بعد ازاں زمینداروں نے بخت و دولت کی رہنمائی سے تیس کشتیاں مہیا کر کے چالیس کوس دریا کے کنارے عبور لشکر کی غرض سے طے کر کے رہبری کی اور عساکر منصور خدا کی حفاظت میں دریا سے گزر گئے۔

## "نہضت رایات گرامی طرف"

## "دارالسلطنت لاہور"

۵ شہریور کو جلوس شاہنشاہی سمت لاہور روانہ ہوا، اس وقت گجرات کے خبر رسانوں کی عرضی سے اطلاع ملی کہ خان اعظم میرزا کوکہ نے گجرات میں اجل طبعی سے انتقال کیا۔

خان اعظم کا نام عزیز میرزا محمد ہے، حضرت عرش آشیانی کا کوکہ تھا، جہاں پناہ اس کو اپنے تمام رضاعی بھائیوں میں زیادہ عزیز و قابل عزت خیال کرتے تھے اور بات چیت میں کبھی عزیز، کبھی میرزا کوکہ اور احیاناً خان اعظم کہکر خطاب فرماتے تھے۔ بچپن اور لڑکپن سے جہاں پناہ کی خدمت میں گستاخ تھا، چونکہ اس کی والدۂ ماجدہ جیجی انگہ کو نسبت قوی حاصل تھی اور والدۂ حقیقی سے زیادہ اس کی مراعات خاطر ملحوظ تھی اس لئے ہمیشہ اس کی گستاخیوں کو حسن ادب سے نظر انداز فرما دیتے تھے، جیجی انگہ کی رعایت خاطر ہی سے سلطنت آبد قرین میں کوئی بیس شخص اس کی قوم، اولاد، اعمام و خاندان کے مرتبہ امارت پر پہونچکر صاحب علم و نقارہ ہوئے ہونگے۔

مشارٌ الیہ تیزی فہم، سلامت بیان، چرب زبانی اور تاریخ دانی میں اپنے زمانہ کا یکتا تھا، نہایت مضبوط طبیعت پائی تھی، خط نستعلیق بہت اچھا لکھتا تھا، میرزا باقر پسر ملا میر علی کا شاگرد ہے، اس پر ارباب استعداد کا اتفاق ہے کہ اسکا قلم مشہور استادوں کے خط سے کسی طرح کم نہ تھا، دعا نویسی میں ید طولیٰ رکھتا تھا لیکن عربی سے ناآشنا تھا۔ اس کا قول تھا کہ میں عربی میں ایک غریب دیہاتی کی مثال رکھتا ہوں۔

وہ کہا کرتا تھا کہ ایک شخص نے ایک بات کہی میں نے اس کو سچ جانا جب اس بات میں مبالغہ کیا تو مجھے شک ہوا اور جب قسم کھائی تو میں سمجھ گیا کہ جھوٹ بولتا ہے۔

وہ لطیفہ گوئی میں ماہر تھا، اس کا ایک لطیفہ ہے کہ دولتمند مردوں کو چار بیویاں کرنا لازم ہیں، ایک عراقی، دوسری خراسانی، تیسری ہندوستانی، چوتھی ماوراءالنہری عراقی مصاحبت و ہمزبانی کے لئے، خراسانی انتظام خانہ داری کے لئے، ہندوستانی تعلقات زناشوئی کے لئے اور ماوراءالنہری کوڑے مارنے کے لئے تاکہ جب ان میں سے کوئی کسی تقصیر کی مرتکب ہو تو ماوراءالنہری عورت کو تازیانہ کی سزا دیجائے تاکہ دوسری بیویاں عبرت کریں۔

خان اعظم بے نظیر مصاحب تھا، لیکن خباثت و نفاق میں سرآمد زمانہ تھا، درشت گفتار کج کردار، درشت گو، اور زشت خو تھا۔ ہمیشہ اس تلاش میں رہتا تھا کہ کوئی بات کرنے والا ملے تو کسی عالم کی برائی کرے اور بدترین طریقہ پر لوگوں کی غیبت و بدگوئی میں حصہ لے۔ حضرت عرش آشیانی کی نسبت بہت گستاخیاں کرتا تھا، جہاں پناہ اپنی فطری خوئے کرم و مراحم جبلی سے درگزر کر دیتے تھے اور اس کی والدہ کے حقوق خدمت پر لحاظ فرما کر ہمیشہ فرمایا کرتے تھے میرے اور عزیز میرزا کے درمیان جوئے شیر حائل ہے جس سے میں تجاوز نہیں کر سکتا۔

خان اعظم جس زمانہ میں بغیر جہاں پناہ کی اجازت کے گجرات سے کشتی پر بیٹھکر خانہ کعبہ کی زیارت کو روانہ ہوا، تو باوجود اس کے کہ بڑی بڑی رقمیں سفر حجاز میں صرف کر چکا تھا تاہم اپنی عزت و ناموس کے خیال سے وہاں کے شرفا و امرا کے ساتھ مقدور سے زیادہ تواضع و تکلف سے پیش آیا اور طرح طرح کی سبکی و خواری اٹھاکر پھر درگاہ والا میں حاضر ہوا۔ جہاں پناہ نے ذرا بھی گرانی خاطر کا اظہار نہ کیا اور

ایسی عنایتوں سے سرفراز فرمایا جو بالکل اس کی امیدوں کے خلاف تھیں۔
(داور بخش کو حضور میں طلب کر کے خان جہاں کو گجرات کی صاحب صوبگی پر مامور فرمایا اور حکم ہوا کہ اکبر آباد سے احمد آباد جا کر وہاں کی حفاظت کرے۔)

اس تاریخ خبر آئی کہ بنگالہ کے زمینداروں میں سے جو لوگ شاہجہاں کی خدمت میں آ گئے تھے وہ سب نواڑہ (جنگی کشتیاں) مع اس کے لوازم توپ و تفنگ وغیرہ ہمراہ لیکر بنگالہ کی طرف بھاگ گئے۔ اب شاہجہاں کنیت کے جنگل میں جس کے چاروں طرف مار عدال و دریائے عظیم پیوستہ ؟ ایک مٹی کی حصار بنا کر توپ و تفنگ سے استحکام کرنے کے بعد مطمئن بیٹھے ہیں لیکن وہاں غلہ کی رسد کمتر پہونچتی ہے اور آذوقہ کی طرف سے انکے لشکر میں کسی قدر عسرت کا سامنا ہے، دیکھئے اس کے بعد کیا ہو۔

اسی زمانہ کے قریب طہماسب قراون نے شاہزادہ پرویز کی خدمت سے ڈاک چوکی پر آکر گزارش کی کہ ہمنے شاہجہاں سے جنگ کر کے فتح پائی اور وہ شکست کھا کر پٹنہ اور بہار کی طرف گئے ہیں۔"

اس جنگ کی تفصیل یہ ہے کہ چند روز طرفین کے لشکر ایک دوسرے کے مقابلہ میں صف آرا رہے، باوجود اس کے کہ لشکر شاہنشاہی قریب چالیس ہزار سوار کے موجود تھا اور لشکر شاہی میں قدیم و جدید نوکروں میں دس ہزار سوار سے زیادہ نہ تھے، اور ان کے اکثر خیر خواہ جنگ کی صلاح نہ دیتے تھے اسب کی رائے کے خلاف راجہ بھیم پسر رانا نے جہالت سے اسقدر مبالغہ و اصرار سے کام لیا کہ "بغیر جنگ کے میری ہمراہی متصور نہیں اور یہ اس قسم کی آمد و رفت آئین راجپوتی کے منافی ہے وغیرہ" ناگزیر شاہ عالی قدر نے اس کی رعایت خاطر سب پر مقدم رکھکر باوجود عدم استعداد و کمزوری لشکر جنگ کا فیصلہ کیا۔ دونوں فریق لشکر آراستہ کر کے مقابلہ میں آ گئے، پہلے توپ خانہ حصار سے نکلکر نہایت تیزی سے حملہ آور ہوا افواج شاہنشاہی نے تین طرف سے میدان کو گھیر ا اولوں کی طرح تیر و تفنگ کی بارش شروع کر دی، راجہ بھیم دشمنوں کی کثرت کا اعتبار نہ کر کے راجپوتوں کی فوج کے ساتھ توسن ہمت کو مہمیز کرتا ہوا بڑھا، اور خود کو شاہزادہ پرویز کی افواج تک پہونچا کہ شمشیر آبدار سے لڑنے لگا۔ جتا جوت نام ہاتھی جو افواج کے آگے تھا

تیر و تفنگ کے زخم کھا کر گر پڑا اس وقت وہ شیر بیشۂ ہمت و دلیری جاں نثار راجپوتوں کے ساتھ نہایت استقلال سے مردمی و شجاعت کا ثبوت دے رہا تھا، یہ حالت دیکھ کر جوانان چیدہ و سپاہیان جنگ دیدہ جو شاہزادہ اور مہابت خاں کے گرد و پیش کھڑے تھے ہر طرف سے ہجوم کر کے ٹوٹ پڑے اور اس یکتائے عرصۂ ہمت کو تیغ بیدریغ سے ہلاک کر ڈالا اس بہادر میں جب تک جان باقی رہی برابر لڑتا رہا آخر کو جان نثار کی۔

فوج کے دوسرے سردار کومک و مدد کی توفیق سے محروم رہے توپخانہ کے منتظم جو خلاف احتیاط آگے بڑھ گئے تھے توپیں چھوڑ کر بھاگ گئے اور توپ خانہ لشکر شاہنشاہی کے ہاتھ آیا۔ دریا افغان بھی تمام افغانوں کے ساتھ جنھوں نے بندگی اختیار کی تھی بغیر جنگ کئے بھاگ گیا، اب یہاں تک نوبت پہنچی کہ شاہنشاہی فوجیں حلقہ کی طرح سر سے سر ملائے امنڈ رہی تھیں، سوائے فیلان علم و نشان اور قورچیان خاصہ کے جو شاہ جواں بخت (شاہجہاں) کے پیچھے سوار تھے اور عبداللہ خاں کے جو دست راست کی جانب تھوڑے فاصلہ پر کھڑا تھا کوئی شخص نظر نہ آتا تھا۔

اس وقت اس شیر بیشۂ توکل (شاہجہاں) کے سواری کے گھوڑے کو ایک تیر لگا عبداللہ خاں نے باگ پکڑ کر نہایت تاکید و عاجزی کے ساتھ میدان کارزار سے نکالا چونکہ گھوڑے کے زخم سخت لگا تھا، اس لئے اپنی سواری کا گھوڑا لیکر بڑی منت کے بعد اس پر سوار کیا۔ غرض موکب شاہی رزمگاہ سے قلعۂ رہتاس روانہ ہوا۔ چونکہ اس چند روز میں شاہزادہ مراد بخش کی ولادت ہوئی تھی اور نقل و حرکت دشوار تھی اس لئے انکو حمایت ایزدی میں دیگر خدمت پرست خاں اور کوتوال خاں کو چند قابل اعتماد خادموں کے ساتھ ان کی خدمت کے لئے چھوڑا اور دوسرے شہزادگان والا شوکت اور پرستاران حرم سرائے دولت کو ہمراہ لیکر نہایت سنجیدگی و وقار کیساتھ جانب پٹنہ و بہار روانہ ہو گئے۔

اس وقت اہل دکن خصوصاً ملک عنبر کی کئی عرضیاں ان حدود پر توجہ فرمانے کے التماس میں پہونچیں۔ اب ملک دکن کے مجمل سوانح جو جہاں پناہ کی غیبت میں

رونما ہوئے عرض کئے جاتے ہیں۔

جب ملک عنبر ولایت قطب الملک کی سرحد میں پہونچا تو مقررہ رقم جو ہر سال خرچہ سپاہ کے لئے اس سے لیتا تھا اور ان دو برسوں میں وصول نہیں ہوئی تھی اس سے بازیافت کرکے پھر عہد وسوگند سے دل کو یہاں سے مطمئن کرنے کے بعد ولایت بیدر کی حدود میں پہونچا اور عادل خاں کے لوگوں پر جو اس ملک کی حفاظت پر مقرر تھے کمزور و بے سروسامان پاکر حملہ آور ہوا اور شہر بیدر کو تاراج کرکے وہاں سے فوج اور پوری تیاریوں کے ساتھ ملک بیجاپور پر یورش کی۔

چونکہ عادل خاں نے اکثر ہوشیار آدمیوں اور اپنے پسندیدہ سرداروں کو ملا محمد لاری کے ساتھ برہانپور بھیج دیا تھا اور اتنی جمعیت کہ اس کے رفع شر کو کافی ہو موجود نہ تھی اس لئے مصلحت وقت اپنی عزت و دولت کی حفاظت میں دیکھکر قلعہ بیجاپور میں قلعہ بند ہوگیا اور برج وفصیل وغیرہ قلعہ داری کے انتظام میں مشغول ہوکر ملا محمد لاری اور اس لشکر کی طلبی میں جو اپنے امرا کے ساتھ برہانپور بھیجا تھا آدمی بھیجا۔ اور صوبہ مذکور کے حاکموں کو کئی مرتبہ تاکید ومبالغہ کے ساتھ لکھا کہ میرے اخلاص و دولتخواہی کی حقیقت سب پر ظاہر ہے، میں خود کو منسوبان درگاہ میں سمجھتا ہوں۔ اس وقت جبکہ عنبر حق ناشناس میرے ساتھ ایسی گستاخی سے پیش آیا میں امید کرتا ہوں کہ تمام خیرخواہ اس صوبہ کے موجودہ سپاہ کے ساتھ کمک پر توجہ کریں تاکہ اس بیہودہ غلام سے راستہ صاف کرکے اس کی بدکرداری کی سزا دی جاسکے۔

جس زمانہ میں مہابت خاں شاہزادہ پرویز کے ساتھ الہ آباد کی طرف متوجہ ہوا سربلند رائے کو برہانپور پر حاکم کرکے حکم دیا کہ رائے موصوف تمام مہمات کلی وجزئی میں ملا محمد لاری کے مشورہ سے کام کرے۔ اور معاملات دکن کے انتظام میں انکی صلاح سے منحرف نہ ہو۔

جب ملا محمد بہت مصر ہوا، اور مبلغ تین لاکھ ہون جو بارہ لاکھ روپے کے برابر ہوتے ہیں بصیغہ مدد خرچ لشکر وہاں کے ارباب انتظام کو تقسیم ہو گئے، اور عادل خاں کے خطوط کومک کی طلبی میں مہابت خاں کے پاس پہونچے اور مہابت خاں نے بھی اس تجویز سے اتفاق کرکے متصدیان دکن کو لکھا کہ بے تامل و توقف ملا محمد لاری

کے ساتھ عادل خاں کی کومک کو روانہ ہوں، تو ناگزیر سربلند رائے چند لوگوں کے ساتھ برہانپور میں مقیم رہا اور لشکر خاں، میرزا منوچہر، خنجر خاں حاکم احمد نگر، جاں سپار (نثار) خاں حاکم بیر، رضوی خاں، ترکمان خاں، عقیدت خاں بخشی، اسد خاں، عزیز اللہ، جادو رائے اودا رام، اور تمام امرا اور منصبدار جو صوبہ دکن کے علاقوں پر تھے ملا محمد لاری اور عادل خاں کے سرداروں کے ساتھ عنبر کے استیصال کے قصد سے روانہ ہوئے،

جب عنبر کو اس حقیقت کا علم ہوا تو بندگان بادشاہی کے پاس عرضیاں بھیجیں کہ میں غلامان درگاہ سے ہوں اور سگان آستان کی نسبت مجھ سے کوئی گستاخی وبے ادبی ظاہر نہیں ہوئی، کس تقصیر اور کس گناہ میں میرے استیصال کے درپے ہیں اور عادل خاں کے کہنے اور ملا محمد لاری کی تحریک سے مجھ پر چڑھائی کا قصد ہے، میرے اور عادل خاں کے درمیان اس ملک پر جو سابق میں نظام الملک سے متعلق تھا اور اب وہ خلاف قرار داد عمل کر رہا ہے، جھگڑا ہے اگر وہ بندگان دولت میں سے ہے تو میں بھی غلاموں میں شامل ہوں، مجھے اس کے ساتھ اور اسے میرے ساتھ سلجھ لینے دیجئے جو کچھ مرضی الٰہی ہے ظاہر ہو رہیگی "

مگر امرا نے اس پر کوئی توجہ نہ کی، منزل بہ منزل کوچ کرتے آگے بڑھے ہر چند عنبر نے الحاح وزاری میں اضافہ کیا، انھوں نے تشدد زیادہ ظاہر کیا، مجبوراً بیرون بیجاپور سے اپنے ملک کی حدود میں پہونچا، جب فوجیں نزدیک آگئیں تو عنبر دفع الوقتی اور مدارا کرکے زمانہ گزارنے لگا اور دائیں بائیں چل پھر کے یہ کوشش کرتا رہا کہ جنگ کی نوبت نہ آئے، اور ملا محمد لاری امرائے بادشاہی کے ساتھ اسکے درپے ہوکر فرصت نہ دیتا تھا، وہ جتنی عاجزی و تواضع کرتا تھا ملا محمد لاری کمزوری پر محمول کرکے سختی بڑھاتا جاتا، جب کوئی صورت مفر نظر نہ آئی اور اضطرار و امنگیر ہوا تو جس دن بادشاہ کے آدمی غافل تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ وہ جنگ نہیں کرتا، لشکر کے کنارے آکر نمایاں ہوا، کچھ لوگ نکلے اور دست بروکے خطرہ سے بھاگ گئے، بعد ازاں عادل خاں کے آدمیوں سے عنبر کے آدمیوں کی جنگ ہوئی (احمد نگر سے پانچ کوس پر جنگ کا فیصلہ کرکے مقابلہ میں آیا -

وقت ضرورت چو نماند گریز   دست بگیرد سر شمشیر تیز

پہلے، عادل خاں کے آدمیوں سے عنبر کے آدمیوں کی جنگ ہوئی ملا محمد لاری جو عادل خاں کے لشکر کا سردار تھا، مارا گیا، اوس کے مرنے سے عادل خاں کی فوج درہم برہم ہو گئی، جادو رائے، اور اودارام بے لڑے فرار ہو گئے، غیرت الٰہی نے اپنا کام کیا، اور بدخصال دکنیوں کی شومی قسمت سے اس لشکر کو سخت شکست ہوئی۔

اخلاص خاں وغیرہ پچیس نفر عادل خاں کی فوج کے سردار جن پر اس کی دولت کا مدار تھا گرفتار ہوئے، ان میں سے عنبر نے فرہاد خاں کو جس کے خون کا عنبر تشنہ تھا، چشمۂ تیغ سے سیراب کیا اور دوسروں کو قید رکھا، بادشاہی سرداروں میں لشکر خاں، میرزا منوچہر اور عقیدت خاں گرفتار ہوئے، خنجر خاں فوراً احمد نگر پہونچکر قلعہ کے استحکام میں مشغول ہوا، جاں نثار خاں نے بھی پرگنہ بیڑ میں جاکر جو اس کی جاگیر میں تھا حصار بیڑ کو مضبوط کیا، بقیہ جو لوگ اس ورطۂ ہلاکت سے بچ گئے ان میں سے بعض احمد نگر پہونچے اور بعض برہانپور گئے۔

جب عنبر کی مراد پوری ہوئی اور جو بات اس کے خیال میں بھی نہ تھی اسکی تائید میں پیدا ہو گئی تو اسیروں کو مسلسل و محبوس دولت آباد بھیجا اور خود احمد نگر جاکر قلعہ کا محاصرہ کیا، لیکن ہرچند کوشش کی اور توپوں سے کام لیا کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی ناکام ایک فوج قلعہ کے گرد متعین کر کے خود جانب بیجاپور مراجعت کی۔

عادل خاں پھر قلعہ بند ہو گیا، عنبر نے اس کے تمام ملک کو مع حدود متعلقہ بادشاہی جو بالاگھاٹ میں تھیں قبضہ میں کر کے بہت سی فوج اکٹھا کر لی اور قلعہ شولاپور جس پر ہمیشہ نظام الملک اور عادل خاں میں نزاع رہتی تھی محاصرہ میں لیکر یاقوت خاں کو فوج کے ساتھ برہانپور بھیجا، اور توپ ملک میدان دولت آباد سے نکالکر گولا اندازی زور بازو اور اپنی قوت سے قلعۂ شولاپور فتح کر لیا۔

ان پریشان کن خبروں سے حضرت شاہنشاہی کی خاطر اقدس متردد ہوئی اسی دوران میں مہابت خاں کی التماس پر اس کے بیٹے خانہ زاد خاں کو مع فوج کے کابل سے طلب کر کے باپ کے پاس بھیجا اور صوبۂ کابل خواجہ ابوالحسن کو تفویض ہوا احسن اللہ خاں پسر خواجہ باپ کی نیابت میں کابل کی حکومت و حراست پر مقرر کیا گیا اور حکم ہوا کہ پانچ ہزار سوار خواجہ کو ضابطۂ دو اسپہ و سہ اسپہ کے مطابق دئے جائیں،

احسن اللہ منصب ہزار و پانصدی ذات ہشتصد سوار اور ظفر خانی خطاب سے سرفراز ہوا، خلعت با شمشیر و خنجر مرصع و فیل اور عنایت علم سے مزید عزت افزائی فرمائی گئی۔

اس وقت مہابت خاں کی عرضداشت ملاحظہ میں پیش ہوئی لکھا تھا کہ شاہجہاں پٹنہ اور بہار سے گزر کر ملک بنگالہ میں آگئے اور شاہزادہ پرویز عساکر منصورہ کے ساتھ ملک بہار پہونچے، اس کے بعد جو ہوگا، عرض کیا جائیگا۔

اوراق گذشتہ میں لکھا جاچکا ہے کہ شاہجہاں نے داراب خاں پسر خان خاناں کو قسم دیکر بنگالہ کی حکومت پر مقرر کرکے بنظر احتیاط اس کی بیوی کو اس کے ایک لڑکے اور ایک بھتیجے سمیت اپنے ہمراہ رکھ لیا، جنگ اور مراجعت کے بعد اس کی بیوی کو قلعۂ رہتاس میں چھوڑ کر داراب خاں کو لکھا کہ گڈھی میں خود کو خدمت میں پہونچائے داراب نے ناراستی و زشت خوئی سے صورت حال کو دوسری روشنی میں دیکھکر عرضی بھیجی کہ زمینداروں نے اتفاق کرکے مجھے محاصرہ میں لے لیا ہے اس لئے حضور میں نہیں پہونچ سکتا۔

جب شاہ گردوں رکاب (شاہ جہاں) داراب کے آنے سے مایوس ہوئے اور وہ لوگ ساتھ نہ رہے جن سے خاطر خواہ کام نکل سکتے ناچار خفگی سے داراب کے بیٹے کو عبد اللہ خاں کے حوالہ کرکے اکبر نگر روانہ ہوئے، اور کارخانجات کا ساز و سامان جو اکبر نگر میں چھوڑ دیا تھا ساتھ لیکر اسی راستہ سے جس سے دکن سے آئے تھے علم مراجعت بلند فرمایا۔

چونکہ داراب خاں نے ایسی ناپسندیدہ حرکت سے ہمیشہ کے لئے خود کو مطعون و مردود بنا لیا تھا اس لئے عبد اللہ نے اس کے جوان بیٹے کو قتل کرکے دل کا بوجھ ہلکا کیا، اور ہرچند شاہ حقیقت آگاہ نے آدمی بھیجکر منع فرمایا باز نہ آیا۔

شاہزادہ پرویز نے صوبۂ بنگالہ مہابت خاں اور اس کے بیٹے کی جاگیر میں دیکر عنان معاودت پھیری، زمینداران بنگالہ (جن کے پاس داراب خاں نظر بند تھا) کے نام احکام صادر ہوئے کہ خبردار اس سے دست تعرض کوتاہ کرکے روانہ ملازمت کریں۔ وہ ان احکام کے بعد بہت جلد شاہزادہ کی خدمت میں حاضر ہوا،

جب داراب کے آنے کی خبر حضرت شاہنشاہی کو ہوئی تو فرمان ہوا کہ اس بے سعادت کے زندہ رکھنے میں کیا مصلحت ہے، چاہیئے کہ وہاں پہونچتے ہی اس گمراہ کا سر کاٹ کے درگاہ عدالت پناہ میں روانہ کریں۔ غرض مہابت خاں نے حکم کے مطابق اس کا سر تن سے جدا کر کے ارسال دربار کیا،

چونکہ صوبۂ دکن میں سخت شورش پیدا ہوگئی تھی اور اعیان لشکر میں سے ایک گروہ اسیر پنجۂ ہمت ہو کر قلعۂ دولت آباد میں محبوس تھا اور شاہ جہاں کا موکب جلال بنگالہ سے ملک دکن کی طرف روانہ ہو چکا تھا۔ مجبوراً مخلص خاں کو بعجلت شاہزادہ پرویز کے پاس بھیجا گیا کہ سزاولی کر کے انکو امرائے عظام کے ساتھ صوبۂ دکن روانہ کریں،

اسی زمانہ میں قاسم خاں مقرب خاں کے معزولی کی وجہ سے دارالخلافت آگرہ کی حکومت پر ممتاز ہوا، اسی تاریخ کو برہانپور سے اسد خاں بخشی لشکر دکن کی عرضداشت آئی کہ یاقوت حبشی دس ہزار سوار کے ساتھ ملکاپور پہونچا ہے جو شہر سے بیس کوس پر ہے اور سربلند رائے شہر سے نکلکر اس ارادہ میں ہے کہ جنگ کرے۔ اس بنا پر نہایت تاکید کے ساتھ فرمان صادر ہوا کہ کمک اور مدد پہونچنے تک ہرگز جسارت نکرے اور برج و فصیل مستحکم کر کے شہر میں قلعہ بند ہو کر بیٹھے۔

## موکب مسعود کا کشمیر کی طرف متوجہ ہونا

## اور بیسویں سال جلوس کا آغاز

آٹھ اسفندار ماہ الہٰی کو گلزار کشمیر کی سیر کے لئے موکب مسعود نے کوچ فرمایا۔ شنبہ کے دن دس جمادی الثانی ۱۰۳۴ھ کو آفتاب برج حمل میں آیا اور جلوس کا بیسواں سال برکت و سعادت کے ساتھ شروع ہوا،

دامن کوہ بھنبر میں بتقریب تفریح ایکسو اکیاون پہاڑی مینڈھے بندوق اور تیر سے شکار ہوئے۔ منزل چنگس ہتی پر جشن نوروز منایا۔ بھنبر سے اس منزل تک بڑے بڑے ارغواں زاروں کی سیر فرمائی۔

چونکہ اس موسم میں پیرپنجال کے کوہ و در برف سے مالامال ہوتے ہیں اور راستے

سواروں کا عبور دشوار بلکہ محال ہوتا ہے اس لئے لوبخ کی گھاٹی سے کوچ ہوا (اس تالاب میں ایک عجیب پھول نظر آیا، جو اب تک نہ دیکھا گیا تھا، بے تکلف نہایت شاندار تین رنگ کا پھول ہے، ایک سرخ آتشین گل انار کی طرح بعض گل شفتالو کے رنگ کا بعض ابلق سیر و نیم سیر دور سے گل گڈہل کی طرح جو ہندوستان میں ہوتا ہے، لیکن گل گڈہل سے بڑا ہوتا ہے اور اب معلوم ہوتا ہے جیسے خطمی کے پست و بلند پھولوں کا ایک جگہ گلدستہ بنا کر رکھدیا ہے خوش رنگی اور نظر فریبی میں بے نظیر پھول ہے، اس کا درخت توت اور امرود کے برابر بڑا اور پتہ درخت بید مشک کے پتہ کے مشابہ ہوتا ہے، لیکن برگ بید مشک میں تیز نوک ہوتی ہے اور اس کا پتہ سرے کی طرف سے چوڑا ہوتا ہے اور گرانی میں بھی بید مشک کے برابر ہوتا ہے، اس کا پھول اتنا بڑا ہوتا ہے کہ دونوں ہاتھوں میں نہیں سماتا، اس کا درخت پر گل ہوتا ہے اور سر سے پاؤں تک گھیر لیتا ہے، اس کو اہل کشمیر کریش اور ریکلی و دہمتور کے آدمی بوہ بہلول کہتے ہیں اور یہ صرف انھیں پہاڑوں پر ہوتا ہے جہاں سات آٹھ دن سے زیادہ برف نہ ٹھہرے اور جلد دور ہو جائے ۔

اس کوہستان میں ناریخ بھی ہوتا ہے، دو سال اور تین سال درخت پر بار رہتا ہے میر نصر اللہ عرب اس سرزمین کے جاگیر دار سے سنا گیا کہ تقریباً ایک ہزار ناریخ ایک درخت میں ہوتے ہیں ۔

جمعہ کی اونتیس تاریخ کو نور آباد کی منزل میں جو دریائے بھٹ کے ساحل پر واقع ہے اترنے کا اتفاق ہوا بھنبر کے تالاب سے کشمیر تک جس طرح پیر پنجال کے راستہ میں منزل بہ منزل مکانات اور سیر گاہیں بنائی ہیں اس راستہ میں بھی بنی ہیں اور خیمہ و تمام اسباب فراشخانہ کی کوئی حاجت نہیں پڑتی ۔ ان چند منزلوں میں اردوئے جہانگیری برف و باراں اور شدت سرما کی وجہ سے دشوار گزار گھاٹیوں سے بمشکل پار ہوا، اثنائے راہ میں ایک نہایت خوشنما آبشار نظر آیا۔ جس کو ایک حیثیت سے کشمیر کے اکثر آبشاروں سے بہتر کہہ سکتے ہیں، اس کی بلندی پچاس گز اور عرض چار ہاتھ ہوگا، عمارات کے منصرموں نے اس کے برابر ایک بڑا چبوترہ بنا دیا تھا، حضرت شاہنشاہی یہاں تھوڑی دیر بیٹھے، چند پیالے نوشجان فرمائے

چشم و دل کو اس پانی کی سیر سے جلا دی۔ اور حکم دیا کہ ایک پتھر کی تختی پر تاریخ عبور لشکر ثبت کیجائے تاکہ یہ نقش دولت صفحۂ روزگار پر یادگار رہے۔

اس منزل پر لالہ جو غاسن، ارغوان، اور یاسمن کبود کشمیر سے لایا گیا، لوگوں نے عرض کی کہ سیر لالہ کا وقت رو بہ تنزل ہے اور تقریباً گزر چکا ہے، معلوم نہیں شہر میں داخل ہونے تک اتنا وقت رہتا ہے کہ اس کی سیر سے محظوظ ہو سکیں یا نہیں

روز یکشنبہ غرۂ اردی بہشت کو قصبۂ بارہ مولا جو کشمیر کے بڑے قصبوں میں ہے ورود شاہنشاہی سے رونق پذیر ہوا، شہر کے لوگوں میں اہل فضل ارباب سعادت، سوداگر، سازندے، قوال اور ہر طبقہ کے آدمی جوق جوق استقبال کیلئے حاضر ہو کر باریاب آستانۂ دولت ہوئے۔

ان دو منزلوں میں شگوفہ زاروں کی خوب سیر ہوئی، بارہ مولا سے بندگان حضرت اور تمام امرا کشتی پر بیٹھکر شہر تشریف لیگئے روز شنبہ اٹھارھویں تاریخ کو ساعت نیک میں کشمیر کی عمارات دلنشین سے گزر ہوا، اگرچہ نور منزل کے باغ میں جو دولتخانہ کے درمیان واقع ہے شگوفہ کی بہار آخر تھی لیکن یاسمن کبود کو دیکھکر دماغ منور و معطر ہو گیا بیرون شہر کے باغوں میں ہنوز شگوفہ کے اقسام دنیا کی رونق بڑھا رہے تھے ؎

باز ایں چہ جوانی و جمال ست جہاں را زیں حال کہ نوگشت زمیں را و زماں را

چونکہ متواتر معلوم ہوا اور کتب طبی خصوصاً ذخیرۂ خوارزمشاہی میں لکھا ہے کہ زعفران کھانے سے ہنسی آتی ہے، اگر کوئی شخص زیادہ کھالے تو اتنی ہنسی آتی ہے کہ ہلاکت کا خوف ہوتا ہے۔ حضرت شاہنشاہی نے ایک گردن زدنی چور کو زندان سے طلب کرکے اپنے حضور میں پاؤ بھر زعفران جس کے چالیس مثقال ہوتے ہیں کھلایا، اس کی حالت میں ذرا بھی تغیر نہ ہوا۔ دوسرے دن اس کی دگنی یعنی اسی مثقال کھلائی گئی، تبسم بھی نہ آیا ہنسی کا کیا ذکر اور مرنا کسے کہتے ہیں۔

غرۂ خورداد کو اسد خاں بخشی دکن کی عرضداشت سے اطلاع ملی کہ شاہ جہاں دیول گام پہونچے اور یاقوت حبشی نے عنبر کے لشکر کے ساتھ برہانپور کا محاصرہ کر لیا ہے، سر بلند رائے غیرت و حمیت قائم رکھکے لوازم قلعہ داری میں مشغول ہے، محاصرہ کرنے والے ہمیشہ باہر سے لڑتے ہیں مگر کچھ کر نہیں سکتے۔

چند روز کے بعد خبر آئی کہ شاہ جہاں والا قدر نے لعل باغ کے صحن میں بارگاہ اقبال نصب کی، جو کام کے جوان، ان کی خدمت میں تھے کئی بار قلعہ پر حملہ آور ہوئے مگر کچھ نہ کر سکے۔ اس اثنا میں شاہ والا قدر سخت علیل ہو گئے اور بیرون برہانپور کوچ کر کے بالاگھاٹ رد ہن گڑھ روانہ ہوئے، عنبر کے آدمی بھی حصار برہانپور سے ناکام ہو کر عنبر کے پاس گئے۔

جب یہ خبر حضرت شاہنشاہی کو ہوئی تو سربلند رائے کو بے شمار عنایات و مراحم سے سرفرازی بخشی، پنجہزاری ذات و سوار کا منصب اور رامراج خطاب جس سے بڑا کوئی خطاب ملک دکن میں نہیں ہوتا عطا کیا۔

اس تاریخ کو دست غیب عرب جو طہمورث ( ؟ ) پسر شاہزادہ دانیال اور عبدالرحیم خان خاناں کو طلب کرنے شاہزادۂ پرویز کے پاس گیا تھا ان لوگوں کو لا کر زمیں بوس ہوا اس کو عواطف روز افزوں سے مخصوص کر کے مظفر خاں میر بخشی کو حکم دیا کہ اس کے حالات سے خبردار رہ کر اس کی ضروریات سرکار خاصہ سے پوری کرتا رہے اس کے بعد عبدالرحیم خان خاناں نے سعادت سجود سے جبین خدمت نورانی کی اور بہت دیر تک شرم سے پیشانی زمین سے نہ اٹھائی جہاں پناہ نے اس کی تسلی و دلنوازی کے لئے فرمایا کہ اس مدت میں جو کچھ ظاہر ہوا قضا و قدر کے اثر سے ہوا۔ نہ ہمارے اور تمہارے اختیار سے۔ باوجود اتنی نافرمانیوں اور خطاؤں کے جو اس سے صادر ہوئیں ان تنبیہوں اور عذابوں کے خیال سے جو اس نے نافرمانیوں کے مقابل اٹھائی تھیں حضرت شاہنشاہی نے حضار دربار سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں خود کو اس سے زیادہ شرمندہ پاتا ہوں۔

کرم بین و لطف خداوندگار گنہ بندہ کردست و او شرمسار

پھر ارشاد ہوا کہ بخشی اس کو آگے لا کر مناسب جگہ بٹھائیں۔

اس سے پہلے فدائی خاں کو شاہزادۂ پرویز کے پاس بھیجا تھا کہ مہابت خاں کو ان کی خدمت سے جدا کر کے جانب بنگالہ روانہ کرے اور خان جہاں گجرات سے آکر شاہزادہ کی نیابت میں فخر امتیاز حاصل کرے۔ اس زمانہ میں فدائی خاں کی عرضداشت پہونچی لکھا تھا کہ سارنگپور میں بھی شاہزادہ کی خدمت میں حاضر ہو کر

احکام شاہنشاہی عرض کر دئے گئے، شاہزادے مہابت خاں کی جدائی اور خان جہاں کی ہمراہی پر راضی نہیں ہیں۔ ہر چند میں نے اس باب میں مبالغہ اور تاکید کیساتھ گزارش کی کوئی نتیجہ نہ ہوا، چونکہ اس لشکر میں میرا رہنا بے فائدہ تھا اس لئے سارنگپور میں توقف کرکے خان جہاں کی طلب میں تیز رو قاصد بھیجے کہ بہت جلد ان حدود کی طرف توجہ کرے۔

الحاصل جب فدائی خاں کی عرضی سے حقیقت حال معلوم ہوئی تو پھر تاکید کے ساتھ شاہزادہ کے نام فرمان صادر ہوا کہ جو کچھ حکم ہوا ہے ہرگز اس کے خلاف دل میں نہ لاؤ اور اگر مہابت خاں بنگالہ جانے پر راضی نہ ہو تو تنہا حاضر دردولت ہو اور تم تمام امرا کے ساتھ برہانپور میں توقف کرو۔

## کشمیر سے لاہور کی جانب بندگان شاہنشاہی کی مراجعت

اُنیس محرم ۱۰۳۵ھ کو کشمیر سے لاہور کا قصد فرمایا، اس سے قبل کئی بار سننے میں آیا تھا کہ کوہ پیر پنجال میں ایک جانور ہما کے نام سے مشہور ہے، اور اس سرزمین کے لوگ کہتے تھے کہ اس کی غذا ہڈی ہے ہمیشہ ہوا میں پرواز کرتا دیکھا گیا ہے، بیٹھا ہوا کم نظر آیا۔ چونکہ حضرت شاہنشاہی کی خاطر اشرف و اعلیٰ ان مقدمات کی تحقیق کا بہت لحاظ رکھتی ہے اس لئے حکم ہوا کہ قراولوں میں سے جو شخص بندوق مار کر حضور میں پیش کریگا، اس کو پانچسو روپیہ انعام دیا جائیگا، اتفاقاً جمال خاں قراول بندوق سے مار کر حضور اشرف میں لایا۔ چونکہ زخم اس کے پاؤں پر آیا تھا اس لئے زندہ و تندرست نظر آیا حکم دیا کہ چینہ دان ملاحظہ کریں تاکہ اسکی غذا معلوم ہو جب چینہ دان کو شگاف دیا تو اس کے پوٹے سے ہڈی کے ریزے نکلے، اس کوہستان کے آدمیوں نے عرض کی کہ اس کی خوراک کا مدار استخواں ریزوں پر ہے ہمیشہ ہوا پر اڑتا رہتا ہے، زمین پر نگاہ رکھتا ہے، جب کوئی ہڈی نظر آتی ہے اپنی چونچ میں لیکر بلند ہو جاتا ہے اور بلندی سے پتھر پر پھینکتا ہے تاکہ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائے، پھر چگ کر کھا لیتا ہے۔ اس صورت میں ظن غالب یہ ہے کہ مشہور پرندہ ہما یہی ہوگا۔ جیسا کہ کہا ہے۔

؎ ہمائے بر ہمہ مرغاں ازاں شرف دارد  کہ استخواں خورد و جانور نیازارد

جثہ و ترکیب میں عقاب سے مشابہ ہے، اس کی چونچ مرغ کے کیس کی طرح ہوتی ہے لیکن مرغ کے کیس میں پر نہیں ہوتے اس میں سیاہ چمکدار پر ہوتے ہیں حضور میں وزن کیا گیا تو چار سو پندرہ تولہ نکلا جس کے ایک ہزار ساڑھے ستیتیس مثقال ہوتے ہیں

(ان ایام میں سردار خاں برادر عبداللہ خاں نے وفات پائی -)

شنبہ کی مبارک رات کو بتاریخ تیئس آذر دولت خانۂ لاہور میں نزول اجلال کا اتفاق ہوا، ایک لاکھ روپیہ خان خاناں کو انعام میں مرحمت فرمایا - اس تاریخ آقا محمد ایلچی شاہ عباس زمیں بوسی کی دولت سے سربلند ہوا -

فدائی خاں کی عرضداشت سے معلوم ہوا کہ مہابت خاں شہزادہ کی خدمت سے رخصت ہو کر بنگالہ روانہ ہو گیا -

عجیب واقعہ یہ ہے کہ شہزادہ داور بخش نے ایک زرد شیر پیشکش کیا جو بکری سے مانوس ہو کر ایک پنجرہ میں رہتا ہے اور اس بکری کے ساتھ نہایت محبت اور دلچسپی ظاہر کرتا ہے اور جس طرح جانور جفت ہوتے ہیں اسی طرح بکری کو آغوش میں لیکر حرکت کرتا ہے، حکم ہوا کہ اس بکری کو اسکی نظر سے دور لیجا کر چھپا دیں اس پر فریاد و اضطراب ظاہر کیا پھر حسب ارشاد ایک دوسری بکری اسی رنگ اور وضع کی اس قفس میں داخل کی گئی - شیر نے پہلے اس کو سونگھا بعد ازاں اسکی کمر منھ سے پکڑ کے توڑ ڈالا، پھر ایک بھیڑ پنجرہ میں پہونچائی گئی اسکو بھی فوراً توڑ مروڑ کر کھا گیا، اس کے بعد پھر وہی بکری اس کے نزدیک لے گئے تو بدستور سابق الفت و مہربانی ظاہر کی، خود چت لیٹ گیا اور بکری کو اپنے سینہ پر بٹھا کر اس کا منہ چاٹنا شروع کیا - کسی پالو یا وحشی جانور کو اپنی جفت کا منھ چاٹتے نہیں دیکھا گیا -

اس زمانہ میں افضل خاں کو دیوانی صوبۂ دکن کی خدمت عطا کر کے ہزار و پانصدی ذات و ہزار و پانصد سوار کا منصب عنایت ہوا اور خلعت و اسپ و فیل بھی مرحمت فرمایا - اور اسی کے ساتھ اس صوبہ کے تئیس امرا کو خلعت بھیجا -

چونکہ مہابت خاں نے صوبۂ بنگالہ وغیرہ سے حاصل کئے ہوئے ہاتھی ابتک درگاہ والا میں نہ بھیجے تھے اور گراں قدر رقمیں سرکاری مطالبات کی اسکے ذمہ

نکلتی تھیں اور بندگان دولت کے محال جاگیر پر بھی تغیر و تبدل کے وقت متصرف ہوگیا تھا اس لئے حکم ہوا کہ وست غیب عرب مشار الیہ کے پاس جاکر جو ہاتھی اس کے پاس فراہم ہیں درگاہ والا میں لائے ۔ اور حسابی مطالبات بھی اس سے بازیافت کرے اگر اس کا جواب قرین عقل ثابت ہو تو وہ خود درگاہ میں آکر دیوانیان عظام سے حساب صاف کرلے ۔

اسی عرصہ میں فدائی خاں کی عرضی گزری کہ خان جہاں نے گجرات سے آکر شاہزادۂ پرویز کی ملازمت حاصل کی ۔ اسی مدت میں خان جہاں کی عرضداشت بھی آئی لکھا تھا کہ عبداللہ خاں شاہجہاں کی خدمت سے جدا ہوگیا ۔ اس نے اس فدوی کو اپنے جرائم کا شفیع بنا کر ایک تحریر مبنی بر اظہار ندامت و خجالت ارسال کی ہے جہاں پناہ کے کرم و بخشش کے بھروسہ پر بجنسہ اصل تحریر بھیجکر مراحم بیکراں سے امیدوار ہوں کہ اس کی خطائیں معاف فرمائی جائیں (اور اسے اس عطیۂ عظمٰی سے معاصرین میں سرفرازی و امتیاز کا موقع ملے) اس کے جواب میں فرمان ہوا "ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست اس کی التماس منظور ہوئی"

اس تاریخ کو طہمورث شہزادۂ دانیال کا بڑا بیٹا شاہجہاں کی خدمت سے علیحدہ ہوکر حاضر بارگاہ ہوا ' اس سے پہلے اس کا چھوٹا بھائی ہوشنگ زمیں بوسی کی دولت سے سعادت حاصل کرچکا تھا ' اس وقت وہ بھی قسمت کی رہنمائی سے آستان قدسی پر پہونچکر انواع مراحم و نوازش سے مخصوص ہوا ۔ مزید سرفرازی کیلئے دونوں کو نسبت خویشی میں تسلیم کرکے جس کو سلاطین چغتائی کی اصطلاح میں گورگاں کہتے ہیں خلعت مرحمت فرمایا ۔

اپنی بیٹی بہار بانو بیگم کی نسبت طہمورث سے اور سلطان خسرو کی بیٹی بانو بیگم کی نسبت ہوشنگ سے کردی ' اس وقت راقم اقبالنامہ معتمد خاں بخشی گری کی خدمت سے معزز و ممتاز ہوا ۔

## "نہضت ہمایوں سمت کابل"

بتاریخ ستر ہ اسفندار مطابق آٹھ جمادی الثانی سیر و شکار کے عزم سے

کابل کی طرف کوچ ہوا، چند روز بیرون شہر مقام فرماکر جمعہ کے دن ماہ مذکور کی تیئیس کو روانگی ہوئی۔ افتخار خاں پسر احمد بیگ خاں کابل سے صوبۂ بنگش سے احداد کا سر لاکر زمیں بوس ہوا، حضرت شاہنشاہی نے درگاہ بے نیاز میں سر نیاز جھکاکر اس تازہ نعمت عظمیٰ پر شکر کے سجدے ادا کرکے شادیانہ بجانے کا حکم دیا اور فرمان نافذ فرمایا کہ اس آشفتہ دماغ تباہ اندیش کا سر لاہور لیجاکر قلعہ کے دروازہ سے لٹکا دیا جائے۔

اس مجمل واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ جب ظفر خاں پسر خواجہ ابوالحسن کابل پہونچا تو سنا کہ یلنگ توش اوزبک شورش و فتنہ انگیزی کے ارادہ سے غزنین میں آگیا ہے مجبوراً اپنے صوبۂ متعینہ کے دوسرے عہدہ داروں کی شرکت سے لشکر فراہم کئے اور اس کی سرکوبی کے لئے روانہ ہوا، اس اثنا میں احداد قابو پاکر اس تباہ اندیش کے اشارہ سے تیراہ میں آکر رہزنی اور لوٹ مار کرنے لگا جو بدبخت مفسدوں کا شیوہ ہے، جب لشکر آنے کی خبر ملی تو یلنگ توس کی آنکھیں کھلیں اور اس ارادۂ باطل سے نادم ہوکر اپنے ایک عزیز کو اظہار ملایمت و چاپلوسی کے لئے ظفر خاں کے پاس بھیجا، اولیائے دولت اس طرف سے مطمئن ہوکر اسی تیاری اور فوج کے ساتھ گردوبر کے راستہ سے احداد پر چڑھائی کے لئے چلے، اس کو یلنگتوش کے واپس ہونے اور لشکر کے آنے کی اطلاع ہوئی تو گھبرا گیا اور مقابلہ کی تاب نہ لاکر اپنی قیامگاہ کوہ لواغر میں پناہ گیر ہوا۔

اس بدبخت نے کوہ لواغر کو روز بد کی پناہ سمجھکر درہ کے آگے ایک دیوار کھڑی کرلی تھی، اور آلات حرب سے استحکام دیکر ذخیرہ اور تمام اسباب قلعہ داری مہیا کرلئے تھے، تاہم اولیائے دولت اس کے استیصال پر ہمت کرکے بہت سا نشیب و فراز طے کرنے کے بعد درہ میں داخل ہوئے اور سب نے یکدل ہوکر چاروں طرف سے درہ کی تسخیر میں کوشش کی۔ کوئی پچاس روز سختی کے ساتھ محاصرہ کیا تھا کہ وہ عاجز ہوگیا اور شنبہ کے مبارک دن سات جمادی الاول کو فتح کے نقارہ سے پہاڑ گونج اٹھے صبح سے تین پہر دن تک آتش جنگ بھڑکتی رہی، فدائیان دولت بڑی شان سے لڑے خوب داد شجاعت دی، اس کے بعد وہ درہ مفتوح ہوا، اور احداد کا تمام

سازوسامان مع جائے پناہ بہادراں لشکر کے قبضہ میں آگیا۔
اس وقت ایک احدی شمشیر، گرز، انگشتر، اور ایک چھڑی جو غنیمت میں ملی تھی ظفرخاں کے پاس لایا جس سے یقین ہوا کہ یہ چیزیں اسی نافرمان کی ہیں مزید اطمینان کے لئے ظفرخاں احدی کو ساتھ لئے اس کی لاش پر گیا تو ظاہر ہوا کہ ایک گولی غیب سے لگی جس سے اس گنہگار کی روح واصل جہنم ہوئی۔ ہر چند منادی کی گئی کہ یہ گولی جسکے ہاتھ سے لگی ہو حاضر خدمت ہو، کوئی نہ آیا۔
الحاصل (اس مفسد کا سر سردار خاں کے ساتھ روانہ درگاہ کیا گیا)
ظفرخاں اور دوسرے شائستہ خدمت لوگ جنھوں نے کارہائے نمایاں انجام دیے تھے سب اپنی استعداد و قابلیت کے مطابق اضافۂ منصب و مراحم شاہی سے سرفراز ہوئے
(اس تاریخ مرزا ہندال کی بیٹی رقیہ سلطان بیگم منکوحہ حضرت عرش آشیانی کے آگرہ میں وفات پانے کی خبر آئی۔ جہاں پناہ کی بڑی بیوی یہی تھیں، چونکہ ان کے بطن سے اولاد نہ تھی جس زمانہ میں موتہ راجہ کی بیٹی کے پیٹ سے شاہجہاں پیدا ہوئے تو حضرت عرش آشیانی نے اس یکتائے گوہر خلافت کو بیگم کی تربیت میں دے دیا۔ اور وہ شاہزادہ والا گہر کی تربیت کی کفیل ہوئیں۔ ان کی وفات چوراسی برس کی عمر میں ہوئی)
نویں اسفندار مذکور دریائے چناب کا ساحل ورود موکب اقبال سے آراستہ ہوا

## سال بست و یکم جلوس

شب شنبہ بائیس [۲۲] جمادی الثانی ۱۰۳۵ھ کو ایک پہر گزرنے کے بعد آفتاب برج حمل میں آیا۔ جلوس مقدس کے اکیسویں سال کی برکتیں آغاز ہوئیں۔
آقا محمد ایلچی شاہ عباس کو رخصت عطا کر کے خلعت مع خنجر مرصع اور تیس ہزار روپیہ خرچ راہ کے لئے نقد مرحمت فرمایا۔ ایک خط شاہی محبت نامہ کے جواب میں لکھا گیا، اور گرز مرصع تمام الماس ایک لاکھ روپیہ قیمت کا کمر مرصع اور شمامۂ عنبر نفیس و نادر بطور تحفہ اس کے حوالہ کیا گیا۔ (تاکہ شاہ کی خدمت میں پہونچا دے م)
اوراق گذشتہ میں دست غیب عرب کا ہاتھی لانے کے لئے مہابت خاں

کے پاس بھیجا جانا تحریر ہو چکا ہے، اس کے ساتھ اس کے بلانے کا بھی ذکر تھا۔

اس زمانہ میں مہابت خاں نے پہلے ہاتھی بھیجدئے پھر خود حوالی اردو میں داخل ہوا اسکی طلبی آصف خاں کی تحریک اور کار پردازی سے ہوئی تھی اور ان کا مقصد یہ تھا کہ مہابت خاں کو ذلیل و بے عزت کرکے اس کے ناموس و مال و جان پر دست تعرض بڑھائیں اور یہ اہم ارادہ نہایت سہولت کے ساتھ پورا کرنا چاہا تھا۔ مہابت خاں برخلاف اس کے چار پانچ ہزار راجپوت مستعد و خونخوار اور ان میں سے اکثر کی اولاد بھی ساتھ لیکر آیا تھا کہ جب جان پر نوبت آئے اور ہر طرف سے مضطرب و مایوس ہو تو پاس عزت و ناموس کے لئے جہاں تک ممکن ہو ہاتھ پاؤں مار کر اپنے اہل و عیال کے ساتھ جان نثار کردے۔

؎ وقت ضرورت چو نماند گریز — دست بگیرد سر شمشیر تیز۔

باوجود اس کے آنے کی اس روش سے لوگوں میں نامناسب خلفشار پیدا ہو گیا تھا اور نواب آصف خاں نہایت غفلت و بے پروائی سے بسر کر رہے تھے جب اس کے آنے کی خبر حضرت اقدس کو ہوئی تو پہلے فرمان ہوا کہ جب تک مطالبات بادشاہی دیوان اعلیٰ کو بے باق نہ کردے اور اپنے مدعیوں کی مطابق انصاف تسلی نہ کردے کورنش و ملازمت کا راستہ بند ہے اور جو ہاتھی اس مدت میں فراہم کئے ہوں درگاہ والا میں حاضر کرے۔

مہابت خاں نے اپنی بیٹی برخوردار پسر خواجہ عمر نقشبندی کو بغیر حکم منسوب کرکے بڑی شورش کا اظہار کیا تھا اس لئے اُسکو حضور میں طلب کرکے خواری و بے عزتی کے ساتھ دست و گردن باندھ کر زندان بھیجنے کا حکم دیا اور ارشاد ہوا کہ اس کو جو کچھ مہابت خاں نے دیا ہو فدائی خاں اس سے واپس لیکر خزانۂ عامرہ میں پہونچا دے (اب تھوڑی دیر کے لئے مری بات پر کان لگائیے تاکہ جو مشاہدہ ہوا ہے تمسے بیان کروں۔ تاریخ کی اتنی کتابیں اخبار و آثار سے بھری پڑی ہیں اس سال سے (اس بیان کے سوا) بجلی کا حادثہ کسی زمانہ میں مذکور نہیں غرض) چونکہ قیام دریائے بہٹ کے کنارے واقع ہوا تھا۔ آصف خاں ایسے قوی بازو، جان پر کھیلے ہوئے فریبی و دغاباز دشمن کے ساتھ نہایت غفلت

کے عالم میں اپنے پیر و مرشد کو دریا کے کنارے پر چھوڑ کر خود عیال و اسباب و سامان اور خدم و حشم کے ساتھ پل کے راستے سے دریا کے دوسرے کنارے مقیم ہوا۔ اہلِ محلات عالی کے سامان خزانہ، توشہ خانہ وغیرہ حتیٰ کہ خدمتگار اور بندگان مقرب سب دریا سے عبور کر گئے۔

جب مہابت خاں حق ناشناس سب طرف سے نا امید ہوا تو اس کی دل میں[1]

[1] جب مہابت خاں نے جان لیا کہ اب ناموس اور جان پر آبنی تو مجبوراً اسوقت کہ بندگان درگاہ میں سے کوئی شخص جہاں پناہ کے گرد و پیش نہ تھا۔ چار پانچ ہزار راجپوتوں کے ساتھ جن سے قول و قرار کر چکا تھا اپنی قیامگاہ سے نکلکے پہلے پل پر پہونچا، قریب دو ہزار سوار وہاں متعین کئے کہ اگر کوئی آنے کا ارادہ کرے تو پل میں آگ لگا کر مقابلہ پر اڑے رہیں اور خود دولتخانہ کی طرف متوجہ ہوا، چونکہ راقم اقبالنامہ کو خدمت بخشیگری و میر توزکی دونوں تفویض تھیں اس لئے دریا سے عبور نہ کرکے رات پیش خانہ میں ٹھہر گیا تھا اور نماز و اوراد سے فارغ ہونے کے بعد مصاحب اور دوستوں کے ساتھ مختلف مقالات اور سرگذشتوں کے ذکر میں مصروف تھا۔ اس وقت ایک آواز کان میں آئی کہ مہابت خاں آتا ہے دل میں آئی کہ شاید حرم سرا جاتا ہوگا۔ اتنے میں معلوم ہوا کہ حرم سرا سے گزر کر درگاہ کے نزدیک پہونچ گیا، بات دل سے زبان تک اور زبان سے لب تک پہونچی تھی کہ پیشخانۂ فقیر کے دروازہ پر آکر حالات پوچھنے لگا، میں نے بھی اس کی آواز سن لی ناچار تلوار باندھ کر خیمہ سے نکلا۔ جب اس کی نگاہ مجھ پر پڑی تو میرا نام لیکر حضرت شاہنشاہی کی کیفیت حال دریافت کی، اس وقت دیکھا تو قریب سو راجپوت پیادہ برچھے اور سپر ہاتھ میں اسکے گھوڑے کو درمیان میں لئے چلے آتے ہیں، گرد و غبار کے مارے اس وقت لوگوں کے چہرے اچھی طرح پہچانے نہیں جاتے تھے۔ اب مہابت خاں دروازۂ کلاں کی طرف بڑھا اور میں سراپردہ کے برج سے دولتخانہ میں داخل ہوا۔ چند پاسبان وغیرہ دولتخانہ کے صحن میں نظر آئے اور تین چار خواجہ سرا غسلخانہ کے دروازہ کے آگے کھڑے ہوئے دیکھے گئے کہ اتنے میں مہابت خاں بدانجام سواری پر در دولت تک جاکر گھوڑے سے اترا، جس وقت پیادہ ہوکر غسلخانہ کی جانب لپکا قریب دو سو راجپوت اس کے ہمراہ تھے۔ میں نے سادہ دلی سے آگے بڑھکر کہا کہ یہ سب گستاخی اور بےباکی ادب سے دور ہے، اگر تھوڑی دیر توقف کرو تو فقیر جاکر اطلاع کردے

آئی کہ اس وقت جبکہ اکثر خدام پل سے عبور کرکے اس طرف جا چکے ہیں اور جہاں پناہ کے
آس پاس کوئی نہیں ہے اگر میں آستانۂ قدسی پر پہونچوں اور دولت خانہ کو گھیر کر
باریابی حاصل کروں تو ایسا کون ہے جو میرا سدراہ ہو اور جبکہ پانچ چھ ہزار سوار میری
خدمت میں ہیں تو کسکو میری مخالفت میں دم مارنے کا یارا ہے ادھر امراء اس منصوبہ
سے غافل حریف کی چال کو نظر میں نہ لاکر عیش میں مشغول تھے ۔

اور حقیقت یہ ہے کہ جو حرکت اس مردود سے ظاہر ہوئی کسی کو اسکا
ذرا گمان نہ تھا، نہ عقل کو اس کی تصدیق کی گنجایش تھی اگر سو میں سے ایک کو بھی
اس کا خیال ہوتا اور تھوڑی احتیاط کام میں لائی جاتی تو کس کی مجال تھی کہ ایسی
جرأت دبے باکی کا قدم آگے بڑھاتا۔ مختصر یہ کہ صبح کے وقت اپنی جمعیت کیساتھ
سوار ہوکر پہلے پل پر پہونچا اور قریب دو ہزار سوار راجپوت وغیرہ وہاں مقرر کئے
اور تاکید کی کہ کسی متنفس کو پل سے نہ گزرنے دیں ۔ اور اگر امرا عبور کے ارادہ سے
ہجوم کریں تو پل کو آگ دیکر مدافعت ومقابلہ کے لئے مضبوطی سے قائم رہیں، اور
خود دولت خانہ کا قصد کیا (اس وقت حضرت غسلخانہ میں استراحت فرما رہے تھے
عالم شور وغل سے بیدار ہوگئے اور معلوم ہوا کہ مہابت خاں درگاہ میں آگیا ۔ اس
اثنا میں وہ بدانجام مراتب عبودیت وبندگی کو نظر انداز کرکے گستاخانہ وبے باکانہ
دروازہ غسلخانہ وکلابی یار توڑتا چار پانچ سو راجپوتوں کے ساتھ اندر گھس آیا) مراسم
کورنش وزمیں بوسی ادا کئے اور پالکی کے گرد پھر کر عرض کی کہ جب مجھے یقین ہوگیا کہ
آصف خاں کی عداوت وکینہ پروری سے رہائی ممکن نہیں اور طرح طرح کی رسوائی و
ذلت سے مارا جاؤنگا اس لئے مضطربانہ جرأت ودلیری کرکے خود کو حضرت کی
پناہ میں لایا، اگر قتل وسیاست کا سزاوار ہوں تو حضور اشرف اپنے سیاست کا حکم دیں،

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷۷ - کچھ جواب نہ دیا جب غسلخانہ کے دروازہ پر پہونچا تو اس کے ملازموں نے
دروازہ کے کواڑ وسائبانوں نے احتیاط کی غرض سے بند کر دیئے تھے توڑ ڈالے اور دولت خانہ
کے صحن میں گھس آئے خادموں میں سے چند لوگ جو حضرت کے گرد وپیش سعادت حضور
سے مشرف تھے عرض ساباوں میں اس کی گستاخی کی اطلاع کرنے گئے ۔ جہاں پناہ خیمہ سے
نکلکر پالکی پر جو باہر بیٹھنے کے لئے تیار کی گئی تھی رونق افروز ہوئے ۔

اس وقت اس کے راجپوت سپاہی غول کے غول سراپردہ بادشاہی کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے تھے اور جہاں پناہ کی خدمت میں بجز دست غیب عرب جو انکا حامی تھا اور میر منصور بدخشی، جواہر خاں خواجہ سرا ناظر محل، فیروز خاں خدمت خاں خواجہ سرا، بلند خاں، خدمت پرست خاں، فصیح خاں مجلسی اور تین چار اور خاص لوگوں کے سوا کوئی نہ تھا۔

چونکہ اس سگ بیوفا نے مزاج اقدس منغض کر دیا تھا سخت برہم ہوکر دو مرتبہ قبضۂ شمشیر پر ہاتھ رکھکر چاہا کہ دنیا کو اس سگ ناپاک کے وجود سے پاک کردیں ہر مرتبہ میر منصور بدخشی نے ترکی میں عرض کی کہ حوصلہ آزمائی کا وقت ہے صلاح حال مدنظر رکھکر اس تیرہ بخت کی سزائے کردار ایزد داوگر کے حوالہ فرمائیں اس لئے ضبط فرمایا، تھوڑی دیر میں اس کے راجپوتوں نے دولت خانہ کو اندر باہر دونوں طرف سے خوب گھیر لیا یہانتک کہ اب سوائے اس کے نوکروں کے کوئی نظر نہ آتا تھا۔

اس وقت اس بدبخت نے گزارش کی کہ سواری وشکار کا وقت ہے، ضابطۂ مقررہ کے موافق سواری فرمائیں تاکہ یہ فداکار غلام خدمت میں رہے اور لوگوں پر ظاہر ہو کہ یہ جرأت و گستاخی حسب الحکم مجھ سے ظاہر ہوئی اور اپنا گھوڑا بڑھاکر نہایت عاجزی و مبالغہ سے عرض کی کہ اسی گھوڑے پر سوار ہوں، غیرت سلطنت نے اجازت نہ دی کہ اس کے گھوڑے پر سواری فرمائیں، اسی وقت حکم ہوا کہ سواری خاصہ کا گھوڑا حاضر کیا جائے اور لباس پہنے اور سواری کی تیاری کے لئے محل کے اندر جانا چاہا مگر وہ بدنصیب اس پر راضی نہ ہوا، القصہ تھوڑی دیر میں اسپ خاصہ حاضر ہوا اور جہاں پناہ سوار ہوکر دو تیر پرتاب کے فاصلہ پر دولت خانہ کے باہر تشریف لے گئے۔ بعد ازاں مہابت خاں حوضہ دار ہاتھی لیکر ملتمس ہوا کہ چونکہ شورش و اژدحام کا وقت ہے، اس لئے صلاح دولت اس میں ہے کہ ہاتھی پر بیٹھکر شکار گاہ کی طرف توجہ فرمائیں۔ جہاں پناہ بے تامل اسی ہاتھی پر سوار ہو گئے۔ اس نے اپنا ایک معتمد راجپوت ہاتھی کے آگے اور دو حوضہ میں پیچھے کرکے بٹھا دئے تھے۔ اس اثنا میں مقرب خاں بھی پہونچکر اس کی اجازت سے حوضہ کے اندر جہاں پناہ کے نزدیک بیٹھ گیا۔

بظاہر اس آشوب گاہ بے تمیزی میں مقرب خاں کی پیشانی پر قشقہ کی طرح ایک زخم آگیا تھا، بہت سا خون اس کے منہ اور سینہ پر بہا تھا، خدمت پرست خواص بھی جو مقررہ شراب اور پیالہ خاصہ ہاتھ پر رکھے تھا، ہاتھی تک پہونچا، ہر چند راجپوتوں نے برچھے کی نوک اور دست و بازو کے زور سے منع کیا اور چاہا کہ جگہ نہ دیں اس نے نہ مانا اور حوضہ کا کنارہ مضبوط پکڑ کے خود کو محفوظ کر لیا

چونکہ باہر تین آدمیوں کے بیٹھنے کی جگہ نہ تھی اس لئے حوضہ کے اندر دھنس گیا کوئی نصف کوس مسافت طے ہوئی تھی کہ گجیت خاں داروغۂ فیلخانہ سواری خاصہ کی ہتھنی لیکر حاضر ہوا اس پر خود آگے اور اس کا بیٹا پیچھے بیٹھا ہوا تھا (بظاہر مہابت خاں کے بداندیش دل میں کوئی خطرہ پیدا ہوا ہوگا) مہابت خاں نے راجپوتوں کو اشارہ کیا، ان مردودوں نے ان دونوں کو بیگناہ شہید کر دیا غرض اس طرح سیر و شکار کے بہانے اپنے منحوس مکان کی طرف لے گیا۔

جہاں پناہ اس کے گھر میں داخل ہوئے، تھوڑی دیر توقف فرمایا، اس نے اپنے منحوس بیٹوں کو جہاں پناہ کے گرد پھرایا، پھر چونکہ اسے نور جہاں بیگم کا خیال نہ رہا تھا اس وقت اس کے دل میں آئی کہ پھر حضرت شاہنشاہی کو دولت خانہ لیجا کر اس طرف سے بھی اطمینان کرے، اور اس ارادہ سے دوبارہ حضرت کو دولتخانہ میں لایا۔

اتفاقاً جس وقت حضرت شاہنشاہی سیر و شکار کے قصد سے سوار ہوے نور جہاں بیگم فرصت غنیمت جانکر جواہر خاں خواجہ سرا کے ساتھ دریا سے گزر کر اپنے بھائی آصف خاں کے مکان جا چکی تھی، وہ بے نصیب بیگم کے جانے کی خبر پا کر اپنی اس بھول سے جو اس نے بیگم کی محافظت میں برتی تھی نادم ہو کر پریشان ہوا۔ اب شہریار کی فکر ہوئی اور جانا کہ اس کو حضرت کی خدمت سے جدا رکھنا بڑی غلطی ہے یہ سمجھکر اسکی رائے فاسد بدلی اور جہاں پناہ کو سوار کر کے شہریار کے یہاں لے گیا (اضطراب و ہول کے مارے اس کافر نعمت حق ناشناس کی کردار و گفتار میں کوئی معقول سلیقہ نہ تھا، وہ نہ جانتا تھا کہ کیا کہتا ہے اور کیا کرتا ہے ہر وقت ایک ارادہ، ہر گھڑی ایک اندیشہ دل میں لاتا تھا اور پھر پشیمان ہوتا تھا۔)

جہاں پناہ وسعت حوصلہ و عالی ظرفی سے اس کی کوئی التماس نامنظور نہ فرماتے تھے، جب بدسگال گستاخانہ دولت خانہ کے اندر آیا تو جھجو نبیرۂ شجاعت خاں (جو حضرت عرش آشیانی کے معتبر امرا سے تھا، باوجودیکہ اس قسم کے موقعوں میں اسے کوئی دخل نہ تھا مگر چونکہ اس کے قتل پر قلم تقدیر چل چکا تھا، اس وقت حاضر ہوکر ہر جگہ ساتھ رہا۔ جب شہریار کے یہاں تشریف لے گئے تو نہ معلوم کس قسم کا وسواس مہابت خاں کے دل میں آیا کہ) ساتھ ہو گیا، مہابت خاں کے اشارہ سے راجپوتوں نے اس کو پکڑ کے تیغ خون آشام سے قتل کر ڈالا۔

الغرض جب نورجہاں بیگم دریا سے پار ہوکر اپنے بھائی کے یہاں گئی تو مقربان دولت کو طلب کرکے بازپرس اور عتاب کیا کہ تمہاری غفلت اور ناتجربہ کاری سے یہاں تک نوبت آئی اور جو بات کسی کے خیال میں بھی نہ تھی پیش آگئی اور تم خدا اور خلق خدا کے سامنے اپنے کئے سے شرمندہ ہوئے اب اس کے تدارک کی کوشش کرنا چاہئے۔ اور جو کچھ مناسب مصلحت و قابل عمل ہو بیان کرنا چاہئے، سب نے ایک زبان عرض کی کہ تدبیر درست اور رائے صائب یہی ہے کہ کل فوجیں ترتیب دیکر علیا حضرت کی رکاب سعادت میں دریا سے عبور کرکے اس مفسد کو مقہور و ذلیل کریں اور بندگان حضرت کی زمیں بوسی سے عزت حاصل کریں۔

جب یہ ناصواب رائے جہاں پناہ کو معلوم ہوئی تو اس کو قاعدۂ عقل سے بیگانہ دیکھکر اسی شب مقرب خاں، صادق خاں بخشی، میر منصور اور خدمت خاں کو پے در پے بھیجکر کہلایا کہ دریا سے عبور کرنا اور جنگ کرنا محض خطا ہے۔ ہرگز اس نامناسب تدبیر پر عمل نہ کریں کہ اس سے سوائے ندامت کے کچھ حاصل نہ ہوگا اور ایسی صورت میں کہ میں یہاں ہوں کس سرگرمی اور کس امید پر جنگ کیجائیگی اور اعتماد و احتیاط کی غرض سے انگشتری مبارک میر منصور کے ہاتھ بھیجدی۔

آصف خاں نے یہ گمان کرکے کہ یہ باتیں مہابت بدانجام کی گھڑی ہوئی، ہیں باز نہ آکر اسی قرار داد کے مطابق پائے عزم قائم رکھا فدائی خاں جب زمانہ کی فتنہ پردازی سے واقف ہوا تو سوار ہوکر اس وقت دریا کے کنارے آیا۔ اور چونکہ راجپوتوں نے پل میں آگ لگا دی تھی، عبور کا امکان نہ تھا اپنے چند نوکروں

کے ساتھ فدائیانہ منہ دولت خانہ کی طرف کئے دریا میں گھوڑا ڈال کر تیر کر پار ہونا چاہا۔ اس کے ہمراہیوں میں سے چھ آدمی ڈوب گئے اور چند پانی کے زور شور سے غوطے کھاتے نیم جاں ساحل تک زندہ پہونچے خود فدائی خاں سات سواروں کے ساتھ نکلکر لڑنے لگا، اس کے اکثر رفیقوں کی شجاعت کام آئی۔

جب فدائی خاں نے دیکھا کہ کچھ بنائے نہیں بنتی اور دشمن زور پر ہے۔ ملازمت اشرف میں پہونچنا ناممکن ہے پھر اسی چستی وچالاکی کے ساتھ واپس ہوکر دریا سے نکل آیا۔ حضرت شاہنشاہی اس دن اور اس رات شہریار کے یہاں رہے، شنبہ کے دن تاریخ تیس فروردی ماہ الٰہی مطابق اکیس جمادی الثانی آصف خاں نے خواجہ ابوالحسن اور دوسرے سرفرازان دولت کے ساتھ جنگ کا فیصلہ کرکے علیا جنابہ نورجہاں بیگم کی رکاب میں جس راستہ کو غازی بیگ داروغہ نواڑہ (جنگی کشتیاں) نے پایاب سمجھا تھا۔ اس راستہ سے عبور کرنے کی ٹھان لی اتفاق سے بدترین راستہ یہی تھا تین چار جگہ نہایت عمیق وعریض پانی سے گزرنا پڑتا تھا، عبور کے وقت افواج کا انتظام باقاعدہ نہ رہا، ہر فوج علٰحدہ علٰحدہ سمتوں میں جا پڑی۔

آصف خاں، خواجہ ابوالحسن اور ارادت خاں بیگم کی عماری کے ساتھ غنیم کی بڑی فوج کے مقابل جس میں زبردست وجنگی ہاتھی فوج کے آگے دریا کا کنارہ مضبوط کئے کھڑے تھے آتے نظر آئے۔ فدائی خاں ایک تیر پرتاب ہٹکر دوسری فوج کے سامنے دریا سے پار ہو گیا۔ ابوطالب پسر آصف خاں، شیر خواجہ، الہ یار اور بہت سے لوگ فدائی خاں سے زیادہ دور کے فاصلہ سے پار ہوئے۔

اس حالت میں گھوڑے تیراتی ہوئی، ایک جماعت کنارے پہنچی، ہنوز بعض لوگ پانی میں پہونچے تھے اور بعض کنارے ہی پر تھے کہ غنیم کی فوجیں ہاتھی بڑھاکر حملہ آور ہوئیں۔ ابھی آصف خاں اور خواجہ ابوالحسن پانی سے نہ نکلے تھے کہ آگے کے لوگوں کا منھ پھر گیا (اور اس کے مشاہدہ سے میری یہ حالت ہوگئی گویا میرے سر پر چکی چل رہی ہو) دوسرا کون تھا کہ کسی سے مشغول ہوتا اور بات سنتا اور پائے ہمت جمائے رہتا (پہلے چاہیئے تھا کہ جس راستہ سے عبور میں سہولت ہوتی اس پر قبضہ کرکے ایک فوج پیشتر روانہ کر دیتے تاکہ لشکر غنیم کی نقل وحرکت نگاہ میں

رکھکر دریا کے کنارے سد سکندر کی طرح قائم ہو جاتی اس طریقہ سے افسران فوج اور سپاہی اس فوج کی پناہ میں سہولت کے ساتھ پانی سے گزر کے پہلے فوج کو تقویت پہونچاتے، پھر نہایت انتظام و استحکام کے ساتھ پائے عزم بڑھا کر قبلہ اقبال کی پابوسی کی عزت سے سرفراز ہوتے اس وقت تو جو آتا ہے ضائع ہوتا ہے، جبکہ سرداران فوج اور پیشروان لشکر سراسیمگی سے بے نظم و ضابطہ ہو جائیں اور نہ جانیں کہ کہاں جاتے ہیں اور لشکر کو کہاں لیجاتے ہیں تو ان کی حالت اس سے بہتر کیا ہو سکتی ہے۔

میں اور خواجہ ابوالحسن ایک کنارے سے اتر کر دوسرے کنارے کھڑے نیرنگی تقدیر کا تماشا دیکھ رہے تھے، سوار، پیادہ، گھوڑے، اونٹ، بیل، گاڑی سب دریا میں ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو دریا سے عبور کرنے کی سعی کر رہے تھے۔ امید وبیم کا عجیب عالم تھا، اس وقت بیگم کا خواجہ سرا ندیم آکر ہم دونوں سے مخاطب ہوا کہ علیا حضرت فرماتی ہیں کہ یہ کیا تامل و توقف کا موقع ہے، قدم ہمت آگے بڑھاؤ کہ تمہارے آتے ہی غنیم شکست کھا کر آوارہ ہو جائیگا۔

میں اور خواجہ جواب دئے بغیر گھوڑے ڈال کر پانی میں در آئے، دشمن کی فوج کے ساتھ آٹھ سو سوار راجپوت اور فیل مست بے محابا بڑھائے دریا کے اس طرف ایک بلند جگہ پر کھڑے تھے، متفرق و پریشان آدمیوں میں سے سوار و پیادہ فوج کے لوگ نزدیک پہنچے تھے کہ فوج غنیم نے ہاتھی بڑھائے، اور ہاتھیوں کے پیچھے گھوڑے پانی میں ڈالکر تلواریں علم کرلیں یہ مٹھی بھر بے سرداروں کی جماعت بھاگ اٹھی اور غنیم نے شمشیر آبدار سے پانی کو سرخرو کر دیا) اور راجپوت اس طرف کے لوگوں کو آگے رکھے مارتے گراتے چلے آرہے تھے، بیگم کی عماری میں شہریار کی لڑکی تھی جس کی اتکہ شاہ نواز خاں کی بیٹی تھی، ایسے سختی کے وقت اس اتکہ کے (دائی) بازو پر تیر لگا، جو بیگم نے خود ہاتھ سے نکال کر باہر پھینکدیا۔ تمام کپڑے خون سے رنگین ہو گئے۔ جواہر خاں خواجہ سرا ناظر محل اور ندیم خواجہ سرائے بیگم دو اور خواجہ سراوں کے ساتھ ہاتھی کے سامنے فدا ہو گئے بیگم کے فیل سواری کی سونڈ پر دو زخم تلوار کے آئے، جب ہاتھی کا منہ پھر گیا تو دو تین وار برچھے کے ہاتھی کی پشت پر کئے۔ اس وقت راجپوت تلواریں کھینچے

پے بہ پے چلے آرہے تھے اور فیلبان ہاتھی بڑھانے کی کوشش میں تھی، اب یہاں تک نوبت آئی کہ گہرے پانی سے سابقہ پڑا گھوڑے تیرنے لگے، چونکہ غرق ہونے کا خطرہ تھا اس لئے ناچار باگیں موڑیں۔ بیگم کا ہاتھی تیر کر پانی کے پار ہوا، دولتخانۂ بادشاہی پر سب لوگ پیادہ ہو گئے ابوالحسن اور فقیر ہمراہ تھے، خواجہ نے مجھے چھوڑ کر نہایت تیزی کے ساتھ دولت خانہ کی راہ لی اور میں دریا کے کنارے اپنے چالیس سواروں کے ساتھ کھڑا رہا۔

چونکہ یہ لوگ سب تیروں کی بارش میں مصروف تھے اس لئے راجپوتوں نے اس طرف کا ارادہ نہ کیا، ایسے عالم میں آصف خاں ظاہر ہوے اور نیرنگی زمانہ اور رفیقوں کی بے راہ روی و بد انجامی کا گلہ کر کے روانہ ہو گئے، بات تمام نہوئی تھی کہ صحبت تمام ہو گئی ہر چند ان کا آنکھ اور زبان سے پتہ لگایا کچھ نہ معلوم ہوا کہ کس طرف چلدئے۔

خواجہ ابوالحسن جو مجھ سے جدا ہو گئے تھے، تیز تیز جا رہے تھے، ہول و اضطراب کے مارے گھوڑا دریا میں ڈالدیا۔ چونکہ پانی گہرا تھا اور تیزی سے بہہ رہا تھا شناوری کے وقت گھوڑے سے جدا ہو گئے لیکن زین کو دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑے رہے، چند غوطے کھا کر گھوڑے کا دم پھول گیا، اس حالت مخمصہ میں ملاح کشمیری نے اپنے آپکو پہونچا کر خواجہ کو نکالا۔

فدائی خاں بندگان بادشاہی کی ایک جماعت اور اپنے چند مخلص و قدیم نوکروں کے ساتھ پانی سے گزر کے اپنے سامنے کی فوج سے لڑنے لگا۔ دشمن نے اس سے زیادہ تعرض نہ کیا اور یہاں سے شہریار کے گھر جس میں حضرت شاہنشاہی تشریف فرما تھے پہونچ گیا، چونکہ سراپردہ کے اندر تمام سوار و پیادے بھرے ہوئے تھے اس لئے دروازہ پر کھڑا ہو کے تیر اندازی میں مشغول ہوا، اس کے اکثر تیر خلوت خانہ کے صحن میں جہاں پناہ کے نزدیک گرتے تھے اور مخلص خاں تخت کے آگے استادہ خود کو تیر قضا کی سپر بنائے ہوئے تھا۔

غرض فدائی خاں بہت دیر تک کھڑا تلاش کرتا رہا، اس کے ساتھیوں میں سید مظفر جو فدا کار کار آزمودہ اور کام کے لوگوں میں یکتا تھا، وزیر بیگ پسر خواجہ تروی بیگ میدانی اور عطاء اللہ خویش فدائی خاں کے ساتھ شہید ہو کر حیات جاوید

سے سرخرو ہوا سید عبد الغفور بخاری کہ وہ بھی ایک زبردست اور بہادر جوان تھا، سخت زخمی ہوا، چار زخم فدائی کے گھوڑے کو آئے۔ جب فدائی خاں نے جانا کہ کوئی تدبیر نہیں چلتی اور جہاں پناہ کی خدمت میں پہونچنا ناممکن ہے، باگ موڑ کر لشکر کے درمیان سے گزرتا دریا کے چڑھاؤ پر نکلا اور دوسرے دن دریا سے پار ہو کر اپنے فرزندوں کے پاس رہتاس پہونچا۔

یہاں سے اپنے فرزندوں کو ساتھ لیکر نندنہ کے کرجاک میں آرام و اطمینان کے ساتھ مقیم ہوگیا۔ اور چونکہ بدر بخش جنجوہہ زمیندار پرگنۂ مذکور کے ساتھ مراسم یکجہتی قدیم تھے اس لئے اپنے بیٹوں کو وہاں چھوڑ کر جانب ہندوستان روانہ ہوا۔ شیر خواجہ الہ بروی قراول باشی، اور اللہ یار خاں پسر افتخار حسن کو جدھر راہ ملی۔ ایک طرف روانہ ہوگیا

آصف خاں جو اس فساد کی جڑ تھا اور اس کی کم فکری و کوتہ اندیشی سے یہانتک نوبت پہنچی تھی۔ اب اچھی طرح سمجھ گیا کہ مہابت خاں بدخصال کی فتنہ انگیزی سے خلاصی ممکن نہیں۔ مجبوراً اپنے بیٹے ابو طالب اور دو تین سو مفلوک سواروں اور اہل خدمت کے ساتھ قلعۂ اٹک کی طرف روانہ ہوا جو اس کی جاگیر میں تھا جب رہتاس پہونچا تو ارادت خاں کا حال معلوم ہوا کہ ایک گوشہ میں مقیم ہے۔ آدمی بھیجکر بڑے مبالغہ کے ساتھ اپنے پاس بلایا اور بہت کوشش کی مگر وہ ساتھ دینے پر راضی نہ ہوا۔ آخر قلعۂ اٹک میں جاکر پناہ لی۔

ارادت خاں یہاں سے لوٹ کر لشکر میں آیا۔ جب خواجہ ابو الحسن نے عہد و قسم سے اس کا اطمینان کر دیا تو مہابت خاں سے ملکر ایک نوشتہ ارادت خاں اور فقیر کے نام کا مہابت خاں کا دستخطی حاصل کیا کہ ہرگز جان و عزت و ناموس کو کوئی گزند نہ پہونچیگا۔ اس وقت خواجہ اور میں اس سے ملنے گئے (اس نے اس قدر بیہودہ اور رکیک باتیں کہیں کہ ان کو سنکر زندگی سے موت بدرجہا بہتر نظر آتی تھی)

اس دن عبد الصمد شیخ چاند منجم کا نواسہ جو آصف خاں سے بہت محبت کرتا تھا اور ایک مستعد جوان تھا، آصف کی محبت میں مہابت خاں کے حضور میں قتل کیا گیا اسی زمانہ میں نذر محمد خاں والی بلخ کا ایلچی شاہ خواجہ درگاہ والا میں حاضر ہوا کورنش و تسلیم و آداب کے بعد جو اس دولت خداداد کا معمول ہے نذر محمد خاں کا خط ملاحظۂ مبارکہ

پیش کیا۔ اور بڑے خلوص و نیازمندی کا اظہار کیا۔ پھر اپنی پیشکش اور نذر محمد خاں کے سوغات گھوڑے، باز تو ایغوں اور غلام ترک وغیرہ پچاس ہزار روپے کی قیمت کے پیش کئے
پہلے لکھا جا چکا ہے کہ جب آصف خاں مہابت خاں سے کسی طرح مطمئن ہو کر اٹک میں قلعہ بند ہوا اور کل دو سو پچاس آدمی سوار و پیادہ اس کے ساتھ ہوئے تو اس بد اندیش نے بہت سے احدیان بادشاہی، اپنے ملازم اور اس نواح کے زمینداروں کو اپنے بیٹے بہروز، جھوجھار راجپوت اور شاہ علی کی سرکردگی میں روانہ کیا کہ فوراً پہونچکر قلعہ کا محاصرہ کریں۔

یہ لوگ آناً فاناً پہونچکر امید وبیم کے عالم میں قلعہ پر قابض ہو گئے۔ آصف خاں نے ہر قسم کی محنت و مصیبت اپنے اوپر جھیلنے کی ٹھان کر خود کو قضائے الٰہی کے حوالہ کیا۔ مہابت خاں کے فرستادوں نے عہد و قرار سے اس کے دل کو ایک گونہ تسلی دیکر حقیقت حال مہابت خاں کو لکھی۔ اور جب موکب شاہنشاہی دریائے اٹک سے پار ہوا تو مہابت بدخصال حضرت شاہنشاہی سے اجازت لیکر قلعہ اٹک پر پہونچا اور آصف خاں کو اس کے بیٹے ابو طالب اور خلیل اللہ ولد میر میران کیساتھ اردو میں لاکر قلعہ اپنے ملازموں کے سپرد کیا۔

اسی دن عبد الخالق برادر زادہ خواجہ شمس الدین محمد خوافی کو جو آصف خاں کے خاص لوگوں میں تھا محمد تقی بخشی شاہ جہاں کے ساتھ جو محاصرۂ برہانپور میں گرفتار ہوا تھا تہ تیغ کیا۔ ملا محمد ٹھٹھی کو بھی آصف خاں کی استادی کی تہمت لگا کر بے جرم و خطا شہید کیا، ملا محمد کو ان معاملات میں کوئی دخل نہ تھا اگر جانا چاہتا تو کسی نے اسکا راستہ نہ روکا تھا لیکن تقدیر میں بیگناہ مارا جانا لکھا تھا زندگی پوری ہو چکی تھی، اس سے مجبوری تھی۔ القصہ ظاہری و باطنی ملاقات کی بنا پر قاضی اور میر عدل کا توسل ڈھونڈھ کر ان کے ساتھ مہابت بد انجام کے پاس پہونچا، ان لوگوں نے ہر چند اس کے فضائل و خصائل اور صلاح و پرہیز گاری کا ذکر کیا کچھ اثر نہوا، فوراً اپنے راجپوتوں کو سپرد کر کے چند روز قید رکھنے کے بعد شہید کر ڈالا (اس کے اسباب قتل میں پہلی تہمت آصف خاں کی استادی تھی) قید کیا تھا، پہلے حلقہ دار زنجیریں اس کے پاؤں میں ڈالی گئیں تو جیسا چاہئے اتنی مضبوط بندش نہ رکھی، معمولی حرکت سے ڈھیلی ہو کر گر پڑیں اس نے

یہ بات سحر و افسوں اور عملیات پر محمول کی، چونکہ حافظ قرآن تھا ہمیشہ تلاوت میں مشغول رہتا تھا اور اس کے ہونٹ متحرک تھے حرکت لب سے سمجھا کہ مجھے بد دعا دیتا ہے اور بہ فرط وسواس و توہم سے اس مظلوم کو شہید کر دیا۔ ملا محمد فضائل صوری و کسب کمالات کے ساتھ زیور صلاح و پرہیزگاری سے آراستہ تھا افسوس کہ اس سفاک نے ایسے آدمی کی قدر نہ جانی اور مفت ضائع کر دیا۔

جب نواح جلال آباد میں لشکر شاہنشاہی وارد ہوا تو کافران درہ نور کی ایک جماعت حاضر خدمت ہوئی۔ اب ان لوگوں کے درمیان جو رسوم و اعتقادات رائج ہیں، غرابت کے لحاظ سے کچھ اس کا بیان کیا جاتا ہے:-

ان لوگوں کا طریقہ کافران تبت سے ملتا جلتا ہے، ایک بت آدمی کی صورت کا سونے یا پتھر سے بنا کر پرستش کرتے ہیں، ایک عورت سے زیادہ نہیں کرتے مگر اس صورت میں کہ پہلی عورت بانجھ ہو یا شوہر کے ساتھ موافق نہ ہو، اس صورت میں اگر پہلی عورت کے عزیز قابو پا جائیں تو داماد کو مار ڈالتے ہیں۔ اگر یہ لوگ اپنے یا کسی دوست کے گھر جانا چاہتے ہیں تو ایک دوسرے کے کوٹھے سے آمد و رفت کرتے ہیں۔ شہر کے حصار میں صرف ایک دروازہ ہے، سور، مچھلی اور مرغ کے علاوہ ہر گوشت حلال جانتے ہیں اور کھاتے ہیں، اور کہتے ہیں ہماری قوم میں سے جس نے مچھلی کھائی یقیناً اندھا ہو گیا۔ گوشت کی یخنی تیار کر کے کھاتے ہیں۔ بڑے چوپائے مثلاً بیل، بھینس وغیرہ تلوار سے گردن مار کر کھاتے ہیں، بھیڑ بکری اور اس قسم کے دوسرے حیوانات حلال کر کے کھاتے ہیں سرخ لباس پسند کرتے ہیں بہادر لوگ کمر پہ گھنگرو باندھتے ہیں، اپنے مردہ کو لباس پہنا کر مسلح کر کے صراحی اور پیالہ شراب کے ساتھ قبر میں دفن کرتے ہیں۔ ان کی قسم کا طریقہ یہ ہے کہ ہرن یا بکری کی سری آگ میں رکھتے ہیں پھر نکال کر زیتون کے درخت پر لٹکاتے ہیں اور کہتے ہیں جو شخص ہم میں سے جھوٹی قسم کھائیگا بے شبہ کسی بلا میں مبتلا ہو جائیگا۔ ان میں یہ رسم بھی ہے کہ اگر باپ اپنے بیٹے کی بیوی پسند کر کے لے لے تو بیٹا اس میں کوئی تامل نہ کریگا۔

حضرت شاہنشاہی نے فرمایا۔ جو تم لوگوں کا جی چاہے مانگو تلوار،

زر نقد اور سر و پائے سرخ مانگا اور اپنی مرادیں کامیاب ہوئے۔

روز یکشنبہ بتاریخ ۲۸ ر اردی بہشت مطابق ۱۲ ر شعبان برکت و سعادت کیساتھ شہر کابل میں داخل ہوئے۔ اس روز ہاتھی پر بیٹھکر نچھاور کرتے شہر کابل کے بازار سے گزار کر باغ شہر آرا میں نزول اجلال فرمایا۔ روز جمعہ غرۂ خورداد کو حضرت فردوس مکانی کے روضۂ منورہ پر تشریف لے گئے اور لوازم نیازمندی اداکرکے جہاں پناہ کے باطن قدسی سے ہمت طلب کی۔ اسی طرح میرزا ہندال اور اپنے عم بزرگوار میرزا محمد حکیم کے مزار سے برکت حاصل کرکے حضرت حق سبحانہ تعالےٰ سے انکی مغفرت کی دعا مانگی۔

اس سال کے عجیب اتفاقات میں مہابت بدخصال کی پاداش عمل کا واقعہ ہے جس کے تفصیلی حالات یہ ہیں۔

جب دریائے بہٹ کے کنارے اس سے وہ جرأت و گستاخی ظاہر ہوئی اور امرائے بے حوصلہ اپنی غفلت سے ہمیشہ کے لئے شرمندہ ہوئے" اور جس بات کا کسی کو گمان بھی نہ تھا وقوع میں آگئی تو اس کے راجپوتوں نے اس تسلط و اقتدار سے کام لیکر جو اتفاقاً حاصل ہوگیا تھا خودسری شروع کی اور رعایا و زیردستوں پر ظلم و تعدی کا ہاتھ دراز کیا۔ یہاں تک زبردستی شروع کی کہ کسی کا وجود ہی نہ سمجھتے تھے۔ آخر زمانہ نے بدلہ لینے کا منصوبہ باندھا اور ان کے خرمن ہستی میں فتنہ کی آگ لگادی۔ یعنی راجپوتوں کی ایک جماعت نے یورت چالاک نام کابل کی مقررہ شکارگاہ پر اپنے گھوڑے چرنے کے لئے چھوڑ دئے تھے، جو احدی شکارگاہ کی حفاظت کے لئے مقرر تھا" انع ہوا اور گفت و شنید بڑھتے بڑھتے نزاع و جنگ کی نوبت آئی، ان بے باکوں نے احدی کو شہید کر دیا۔

یہ خبر سنکے اس احدی کے چند خویش و برادر استغاثہ و دادخواہی کیلئے درگاہ میں آئے حضرت نے حکم دیا کہ اگر تم اس کو پہچانتے ہو تو اسکا نام و نشان بیان کردتا کہ حضور میں طلب کرکے بازپرس کیجائے اور ثبوت قتل کی سزادیجائے احدیوں کو اس حکم سے تسلی نہ ہوئی، یہاں سے جاکر سب ایک جگہ جمع ہوے اور جنگ کا تصفیہ کیا۔ اتفاق سے جس جگہ احدی ٹھہرے ہوئے تھے وہیں راجپوت اترے تھے، دوسرے دن احدی مستعد قتال ہوکر سب یکدل و متفق

راجپوتوں کے پڑاو پر چڑھ آئے۔ اور بڑی خطرناک جنگ شروع ہوگئی۔
چونکہ احدی اکثر تیر انداز اور توپچی تھے اور راجپوتوں کے پاس اسلحہ کم معمولی جھڑپ میں بہت سے راجپوت مارے گئے اور چند وہ خاص آدمی بھی جنکو مہابت صلبی اولاد سے زیادہ عزیز رکھتا تھا تیغ انتقام کی نذر ہوگئے تخمیناً چھ سات سو راجپوت قتل ہوئے، مہابت یہ خبر سنکر اپنے نوکروں کی مدد کیلئے سراسیمہ و پریشان لپکا، اثنائے راہ میں یہ رنگ دیکھا تو اس ڈر سے کہ قتل نہ ہو جائے الٹے قدموں بھاگ کر دولت خانہ میں پناہ گزیں ہوا، اس کی التماس پر حبش خاں کوتوال خاں، جمال خاں، محمد خواص اور خاں راہنور کو حکم ہوا کہ تدبیر کر کے اس فتنہ کو فرو کر دیں۔
دوسرے دن اس مفسد نے عرض کی کہ باعث جنگ اور بانی فساد خواجہ قاسم برادر ابوالحسن اور اسکا ایک عزیز بدیع الزمان ہیں، ان لوگوں کو حضور میں طلب کر کے بازپرس فرمائی۔ تسلی بخش جواب نہ دے سکے۔ چونکہ مہابت کے بہت سے آدمی قتل ہو گئے تھے۔ ابھی صفائی اور پردہ اٹھنے کا وقت نہیں آیا تھا۔ اس کی رعایت خاطر مناسب وقت سمجھکر ان لوگوں کو اسکے سپرد کر دیا۔ وہ بیحیا نہایت ذلت و رسوائی کے عالم میں انکو سر و پا برہنہ اپنے گھر لے گیا اور سب کو قید کر دیا، اور جو کچھ ان کے پاس تھا سب پر متصرف ہو گیا،
اس زمانہ میں عرضی گزری کہ اکتیس اردی بہشت کو عنبر حبشی اسی سال کی عمر میں انتقال کر گیا۔ عنبر ایک کار آمد غلام تھا، فنون سپاہ گری، سرداری اور تدبیر و کارگزاری میں اپنی مثال نہ رکھتا تھا، اس نے قزاقی کے طریقے جنکو اہل دکن برگی گری کہتے ہیں خوب سیکھے تھے، اس ملک کے بدمعاشوں کو کما حقہ قابو میں رکھتا تھا آخر عمر تک اس کا پائے عزم اپنی جگہ سے نہ ہلا، اور سارا زمانہ عزت سے بسر ہوا، کسی تاریخ میں نظر نہیں آیا کہ کسی حبشی غلام کو یہ رتبہ ملا ہو۔
چونکہ خاطر اشرف شکار پر بہت مائل ہے اور اس شغل سے اتنے مانوس ہیں کہ سفر و حضر میں ایک دن بھی بغیر شکار کے بسر نہیں ہوتا، لامحالہ جو شخص فن شکار میں مہارت و واقفیت رکھتا ہے وہ بندگان بادشاہی کی توجہ اپنی طرف مائل

کرکے تقرب حاصل کرلیتا ہے، انھیں لوگوں میں سے اللہ وردی خاں قراول بیگی نے ایک بڑا جال جس کو اہل ہند باور کہتے ہیں رسیوں سے تیار کرکے پیشکش کیا تھا، اس میں مبلغ چوبیس ہزار روپے صرف ہوئے، اس کا دور ڈھائی کوس پیمایش میں آیا اس کو تین سو فراش ڈیڑھ پہر میں نصب کرتے ہیں، اور سفر میں اسی اونٹ اٹھا کرلے جاتے ہیں۔ اور ہانکے کے شکار کا مدار اس پر اس طرح رکھا گیا ہے کہ ہر قسم کا بڑا چھوٹا جانور جو جال میں داخل ہو اس کا باہر جانا محال ہے منصبداران شکار کو حکم ہوا کہ اس جال کو موضع ارغندی جو اس ملک کی مقررہ شکارگاہ ہے لیجاکر نصب کریں اور سولہ تاریخ کو پرستاران حرام سرائے عزت کے ساتھ نشاط شکار پر توجہ فرمائی۔

شاہ اسماعیل ہزارہ جو اس جماعت کے ارباب ریاضت وصلاح میں تھے اور ہزارہ کے لوگ انکو بزرگ و مرشد سمجھتے تھے اپنے توابع و متعلقین کے ساتھ میں ہیرانوس کے گاؤں کے باہر ٹھہرے ہوئے تھے۔ حضرت شاہنشاہی نورجہاں بیگم اور اہل حرم کے ساتھ شاہ اسماعیل کے یہاں تشریف لے گئے، بیگم نے شاہ کے فرزندوں کو قسم قسم کے جواہر وزیورات، مرصع آلات اور طلائی آلات مرحمت فرمائے۔

یہاں سے شکار میں مشغول ہوکر کوئی تین سو اس پہاڑی بکرے اور نیل گائیں اور ریچھ اور بجو جو جال میں پھنس گئے تھے شکار فرمائے ایک نیل گاؤ سب سے بڑا تھا وزن کیا گیا تو تین من تیس سیر جہانگیری نکلا۔

اس زمانہ میں صوبۂ دکن کے مخبروں کی عرضداشت سے اطلاع ملی کہ شاہجہاں نظام الملک کی حدود متعلقہ سے نکل آئے اور محال صوبۂ مالوہ سے گزر کر اجمیر پہونچے، پھر وہاں بھی توقف میں مصلحت نہ دیکھکر جیسلمیر کے راستہ سے جانب ٹھٹھہ کوچ فرمایا۔

## مراجعت گرامی از کابل طرف ہند

حضرت شاہنشاہی دوشنبہ کے دن غرۂ شہریور کو ساعت مسعود میں کابل

سے ہندوستان روانہ ہوئے۔

اس تاریخ کو اوراق وقائع دکن سے شاہزادۂ پرویز کی بیماری کا حال عرض ہوا لکھا تھا کہ پہلے درد قولنج سے بہت دن تک بے ہوش رہے، بڑی تدبیروں کے بعد کسی قدر کمی ہوئی۔ اس اطلاع کے بعد ہی خان جہاں کی عرضداشت پہونچی اس سے معلوم ہوا کہ شاہزادہ پھر بیہوش ہو گئے اس مرتبہ بیہوشی میں امتداد اور سختی بھی شامل تھی۔ پانچ گھڑی جو دو ساعت نجومی کے برابر ہیں بے شعور رہے مجبوراً اطبا نے داغ دینے کا تصفیہ کیا پانچ داغ سر، پیشانی اور کنپٹی میں دئے گئے، اطبا نے انکی بیماری کو صرع تشخیص کیا ہے اور یہ افراط شراب کا ثمرہ ہے، ان کے عم بزرگوار شاہزادۂ شاہ مراد اور شاہزادۂ دانیال بھی اسی بیماری میں مبتلا ہو کر جان سے گئے۔

اس زمانہ میں شاہزادۂ والا گہر سلطان داراشکوہ اور شاہزادۂ اورنگ زیب پدر عالی قدر کی خدمت سے جد بزرگوار کی قدمبوسی کو حاضر ہوئے ہاتھیوں کے علاوہ جواہر و مرصع آلات تقریباً تین لاکھ کے نذر گزرانے، متصدیان دارالخلافت آگرہ کی عرضداشت سے مسموع ہوا کہ اس سے قبل ایک عورت کے تین لڑکیاں ایکبار پیدا ہوئی تھیں، حال میں پھر اس عورت کے ایک بیٹا اور دو بیٹیاں پیدا ہوئیں اور سب زندہ ہیں (راقم اقبال نامہ کے ہمسایہ میں ایک سنار کا مکان تھا، پہلے اس کی بیوی بارہ ماہ کے بعد جنی، دوبارہ اٹھارہ ماہ کے بعد تیسری بار دو سال کے بعد اس کے لڑکا پیدا ہوا، میں نے اس کے تینوں بیٹوں کو دیکھا تھا۔ اور مدت حمل میں اپنے تمام گھر کی خدمت کرتی تھی اور اسے کچھ گرانی نہ ہوتی تھی)

اس زمانہ میں فاضل خاں کی تحریر سے خبر ملی کہ بایسنغر پسر شاہزادہ مرحوم سلطان دانیال امر کوٹ میں شاہجہاں سے علٰحدہ ہو کر راجہ جگ سنگھ کے پاس پہونچے عنقریب شاہزادۂ پرویز سے ملیں گے۔

بڑے سوانح میں مہابت بدخصال کا ادبار و قہر میں مبتلا ہونا ہے اس داستان کی مجمل تشریح یہ ہے کہ جس تاریخ سے وہ بد اندیش ایسی گستاخی

وسو بر ادب کا مرتکب ہوا اور دولت خانہ کے اندر باہر اس کا خوف اتنا چھا گیا گویا لوگوں کو تاریکی نے گھیر لیا ہے اور سب خواب پریشاں دیکھ رہے ہیں۔ حضرت شاہنشاہی کمال حوصلہ و بردباری سے اسقدر اسکے طرفدار ہوگئے اور اس پر اتنی عنایت و التفات ظاہر فرماتے تھے کہ وہ جہاں پناہ کی طرف سے الغرض جہاں قلب حاصل کرکے اپنے مس قلب کو ظلمت اخلاص کی شمع کاری سے بھرے سونے کے برابر جہانپناہ اور جہاں پناہ خرید فرماتے تھے۔

جہاں پناہ نے اپنے انداز و اطوار سے یہ بات اس کے ذہن نشین کردی تھی کہ ابتک اس کا حضور سے جدا رہنا مجبوری کی بنا پر تھا اور جو کچھ قلم تقدیر نے نقش کیا وہ ہماری خواہش و مراد کے موافق تھا۔ اس کے علاوہ جو کچھ نورجہاں بیگم خلوت میں کہتی تھیں جہاں پناہ بے کم و کاست اس سے بیان فرما دیتے تھے۔ چنانچہ کئی مرتبہ زبان سے فرمایا کہ بیگم تیری فکر میں ہے خبردار رہ اور شاہنواز خاں عبدالرحیم خانخاناں کے پوتے کی بیٹی جو شائستہ خاں پسر آصف خاں کے نکاح میں ہے کہتی ہے کہ جب قابو پاؤنگی مہابت خاں کو بندوق مار دونگی۔ ان باتوں کے اظہار سے اس کو اطمینان ہو جاتا تھا۔ یہانتک کہ رفتہ رفتہ جو وہم ابتدا میں رکھتا تھا اور اسی سبب سے ہوشیار و بیدار رہتا تھا اور بہت سے راجپوت اپنے ساتھ دربار میں لاتا اور دولت خانہ کے گرد و پیش مقرر رکھتا تھا ان باتوں میں کمی ہوئی اور وہ ضبط و انتظام قائم نہ رہا۔

علاوہ اس کے اس کے بہت سے اچھے نوکر احدیان کابل کی جنگ میں قتل ہو چکے تھے، آنکھیں خوفزدہ تھیں پاؤں ڈگمگا گئے تھے، برخلاف مہابت خاں کے نورجہاں بیگم ہمیشہ خلوت و جلوت میں فرصت کی تلاش میں مصروف رہتی تھی نوکروں کی نگرانی رکھتی تھی، لوگوں کی دلدہی کرتی تھی اور زر و زبان سے دلاسا دیتی تھی، عنایات و مراحم کا امیدوار بناتی تھی۔ یہاں تک کہ ہشیار خاں بیگم کے خواجہ سرا نے بیگم کے نوشتہ کے موافق قریب دو ہزار سوار لاہور میں نوکر رکھکر استقبال کیا۔ اور در کاب سعادت میں بھی بہت سی جمعیت فراہم ہوگئی تھی۔

حضرت شاہنشاہی نے رہتاس پہونچنے سے ایک منزل پہلے محلہ

سواراں دیکھنے کی تقریب کرکے فرمایا کہ تمام سپاہ قدیم و جدید وردی پہنکر دولتخانہ سے دور تک دو رویہ قطار باندھکر کھڑی ہو۔ اس وقت بلند خاں کو حکم ہوا کہ جہاں پناہ کی طرف سے اس بے عاقبت کو پیغام دے آئے کہ آج بیگم اپنے آدمیوں کو ملاحظہ میں پیش کر رہی ہیں بہتر یہ ہے کہ تم پہلے دن کا مجرا موقوف رکھو مبادا یہ آپس میں بیہودہ گفت و شنید کریں اور جنگ و قتال کی نوبت آئے، بلند خاں کے پیچھے خواجہ ابوالحسن کو بھیجا کہ اس کی بات کی تائید کرے اور وجوہ معقول کے ساتھ اگلی منزل پر روانہ کرے۔ غرض خواجہ نے دلائل معقول سے اس کو روانہ کیا مگر چونکہ اس کی مزاج پر وہم غالب ہوگیا تھا وہ اپنی سب بیحیائیوں کا خیال کرکے ایکدم بھاگ اٹھا اب لشکر ظفر قرین نے کوچ فرمایا اور وہ آگے کی منزل میں بھی نہ ٹھہر سکا، دو منزلوں کو ایک کرکے دریائے رہتاس کے اس پار مقیم ہوا۔

دولتخانۂ بادشاہی دریا کے اس طرف آراستہ ہوا، افضل خاں کو اس آشفتہ دماغ کے پاس بھیجکر اس کی زبانی چار حکم بھیجے گئے ایک یہ کہ چونکہ شاہجہاں ٹھٹھہ کی طرف گئے ہیں وہ بھی ان کے پیچھے روانہ ہوکر اس مہم کو سر کرے۔ دوسرے یہ کہ آصف خاں اور اس کے بیٹے ابو طالب کو ملازمت میں بھیجے، تیسرے طہورث اور ہوشنگ پسران شاہزادۂ دانیال کو اس کے حوالہ کر دیا تھا اب انھیں حضور میں روانہ کرے۔ اور لشکری پسر مخلص خاں کو جو ضامن ہے اور ابتک ملازمت میں حاضر نہیں ہوا ہے اس کو بھی حاضر کرے۔ اگر آصف خاں کے بھیجنے میں تامل کریگا تو یقین جان لے کہ اسپر فوج متعین کیجائیگی۔

افضل خاں نے سلطان دانیال کے بیٹوں کو لاکر عرض کی کہ مہابت خاں آصف خاں کے بارہ میں عرض کرتا ہے ٹھٹھہ کی طرف جاتا ہوں مگر چونکہ بیگم کی طرف سے نڈر نہیں ہوں اس لئے مجھے اس کا خطرہ ہے کہ، آصف خاں کو ہاتھ سے دینے کے بعد میری تادیب کو کوئی لشکر روانہ فرمایا جائے۔ اس صورت میں بندہ کو جس خدمت پر مقرر فرمائیں حاضر ہے، جب لاہور سے گذرونگا ممنون منت شاہی ہوکر آصف خاں کو روانۂ درگاہ کر دونگا۔

جہاں پناہ اس کی لغو باتوں سے برہم ہوئے، افضل خاں نے پھر جاکر

جو کچھ دیکھا سنا تھا مہابت سے پوست کندہ ظاہر کر دیا اور کہا کہ افضل خاں کے بھیجنے میں توقف قرین مصلحت نہیں۔ خبردار کوئی دوسری بات نہ ہونے پائے جس سے ندامت ہو۔

چونکہ مہابت بد انجام ہمت ہار چکا تھا فوراً آصف خاں کو اپنے پاس بلا کر معذرت کی اور عہد و قسم لیکر دل کو اطمینان دلایا اور بڑی مہربانی ظاہر کر کے روانہ درگاہ کیا۔ لیکن اس کے بیٹے ابو طالب کو مذکورہ مصلحت کی بنا پر چند روز نظر بند رکھا۔ اور ٹھٹھہ کا عزم ظاہر کر کے کوچ در کوچ روانہ ہوا۔

ماہ مذکور کی تیئیسویں کو لشکر منصور نے دریائے بھٹ سے عبور کیا۔ عجیب اتفاق یہ ہے کہ مہابت خاں کی شورش اور فتنہ انگیزی کا آغاز اسی دریا کے ساحل پر ہوا تھا پھر اس کے انحطاط اور بدبختی کی ابتدا بھی اسی ساحل پر ہوئی۔

نعوذ باللہ۔ اگر روزگار برگردد

چند روز کے بعد مہابت خاں نے ابو طالب اور بدیع الزمان داماد خواجہ ابو الحسن، اور خواجہ قاسم اس کے برادرزادہ کو بھی عذر خواہی کر کے درگاہ میں بھیجدیا۔ جب شکار گاہ جہانگیر آباد میں نزول مبارک کا اتفاق ہوا داور بخش پسر خسرو خانخاناں و مقرب خاں و میر جملہ اور تمام اعیان لاہور زمین بوسی کی دولت سے سرفراز ہوئے۔

ساتویں آبان کو دار السلطنت لاہور میں موکب اقبال نے نزول اجلال فرمایا۔ اس روز آصف خاں پنجاب کے صاحب صوبہ مقرر ہوئے اور منصب وکالت بھی عطا ہوا اور حکم ہوا کہ دیوان میں بیٹھکر مستقل طور پر اجرائے مہمات مالی و ملکی میں مشغول ہوں۔ اور دیوانی کی خدمت بدستور خواجہ ابو الحسن کو تفویض فرمائی۔ میر جملہ کے تبدیلی کی وجہ سے افضل خاں کو خان سامانی کی خدمت پر سرفراز فرمایا اور میر مذکور بخشی گری کی خدمت پر مامور ہوئے۔ سید جلال ولد سید محمد نبیرۂ شاہ عالم بخاری کو جو گجرات میں مدفون ہیں اور ان کے حالات اس کتاب میں لکھے جا چکے ہیں وطن کی اجازت دیکر ان کی سواری کے لئے ہاتھی عنایت فرمایا۔

اس زمانہ میں اطلاع آئی کہ مہابت بے عاقبت ٹھٹھہ کی راہ سے مڑ کر ہندوستان روانہ ہوا، اب خدا جانے کہاں جائے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بائیس لاکھ روپیہ نقد ولایت بنگالہ سے اس کے لئے لایا جا رہا ہے اس بنا پر انیرائے سنگھ دلن، صفدر خاں، سید اعظم علی قلی درمن اور نور الدین قلی کو ہزار احدیوں کے ساتھ متعین فرمایا کہ فوراً روانہ ہو کر اس کے روپے پر قبضہ کرلیں۔

یہ لوگ تعمیل حکم پر کاربند ہو کر حوالی شاہ آباد میں اس کے خزانہ لے جانے والے آدمیوں سے ملے، انھوں نے روپیہ کی گاڑیوں کے ساتھ ایک مکان میں محفوظ ہو کر جب تک ہو سکا مدافعت کرتے اور لڑتے رہے آخر بہت مرنے اور مارنے کے بعد خدام بارگاہ سرائے کے دروازہ میں آگ لگا کے اندر داخل ہو گئے اور خزانہ پر قبضہ کرلیا، اس کے آدمی بھاگ گئے۔

اسی اثنا میں خبر آئی کہ شاہزادہ پرویز ماہ مذکور کی چوتھی کو مطابق ششم صفر ۱۰۳۵ھ عازم عدم ہوئے، (اسوقت فقیر حضرت شاہنشاہی کی خدمت میں حاضر تھا فی البدیہہ تاریخ وفات نظم کی) اس کی عمر اڑتیس سال سنہ شمسی کے حساب سے تھی (اس مدت میں پدر عالی قدر کے خلاف مرضی سرمو تجاوز نہ کیا، حضرت شاہنشاہی اس سے بہت خوش تھے، وہ بھی ہمیشہ جہاں پناہ کی پیروی و اتباع میں کوشاں رہتا تھا، یہانتک کہ لباس پوشی، پیالہ نوشی، طعام اور شب زندہ داری وغیرہ خصوصیات حضرت شاہنشاہی کی تقلید بدرجۂ اتم ملحوظ تھی۔ لیکن قوت مستقلہ و متصرفہ کم تھی، خان جہاں کو فرمان ہوا کہ فرزندوں اور اس کے پسماندوں کو درگاہ والا میں بھیجدے۔

موسوی خاں نے دکن سے واپس ہو کر زمیں بوسی کی سعادت حاصل کی۔ چونکہ مہابت سے سخت صدمے پہونچے تھے نہایت الحاح وزاری اور مبالغہ کے ساتھ اس کی تنبیہہ واستیصال کے لئے ملتمس تھا اس بنا پر اس بے عاقبت کی جاگیر کے اکثر محال خان خاناں کی جاگیر میں دیکر خلعت۔ خنجر و شمشیر مرصع، اسپ قبچاق مع زین مرصع اور فوج کے لایق ہاتھی مرحمت کئے اور اس کے استیصال اور صوبہ کے انتظام کیلئے اجمیر جانے کا حکم دیا۔

میرزا رستم صفوی کو ولایت بہار و پٹنہ کی صاحب صوبہ گی پر مامور کرکے عزت بخشی گئی۔ اسی زمانہ میں متصدیان صوبۂ دکن کی عرضداشت سے اطلاع ملی کہ یاقوت خاں حبشی جس سے بہتر سردار اس ملک میں عنبر کے بعد کوئی نہ تھا، اور عنبر کی زندگی میں بھی لشکر کی

سپہ سالاری اور افواج کا انتظام اسی سے متعلق تھا بندگی و دولتخواہی کو سرمایۂ سعادت سمجھکر پانچ سو سوار کے ساتھ جالنا پور آگیا ہے اور اس نے سربلند رائے کو لکھا ہے کہ میں فتح خاں ولد ملک عنبر اور دوسرے سرداران نظام الملک کے ساتھ دولتخواہی کا تصفیہ کرکے اس سعادت کے پیش قدموں میں شامل ہوگیا ہوں یہ لوگ بھی یکے بعد دیگرے سبقت کرکے متعاقب حاضر ہونگے، جب خان جہاں کو سربلند رائے کے نوشتہ سے حقیقت حال معلوم ہوئی تو ایک خط بہت استمالت و دلجمعی کے الفاظ لکھکر یاقوت خاں کے نام بھیجا اور اس ارادہ پر سرگرم کردیا۔ سربلند رائے کو بھی ایک خط لکھا کہ لوازم ضیافت و مراسم مہمانداری پوری طرح انجام دیکر اسکو کوشش کیساتھ جلد برہانپور روانہ کرے۔

اوراق گزشتہ میں شاہجہاں کا چند دولتخواہوں کے ساتھ جانب ٹھٹھہ کوچ کرنا لکھا جاچکا ہے اب بقیہ حال عرض کیا جاتا ہے۔

چونکہ شاہزادگی کے زمانہ میں شاہ والا جاہ شاہ عباس کے ساتھ طریقۂ دوستی ومحبت اور مراسلت باہمی جاری تھا اور اس پریشانی کے زمانہ میں بھی شاہ موصوف حالات دریافت کرتے رہتے تھے اس لئے خاطر صواب اندیش کو خیال ہوا کہ اس سمت چلکر ان کے نزدیک رہنا چاہیئے ممکن ہے کہ ان کی محبت اور شفقت کی بدولت شورش وفساد کا جو غبار بلند ہوگیا ہے فرو ہوجائے یا کسی دوسرے طریقہ سے امداد و اعانت کریں،

جب ٹھٹھہ کے اطراف میں پہونچے تو شریف الملک ظاہر و باطن کا اندھا شہریار کا نوکر تین چار ہزار سوار اور دس ہزار پیادہ کے ساتھ جو اس ملک سے فراہم کئے تھے گستاخانہ جرأت کرکے مقابلہ کے لئے آیا۔ باوجودیکہ تین ہی چار سو سوران وفادار ظل مبارک میں سعادت پذیر تھے، ان کے صدمہ کی تاب نہ لاکر حصار میں داخل ہوگیا، اور چونکہ اس سے پہلے قلعہ کی مرمت کرکے بہت سی توپیں اور بندوقیں قلعہ کے برج و فصیل پر نصب کرکے لوگوں کے متعلقین کو قلعہ میں داخل کرلیا تھا اس لئے باسانی قلعہ بند ہوکر مقابلہ پر جم گیا۔

گو جہاں پناہ نے بتاکید منع فرمایا کہ بندگان جاں نثار قلعہ پر تاخت کرکے خود کو توپ و تفنگ سے ضائع نہ کریں، باوجود اس کے چند کارآمد لوگوں کی ایک جماعت حصار شہر پر حملہ آور ہوئی مگر برج و فصیل کے استحکام اور توپخانہ کی کثرت سے زور نہ چلا اور بمجبوری باگیں پھیر کر ایک جگہ اکٹھا ہوگئے۔ چند روز کے بعد پھر بہادر شیروں نے

اپنی فطری حمیت وغیرت سے بے قابو ہوکر برق لامع کی طرح قلعہ پر یورش کی اور چونکہ قلعہ کے دور میں ہر جگہ میدان مسطح تھا اور کہیں پستی و بلندی دیوار و درخت جو آڑ ہو سکے نظر نہ آتا تھا اس لئے سر پر سپریں لیکر دوڑے اتفاقاً اس طرف ایک عمیق وعریض پانی سے بھری ہوئی خندق تھی جس کی وجہ سے آگے جانا اور پیچھے پلٹنا دونوں باتیں محال تھیں، اس لئے درمیان میں توکل کو حصار بنا کر بیٹھ گئے۔ ہر چند شاہ گیتی ستاں نے آدمی بھیجکر تاکید کے ساتھ اپنے پاس طلب فرمایا کچھ اثر نہ ہوا۔ یہانتک کہ چند عمدہ جاں نثار مثل بان دھاتا گور و اعلی خاں ترین وغیرہ آقا پر نثار ہوگئے اور جوگیا وہ بھی راہ عدم میں انکا رفیق ہوا۔ انھیں کے پہلو میں بیٹھا اور پھر نہ پلٹا۔

اس وقت جہاں پناہ کے وجود مسعود کو گرانی و اعضا شکنی کی شکایت محسوس ہوئی اور بعض موانع کی بنا پر جنکا لکھنا طوالت ہے سفر عراق میں توقف ہوا گو شاہزادہ پرویز کی بیماری کی خبر بھی متواتر پہونچی اور یقین ہوا کہ اس کا ضعف بہت قوی ہے تاہم ٹھٹھہ کی تسخیر میں مشغول ہونا اور اس معمولی مقصد کے لئے اوقات گرامی صرف کرنا ہمت جہاں کشا کے لایق نہ معلوم ہوا اس لئے یہ عزم فسخ کرکے باوجود ضعف قوی و بیماری صعب پالکی پر سوار ہوکر گجرات اور ملک بہار کے راستہ سے دکن کی طرف متوجہ ہوئے۔ اسی سلسلہ میں شاہزادہ پرویز کی وفات کی خبر پہونچی اور اس جانب جلد سفر کرنا لازم ہو گیا۔

گجرات اور ملک بہار کا راستہ وہ راستہ ہے جس سے سلطان محمود غزنوی نے حملہ کر کے بتخانۂ سومنات فتح کیا۔ جیسا کہ مشہور ہے، اسی راستہ شاہزادہ ملک ستاں ملک گجرات میں آئے اور اطراف پٹلیہ سے عبور کرکے بمقام ناسک ترینگ علاقۂ دکن جہاں اپنی بنگاہ چھوڑ گئے تھے قیام فرمایا۔

اس تاریخ کو حضور شہنشاہی میں آصف خاں ہفت ہزاری ذات و دو اسپہ و سہ اسپہ سوار کے منصب پر سر بلند ہوئے (جب سے مہابت خاں کی قید اور جان کے خوف سے نجات پائی منصب و جاگیر نہ تھی اور حالت غیر منتظم تھی مراحم شاہنشاہی نے اس کا احساس فرما کر از سر نو روز افزوں عنایات مبذول فرمائیں۔)

متصدیان صوبۂ دکن کی عرضداشت سے معلوم ہوا کہ نظام الملک نے کرناٹک پہونچی

وفتنہ انگیزی سے فتح خاں پسر عنبر اور دیگر نو دولت تربیت یافتہ لوگوں کو ملک بادشاہی کی حدود میں بھیجکر غبار شورش و فساد بلند کیا ہے اس بنا پر عمدۃ السلطنت خان جہاں نے ملک کی حفاظت ونگرانی اور ارباب فساد کے دفع و مقابلہ کے لئے فوجیں متعین کرکے لشکر خاں کو جو کہن سال و تجربہ کار بندگان دولت میں سے ہے شہر برہانپور کی حکومت پر مقرر کیا اور خود عساکر بادشاہی کے ساتھ بالاگھاٹ کا قصد کیا اور رکھر کی تک جو اس کی جائے قیام تھی کہیں نہ رکا (عجیب واقعات میں محمدؐ مومن کا قتل ہے، جو سادات صفی میں سے تھا اور نقیب خاں کے سلسلہ میں قریب کی قرابت رکھتا تھا جب عراق سے آیا حضرت عرش آشیانی نے سادات خاں نقیب خاں کے چچیرے بھائی کی لڑکی اس سے منسوب فرمادی جس زمانہ میں حضرت شاہ جہاں کا موکب اقبال ممالک شرقیہ میں مصروف سفر تھا، مشارٌالیہ ان حدود میں جاگیر دار تھا، خبر آمد سنکر حاضر بارگاہ ہوا، اور چند روز اس ہنگامہ میں ساتھ رہا۔ سادات خاں نے جو شاہزادۂ پرویز کے پاس تھا بہت سے مبالغہ آمیز تاکیدی خط لکھکر اپنے پاس بلا لیا اور یہ خون گرفتہ شاہ بلند اقبال سے جدا ہو کر سلطان پرویز کے پاس پہونچا۔ جب اس کے آنے کی خبر حضرت شاہنشاہی کو پہونچی تو حضور میں طلب فرمایا، اور ہر چند شاہزادۂ پرویز نے اس کے عفو گناہ کی التماس کی مہربان نہ ہوئے اور اس مظلوم سید زادہ کو ہاتھی کے پاؤں سے بندھوا کر سخت تکلیف کے ساتھ کچلوا دیا۔) اس وقت نظام الملک قلعۂ دولت آباد میں تھے اور انھوں نے اپنے ایک حبشی غلام حمید خاں کو مالی و ملکی اختیارات دیکر اپنا پیشوا بنا لیا تھا، باہر وہ اندر اسکی بیوی دونوں نظام الملک کو پرندے کیطرح قفس میں رکھتے تھے، جب خان جہاں کے آنے کا یقین ہو گیا تو حمید خاں تین لاکھ ہون لیکر اس کے پاس گیا اور حیلہ سے اسکو بہکا کر آمادہ کر لیا کہ یہ روپیہ لے لے اور بالاگھاٹ کا تمام ملک قلعۂ احمد نگر تک نظام الملک کے تصرف میں چھوڑ دیئے، اس حق ناشناس افغان پر افسوس ہے کہ اس نے حضرت شاہنشاہی کے حقوق تربیت فراموش کرکے ایسا ملک تین لاکھ ہون میں ہاتھ سے دے دیا اور امرائے بادشاہی کو جو تھانہ جات پر مقرر تھے نوشتے بھیجے کہ ان محال کو وکلائے نظام الملک کے حوالہ کرکے ہمارے پاس حاضر ہوں۔ اسی طرح سپہدار خاں حاکم احمد نگر کے نام حکم لکھا جب نظام الملک کے آدمی احمد نگر گئے تو سپہدار خاں

نے کہا کہ ملک تم سے تعلق رکھتا ہے متصرف ہو جانا چاہیے لیکن میرا قلعہ کو ہاتھ سے دینا ممکن نہیں ہے، جس وقت فرمان بادشاہی نافذ ہوگا اس وقت قلعہ سپرد کرونگا۔ ہر چند نظام الملک کے آدمیوں نے ہاتھ پاؤں مارے کچھ نتیجہ نہ ہوا۔ سپہدار خاں بہت سا ذخیرہ مہیا کرکے برج و فصیل کے استحکام میں مصروف ہوا اور مردانہ قدم ہمت قائم کرکے قلعہ نشین ہوگیا۔

سپہدار خاں کے علاوہ دوسرے لوگوں نے نامردی سے خان جہاں کے لکھنے پر بالاگھاٹ کا ملک وکلائے نظام الملک کے سپرد کر دیا اور برہانپور میں آگئے، اس موقع پر حمید خاں حبشی اور اس کی منکوحہ کی حقیقت حال تعجب خیز ہونیکی وجہ سے قلمبند کیجاتی ہے۔

اس غلام کی ایک عورت تھی جو نہایت چالاک اور خوبصورت مگر اس ملک کی اجنبی زادہ عورتوں میں داخل تھی۔ ابتداءً جب نظام الملک شراب اور عورتوں پر شیفتہ ہوا تو یہ عورت اس کے حرم میں راہ پاکر مخفی طور پر باہر کے لوگوں سے چھپاکر شراب پہونچایا کرتی تھی اور لوگوں کی عورتوں اور بیٹیوں کو مکر و فریب سے بدراہ کرکے اس کے پاس لیجاتی تھی اور قیمتی بھڑکیلے کپڑوں سے آراستہ کرکے اس کے سامنے پیش کرتی اور اس کو پری پیکر حسینوں کی معاشرت و موانست سے محظوظ و مسرور کرتی تھی۔ رفتہ رفتہ باہر کا اختیار اس کے شوہر کے قبضۂ اقتدار میں آگیا اور نظام الملک کی کامرانی و زندگی اس عورت کے ہاتھ میں رہی۔ جب وہ عورت سوار ہوتی تو امرائے سپاہ و مقربان دولت پیادہ اس کی رکاب میں چلکر اپنی حاجتیں عرض کرتے تھے۔

یہ حالات سنکر عادل خاں نے نظام الملک کی سرحد پر فوج بھیجی، اس طرف سے بھی ایک جمعیت مقابلہ کے لئے نامزد ہوئی، اس وقت اس عورت نے بڑی رغبت و خواہش کے ساتھ پوری فوج کی سرداری کی استدعا کی اور نظام الملک کے ذہن نشین کیا کہ اگر میں نے عادل خاں کے لشکر کو شکست دے دی تو میں ہی ایک عورت ہونگی جس سے ایسا کام ہوا ہوگا، اگر منصوبہ برعکس ہوا تو ایک عورت کا وجود ہی کیا ہے جس کو کوئی نام رکھے گا۔

غرض یہ مکارہ نقاب ڈالکر گھوڑے پر سوار ہوتی تھی اور ہمیشہ مرصع خنجر اور کپڑے اور دوسری نفیس اشیا اپنے ساتھ رکھتی تھی اور داد و دہش کیلئے بہانہ ڈھونڈھتی تھی، کوئی دن ایسا نہ جاتا کہ خاطر خواہ رقمیں لوگوں کو نہ دیتی جب فوجیں مقابلہ میں آئیں تو اپنے فرط جرات و دلیری سے عادل خاں کو شکست دیکر اس کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر ڈالا اور ہر ہاتھی کو جو اس فوج میں تھا کیا خاص عادل خاں کا کیا سرداروں کا سب کو گرفتار کر کے مال غنیمت پر قبضہ کر کے صحیح سلامت نظام الملک کی خدمت میں واپس ہوئی اس وقت اطلاع آئی کہ امام قلی خاں والی توران نے محبت و دوستی کی سلسلہ جنبانی کر کے عبدالرحیم خواجہ ولد خواجکلاں جو ئباری کو جنکا عبداللہ خاں مرید مخلص تھا رسالت وایلچی گری کے طور پر بھیجا ہے، اتیک خواجہ جیسا کوئی ایلچی ہندوستان میں نہیں آیا۔ حضرت شاہنشاہی نے خواجہ کی آمد پر خوشنودی ظاہر کر کے ان کی بہت تعظیم و تکریم کی اور امراء و اعیان دولت کو پے در پے استقبال کو بھیجا۔ پہلے موسوی خاں صدر کو حکم ہوا کہ دریائے چناب تک جاکر مہمانی کرے۔ اور اس کے ہاتھ خلعت خاصہ ارسال فرمایا بعد ازاں بہادر خاں اوزبک جو عبدالمومن خاں کے زمانہ میں حاکم مشہد تھا اور اس درگاہ میں پنجہزاری منصب رکھتا تھا استقبال کے لئے روانہ ہوا، اور جب خواجہ حوالی شہر میں داخل ہوئے تو خواجہ ابوالحسن دیوان اور ارادت خاں بخشی کو استقبال کرکے حضور میں لانے کا حکم ہوا، ملازمت کے وقت نہایت توجہ و التفات ظاہر فرماکر دریافت حال و عنایت فرمائی کی ابتدا کر کے بیٹھنے کا ایما فرمایا۔ بے تکلف نہایت نیک ذات اور ہر طرح کی توجہات و عنایات کے اہل ہیں۔ دوسرے دن چودہ قاب الوش خاصہ کے ظروف طلا و نقرہ کے ساتھ خواجہ کے لئے ارسال فرمائے اور تمام برتن مع لوازمات ان کو عطا فرما دیئے۔

اسی دوران میں خانہ زاد خاں کے تغیر کی وجہ سے بنگالہ کا صاحب صوبہ مکرم خاں ولد معظم خاں مقرر ہوا۔ اتفاقاً اس کے نام ایک فرمان نافذ ہوا، وہ کشتی پر بیٹھکر فرمان کے استقبال کے لئے روانہ ہوا۔ خوبی وقت کہ بنگالہ کے مقرر و مشہور دریاؤں کے علاوہ ایک نالہ سے کشتی کو گزرنا پڑتا تھا جب مکرم خاں کی کشتی وہاں پہونچی تو اس نے ملاحوں کو اشارہ کیا کہ کشتی کو تھوڑی دیر کنارے روک رکھیں تاکہ عصر کی نماز پڑھکر روانہ

ہوں، جس وقت ملاحوں نے کشتی کو کنارہ کی طرف لیجانا چاہا ایک ایسی ہوا چلی کہ کشتی کا رخ پلٹ گیا، سخت طوفان اور جھگڑ کا سامنا ہوا اور پانی کی شورش اور بے موقع حرکت و تلاطم سے کشتی غرق ہوگئی مکرم خاں ہر اس شخص کے ساتھ جو اس کشتی میں تھا ڈوب کر تہ نشین ہوگیا اور کوئی متنفس اس گرداب بلا سے سلامت نہ نکلا۔

اسی زمانہ میں خان خاناں ولد بیرام خاں نے بہتر سال کی عمر میں عمر طبعی کو پہونچکر انتقال کیا۔ اس دولت ابد قرین کے بلند ترین امرا سے تھا حضرت عرش آشیانی کے عہد سلطنت میں خدمات شائستہ اور نمایاں فتوحات سے بہت نامور ہوا۔ اسی نام کے تین کارنامے بہت مشہور ہیں۔ ایک فتح گجرات اور مظفر خاں گجراتی کی شکست کہ اسی فتح سے ملک گجرات ہاتھ سے نکلکر دوبارہ اولیائے دولت کے تصرف میں آیا۔ دوسرے فتح سہیل جو دکن کے تینوں لشکر مست وجنگی ہاتھیوں اور ایک بڑے توپ خانہ کیساتھ اپنے زیر اثر رکھتا تھا، اور مشہور ہے کہ ستر ہزار۔ فراہم کئے تھے، با وصف اس کے خان خاناں بیس ہزار سوار کے ساتھ اس کے مقابلہ میں گیا اور دو دن ایک رات جنگ کر کے فتح حاصل کی (اسی مردآزما معرکہ میں راجی علیخاں جیسا سردار قتل ہوا)

تیسرے فتح ٹھٹھہ وملک سندھ۔

مگر حضرت شاہنشاہی کے زمانۂ دولت میں کارہائے نمایاں انجام نہ دے سکا، اس کے بیٹے شاہنواز خاں نے البتہ تھوڑی فوج کے ساتھ عنبر کی فوج کو شکست دی جیسا کہ حسب موقع لکھا گیا، بے مبالغہ نہایت ہوشیار خانہ زاد تھا اگر اجل امان دیتی تو اس کے نیک آثار یادگار رہ جاتے۔

خان خاناں قابلیت واستعداد میں کامل اور اپنے زمانہ کا یکتائے فن تھا عربی۔ ترکی، فارسی۔ اور ہندی زبانیں خوب جانتا تھا۔ اور فارسی وہندی میں اچھے شعر کہتا تھا۔ اس نے واقعات بابری کو حضرت عرش آشیانی کے حکم سے فارسی میں ترجمہ کیا تھا۔ بے شبہہ اچھا سخن فہم تھا اور خود بھی کبھی کوئی شعر، غزل اور رباعی کہا کرتا تھا۔ یہ غزل اسی کی ہے ؎

شمار شوق نہ دانستہ ام کہ تا چند است  
جز ایں قدر کہ دلم سخت آرزو مند است

نہ دام دانم و نے دانہ ایں قدر دانم  
کہ پائے تا بسرم ہر چہ ہست در بند است

بہ کیش صدق و صفا حرف عہد بیکار ست | نگاہ اہل محبت تمام سوگند ست
مرا فروخت محبت و لیے ندانستم | کہ مشتری چہ کس است و متاع من چند است
ازاں خوشم بسخنہائے دلکش تو رحیم | کہ اندکے بادا ہائے عشق مانند ست

چونکہ راجہ امر سنگھ زمیندار ملک ماندھو نبیرہ راجہ رامچند مشہور رنے (جو ممالک مشرقیہ کے بڑے بڑے راجاؤں اور زمینداروں میں سے ہے اور حضرت فردوس مکانی نے اپنے واقعات میں ثبت فرمایا ہے کہ جس وقت میں نے ہندوستان فتح کیا دو بادشاہ اور تین بڑے راجہ ہندوستان میں تھے اور راجگان میں سے ایک رانا دوسرے مالدیو تیسرے راجہ رامچندر کو شمار فرمایا ہے) بندگی دولتخواہی اختیار کرکے عرضی بھیجی تھی کہ چونکہ میرے باپ اور بزرگ زمین بوسی کی سعادت حاصل کر چکے ہیں میں بھی امیدوار ہوں کہ شرف ملازمت سے عزت پاؤں اس بنا پر خان راٹھور جو زباں فہم خدام میں سے تھا روانہ کیا گیا کہ رہنمائی کرکے اس کو آستانۂ قدسی پر حاضر کرے اور اسکی سرفرازی کے لئے خلعت و اسپ اور فرمان مشتمل بہ اظہار عنایت خاں مذکور کے ہاتھ بھیجا

جب مسامع جلال کو معلوم ہوا کہ مہابت خاں شاہزادۂ گیتی نشان شاہجہاں کی خدمت میں پہونچکر ان سے ملگیا تو اس کی مخالفت میں خان جہاں کو سپہ سالاری کے خطاب سے عزت بخشی۔ اب مجمل حال مہابت خاں کا بیان کیا جاتا ہے۔

جب مہابت خاں ٹھٹھہ کے راستہ سے مڑکر فرار ہوا تو جو فوج اس کے خزانہ پر قبضہ کرنے کے لئے متعین ہوئی تھی اسی کو مقرر فرمایا کہ تعاقب کرکے یا تو اسکو گرفتار کر لائے یا قلمرو سے باہر نکال آئے۔

یہ برگشتہ نصیب چند روز علاقہ رانا کے پہاڑوں میں بکمال تباہ آوارہ و سرگرداں رہا پھر بیحد ندامت و خجلت کا اظہار کرکے کئی عرضیاں زباں فہم وکیلوں کے ذریعہ سے حضرت شاہجہانی کی خدمت میں بھیجیں اور جہاں پناہ نے فرمان استمالت ارسال کرکے حضور میں طلب فرمالیا۔ جب خدمت مبارک میں پہونچا اتنی نوازش و مہربانی فرمائی جس کا اسے گمان بھی نہ تھا۔

چونکہ ابھی اس کا کوکب بخت روشن تھا اس لئے جب اسکو یہ سعادت حاصل ہوئی تو کئی سال کے بگڑے کام۔ ایک بات میں بن گئے اور اس وقت اسکا

آستانۂ اقدس پر پہونچنا اس کے اقبال کی نمایاں ترین علامت تھا۔

## رایات بادشاہی کا عزم کشمیر

بتاریخ اکیس اسفندارمذاہ الٰہی ساعت مسعود میں کشمیر کے سیر و شکار کے عزم سے سفر کا اتفاق ہوا۔ یہ سفر اضطراری ہے اختیاری نہیں، چونکہ گرم ہوا مزاج اشرف کو سخت ناموافق ہے مجبوراً ہر سال موسم بہار کے آغاز میں راستہ کی صعوبت خاطر اقدس پر آسان سمجھکر خود کو گلزار کشمیر میں پہونچاتے ہیں اور ہوائے کشمیر کے لطف و لذت اٹھا کر پھر ہندوستان کی طرف عنان عزم معطوف فرماتے ہیں۔

اس سے چند روز پہلے عبدالرحیم خواجہ کو تیس ہزار روپیہ بطور مدد خرچ مرحمت فرمایا تھا، اس وقت فیل مادہ مع حوضۂ نقرہ عطا کی۔

## سال بست و دوم جلوس معلے

شب یکشنبہ بیس رجب ۱۰۳۶ھ کو تحویل آفتاب کے وقت جلوس جہانگیری کی بائیسویں سالگرہ ہوئی۔ جشن نوروز دریائے چناب کے کنارے آراستہ ہوا، (حضرت عرش آشیانی انار اللہ برہانہ کثرت ہضم و شیرینی کی وجہ سے چناب کے پانی کو آبحیات کہتے تھے)

جشن نوروز جہاں افروز سے فارغ ہونے کے بعد موکب مبارک سیر و شکار اور راستے کی گھاٹیاں طے کرتا مبارک ساعت میں وارد کشمیر ہوا۔

چونکہ مکرم خاں حاکم بنگالہ کے ڈوبنے کی خبر گزارش ہو چکی تھی اس زمانہ میں فدائی خاں کو حاکم بنگالہ مقرر کر کے سرفرازی بخشی اور طے ہوا کہ فدائی خاں ہر سال پانچ لاکھ روپیہ بطور پیشکش حضرت شاہنشاہی اور پانچ لاکھ روپیہ بصیغۂ پیشکش بیگم خزانۂ عامرہ میں داخل کیا کرے۔

ابو سعید نبیرۂ اعتماد الدولہ حکومت ٹھٹھہ پر مامور ہوا۔ اس زمانہ میں جبکہ جہاں پناہ کشمیر میں تشریف فرما تھے مرض بڑھتا اور قویٰ ضعیف ہوتے گئے۔ نہایت کمزوری اور ضعف کے عالم میں پالکی پر بیٹھکر سیر و شکار کا شغل فرماتے تھے۔

گھوڑے کی سواری سے عاجز تھے۔ ایک دن درد مفاصل نہایت شدید ہوا اور یاس و ناامیدی کی علامتیں پیدا ہو گئیں۔ جن باتوں سے ناامیدی کی بو آئے بے اختیار زبان مبارک پر جاری ہو گئیں۔ لوگوں میں سخت پریشانی پھیل گئی، پرستاران خاص نہایت مضطر ہو گئے لیکن چونکہ چند دن مدت حیات کے باقی تھے اس مرتبہ خیریت سے گزر گئی، کچھ دن کے بعد بھوک جاتی رہی، غذا کی بالکل خواہش نہ ہوتی تھی، افیون سے بھی طبیعت سخت متنفر ہو گئی جو چالیس سال کی رفیق تھی۔ سوائے چند پیالہ شراب کے کسی چیز کی طرف توجہ نہ تھی۔ اس زمانہ میں سلطان شہریار نا شدنی مرض داء الثعلب میں مبتلا ہوا، مونچھ ابرو اور مژگاں کے تمام بال گر گئے ہر چند اطبا نے علاج معالجہ کیا فائدہ نہ ہوا۔ اس لئے شرم کی وجہ سے التماس کی کہ پہلے لاہور جا کر چند روز علاج کرے، یہ التماس منظور ہوئی اور لاہور جانے کی اجازت مل گئی۔ داور بخش پسر خسرو جو شہریار کے پاس نظر بند تھا۔ اس کی درخواست کے مطابق اسی حالت میں ارادت خاں کے حوالہ کر دیا گیا۔

## حضرت شاہنشاہی کا کشمیر سے لاہور واپس آنا اور اثنائے راہ میں جہان فانی سے سفر آخرت فرمانا

اوائل زمستان میں بعزم لاہور رایات سفر بلند ہوئے، مقام بیرم کلہ میں شکار فرمایا۔ اس شکار کی کیفیت کئی بار پہلے بیان ہو چکی ہے اب کچھ حال پھر لکھا جاتا ہے،

بیرم کلہ ایک نہایت بلند پہاڑ ہے، پہاڑ کے نیچے بندوق اندازی کے لئے ایک نشیمن بنا ہے۔ جب زمیندار ہرن کو بھگا کر پہاڑ کی چوٹی پر لاتے ہیں اور حضرت کے سامنے آتا ہے تو حضرت بندوق چھتیا کر فیر کرتے ہیں گولی لگتے ہی اوپر سے قلابازیاں کھاتا ہوا نیچے گرتا ہے اور عجیب حرکتیں کرتا ہے، نہایت خوش آیند شکار ہے اس وقت اس طرف کا ایک پیادہ ایک ہرن کو ہنکا لایا، ہرن ایک پتھر کے ٹکڑے پر مشکل کے ساتھ بیٹھا، اور جیسا چاہیئے اچھی طرح نظر نہیں آتا تھا، پیادہ نے چاہا کہ اور آگے بڑھکر ہرن کو وہاں سے بھگائے، جیسے ہی قدم آگے رکھا پاؤں پھسلے کوئی

مضبوط جگہ پانوں جمانے کو نہ ملی، سامنے ایک ڈول تھا اس کو ہاتھ سے پکڑا قضائے کار وہ ڈول اپنی جگہ سے ہٹ گئی اور یہ غریب وہاں سے کلاٹیں کھاتا بحال تباہ زمین پر گرا، گرتے ہی دم نکل گیا۔ تمام اعضا شکستہ گئے۔

یہ حادثہ دیکھکر مزاج اشرف سخت مضطرب ہوا طبیعت نہایت مضمحل ہوگئی شکار چھوڑ کر دولت خانہ میں تشریف لائے۔ اس پیادہ کی ماں روتی چلاتی آئی اور بڑی بیقراری ظاہر کی۔ اگرچہ حضرت نے نقدی سے اس کی تسلی فرمائی خاطر اشرف کو سکون نہ ہوتا تھا گویا اس کی صورت میں ملک الموت نمودار ہوا ہو بس اسی وقت سے آرام و قرار جاتا رہا، حالت متغیر ہوگئی، بیرم کلہ سے بہنہ اور بہنہ سے راجور تشریف لائے اور دستور مقررہ کے موافق ایک پہر دن رہے کوچ فرمایا۔ اثنائے راہ میں پیالہ مانگا، جیسے ہی لب پر رکھا، گوارا نہ ہوا، اور واپس کر دیا دولت خانہ پہونچنے تک یہی حال رہا، آخر رات کو جو حقیقت میں زندگی کا آخری دن تھا، سخت تکلیف ہوئی صبح کے وقت مقربان خدمت کو روز امید تاریک نظر آیا، چند سانسیں سختی کے ساتھ نکلیں اور چاشت کے وقت یکشنبہ کے دن اٹھائیس صفر ۱۰۳۷ھ کو مطابق پندرہ آبان ۲۳ سنہ جلوس جہاں پناہ کی روح مطہر جسد عنصری سے پرواز کر گئی۔

حضرت شاہ رضواں گاہ کے انتقال فرمانے سے آثار تغیر نمودار ہوئے اندر باہر ہر طرف سے شور و فغاں کی آواز گنبد نیلگوں میں گونج گئی، اس دلخراش واقعہ سے دنیا پراگندہ و پریشان ہوگئی، اہل دنیا تدبیروں سے تھک کر معطل ہو گئے، اس وقت آصف خاں نے جو اس دولت ابد قرین کے فداکاروں میں تھا اعظم خاں سے مشورہ کر کے داور بخش پسر خسرو کو قید سے نکالا اور موہوم سلطنت کی بشارت سے خوش کیا، اس کو یہ بات باور نہ آئی تھی اور اس کے کہنے کو جھوٹ سمجھتا تھا جب سخت اور بڑی بڑی قسمیں کھائیں تب اسے تسلی ہوئی۔ اب آصف خاں اور اعظم خاں نے اسکو سوار کر کے اس کے سر پر چتر لگایا اور آگے روانہ ہوئے۔

نور جہاں بیگم نے ہر چند بھائی کو بلانے کے لئے آدمی بھیجے، آصف خاں نے بیوفائی کر کے انکار کر دیا، مجبوراً جنت مکانی کی نعش رکھکر شاہزادگان عالی مقدار عماری فیل پر بیٹھکر چلے۔

یمین الدولہ آصف خاں نے ایک ہندو بنارسی نام کو جو تیز روی اور ڈاک
چوکی میں ید طولی رکھتا تھا حضرت صاحبقران ثانی کی خدمت میں بھیجا جنت مکانی
کی وفات کی خبر پہونچائی - چونکہ وقت عرضداشت لکھنے کا مقتضی نہ تھا -
اس لئے اپنی مہر کی انگوٹھی اس کے حوالہ کی تاکہ اس کے اعتماد کی سند ہو -

غرض وہ رات نوشہرہ میں گزاری دوسرے روز پہاڑ سے اتر کر بھنبر میں
ٹھہرے اور وہاں تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر جہاں پناہ کی نعش مقصود خاں
اور دوسرے ملازموں کے ساتھ لاہور روانہ کی جو جمعہ کے دن لاہور میں دریائے راوی کے
اس جانب نورجہاں بیگم کے تعمیر کردہ باغ میں دفن ہوئی -

چونکہ امرائے عظام اور تمام بندگان دولت جانتے تھے کہ آصف خاں
نے شاہجہاں کی استقامت سلطنت کے لئے یہ تمہید اٹھائی ہے کہ داور بخش کو
بادشاہ بنایا ورنہ حقیقت میں اُسے گوسفند قربانی کی حیثیت دی ہے اور اسی سے
وہ پوری مشابہت بھی رکھتا ہے اس لئے سب آصف خاں کے موافق ہو گئے
جو کچھ وہ کہتا تھا خوشی سے کرتے تھے اور اس کی رضاجوئی کے طالب ہوتے تھے
اطراف بھنبر میں داور بخش کے نام کا خطبہ پڑھکر لاہور چلے -

صادق خاں یمین الدولہ آصف خاں کے ابن عم سے چونکہ ہمیشہ حضرت
شاہجہاں کی نسبت بے اخلاصی و نفاق کا خدشہ رہتا تھا اور اس کی تائید میں اس سے
کئی باتیں اس قسم کی ہو چکی تھیں اس لئے وہ بہت خوفزدہ ہوا اور اس وقت
یمین الدولہ کی خدمت میں ملتجی ہو کر اصلاح کار میں مدد چاہی اور عفو تقصیرات
کے لئے سفارش کا طالب ہوا - آصف خاں نے شاہزادگان عالی قدر جو کہ محل
سے لے لئے تھے اس کے حوالہ کئے کہ ان کی خدمت میں سعادت حضور حاصل
کر کے اس دولت کو اپنے جرائم کا شفیع بنائے -

آصف خاں کی ہمشیرہ جو صادق خاں کے نکاح میں تھی شاہزادوں کی
خدمت سعادت جاوید سمجھکر پروانہ کی طرح انپر نثار ہوتی تھی اور یمین الدولہ چونکہ
نورجہاں بیگم کی طرف سے مطمئن نہ تھا اس لئے نظر بند کر کے احتیاط کرتا تھا کہ کوئی
ان کے پاس آنے جانے نہ پائے -

ادھر نور جہاں بیگم اس فکر میں تھی کہ شہریار سریر آرائے سلطنت ہو، وہ بد قسمت لاہور میں جنت مکانی کے انتقال کی خبر سنکر عورت کی تحریک اور اس کوتاہ اندیش کی فتنہ پردازی سے سلطنت کے اسم بے مسمی سے خود موسوم ہوگیا اور خزانہ اور تمام بادشاہی ساز و سامان پر دست تصرف دراز کرنا اور جو کچھ جس نے مانگا اس کو دیکر لشکر جمع کرنا شروع کر دیا۔ محلات کے تمام کارخانے خزانہ فیلخانہ توپخانہ وغیرہ جو لاہور میں تھا سب پر متصرف ہوگیا اور ایک ہفتہ کے عرصہ میں ستر لاکھ روپیہ منصبداران قدیم و جدید کو دیکر اپنے خیال محال میں منہمک رہا۔ پھر مرزا بایسنغر پسر شاہزادہ دانیال مرحوم کو جو جہاں پناہ کی وفات کے بعد بھاگ کر شہریار کے پاس لاہور آگیا تھا اپنی جگہ تخت پر بٹھا کر لشکر کو دریا سے روانہ کیا یہ نہ سمجھا کہ کارفرمایان قضا و قدر ایک ایسی دولت کے خدمت گزاری کے تہیہ میں ہیں جس کی اطاعت و فرمانبرداری سلاطین والا شکوہ کے لئے بھی باعث فخر و مباہات ہوگی۔ اور فلک ایسا شاہباز ہاتھ پر رکھے ہوئے ہے جس کے ہوتے ہوئے صعوہ و کنجشک کی کیا مجال ہے کہ اس کے مقابلہ میں پرواز کی ہوس کریں پھر قطرہ کا دریا سے نسبت دینا اپنی آبرو کھوتا ہے۔

اس طرف سے آصف خاں داور بخش کو ہاتھی پر بٹھا کر خود بھی دوسرے ہاتھی پر بیٹھا اور عرصۂ کارزار میں قدم رکھکر غول میں قائم ہوگیا۔ خواجہ ابوالحسن، مخلص خاں، اللہ وردی خاں اور سادات بارہہ ہراول میں رکھے گئے۔ شیر خواجہ اور پسران شاہزادہ دانیال التمش میں مقرر ہوئے۔ اعظم خاں بہت سے سرداروں کیساتھ یمین میں اور صادق خاں، شاہنواز خاں اور راقم حروف مع ایک جمعیت کے یسار میں ٹھہرائے گئے۔ شہر سے تین کوس پر دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا، پہلے ہی حملہ میں شہریار کی افواج کا انتظام درہم برہم ہوگیا، اس کے بندۂ زر نوکر جنگجو حال ہی میں فراہم کرکے اس دولت ابد قدیم کے امرائے موروثی کے مقابلہ میں کھڑا کیا تھا ایک ایک کرکے بھاگ گئے۔ اس وقت شہریار بدنصیب اپنے قدیم کے دو تین ہزار سواروں کیساتھ بیرون شہر لاہور کھڑا ہوا نیرنگی تقدیر کا انتظار کر رہا تھا۔

تا خود فلک از پردہ چہ آرد بیروں

ناگاہ ایک ترکی غلام میدان جنگ سے بھاگ کر لاہور آیا اور یہ دلخراش

خبر پہونچائی وہ بدخصال صورت حالات پر غور کئے بغیر بدبختی کی رہبری سے اپنی بہبودی نہ دیکھکر قلعہ میں آیا (اور حقیقت میں اپنے آپکو خود اسیر دام کیا) دوسرے دن امرا بھی پہونچ گئے اور حصار شہر کے متصل مہدی قاسم خاں کے باغ کی جانب لشکرگاہ بنائی، اس کے اکثر نوکر قول وقرار کر کے آصف خاں کے سے ملگئے، رات کو اعظم خاں قلعہ میں آکر دولت خانۂ بادشاہی کے صحن میں توقف گزین ہوا صبح کو امرائے عظام داخل قلعہ ہوئے، وہ برگشتہ بخت حضرت جنت مکانی کی حرم سرا میں ایک گوشہ میں گھسا بیٹھا تھا، فیروز خاں خواجہ سرا جو شبستان اقبال کا معتمد و محرم راز تھا اس کو پکڑ کے باہر لایا اور اللہ وردی خاں کے سپرد کیا اور مراسم تسلیم و کورنش ادا کرنیکے بعد ایک مقررہ جگہ میں قید کیا اور دو روز کے بعد آنکھوں میں سلائی پھیر کر بحال تباہ ایک گوشہ میں محبوس رکھا۔ چند روز کے بعد طہمورث اور ہوشنگ پسران شاہزادہ دانیال کو بھی قید کیا۔

اب یمین الدولہ نے فتح و ظفر کی اطلاع میں ایک عرضداشت بھی شاہ جوان بخت شاہ جہاں کے حضور میں بھیجی اور التماس کی کہ جلد رونق افروز ہوکر دنیا کو آشوب و خلل سے نجات دیں۔ اور شاہراہ اخلاص کے منتظروں کی آنکھوں میں موکب گیتی نورد کے غبار سے سرمہ لگائیں۔

اب تھوڑا حال بنارسی کے درگاہ والا میں پہونچنے اور بندگان شاہجہانی کے مستقر خلافت کی طرف سفر فرمانے کا لکھا جاتا ہے۔

بنارسی بیس روز کی مدت میں مقام چنگز ہستی سے جو کوہستان کشمیر کے وسط میں ایک منزل ہے یکشنبہ ۱۹ ربیع الاول ۱۰۳۷ھ کو جنیر جو نظام الملک کی انتہائی حد پر واقع ہے پہونچکر جنیر کے راستہ سے مہابت خاں کے مکان پر پہونچا جس نے انھیں چند دنوں میں شرف حضور سے سعادت حاصل کی تھی۔ اور صورت حال گزارش کی، وہ برق و باد کی طرح گرتا پڑتا حرم سرا پہونچا اور اندر خبر پہونچائی۔ جہاں پناہ محل سے نکلے تو بنارسی نے زمیں بوسی کے بعد حقیقت بیان کی اور یمین الدولہ آصف خاں کی مہر ملاحظہ میں پیش کی۔

اس حادثہ سے خاطر حق شناس پر گرانی کے آثار نمایاں ہوئے، سخت

ملال فرمایا مگر چونکہ وقت ٹھہرنے اور مراسم تعزیت ادا کرنے کا مقتضی نہ تھا۔ نہ اتنی فرصت تھی مجبوراً مہابت خاں اور دوسرے خیر خواہوں کی التماس سے پنجشنبہ کے دن ۲۳ ربیع الاول ۱۰۳۵ھ کو انجم شناسوں کے مشورہ کے مطابق گجرات کے راستہ سے مستقر خلافت کی طرف توجہ فرمائی۔ اور بنارسی کے پہونچنے اور خبریں پہونچانے اور اپنی روانگی کے حالات لکھکر امان اللہ اور بایزید کے ہاتھ جو مستعد و وفادار خادم تھے آصف خاں کے نام ایک فرمان روانہ فرمایا اور جاں نثار خاں کو جو مزاجداں بندوں میں سے تھا۔ نہایت مراحم و نوازش سے معمور ایک فرمان عالیشان خان جہاں افغان کے نام دیکر خان جہاں کے پاس روانہ فرمایا جو اس وقت صوبۂ دکن کا حاکم تھا۔ تاکہ اس کو گوناگوں عنایات کی خوشخبری دیکر اس کے ارادے معلوم کرے۔

چونکہ اس کے زوال و بدبختی کا وقت نزدیک تھا اس لئے سررشتہ صواب ہاتھ سے دیکر گمراہی میں مبتلا ہوا اور نظام الملک کے ساتھ اپنے موافق مطلب سخت اور مضبوط عہد و پیمان کر کے تمام ولایت بالا گھاٹ غنیم کے قبضہ میں دیدی اور خود برہانپور چلا آیا۔ تمام جاگیردار اور سرداران سرحد بھی اس کے نوشتہ کے مطابق اپنے محال متعلقہ غنیم کو سونپ کر اس کے پاس برہانپور چلے آئے سوائے سپہدار خاں حاکم احمد نگر کے کہ اسسے ہرچند وکلائے نظام الملک نے خانجہاں کا نوشتہ دکھا کر امید و بیم کی تدبیروں سے قلعہ پر قبضہ کرنا چاہا وہ راضی نہ ہوا اور جواب میں کہا کہ میں بغیر فرمان بادشاہی یہ قلعہ تمکو نہ دونگا۔ رسد کا انتظام کر کے منتظر بیٹھا ہوں اگر فرمان بادشاہی میرے نام پہونچیگا تو تمھارے سپرد کر دونگا ورنہ میرا سر ہے اور یہ قلعہ۔

غرض چونکہ خاں جہاں فساد پر آمادہ تھا اور دل میں ارادۂ باطل رکھتا تھا اس لئے پہلے اس نے ایسا بہتر ملک غنیم کے ہاتھ مفت و رائیگاں دے دیا کہ شاید کسی برے وقت اس کی فریاد کو پہونچے۔ اسی دوران میں دریائی روہیلہ جو جنت مکانی کے رحلت سے پہلے شاہ بلند اقبال کی خدمت سے محروم ہوکر ولایت چاندور علاقۂ نظام الملک میں ناکامی کے ساتھ بسر کر رہا تھا، خان جہاں

سے ملگیا۔ اور فتنہ و فساد میں اس کا شریک کار ہوا۔

آقا افضل دیوان صوبۂ دکن بھی جس کا بھائی شہریار کا دیوان تھا شاہ بلند اقبال کا دلی خیرخواہ نہ تھا، اس نے بیہودہ اور تباہ کن باتیں اس برگشتہ بخت افغان کے خاطر نشان کر کے جاں نثار خاں کو جو اس کی استمالت کے لئے فرمان شاہی لایا تھا فرمان کا جواب لکھے بغیر بے نیل مرام واپس کر دیا، (راقم حروف نے خود کئی بار جاں نثار خاں سے سنا کہ آقا افضل ہی اس تمام فساد اور اس کی خانہ بربادی کا باعث ہوا ہر چند میں ظاہر و پنہاں سمجھا کر اپنا مدعا کہتا تھا وہ کچھ نہ چلنے دیتا تھا)

القصہ خان جہاں اپنے فرزندوں کو سکندر خاں دودمانی اور اپنے مخلص و خیرخواہ افغانوں کی ایک جماعت کے ساتھ برہانپور میں چھوڑ کر خود چند بندگان بادشاہی کے ساتھ جو بظاہر اس کی موافقت کا دم بھرتے تھے (اور اپنے آپکو اس کے شر سے بچاتے تھے جیسے راجہ گج سنگھ و راجہ جے سنگھ وغیرہ) مانڈو میں آیا۔ اور اکثر اضلاع ملک مالوہ پر قبضہ کر کے علانیہ اپنی فتنہ پردازی کا اعلان کر دیا۔

جب لشکر شاہجہانی گجرات کی سرحد میں پہونچا تو ناہر خاں نے جس کو شیر خاں کا خطاب حاصل تھا اپنی دولتخواہی و خلوص کے اظہار اور سیف خاں صاحب صوبہ احمد آباد کے باطل ارادوں کی اطلاع میں ایک عرضداشت بندگان دولت کی خدمت میں بھیجی۔ چونکہ سیف خاں حضرت شاہنشاہی کے زمانۂ حیات میں بندگان شاہ جواں بخت کی نسبت بڑی گستاخیاں کر چکا تھا اور اب اس پر بڑا خوف و ہراس طاری تھا اس لئے شیر خاں کی عرضداشت پر مزید تصدیق کی ضرورت نہ رہی۔ اور شیر خاں کو مراحم خسروانہ کا امیدوار کر کے گجرات کی صاحب صوبگی کی خوشخبری سے آمادۂ خدمت کیا اور فرمان ہوا کہ شہر احمد آباد قبضہ میں لینے کے بعد اپنے معتمدوں کے حوالہ کرے اور سیف خاں کو نظر بند کر کے درگاہ والا میں حاضر کرے، اس وقت سیف خاں سخت بیمار تھا۔ چونکہ نواب قدسی احتجاب ممتاز الزمانی کی بڑی بہن سیف خاں کے نکاح میں تھیں اور ملکہ جہاں اپنی بہن سے بہت محبت

کرتے تھیں اس لئے انکی رعایت خاطر سے خدمت پرست خاں کو احمد آباد جانیکا حکم ہوا کہ احمد آباد جاکر اس کا انتظام رکھے کہ سیف خاں کو کوئی گزند نہ پہونچے۔

پھر موکب ہمایوں دریائے نربدہ کو باباپیارہ کے راستہ سے عبور کرکے بیرون قصبہ سنور جو دریائے مذکور کے کنارے واقع ہے پرتوافگن ہوا، اور اس دلکشا مقام پر جشن وزن قمری عمر ابد پیوند کے سینتیسویں سال کا آراستہ کیا گیا، سید دلیر خاں بارہہ جو جنگ آزما جوانوں اور یکتا بہادروں میں تھا سعادت حضور حاصل کرکے سربلند ہوا اور اس کا منصب چار ہزاری ذات و سہ ہزار سوار مقرر ہوا، اس جشن میں شیر خاں کی عرضداشت سے اطلاع ملی کہ گجراتی ہندوؤں کے لکھنے سے (جن کے شریک اور گماشتے لاہور میں ہیں) معلوم ہوا کہ یمین الدولہ آصف خاں اور دوسرے دولتخواہ جودا ور بخش کو ٹھ پتلی بنا کر شہریار ناشدنی کے مقابلہ کے لئے گئے تھے اس کی افواج سے جنگ کرکے غالب آئے اور شہریار لاہور میں قلعہ نشین ہو کر گرفتار ہوا۔

خدمت پرست خاں جو سیف خاں کو لانے اور اس کی حفاظت کیلئے گیا تھا جب احمد آباد پہونچا تو شیر خاں نے فرمان مرحمت عنوان اور خلعت خاصہ کا استقبال کیا اور زمیں بوسی کی سعادت سے جبین خلوص روشن کی۔ اور سیف خاں کو جو ضعف و ناتوانی کے عالم میں بستر پر دراز تھا پالکی پر بٹھا کر خدمت پرست خاں کے حوالہ کیا۔ خان موصوف نے اس کو نظر بند کرکے درگاہ فلک اشتباہ میں پہونچایا، اور شہنشاہ جرم بخش نے نواب ممتاز الزمانی بیگم کی سفارش سے اس کی خطائیں معاف کرکے اس کو غم والم سے نجات دی۔

شیر خاں شہر کے ضبط و انتظام سے مطمئن ہو کر دوسرے امرا مثلاً میرزا عیسیٰ خاں میرزا والی وغیرہم کے ساتھ محمود آباد میں سعادت حضور سے کامیاب مراد ہوا۔

جب تالاب کاکریہ جو بیرون احمد آباد واقع ہے رایات اقبال کا محل نزول قرار پایا۔ تو سات دن اس دلکش مقام میں ملک کی تنظیم و تنسیق کے لئے قیام فرمایا۔ اور شیر خاں کو پنجہزاری ذات و سواری کا منصب اور ملک گجرات کی صاحب صوبگی عنایت کرکے شرف و افتخار کا موقع دیا۔ میرزا عیسیٰ منصب چار ہزاری و دو ہزار سوار

اور ملک ٹھٹھہ کی حکومت پر ممتاز ہوئے نظام کاروبار سلطنت اور انتظام مصالح دولت کے لئے خدمت پرست خاں کو جو معتمد و جاں نثار محرم خاص تھا یمین الدولہ آصف خاں کے پاس لاہور بھیجا اور بخط خاص ایک فرمان عالیشان صادر فرمایا کہ اس زمانہ میں کہ آسمان فساد طلب اور زمین فتنہ خیز ہے اگر داور بخش پسر خسرو اور اوس کے ناشدنی بھائی اور پسران شاہزادہ دانیال کو قتل کرکے دولتخواہوں کو پریشانی و شورش خاطر سے مطمئن کریں تو زیادہ قرین صلاح اور بہتر ہوگا۔

روز یکشنبہ بائیس جمادی الاول سنہ ۱۰۳۷ھ مطابق دئیں بہمن سنہ ۲۲ جلوس جہانگیری باتفاق بندگان دولت دولتخانۂ خاص و عام کے ایوان میں شاہ جواں بخت بلند اقبال مسند آرائے تخت خلافت ہوئے یعنی شاہ جہاں کے نام نامی کا خطبہ پڑھا گیا۔ داور بخش جسے خیر سگالوں نے چند روز کے لئے مصلحت وقت و تسکین شورش کی غرض سے بادشاہ بنا دیا تھا قید ہوا اور چارشنبہ کے دن تیرھویں بہمن مطابق چھبیس جمادی الاول اپنے بھائی گرشاسپ، چچا شہریار، اور پسران شاہزادہ دانیال مرحوم کے ساتھ قتل کیا گیا۔ اور گلشن ہستی ان کے وجود کے خس و خاشاک سے پاک ہوا

اس وقت موکب اقبال ملک رانا کی حدود میں پہونچا، رانا کرن جو مقام گولکنڈہ میں بزمانۂ شاہزادگی اپنے باپ رانا امر سنگھ کے ساتھ آستاں بوسی سے سرفراز ہوا تھا اخلاص و بندگی کے جوش میں زمیں بوس دولت ہوا اور اپنی حیثیت کے مطابق پیشکش گزران کر سعادت ابد حاصل کی۔ شہنشاہ دریا نوال نے اپنے اس برگزیدۂ دولت کو انواع و اقسام کے مراحم و نوازش سے سرفراز کرکے خلعت خاصہ دہکدھکی لعل قطبی قیمتی تیس ہزار روپیہ، شمشیر مرصع، خنجر، فیل خاص مع ساز نقرہ اور اسپ خاصہ بازین طلا مرحمت فرمایا اور اس کے محال جاگیر بدستور سابق قائم رکھے۔

تالاب ماندل کے کنارے جشن وزن مبارک شمسی یعنی جشن سالگرہ سی و ہشتمیں آراستہ ہوا، اور سترہ جمادی الاول مطابق پانچ بہمن کو موکب اقبال دارالبرکت اجمیر پہونچا۔ اپنے جد بزرگوار کے آئین کے مطابق روضۂ مبارکہ کی زیارت سے پا پیادہ سعادت جاوید حاصل کی۔ اور مراسم زیارت و شرائط نیاز مندی ادا کرنے کے بعد مزار فائض الانوار کے معتکفوں مجاوروں اور اس دربار کے تمام

مستحقوں کو نذور و صدقات کے فیض سے کامیاب فرمایا اور ایک عالی شان مسجد سنگ مرمر کی تیار کرنے کا حکم دیا۔ ہوشیار معمار مقرر فرمائے کہ تھوڑی مدت میں مقررہ دستور کے مطابق کام ختم کر دیں۔ سپہ سالار مہابت خاں کی خواہش پر صوبۂ اجمیر اور اس کے نواح کے پرگنے اس کی جاگیر میں دے دئے۔

انھی چند دنوں میں خان عالم مظفر خاں معموری، بہادر خاں اوزبک، راجہ جے سنگھ، انیرائے سنگھدلن، راجہ بھارت بوندیلہ، سید بہوہ اور بہت سے نیازمندان دولت شوق کی پیشانی کے بل چلکر زمیں بوس ہوئے چھبیس جمادی الاول ۱۰۳۷ھ کو موکب خلافت بیرون دارالخلافت اکبر آباد باغ نور منزل میں وارد ہوا۔ قاسم خاں حاکم شہر نے آستانۂ اقدس پر باریابی حاصل کی۔

اسی دن کی صبح کو شہنشاہ بلند اقبال نے اپنے جمال جہاں آرا کے فروغ سے مستقر خلافت کو روشنی بخشی اور اس باغ سے دولتخانۂ قلعہ تک فیل کوہ شکوہ کے تخت پر رونق افروز ہوکر اپنے دائیں بائیں بے شمار زر و سیم نثار کیا۔ اہل حاجت کے دامن مراد مالا مال ہوگئے شہر اور دیہات کے آدمی جو اس روح پرور نظارہ کا تماشا دیکھنے آئے تھے زمین سے دو منزلہ سہ منزلہ کوٹھوں تک اس کثرت سے بھرے پڑے تھے کہ انکا شمار کرنا محال نظر آتا تھا، نہایت شاندار اور بے نظیر جلوس تھا۔

ارباب بصیرت پر مخفی نہ رہے کہ نیّر برج دولت و اقبال کوکب سپہر عظمت و جلال بادشاہ حقیقی و مجازی شہاب الدین محمد صاحبقران ثانی شاہ جہاں بادشاہ غازی کے سوانح ایام سلطنت اور واقعات دور خلافت حضرت اقدس و اعلیٰ کے حکم مبارک سے دانشوران سخن سنج اور منشیان فصاحت آئیں منتخب و پسندیدہ عبارت میں لکھ رہے ہیں اس لئے یہ فقیر قلیل البضاعت اس شغل اہم سے ہاتھ کھینچکر جنت مکانی کی اولاد، ان کے وزرا، فضلا اور ہنرمندوں کی تفصیل لکھتا ہے۔

## ذکر اولاد جنت مکانی

بادشاہ مغفور و مرحوم کے پانچ والا گہر بیٹے اور دو قدسی نژاد بیٹیاں تھیں۔ سلطان خسرو، سلطان پرویز، سلطان خرم، سلطان جہاندار، سلطان شہریار

سلطان نسا بیگم، بہار بانو بیگم۔

خسرو، پرویز اور جہاندار کا پدر بزرگوار کی زندگی میں انتقال ہوا، انکی تاریخ وفات حسب موقع لکھی جا چکی ہے۔

خسرو کے دو لڑکے اور ایک لڑکی یادگار تھی، لڑکے جہاں پناہ کے انتقال کے بعد جیسا کہ لکھا جا چکا مسافر عدم ہوئے، لڑکی ابتک زندہ ہے۔

سلطان پرویز کے ایک لڑکا اور ایک لڑکی تھی، باپ کے مرنے کے بعد لڑکے کا بھی جلد ہی انتقال ہو گیا، لڑکی بقید حیات ہے اور شاہزادہ داراشکوہ کے نکاح میں ہے۔

سلطان خرم یعنی شاہجہاں کے چار اقبالمند بیٹے اور تین بیٹیاں جد بزرگوار کی رونق چشم و چراغ تھیں، سلطان داراشکوہ، سلطان شجاع، سلطان اورنگزیب سلطان مراد بخش، پرہیز بانو بیگم، جہاں آرا بانو بیگم، روشن رائے بانو بیگم۔

جہاندار کی اولاد زندہ نہیں رہی، شہریار کی ایک لڑکی ہے جسکا نام لاڈلی بیگم ہے۔

## ذکر وزرائے شاہنشاہ جہاں پناہ

شاہزادگی کے زمانہ میں اولاً رائے کھسنور جہاں پناہ کا دیوان تھا، اسکے بعد بایزید بیگ، اس کے بعد خواجہ دوست محمد کابلی جو ایام سلطنت میں خواجہ جہاں کے خطاب سے روشناس ہوئے اس خدمت پر مامور کئے گئے۔ پھر جان بیگ نے اس منصب پر امتیاز پایا لیکن مہمات کا دارومدار شریف خاں پر رہا جو اورنگ فرمانروائی پر اعلیحضرت کے جلوس کے بعد امیرالامرائی کے خطاب سے مفتخر و ممتاز ہوئے۔

جب سکہ پر نام نامی نقش ہوا اور منبر پر جہاں پناہ کے اسم گرامی کا خطبہ پڑھا گیا تو میرزا غیاث بیگ طہرانی کو جس کا حال اپنی جگہ لکھا جا چکا ہے اعتمادالدولہ کے خطاب سے خصوصیت بخش کر خان بیگ کی شرکت میں (جسے خطاب "وزیرالملک" حاصل تھا) دیوان مقرر کیا اور امیرالامرا اسی طرح وکیل مدار علیہ رہا۔

جب غیاث بیگ مرض مزمن میں مبتلا ہوا، اور موکب شاہنشاہی نے جانب کابل توجہ فرمائی تو جعفر بیگ قزوینی مخاطب بہ آصف خاں کو وکالت کی

جلیل القدر خدمت تفویض ہوئی۔ اور اس نے خواجہ ابوالحسن تربتی کو اپنی نیابت میں رکھنے کی التماس کی تاکہ دفتر اور کاغذات کی حفاظت کرے۔ خواجہ اگرچہ سیدھا اور اچھا کارگزار تھا مگر ترش اور درشت مزاج بھی تھا۔

جب آصف خاں دکن کی مہم پر روانہ ہوئے تو دیوانی کی خدمت پھر اعتماد الدولہ سے متعلق ہوئی۔ اور وہ زندگی بھر استقلال کے ساتھ اس کی تمام شرطیں پوری کرتا رہا۔ اس دستور معظم کی وفات پر خواجہ ابوالحسن نے خلعت ... ... 

مہابت خاں کا درگاہ معلی سے اخراج ہونے کے بعد یمین الدولہ آصف خاں خلف اعتماد الدولہ کو وکالت کے منصب جلیلہ پر تقرب عطا ہوا، اور خواجہ ابوالحسن بدستور حضرت جنت مکانی کی وفات تک دیوانی کی خدمت انجام دیتا رہا۔

## ذکر فضلائے ہمعصر جہاں پناہ

ملّا روزبھان شیرازی، ملّا شکر اللہ شیرازی، ملّا تقیائی شستری، میر ابوالقاسم گیلانی، اعمی اعمری، ملّا باقر کشمیری، ملّا باقر ٹھٹھی، ملّا مقصود علی، قاضی نور اللہ، ملّا فاضل کابلی، ملّا عبدالحکیم سیالکوٹی، ملّا عبدالمطلب سلطانپوری، ملّا عبدالرحمن بہورہ گجراتی، ملّا حسن فراغی گجراتی، ملّا حسین گجراتی، خواجہ عثمان حصاری، ملّا محمد جونپوری۔

## ذکر حکمائے خدمت مبارک

حکیم رکنا کاشی، حکیم مسیح الزمان کاشی، حکیم ابوالقاسم گیلانی ملقب بہ حکیم الملک، حکیم مومنائے شیرازی، حکیم روح اللہ بروجی، حکیم حمید گجراتی، حکیم تقی گیلانی،

## ذکر شعرائے معاصرین

باباطالب آصفہانی، ملّا حیاتی گیلانی، ملّا نظیری نیشاپوری، ملّا محمد صوفی مازندرانی، ملک الشعرا طالبائے آملی، سعیدائے گیلانی،

میر معصوم کاشی ، ملا حیدر خصالی ، شیدا -

## عہد جہانگیری کے قوال اور سازندے

حافظ نادعلی ، حافظ کیب فتحا ، نصیرا ، باقیا ، حافظ عبداللہ ، استاد محمد نائی ، حافظ چیلہ ۔

## نغمہ سرایان ہند

جہانگیرداد ، چترخاں ، پرویزداد ، خرم داد ، ماکھو ، حمزہ ،

تمت

# صحت نامۂ اقبالنامہ جہانگیری

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| ۲ | ۶ | میں بھی | میں | ۹۵ | ۲۱ | دہ | درہ |
| ۴ | ۲۳ | ز | ۂ | ۹۷ | ۱۴ | پنابور | بیجابور |
| ۵ | ۱۶ | پروبز | پرویز | ۹۸ | ۷ | ہیف | ہیبت |
| ۱۲ | ۱۱ | فتح | فسخ | ۱۰۸ | ۱۶ | قسطاس | قطاس |
| ۱۴ | ۲۴ | مائل | مائل ہوی | ۱۰۹ | ۳ | کوبول | تالاب ڈل |
| ۲۰ | ۱۳ | اقعات | واقعات | ۱۱۱ | ۸ | برکیاں | برکی |
| ۲۶ | ۱۵ | شر | شیر | ۱۱۳ | ۳ | فضولی | فضول |
| ۳۲ | ۲۱ | شوحی کرتا | شوخی کرتا | ۱۱۴ | ۱۰ | صاف اور صاف | صاف اور |
| ۷ | ۲۳ | سیرشکاری | میرشکاری | ۱۱۵ | ۲۴ | بھی | ابھی |
| ۴۲ | ۱۳ | نامزر | نامزد | ۱۲۰ | ۲۱ | سوغات | × |
| ۴۶ | ۳ | س | اس | ۱۳۲ | ۱۷ | دو دن | دو تین دن |
| ۵۶ | ۱۷ | اجہن | انجمن | ۱۴۰ | ۲۴ | عالم | علم |
| ۶۲ | ۴ | لکلانہ | بکلانہ | ۱۴۵ | ۱۰ | یسر | پسر |
| 〃 | ۵ | یب | تادیب | ۱۵۷ | ۲ | سکھدلن | سنکھدلن |
| ۷ | ۱۷ | قیمت مثقال | تول مثقال | ۷ | ۸ | قرادالون | قرادلون |
| ۷۵ | ۹ | اورن | اوران | ۱۶۰ | ۴ | یدطوبی | یدطولی |
| ۷ | ۱۶ | ہوتا ہے | ہوتے ہیں | 〃 | ۱۱۴ | عبرت کریں | عبرت پکڑیں |
| ۸۰ | ۲ | نصب | نسب | ۱۶۳ | ۲۱ | ہوما | ہوا |
| ۸۱ | ۱۷ | کول تالاب | تالاب | ۱۶۸ | ۱۶ | تایخ | تاریخ |

| صفحه | سطر | غلط | صحیح | صفحه | سطر | غلط | صحیح |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| ۲۰۱ | ۱۲ | [illegible]نگت توس | یلنگ توش | ۲۰۱ | ۱۱ | ستر هزار | ستر هزار سوار |
| ۱۹۰ | ۶ | [illegible]علی | کور دعلی | ۲۰۰ | ۲۱ | ابد قدیم | ابد آمرین |